پیر طریقت، خلیفہ مجاز بیعت عارف باللہ حضرت اقدس مولانا
شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم، مجاہد اسلام، مولانا محمد الیاس
گھمن دامت برکاتہم کی تصنیف

جہاد فی سبیل اللہ اور
اعتراضات کا علمی
جائزہ

اکابر علمائے کرام کی نظر میں

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے جہاد پر وارد ہونے والے جدید و قدیم شبہات کا حل پیش کیا ہے۔

(مولانا سلیم اللہ خان، صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان)

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے نہایت دلنشین مستند اور محقق انداز میں جہاد فی سبیل اللہ کی حقیقت، اس کی ضرورت اور افادیت ثابت کی ہے اور اس پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں اس کے تسلی بخش جوابات مرحمت فرمائے ہیں۔ (فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالحفیظ مکی دامت برکاتہم، مکہ مکرمہ)

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے قید و بند کے تنگ و تاریک ماحول میں ایک عظیم الشان جہادی خدمت کو سرانجام دے کر فقیہ الامت علامہ سرخسی کی یاد تازہ فرمائی ہے۔

(شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ دامت برکاتہم، اکوڑہ خٹک)

مولانا محمد الیاس صاحب نے جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ کے موضوع پر محققانہ جو کتاب تحریر فرمائی وہ میرے خیال میں اپنی نظیر آپ ہے۔ (رئیس المناظرین علامہ عبدالستار تونسوی دامت برکاتہم)

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا

علمی جائزہ کے نام سے ایک تفصیلی کتاب منظر عام پر لے آئے ہیں جس سے عام لوگوں کو تو فائدہ ہوگا ہی لیکن علمائے کرام بھی مستفید ہوں گے۔

(شیخ الحدیث مولانا عبدالحمید دامت برکاتہم ، جامعہ بنوریہ، کراچی)

امید ہے کہ بہت سے بھٹکے ہوئے دانشوروں کے لئے یہ کتاب روشنی کا مینار اور اغراض و مفادات کے بندھنوں میں جکڑے ہوئے لوگوں کے لئے آزادی کا پیغام اور سادہ لوح مسلمانوں کے لئے ایک راہبر و راہنما ثابت ہوگی۔ (شہید اسلام مفتی عتیق الرحمٰن رحمہ اللہ تعالیٰ ، جامعہ بنوریہ کراچی)

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ کے نام سے انتہائی یکسوئی اور فارغ اوقات میں سلجھے قلم اور مدلل انداز سے ایک مجموعہ تیار کر کے امت مسلمہ کے سامنے پیش کیا اور اس موضوع کا حق ادا کر دیا۔ (مولانا فضل محمد دامت برکاتہم ، بنوری ٹاؤن، کراچی)

مولف کے ہاتھوں جیل کی بیرکوں میں اس اچھوتے اور پیچیدہ موضوع کے لئے مناسب علمی سرمایہ نہ ہونے کے باوجود اتنا اچھا مجموعہ تیار ہو جانا اخلاص، قربانی اور مشن سے سچی اور بے لوث لگن کی برکت ہے۔

(مفتی ابولبابہ شاہ منصور دامت برکاتہم ، جامعۃ الرشید، کراچی)

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے جہاد پر غیروں کی طرف سے

اعتراضات کے جوابات بھی دیئے ہیں اور ان شکوک وشبہات کا بھی تسلی بخش حل بیان کیا ہے جو جہاد کے حوالہ سے دل میں کھٹک سکتے ہیں۔

(مولانا ابن الحسن عباسی دامت برکاتہم، جامعہ فاروقیہ، پاکستان)

یہ کتاب اس قابل ہے کہ اس کو صرف مجاہد ہی نہیں، مجاور بھی پڑھیں اور بار بار پڑھیں تا کہ ان کے شبہات کا ازالہ ہو جائے۔

(مولانا محمد اسلم شیخوپوری دامت برکاتہم، جامعہ الرشید، کراچی)

منظوم درودِ پاک
بر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ خَیْرِ النَّاسِ
اَلَّذِیْ فِی الْکَوْنِ فِی الْجِسْمِ کَالرَّأْسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ هُوَ هَاشِمِیٌّ
عَبْدٌ نَّبِیٌّ وَّرَسُوْلٌ کَافَّةً لِّلنَّاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الْاَزْوَاجِ الطَّاهِرَةِ
وَالْاَصْحَابِ وَمَنْ تَبِعَ ذُوالْغِنٰی وَالْاِفْلَاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ هُوَ اِنْ لَّمْ یَکُنْ
لَمْ یُبْدِ وُجُوْدَهُ مَلِکُ النَّاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ مَّتٰی بَدَا نُوْرُهٗ
قَدْ اَطْفَأَ ضَوْءَ الشَّمْسِ فِیْ نَظَرِ الشَّمَّاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی بَلَدِ مَنْ بَلَدُهٗ
مَلْجٰی مَنْ لَّا مَلْجٰی لَهٗ فِی الْیَأْسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ عُذْتُ بِهٖ
مِنْ شُرُوْرِ النَّفْسِ وَالْخَنَّاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ جَآءَ اِلَیْکَ
بِوَسِیْلَتِهِ التَّائِبُ بِدُوْنِ الْوَسْوَاسِ

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مَنْ هُوَ یَأْوِیْ
اِلَیْهِ کُلُّ مَنْ یَّطْحَنُهٗ رُحَی الْبَأْسِ

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ فَضْلُهُ وَالْكَرَمُ
يُعْطِىْ مَنْ يُعْطِىْ بِدُوْنِ الْمِقْيَاسِ

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ هُوَ تُقْبَلُ
شَفَاعَتُهُ فِىْ كُلِّ الرَّاجِى الْعَاصِىْ

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ مِّنَ الْكَوْثَرِ
يُعْقٰى مَنْ اتَّبَعَ السُّنَّةَ رَحِيْقَ الْكَأْسِ

عکس تحریر حضرت امام اہل السنّت والجماعت

الجواب ہو المصوب اس خواب کی تعبیر بظاہر افغانستان کے حالات
ہیں جس میں امریکہ دجال ناکام ہوگا اور کچھ مجاہد شہید ہونگے
اور پھر ان شاء اللہ تعالیٰ طالبان غالب ہونگے واللہ تعالیٰ اعلم

ابو الزاہد محمد سرفراز

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ هُوَ لَمْ يُمْكِنْ
ثَنَاءُهُ الطَّاهِرُ مِنَ اللِّسَانِ وَقَلَمِ اِلْيَاسِ

(قیدی کے ترانے)

از محمد الیاس گھمن

☆☆☆

دردِ دل

میں آج ۲۶ جمادی الاخریٰ ۱۴۲۲ھ بمطابق ۱۵ ستمبر ۲۰۰۱ء یوم السَّبت (پیر) سہ پہر تین بجے چکی نمبر ۴، سیل نمبر ۳، اڈیالہ جیل راولپنڈی میں بیٹھ کر پوری امت مسلمہ کے علماء، خطباء، مدرسین، مبلغین اور مشائخ کو دردِ دل سے اعتراف کے ساتھ دعوت فکر دیتا ہوں کہ آپ کے سارے مشاغل دین ہیں اور یقیناً دین ہیں لیکن اگر دین کا غلبہ اور دینداروں کی عزت، مال و جان و ایمان کا تحفظ، شعائر اللہ کی تعظیم، حدود اللہ کا اجراء اور خلافت کا احیاء اور بقا چاہتے ہو تو اپنے آپ کو ان خدمات دینیہ کے ساتھ ساتھ جہاد کیلئے پیش کردو۔ ورنہ خود بھی مٹ جاؤ گے اور پوری امت مسلمہ اور اسلام کے مٹنے کا جرم بھی اپنی گردن پر لے کر اس عدالت میں حاضر ہو گے جس کا اعلان ہے:

اِنَّ بَطشَ رَبِّکَ لَشَدِیدٌ

(محمد الیاس گھمن)

ارشادگرامی

حضرت اقدس مفتی رشید احمد لدھیانوی دامت برکاتہم العالیہ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالی سب مسلمان کو بالخصوص علماء فرمائے اور ترک جہاد پر دنیوی واخروی عذاب سے بچنے کی فکر عطا فرمائیں غفلت کی صورت میں بے التفاتی کا وبال اور عذاب بھی ایسے علماء ومشائخ پر ہوگا۔

وَلَیَحمِلُنَّ اَثقَالَھُم واَثقَالاً مَّعَ اَثقَالِھِم وَلَیسئَلُنَّ یَومَ الْقِیَامَةِ عَمَّا کَانُوا یَفْتَرُوْنَ(**سورۃ العنکبوت**) اور یہ یقیناً اپنے بوجھ کے ساتھ دوسروں کے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور بروزِ قیامت اپنی من گھڑت باتوں کے بارہ میں ضرور سوال کئے جائیں گے۔

(جواہر الرشید ج۱، صفحہ۱۷)

حدیثِ خواب

امارت اسلامیہ افغانستان پر امریکہ کے حملہ سے تقریباً ایک سال قبل جس وقت بندہ سینٹرل جیل بہاولپور میں قید تھا، ایک خواب دیکھا۔ جس کی تعبیر کے لئے امام اہلسنت والجماعت، شیخ الحدیث والتفسیر، حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم سے رجوع کیا۔ حضرت دامت برکاتہم نے اس خواب کی جو تعبیر ارشاد فرمائی حضرت دامت برکاتہم ہی کے الفاظ سے بعض احباب کے مشورہ سے امت مسلمہ کے لئے بطور بشارت عظمیٰ کے نقل کر رہا ہوں۔

شیخ القرآن والحدیث استاذ محترم حضرت اقدس مولانا محمد سرفراز خان صفدر صاحب دامت برکاتہم العالیہ۔

اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عاجلہ مستمرہ عطا فرمائے اور ہم جیسے نالائقوں کو آپ کی ذات عالی سے زیادہ سے زیادہ نفع پہنچائے آمین۔ استاد محترم گذشتہ سال بہاولپور جیل میں یکے بعد دیگرے تھوڑے عرصہ کے وقفہ کے ساتھ دو خواب دیکھے ان کی تعبیر معلوم کرنے کی غرض سے یہ عریضہ ارسال کر رہا ہوں۔

ا۔ میں نے دیکھا کہ دن کے وقت خواب میں دجال کو دیکھا اور پھر گرنیڈ سے اس پر حملہ آور ہوا مگر وہ میرے گرنیڈ کے حملہ سے بچ گیا اور میرا پھینکا ہوا گرنیڈ زمین کے اندر اس سوراخ میں گر

گیا جو بھینس کو باندھنے کے لئے لگا ہوا کھونٹا اکھڑنے کے بعد بن جاتا ہے اور پھر کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے بڑھ کر اس گرنیڈ کو نکالنے لگتے ہیں تو ساتھ کھڑے ہوئے حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو روک دیتے ہیں اور بڑے پلاس کے ذریعے نکالتے ہیں اور میں فوراً زمین کے بل لیٹ جاتا ہوں اور ان کے نکالتے ہی گرنیڈ پھٹ جاتا ہے اور میرے دل میں لگتا ہے جس سے میں فوراً شہید ہو جاتا ہوں۔

الجواب ھو المصوب: اس خواب کی تعبیر بظاہر افغانستان کے حالات ہیں جس میں امریکہ دجال ناکام ہوگا اور کچھ مجاہد شہید ہوں گے اور پھر انشاء اللہ تعالیٰ طالبان غالب ہوں گے۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔

ابوزاہد محمد سرفراز

تقریظ

فضیلۃ الشیخ، شیخ المشائخ مولانا ملک عبدالحفیظ مکی دامت برکاتہم،
مکہ مکرمہ، سعودی عرب
خلیفہ مجاز مخدوم العلماء، شیخ الحدیث، مولانا محمد زکریا کاندھلوی نور اللہ مرقدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله وحده والصلاة والسلام علىٰ من لا نبى بعده وعلىٰ آله اصحابه اجمعين

امابعد: کہ محبّ مکرم ومحترم حضرت مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے اپنی کتاب ’’جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ‘‘ کے مسودات عنایت فرمائے کہ یہ سیاہ کار اس پر اپنی تقریظ لکھ دے۔ اس میں بہت سے اکابر علماء ومشائخ کی تقریظات بھی تھیں۔ ان اکابر کی تقریظات کے بعد اس سیاہ کار کی تقریظ کی ان کو تو ضرورت نہیں رہ جاتی تھی مگر ان کے تعلق ومحبت نیز اس تقریظ کے لکھنے میں اپنی سعادت سمجھتے ہوئے یہ چند سطریں استبراکاً لکھیں ہیں کہ جہاد وقتال قرآن مجید کی سینکڑوں آیات اور ہزاروں احادیث مبارکہ سے ثابت ہے جس کی بناء پر تمام علماء اسلام سلفاً وخلفاً نے اس کے منکر کو کافر خارج از دائرہ اسلام قرار دیا ہے۔

قادیانیوں کے کفر کی وجوہ میں مستقل ایک وجہ کفران کا انکار جہاد بھی ہے۔ جس کو تمام علمائے کرام نے اپنی جگہ نقل فرمایا ہے۔

اور دیگر عبادات کی طرح جہاد کے لئے بھی آداب وشروط ہیں، جو ان کا اہتمام نہیں کرے گا ظاہر ہے وہ اللہ کے ہاں مقبول بھی نہیں ہوگا۔

کفر کی قوتوں اور طاغوتی طاقتوں نے ہمیشہ جہاد کے انکار یا اس کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہے جس کی ہمیشہ مختلف انداز سے علمائے اسلام نے تردید کی ہے اور علمی دلائل سے اس کی حقانیت وافادیت ثابت کی ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت مولانا محمد الیاس گھمن کو اپنی شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے کہ انہوں نے نہایت دلنشین اور مستند و محقق انداز سے جہاد فی سبیل اللہ کی حقیقت، اس کی ضرورت وافادیت ثابت کی ہے اور اس پر عموماً غیروں اور بعض اپنوں کی طرف سے جو اعتراض کئے جاتے ہیں ان کے تسلی بخش جوابات مرحمت فرمائے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی جمیل کو اپنے فضل و کرم سے شرف قبولیت سے سرفراز فرما کر اپنی مخلوق کو اس سے مستفید فرمادیں۔ آمین

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہٖ وسید رسلہ وخاتم انبیائہ سیدنا و مولانا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ واتباعہ اجمعین وبارک وسلما تسلیما کثیراً۔

کتبہ الفقیر الی رحمت ربہ الکریم
عبدالحفیظ المکی
بروز جمعہ ۴/شعبان ۱۴۲۶ھ

تقریظ

فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم
مہتمم جامعہ فاروقیہ کراچی وصدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جہاد کے موضوع پر اردو زبان میں کافی کتابیں لکھی گئی ہیں، ہر مؤلف کا اپنا اسلوب و انداز ہوتا ہے اور ہر ایک کے سامنے موضوع کے مختلف پہلو ہوتے ہیں، جنہیں وہ اجاگر کرنا چاہتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب میں مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے جہاد پر وارد ہونے والے جدید وقدیم اعتراضات وشبہات کا حل پیش کیا ہے۔ انہوں نے قرآن وحدیث اور تاریخی شواہد کی روشنی میں تسلی بخش جوابات دیئے ہیں ان کی تحریر میں انفرادیت اور جاذبیت بھی ہے جس کی وجہ سے قاری کی دلچسپی آخر تک برقرار رہتی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو خلق خدا کے لئے نافع اور مقبول بنائے۔ آمین

سلیم اللہ خان

۶/۶/۱۴۲۶ھ

۱۴/۷/۲۰۰۵ء

تقریظ

مرشد المجاہدین حضرت مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ دامت برکاتہم
شیخ الحدیث بدر العلوم الحقانیہ اکوڑہ خٹک،

الحمد للہ و کفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ اما بعد

لاہور کے بعض فضلاء کے ہاتھوں مجھے میرے ایک واجب الاحترام محبوب ومحترم مولانا محمد الیاس گھمن صاحب مدظلہ کا مکتوب گرامی ملا۔ جس میں حضرت مولانا موصوف نے مجھے مایہ ناز بیش بہا تالیف ”جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ“ پر چند تقریظی کلمات لکھنے کی فرمائش کی ہے۔ میں کئی دنوں سے صاحب فراش ہوں۔ مطالعہ اور لکھنے سے قاصر ہوں۔ مگر محترم مولانا موصوف ہمارے سابقہ جہاد افغانستان وکاروان جہاد کے ان درخشندہ تابندہ سربکف کمانڈروں میں سرفہرست ہیں جنہوں نے ژاور، باڑی، تورغر، خوست، گردیز وغیرہ کے شدید معرکوں میں نمایاں حصہ لیا۔ میرے لوح قلب پر اب تک ان قدسی صفات شیر دل شباب وشیوخ کے منور چہرے ثبت ہیں خصوصاً حرکت کے ایک معمر بوڑھے مجاہد کی باتیں یاد آ رہی ہیں جب روسی طیاروں کا ایک جھنڈ بمباری میں مصروف ہو جاتا تو وہ بڑے ذوق وشوق سے نعرہ بلند کرتا کہ مولانا ہماری موسیقی اب شروع ہوگئی ہے میں نے ایک قصیدہ میں کہا تھا ؎

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
ژاور کی وادیوں میں حرکت کا آشیانہ
ہر سمت روح پرور ایمان کی فضائیں
چاروں طرف سے سنتے اسلام کا ترانہ
ان غازیوں کا منظر یا رب کہاں سے لاؤں
چہروں پر نورِ تقویٰ اسلاف کا نشانہ

محترم محمد الیاس گھمن صاحب کے ساتھ ان جہادی روابط کے پیش نظر اس زریں کتاب کے مطالعہ سے مختلف وقفوں میں استفادہ کی سعادتیں نصیب ہوئیں، ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ ۔ محترم مولانا موصوف نے قید و بند کے تنگ و تاریک ماحول میں ایک عظیم الشان و قیع جہادی خدمت کو سر انجام دے کر فقیہ الامت علامہ سرخسی کی یاد تازہ فرمائی ہے انہوں نے چاہ سیاہ کے ظلموں میں مبسوط جیسی زخیم کتاب تصنیف فرمائی ہے جو ۳۰ جلدوں پر مشتمل ہے۔ چاندنی راتوں میں شاگرد آدھی رات کے وقت آ کر کنویں کے اردگرد بیٹھ جاتے اور علامہ سرخسیؒ گہرے کنویں سے املاء فرماتے۔

ما شاء اللہ آج بھی اس گئے گزرے دور میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو زنداں کے تلخ لمحات میں بھی قلمی جہاد کو ادا کرتے ہیں۔

جہاد پر تو عبداللہ بن مبارکؒ کے زمانہ سے آج تک ہزاروں کی تعداد میں کتابیں لکھی گئی ہیں مگر ہمارے مولانا محمد الیاس گھمن صاحب کی کتاب بھی ایک نئے دلکش موثر انداز میں لکھی گئی ہے جس کو پڑھنے سے دل و دماغ میں عجیب کیف و سرور اور وجد و انبساط موجزن ہوتا ہے۔

ہر گلِ را رنگ و بوئے دیگر است

یہ کتاب ایسی پریشان کن فضا میں لکھی گئی ہے جب کہ چاروں طرف ظلم وستم وحشت وبربریت، فتن ومحن کی شدید تاریکیوں میں تمام عالم اسلام میں مایوسی ہی مایوسی نظر آرہی ہے۔ اچھے اچھے نڈر خطباء جو جہادی موضوع پر ولولہ انگیز تقریروں سے سامعین کی زبانوں سے بے اختیار **الجهاد الجهاد** اور **القتال القتال** کے نعرے نکلواتے تھے آج وہ کلمہ جہاد کے تلفظ سے گھبرا رہے ہیں۔ بعض مجاہد طلباء اپنے اساتذہ کرام کی خدمت میں حاضر ہوکر متاسفانہ انداز میں شکوہ کرتے ہیں کہ حضرت! ہم کون سے گناہ کبیرہ کے مرتکب ہیں کہ اب آپ حضرات پہلے کی طرح ملاقات سے مشرف نہیں فرماتے اور ہم سے ڈر کر'' **لا مساس** ''فرمانے لگتے ہیں۔ ایسے ناگفتہ بہ حالات میں جہادی موضوع پر مولانا محمد الیاس گھمن صاحب کی تصنیف جیسی جاندار تصنیفات کی اشد ضرورت ہے۔ جن سے مردہ قلوب اور مایوس ارواح میں جہاد کا جوش وخروش پیدا ہوتا ہے۔ دعا ہے کہ رب العالمین اس عظیم الشان علمی، دینی، جہادی کاوش کو شرف پذیرائی عطا فرمائے اور اس انمول علمی تحفہ سے عوام وخواص کو استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین آمین لا ارضی بواحدة
حتیٰ اضم الیها الف آمینا

شیر علی شاہ عفا اللہ عنہ
خادم طلباء بدر العلوم الحقانیہ، اکوڑہ خٹک
۱۷؍ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۶ء

تقریظ

رئیس المناظرین حضرت مولانا عبدالستار صاحب تونسوی دامت برکاتہم

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

محترم حضرت مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ کے موضوع پر محققانہ طرز پر جو کتاب تحریر فرمائی وہ میرے خیال میں اپنی نظیر آپ ہے جس کے پڑھنے سے مسلمانوں کو جہاد فی سبیل اللہ کے بارہ میں بے پناہ فائدہ ہوگا اس موضوع پر یہ کتاب اپنی نظیر آپ ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا کی محنت کو منظور و مقبول فرما کر اجر عظیم عطا کرے۔ آمین ثم آمین

محمد عبدالستار تونسوی
(١٣؍ جمادی الاولیٰ ١٤٢٦ھ)

☆☆☆

تقریظ

حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان صاحب دامت برکاتہم

رئیس دارالافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسو لہ الکریم

آئین جو نمرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

قتال فی سبیل اللہ کے بارہ میں قرآن مجید کی سینکڑوں آیتیں، کتب احادیث میں ہزاروں حدیثیں اور رسول اکرم ﷺ کی صد سالہ مدنی زندگی میں ایسے واضح قطعی دلائل ہیں کہ جن کا انکار کرنا روز روشن میں سورج کے وجود سے انکار کرنے کے مترادف ہے اور کفر کو ارادی یا غیر ارادی طور پر تقویت دینا ہے۔ مولانا الیاس گھمن صاحب نے ''جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ'' کے نام سے ایک ایسے دور میں کتاب مرتب کی جس دور میں ایک طرف سے دنیائے کفر کی انتہائی بربریّت وتشدّد کی وجہ سے اس موضوع پر قلم اٹھانا مشکل ہے جب کہ دوسری طرف کچھ لوگ اپنوں کے لبادہ میں جہاد کے راستہ میں مختلف صورتوں میں علمی اور سیاسی اشکالات کے ذریعہ سے رکاوٹ بن رہے ہیں۔ مولانا موصوف نے دودھاری قلمی تلوار سے جہاد کر کے دونوں پہلوؤں کا بہترین مدلّل اور مفصّل جائزہ لیا ہے اللہ کریم اس

کو قبول فرما کر امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ بنا دے۔

آمین ثم آمین

حمید اللہ جان

خادم الحدیث والافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

مورخہ ۷/۱۲/۱۴۲۵ھ

تقریظ

حضرت مولانا فضل محمد یوسف زئی دامت برکاتہم

استاذ الحدیث جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

(۱) عہد نبوت، دور صحابہ اور قرون اولیٰ پر اگر تاریخی اعتبار سے نظر دوڑائی جائے تو یہ حقیقت صاف نظر آتی ہے کہ اسلام جہاد مقدس کے ذریعے سے دنیا میں پھیلا ہے اور مساجد و مدارس اور علماء کے ذریعہ سے برقرار رہا ہے۔

(۲) جب سے مسلمانوں سے جہاد نکل گیا ہے اسلام کا پھیلنا موقوف ہو گیا ہے اور جس خطہ سے مدارس و مساجد اور علماء ختم ہو گئے ہیں وہاں سے آہستہ آہستہ دین بھی رخصت ہو گیا ہے، اندلس کی تاریخ مسلمانوں کے سامنے ہے، یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح اسلام کو قیامت تک غیر منسوخ دین قرار دیا ہے اسی طرح جہاد کو بھی غیر منسوخ قرار دیا ہے۔

(۳) جہاد مسلمانوں کی مقدسات اور مسلمانوں کی عظمتوں اور ان کی عبادتوں کیلئے محافظ اور دفاعی لائن ہے، دنیا کے کفار اسے توڑنا چاہتے ہیں، اگر خدانخواستہ یہ لائن مکمل طور پر

ٹوٹ گئی تو مسلمان اپنی عظمتوں پر باقی نہیں رہ سکیں گے بلکہ ان کی اسلامی شناخت تک مٹ جائے گی۔

(۴) جہاد اور دہشت گردی میں فرق ہے، جو لوگ جہاد کو دہشت گردی سمجھتے ہیں وہ یا کافر ہیں یا منافق ہیں، حقیقت تو یہ ہے کہ جہاد دہشت گردی، بدامنی اور فساد کو ختم کرتا ہے اور کم درجہ کے انسان کو اعلیٰ مقام عطا کرتا ہے مسلمانوں کی تاریخ اس پر گواہ ہے۔

(۵) نزول قرآن کے وقت جن لوگوں نے جہاد میں سستی کی یا جہاد پر شبہات و اعتراضات کئے، کلمہ پڑھنے کے باوجود اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو منافق قرار دیا ہے۔ کھرے اور کھوٹے مسلمان کے پرکھنے کیلئے جہاد ایک کسوٹی ہے۔

(۶) قرآن وحدیث اور مسلمانوں کی جہادی تاریخ نے جہاد کو مسلمانوں کے سامنے آفتاب نصف النہار کی طرح روشن اور ممتاز کر کے رکھ دیا ہے اس حقیقت میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے، لیکن جہاد میں چونکہ جان کی بازی لگانی پڑتی ہے بڑی بڑی قربانیاں دینی پڑتی ہیں اس لئے بعض بزدل یا بدخواہ مسلمان جہاد سے چھپنے کی کوشش کرتے ہیں اور ’’خود بدلتے نہیں قرآن بدل دیتے ہیں‘‘ کے قاعدے کے مطابق جہاد پر طرح طرح کے شبہات وارد کرتے ہیں، اگر ان کے دل میں جہاد کا جذبہ موجزن ہوتا تو وہ بجائے شبہ کرنے کے ہر شبہ کا جواب دیتے لیکن ان سے ایسا نہ ہو سکا بلکہ اسلام کے ایک مقدس فریضہ میں شکوک وشبہات پیدا کرنے لگے اس لئے اس بات کی اشد ضرورت تھی کہ کوئی بندہ خدا میدان میں آتا اور بلا خوفِ ’’لومۃ لائم‘‘ ڈٹ کر اس عظیم فریضہ کا دفاع کرتا، الحمد للہ اس عظیم کام کی خدمت کا سہرا اللہ تعالیٰ نے مولانا الیاس گھمن صاحب مدظلہ العالی کے سر باندھا جو اس میدان کے شہسوار بھی ہیں اور اس کے ہر شعبہ کے واقف کار بھی ہیں، انہوں نے ’’جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ‘‘ کے نام سے انتہائی یکسوئی اور فارغ اوقات میں ایک مجموعہ تیار کیا اور امت مسلمہ کے

سامنے پیش کیا، ماشاء اللہ واضح اور سلیس عبارت میں، سلجھے قلم اور مدلل انداز سے انہوں نے اس موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو قبولیت عامہ وخاصہ سے سرفراز فرمائے اور مؤلف کے لئے سرمایۂ آخرت بنائے۔ آمین یا رب العالمین

فضل محمد بن نور محمد یوسف زئی
استاذ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان
۱۹ شوال ۱۴۲۵ھ مطابق یکم دسمبر ۲۰۰۴ء

روحانی نسبت کا اعجاز

(مفتی ابولبابہ شاہ منصور)

خلافتِ اسلامیہ کا قیام مسلمانوں کی ان اجتماعی ذمہ داریوں میں سے ہے جو اتنی اہم ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی مقدس جماعت نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کی تجہیز وتکفین سے پہلے یہ مسئلہ طے کرنا ضروری سمجھا اور خلافت کا قیام چونکہ آج تک جہاد سے ہی ہوا ہے اور آئندہ بھی جہاد ہی سے ہوگا حتیٰ کہ خوش نصیب مجاہدین کی جماعت حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مہدی کے ساتھ جہاد کر کے طاغوتی نظام کا خاتمہ اور خالص شرعی نظام خلافت کے قیام کا کارنامہ انجام دے گی، اس لئے کوئی مانے یا نہ مانے حتیٰ کہ ہمارے مغرب زدہ مسلمان بھائی تسلیم کریں یا نہ کریں لیکن کتاب وسنت، عقل ونقل اور تجربہ وتاریخ سے جو حقیقت ثابت ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ جہاد ہی وہ مبارک عبادت ہے جو ستم رسیدہ اور حرماں نصیب مسلمانوں پر تاریخ کا جو بدترین زوال آیا ہوا ہے اس نے جہاں اور ستم ڈھائے، وہیں یہ غضب بھی ہوا کہ مسلمانوں کے رہنماؤں نے غلامی سے نجات کے

لئے طرح طرح کے نسخے ایجاد کرنے اور آزمانے شروع کر دیے۔ ہمارے دانشور کیوں پیچھے رہتے انہوں نے افلاطونی منطق، سقراطی اشکالات، بقراطی اندیشوں اور خیرا خواہانہ مشوروں سے ایسی گرد اُڑائی اور نظریہ جہاد کے گرد دھند کی ایسی دبیز چادر تانی کے الامان والحفیظ! اہمیت، فضیلت اور ضرورت تو جانے دیجئے! اس مقدس عبادت کی مشروعیت ہی دھندلا کر رہ گئی۔

افغان جہاد کے بلند ہمت اور خوش نصیب شرکاء نے اس کملائے ہوئے پودے کو اپنے خون سے سینچا اور پھر طالبان کی بے مثال جد و جہد نے غفلت اور غلط فہمی کے ان دبیز پردوں کو چاک کیا جو اپنوں کی سادگی اور غیروں کی چالاکی سے اس مبارک و مقدس فریضے کے گرد تن گئے تھے لیکن اس امر کی ضرورت اپنی جگہ باقی تھی کہ میدان عمل میں قربانیاں پیش کرنے کے ساتھ ساتھ علمی و تحقیقی کام کے ذریعے ان کانٹوں کو نکالنے اور ان زہریلی کھمبیوں کو صاف کرنے کا کام کیا جائے، جو شہداء کے مبارک خون سے سیراب کئے جانے والے شجرہ طیبہ کے گرد اگ آئی ہیں۔ ہم سب کو...... اس کتاب کے ناشرین و قارئین کو...... کاروانِ عزیمت اور قافلہ جد و جہد کے سب شرکاء کو...... اس بات پر مسرت ہونی چاہیے کہ ہمارے رفیق مولانا محمد الیاس گھمن صاحب نے اس دیرینہ ضرورت کو بطریق احسن پورا کیا اور موضوع کو نبھانے کی کوشش ایسی خوبی سے کی ہے کہ بے ساختہ داد دینے کو جی چاہتا ہے۔

یہ عاجز بندہ کسی کتاب پر کچھ لکھنے سے بوجوہ ہمیشہ گریزاں رہا ہے۔ جناب مولانا مسعود اظہر صاحب کی کتابوں کے بعد یہ دوسری کتاب ہے جس کے لئے یہ اصول توڑا گیا ہے۔ پہلی کتاب خلافت سے متعلق تھی، یہ کتاب لاہور کے ایک نوجوان فاضل نے لکھی ہے۔ بوقت تحریر بندہ کو ان کا نام یاد نہیں آ رہا۔ دوسری آپ کے ہاتھوں

میں ہے۔ دونوں میں قدر مشترک خوبی ظاہر ہے۔ ایک تو یہ موضوع ہی ایسا ہے کہ اس پر کچھ لکھنے سے انکار ’’فرار من الزحف‘‘ کے زمرے میں داخل ہوتا محسوس ہوتا ہے۔ دوسرے مصنف کی گوناگوں قربانیوں، مشن سے سچی لگن، تصوف و جہاد کا امتزاج اور بے ریا عجز و انکساری اور اخلاق و مروت ایسی ہے کہ ان کو ٹالنا بس میں نہ تھا۔ تیسرے جب بندہ نے کتاب کو دیکھا تو ایسی حیرت انگیز مسرت دل و دماغ پر چھاتی چلی گئی کہ بے ساختہ تعمیل کرنے پر مجبور ہوتا چلا گیا۔ مصنف نے نہ صرف یہ کہ ایک غیر مخدوم موضوع کو اپنایا اور وقت کے تقاضے کو سمجھ کر نبھایا اور انداز بھی ادیبانہ رکھا بلکہ ساتھ ساتھ یہ خوبی بھی ان کی تحریر میں ہے کہ اشکالات کا جواب دیتے وقت مناظرانہ رنگ اختیار کرنے کی بجائے مشفقانہ اور خیرخواہانہ انداز میں بات کو سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ کہیں کہیں طنز ہے مگر اتنے لطیف پیرائے میں کہ مخاطب بھڑکنے کی بجائے لطف میں آئے گا اور ضد میں آنے کی بجائے اپنے ذہن کی گرہیں کھلتی محسوس کرے گا۔ نشتر زنی میں مسیحائی کی یہ تاثیر مصنف موصوف کی اس روحانی نسبت کا اعجاز ہے جو انہیں اللہ والوں سے حاصل ہے۔ کتاب کے شروع میں جہاد فی سبیل اللہ کے لفظ کو اس کا حقیقی معنی لوٹانے کی کوشش اور آخر میں ’’دعا‘‘ نامی نظم بھی بڑے خاصے کی چیز ہے۔

قید کے زمانے میں ہمارے اکابر نے جو تالیفی خدمات انجام دیں مشاہدہ ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ نے خصوصی قبولیت سے نوازا۔ مؤلف کے ہاتھوں جیل کی بیرکوں میں اس اچھوتے اور پیچیدہ موضوع کے لئے مناسب علمی سرمایہ نہ ہونے کے باوجود (حوالوں میں جلد و صفحات نہ ہونے کی وجہ بھی بظاہر یہی ہے) اتنا اچھا مجموعہ تیار ہو جانا لگتا ہے کہ اخلاص، قربانی اور مشن سے سچی اور بے لوث لگن کی برکت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس برکت سے اس کتاب کے ہر قاری کو حصہ عطا فرمائے اور اس کتاب کو تحریکِ جہاد

واحیائے خلافت کی ان کوششوں کا مبارک ومقبول حصہ بنائے جو غزوہ ہند اور غزوہ فلسطین کے غازیوں کا لشکر تیار کرنے میں کام آئیں گی۔

والسلام

ابولبابہ شاہ منصور

۲۱/ شوال ۱۴۲۵ھ

تقریظ

شیخ القرآن، استاذ العلماء، مولانا محمد اسلم شیخوپوری دامت برکاتہم

برادرم مولانا محمد الیاس گھمن زِیدَ مجدُہٗ کو باری تعالیٰ نے گوناں گوں صفات اور کمالات سے نوازا ہے، وہ صاحبِ استعداد عالم ہیں، ماہر مدرس ہیں، شعلہ بیان خطیب ہیں، جذبات پرور شاعر ہیں، سماجی اور رفاہی کارکن ہیں، باوفا دوست اور خدمت گار شاگرد ہیں، تن من دھن کی بازی لگا دینے کا جذبہ رکھنے والے مجاہد ہیں، عارف باللہ حضرت مولانا حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم کے خلیفہ مجاز ہیں، قلم و قرطاس کو خطیبانہ رنگ میں رنگنے والے مصنف ہیں، لیکن ان سب پر مستزاد یہ کہ وہ دردمند دل کے مالک ہیں۔

دردِ دل کی دولت ہی تو ہے جس سے آج امت مفلس اور تہی دست ہوتی جا رہی ہے، دولت وثروت کی بہتات ہے، وسائل واسباب کی فراوانی ہے، فراٹے بھرتی گاڑیوں، بلند وبالا عمارتوں، نت نئی مصنوعات تیار کرتی فیکٹریوں اور کارخانوں کی کمی نہیں اور نہ ہی ان چیزوں کا فقدان امت کے زوال کا سبب ہے، اصل سبب دردِ دل کا

نہ ہونا ہے، الفاظ کی جگالی کرنے والے شاعر، ہزاروں کے مجمع کو لوٹ پوٹ کر دینے والے خطیب، اپنے اسلوب کے سحر میں جکڑنے والے قلمکار، ظاہر و باطن کے تضاد میں مبتلا لیڈرانِ عظام بے شمار ہیں، ایک ڈھونڈو تو ہزار ملتے ہیں، مگر ظاہر ہے اس فوجِ ظفر موج سے چائے کی پیالیوں، سامان خورد و نوش سے سجے دستر خوانوں، ہوٹلوں اور کلبوں، دفتروں اور جلسہ گاہوں میں تو انقلاب آ سکتا ہے، مگر امت میں کوئی انقلاب نہیں آ سکتا۔

اس انقلاب کے لئے تو ان سرپھروں کی ضرورت ہے، جن کا دردِ دل ان کے لئے جہاد کے موضوع پر اچھوتے انداز میں لکھی گئی اس وقیع کتاب پر تقریظ لکھنے کا حکم ایسے شخص کو دیا ہے جسے آگ برساتے آسمان اور گولیوں سے سنسناتی فضاء میں عملی طور پر حصہ لینے کا کبھی موقع نہیں ملا۔ ناچیز نے مختصر وقت میں سرسری انداز میں کتاب کو دیکھا ہے، یہ کتاب اس قابل ہے کہ اسے صرف مجاہد ہی نہیں مجاور بھی پڑھیں اور بار بار پڑھیں تا کہ ان کے شبہات کا ازالہ ہو جائے، اور انہیں جہاد کے بارے میں شرح صدر نصیب ہو جائے۔

محتاج دعا
محمد اسلم شیخوپوری

تقریظ

حضرت مولانا ابن الحسن عباسی دامت برکاتہم
استاذ الحدیث ونگران شعبہ تصنیف وتالیف جامعہ فاروقیہ کراچی
مدیر ماہنامہ وفاق المدارس

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ کتاب جہاد اور اس کے بارے میں کئے جانے والے اعتراضات اور پیدا ہو جانے والے شبہات سے متعلق مرتب کی گئی ہے اور ایک ایسے عالم دین نے مرتب فرمائی ہے جو عملی جہاد کے محاذوں پر لہو گرما اور جذبوں کو پروان چڑھا چکے ہیں اور اس کا مرتب میری طرح صرف گفتار کا نہیں، بلکہ کردار کا غازی ہے۔

جہاد اور جارحیت، جہاد اور دہشت گردی کو دین دشمن قوتوں نے ایسا نتھی کر دیا ہے کہ دونوں کے درمیان کئی لوگوں کیلئے فرق کرنا مشکل ہو گیا ہے، حالانکہ دہشت گردی اور جارحیت سراسر فساد ہے جب کہ جہاد فاسد مادے کو ختم کرنے کیلئے اصلاح کائنات کا نسخہ ہے اس کتاب میں دونوں کے درمیان اس فرق کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، اس میں فاضل مولانا نے جہاد پر غیروں کی طرف سے کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات بھی دیئے ہیں اور ان شکوک وشبہات کا بھی تسلی بخش حل بیان کیا گیا ہے جو جہاد

کے حوالے سے دل میں کھٹک سکتے ہیں۔

اس موضوع پر اس سے پہلے بھی عربی اردو میں کام ہو چکا ہے اور بعض رسائل اور کتابیں طبع ہو چکی ہیں تاہم زیر نظر کتاب میں آج کے دور کے چند جدید اعتراضات وشبہات کے بھی بڑے تفصیلی جوابات آ گئے ہیں۔

ابن الحسن عباسی

۲۵ شوال ۱۴۲۵ھ

تقریظ

حضرت مولانا عبد الحمید دامت برکاتہم

شیخ الحدیث وناظم تعلیمات جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

جب سے انگریز نے ہندوستان میں اپنے ناپاک قدم رکھے تو بڑی ہوشیاری سے اسلام پر حملے کرنے لگے اسلامی احکام پر عقلی اعتراضات کر کے لوگوں کے خصوصاً مسلمانوں کے ذہنوں میں انتشار پیدا کرنے لگے ان اعتراضات کے متعلق مسلمانوں میں دو گروہ بنے۔ پہلا وہ گروہ جو ان اعتراضات سے متاثر ہو کر اسلامی احکامات میں تاویل کرنے لگے اور آیات قرآنیہ واحادیث نبویہ کی تفسیر وتشریح انگریزوں کے مطابق کرنے میں لگے رہے۔ جن کا سرغنہ سرسید احمد خان تھا۔ دوسرا گروہ ان علماء کا تھا جو ان اعتراضات کے جوابات علمی انداز میں دے رہے تھے اور اسلامی احکامات پر آنچ نہ آنے دی اس سلسلہ میں سرخیل علماء دیوبند حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ سرفہرست رہے، مولانا عبید اللہ سندھی مرحوم فرماتے تھے، کہ مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ نے جو علمی وعقلی دلائل و جوابات (اسلامی احکامات کے سلسلہ میں) دیئے ہیں وہ ہمیں آئندہ ایک سو سال تک فائدہ دیتے رہیں گے۔ ان اسلامی احکام میں جہاد کا مسئلہ آج کل سرفہرست ہے جس میں اچھے خاصے پڑھے

لکھے لوگوں کے قدم لغزش میں ہیں اور پھسل رہے ہیں۔

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں

میرے استاد محترم اور پیر و مرشد امام المعقولات والمنقولات حضرت مولانا عبدالکریم قریشی صاحب مرحوم آف بیر شریف (متوفی ۱۴۱۹ھ) اس سلسلہ میں بڑے حساس رہے اور مسلسل جہاد کی حقیقت واضح کرتے رہے۔ میرے حضرت نے جہاد کے موضوع پر دو کتابیں بھی لکھیں جو شائع شدہ ہیں اور ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔

میرے برادر محترم مولانا محمد الیاس گھمن صاحب کو اللہ پاک جزائے خیر عنایت فرمائے کہ اس موضوع کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے قلم اٹھایا اور ''جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ'' کے عنوان سے ایک تفصیلی کتاب منظر عام پر لے آئے۔ جس سے عام لوگوں کو تو فائدہ ہوگا ہی، لیکن علماء کرام بھی مستفید ہونگے۔ ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دست بدعا ہیں کہ اس کتاب کو قبولیت عامہ سے نوازے اور دشمن اسلام کے منصوبوں پر پانی پھیرے (آمین ثم آمین)

عبدالحمید
۲۰ شوال ۱۴۲۵ھ
جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

تقریظ

حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب شہیدؒ

استاذ الحدیث جامعہ بنوریہ سائٹ، کراچی

الحمد اللّٰہ رب الشھدا والمقاتلین و الصلوۃ والسلام علی امام الأنبیاء والمجاھدین و علی آلہ الطیبین الطاھرین وازواجہ امھات المؤمنین واصحابہ اجمعین وعلی کل من حذاحذوھم الی یوم الدین و بعد :

جہاد اسلام کی قوت اور بقاء کا ضامن ہے۔ اس سے اسلام کی شان وشوکت کا اظہار ہوتا ہے اور دشمنانِ اسلام مرعوب ہوکر، اسلام دشمن حرکتوں سے دستبردار ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ہر دور کا باطل مختلف انداز سے جہاد کو بدنام کرنے اور اس سے مسلمانوں کی وابستگی ختم کرنے کے ایجنڈے پر کام کرتا رہا ہے۔ ماضی قریب میں قادیانیت کا شجرہ خبیثہ اسی مقصد کے لئے کاشت کیا گیا تھا اور مرزا قادیانی نے جھوٹی نبوت کا سہارا لیکر صاف اعلان کردیا تھا کہ ؎

چھوڑ دو اے دوستو ! جہاد کا خیال
کہ دین میں حرام ہے اب جنگ اور قتال

مگر جھوٹی نبوت اس کی سب سے بڑی کمزوری ثابت ہوئی، اور وہ اسلامی معاشرے میں اپنے نظریات کو رواج دینے میں بری طرح ناکام رہا۔ علماء حق کی لازوال جدوجہد نے جہاد دشمن تحریک قادیانیت کے تار پود بکھیر کر رکھ دیئے اور فریضہء جہاد کا انکار ہی قادیانیت کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوا۔

باطل نے پھر پینترہ بدلا اور مسلمانوں کی صفوں میں ایک نئی مخلوق پیدا کی۔ جنہیں دانشور، روشن خیال اور اعتدال پسند جیسے خوبصورت القاب سے متعارف کرایا۔ یہ لوگ دانشور کم اور دانش فروش زیادہ ثابت ہوئے۔ دماغ کے بجائے پیٹ کے راستے سے سوچنے کے مریض نکلے اور ذاتی اغراض اور مالی مفادات کے غلام بن کر اپنا علم و دانش چند ڈالروں کے عوض گروی رکھنے کے لئے تیار ہو گئے۔ یہ لوگ کوئی وقیع علمی اعتراض تو نہ کر سکے مگر شکوک وشبہات کے غبار سے جہاد کے روشن چہرے کو دھندلانے اور سادہ لوح مسلمانوں کو مزدوج ذہنیت (double mindedness) کا شکار کرنے کی سعی لاحاصل میں لگے ہوئے ہیں۔ تمام ذرائع ابلاغ پر، اسلام دشمن عناصر کی آشیر باد سے انھیں دسترس حاصل ہے، جس کی وجہ سے گھروں میں پردہ نشین خواتین تک بھی ان کی رسائی ہے۔ اوران کے افکار ونظریات سادہ لوح عوام کو تو متاثر کر ہی رہے تھے، اب بڑا المیہ یہ ہے کہ منبر ومحراب سے بھی اس کی بازگشت سنائی دینے لگی ہے اور کچھ جبہ ودستار کے حاملین بھی یہ کہتے ہوئے سنے جارہے ہیں کہ موجودہ حالات میں دفاع اسلام کے لئے مسلح کوششیں، خودکشی کے مترادف ہیں اور خودکش حملے اسلامی معاشرے میں افراتفری پھیلا رہے ہیں اور زنا اور شراب کے رسیا نام نہاد مسلم حکمرانوں کی اجازت کے بغیر دشمنانِ اسلام کے خلاف کسی قسم کی کاروائی جائز نہیں ہے۔ اس وقت جہاد کا عمل موقوف کر دینا چاہیئے۔ مگر وہ لوگ یہ بتانے کے لیئے تیار نہیں ہیں کہ امت

۷
۹
۱۰
۱۳
۱۴
۱۵
۱۷
۲۰
۲۲
۲۳
۲۵
۲۸
۳۸
۴۳

مسلمہ کو اس نازک وقت میں کیا کرنا چاہئے۔ اس وقت اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ علماء ربانیین قدم آگے بڑھا کر امت اسلامیہ کی رہنمائی کریں۔ باطل پرست لوگوں کے شکوک وشبہات کے غبارے سے ہوا نکال کر جہاد کی سچی اور حقیقی تصویر دنیا کے سامنے پیش کریں۔

مولانا محمد الیاس گھمن صاحب ایک مجاہد فی سبیل اللہ اور غازی کی شہرت رکھتے ہیں۔ وہ مختلف محاذوں پر دادِ شجاعت دے چکے ہیں اور کلمہ حق کہنے کی پاداش میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرتے ہوئے پابندِ سلاسل بھی رہ چکے ہیں۔

انھوں نے جہاد کے موضوع پر اٹھائے جانے والے بعض شکوک وشبہات پر اپنے انداز میں اچھے جوابات قلمبند کئے ہیں اور ''گدّی اور حلقوم'' کے غلاموں کی مناسب سرزنش کی ہے۔ امید ہے کہ بہت سے بھٹکے ہوئے دانشوروں کے لئے یہ کتاب روشنی کا مینار اور اغراض ومفادات کے بندھنوں میں جکڑے ہوئے لوگوں کے لیئے آزادی کا پیغام اور سادہ لوح مسلمانوں کے لئے ایک رہبر و رہنما ثابت ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اسے قبولیت سے نوازیں اور مصنف موصوف کیلئے صدقہ جاریہ اور باقیات صالحات میں سے بنائیں۔

فقط والسلام

(مفتی) عتیق الرحمٰن

۲۴، شوال ۱۴۲۵ھ ۷، دسمبر ۲۰۰۴ء بروز منگل

۶۴
۶۷
۶۸
۶۸
۶۸
۷۵
۷۶
۷۷
۷۸
۸۰
۸۲
۸۴
۸۸
۹۱
۹۳
۹۸
۱۰۲
۱۰۷
۱۰۹

۱۱۲
۱۱۵
۱۲۴
۱۲۷
۱۳۴
۱۳۸
۱۴۶
۱۴۹
۱۵۶
۱۶۲
۱۶۸
۱۷۲
۱۷۴

تقریظ

مولانا مفتی محمد ادریس دامت برکاتہم (استاذ الحدیث دار العلوم، رنگون، برما)
خلیفہ مجاز عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین ا صطفی اما بعد۔ ۱۴۲۵ھ رمضان المبارک کے اخیر عشرہ میں بندہ کو اپنے شیخ عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم کی خانقاہ میں گزارنے کا شرف حاصل ہوا۔ اسی دوران ایک مردِ مجاہد، جید عالم مولانا محمد الیاس گھمن صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کا موقع ملا۔ موصوف حضرت والا کے خلیفہ بھی ہیں۔ موصوف ایسی شخصیت ہیں کہ ان کو دیکھ کر صحابہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ بڑے متفکر ہیں۔ خصوصاً مظلوم امت مسلمہ کے لئے شب و روز فکر رکھنے والے ہیں۔ انہوں نے ''جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ'' کے

نام سے ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ اس کا مسودہ بندہ کو دکھا کر بندہ کی طرف سے بطور
تقریظ چند کلمات لکھنے کی فرمائش کی ہے۔ بندہ کو اس مسودہ کو دیکھ کر بڑی حیرت ہوئی کہ ۱۸۰
اس میں جہاد کے متعلق ایسے نقلی اور عقلی دلائل اور اعتراضات کے جوابات پیش کئے ۱۸۵
ہوئے ہیں جو کہ بندہ کے خیال میں بھی کبھی نہیں گزرے۔

آج جہاد فی سبیل اللہ کے صحیح مفہوم کو نہ سمجھنے کی وجہ سے غلط جگہوں پر محمول کر کے ۱۹۰
اس امر عظیم سے اکثر الناس محروم ہو رہے ہیں۔ اس سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے ۱۹۵
کہ بعض لوگ ہر قسم کے اعتراضات پیش کر کے اپنے جان و مال سے اللہ کے راستے میں ۱۹۸
نکل کر دشمنان اسلام سے مقابلہ کر کے جہاد فی سبیل اللہ کے صحیح مفہوم کو ادا کرنے ۲۰۶
والوں کو بھی برا بھلا کہہ رہے ہیں۔ وَاِلَی اللّٰہِ الْمُشْتَکٰی۔ ۲۱۰

یہی لوگ ''مَنْ مَّا تَ وَلَمْ یَغْزُ وَلَمْ یُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَا تَ عَلٰی ۲۱۶
شُعْبَةٍ مِنْ نِفَاقٍ'' کے مصداق ہیں۔ لہٰذا جہاد کے مسئلہ کو سمجھنا اس طرح ضروری ۲۳۴
ہے جس طرح ایمان کو سمجھنا ضروری ہے، کیونکہ فقہا نے لکھا ہے کہ جو جہاد کا انکار
کرے وہ کافر ہو جاتا ہے، ایک ادنیٰ سنت کے مذاق اڑانے والے کا ایمان ۲۳۹
سلامت نہیں رہتا، تو جہاد (جو کلام اللہ میں نص قطعی سے ثابت ہے) کا انکار
کرنے والے کا ایمان کیسے سلامت رہے گا۔ ۲۴۱

بندہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ کتاب ہذا کے ذریعے پوری دنیا کے مسلمانوں کو
جہاد کے مفہوم کو صحیح سمجھنے کا موقع عطا فرما کر اس نعمت عظمیٰ میں اپنے جان و مال ۲۴۷
خرچ کرنے کا شرف بخشیں۔ نیز موصوف کی کاوش قبول فرما کر فلاح دارین کا ۲۴۶
سبب بنادیں۔ ۲۵۱

۲۵۴

فقط

محمد ادریس کان اللہ لہ

ستاذ الحدیث دارالعلوم، رنگون، برما

فہرست

نمبر شمار

انتساب
منظوم درود شریف
دردِ دل
ارشادِ گرامی
حدیثِ خواب
تقریظات

۲۵۸
۲۶۹
۲۷۷
۲۸۸
۲۹۲
۲۹۵
۲۹۸
۳۰۳
۳۰۶
۳۱۲
۳۱۶
۳۲۰

شیخ المشائخ فضیلۃ الشیخ مولانا عبد الحفیظ مکی دامت برکاتہم ۳۲۵
فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم ۳۲۷
مرشد المجاہدین مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ دامت برکاتہم
حضرت مولانا عبد الستار تونسوی دامت برکاتہم
حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان دامت برکاتہم ۳۲۸
حضرت مولانا فضل محمد دامت برکاتہم ۳۳۰
حضرت مفتی ابو لبابہ شاہ منصور دامت برکاتہم
حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری دامت برکاتہم ۳۳۸
حضرت مولانا ابن الحسن عباسی دامت برکاتہم
شیخ الحدیث مولانا عبدالحمید دامت برکاتہم
شہید اسلام مولانا مفتی عتیق الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ ۳۳۴
حضرت مولانا مفتی محمد ادریس دامت برکاتہم ۳۳۹
۳۴۳
چند گزارشات
۳۵۵
مقدّمہ
خدارا خدارا احیاء کیجئے ۳۵۳
دعویٰ ۳۵۸
دلائل
۳۶۳
غزوات اور سرایا
۳۵۶
سرایا ۳۶۶
جنّتی دولھے اور جہنّم کا ایندھن
نبوّت کے آلاتِ حرب وضرب
محافظینِ نبوّت

نکتہ علمیہ ۳۶۸
اسلحہ ۳۶۸
گھوڑے ۳۷۰
جہاد ۳۷۰
مجاہد ۳۷۰
جہاد کے آداب ۳۷۲
اعتراض (۱)......اقدامی جہاد کی اجازت نہیں؟
اعتراض (۲)......آیت: وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا
اعتراض (۳)......آیت: يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (الاية)
اعتراض (۴)......آیت: وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا (الاية)
اعتراض (۵)......سورۃُ الْعَادِيَاتِ
بحث امر و نہی
اعتراض (۶)......آیت: وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ (الاية)
اعتراض (۷)......آیت: كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ (الاية)
اعتراض (۸)......جہاد حَسَنٌ لِغَيْرِهٖ ہے جب کہ دعوت حَسَنٌ لِعَيْنِهٖ ہے
اعتراض (۹)......حدیث: اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ
اعتراض (۱۰)......حدیث: رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ
اعتراض (۱۱)......حدیث: اِنَّ اَفْضَلَ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ
اعتراض (۱۲)......حدیث: فِيْهِمَا فَجَاهِدْ یعنی خدمت والدین جہاد ہے

اعتراض (۱۳)......حدیث: جِهَادُ كُنَّ حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ یعنی حج عورتوں کا جہاد ہے

اعتراض (۱۴)......حدیث: مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ (الخ)

یعنی ایک سنت پر عمل کرنے کا ثواب سو شہید کے برابر ہے

اعتراض (۱۵)......حدیث: مَنْ اَنْفَقَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (الخ) یعنی اللہ کے راستے

میں ایک روپیہ خرچ کرنے پر سات لاکھ کا اجر

اعتراض (۱۶)......حدیث: وَاللّٰهِ لَاَنْ یَّهْدِیَكَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَّاحِدًا خَیْرٌ مِّنْ حُمُرِ النَّعَمِ.

اے علی (رضی اللہ عنہ) ایک کافر کا کلمہ پڑھنا سو سرخ اونٹوں کے صدقہ

سے بہتر ہے

اعتراض (۱۷)......حدیث: اَلَیْسَ قَدْ صَامَ بَعْدَهٗ رَمَضَانَ وَصَلّٰی سِتَّةَ

اٰلافِ رَكْعَةٍ كَذَا وَكَذَا (الخ) سے

(دو اکٹھے مسلمان ہونے والے صحابہ میں سے ایک سال پہلے

شہید ہونے والے کا جنت میں بعد میں جانا)

اعتراض (۱۸)......حدیث: اَعْمَالُكُمْ عُمَّالُكُمْ

اعتراض (۱۹)......حدیث: وَلَنْ یُّغْلَبَ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا مِّنْ قِلَّةٍ (یعنی بارہ

ہزار کا لشکر تعداد کی کمی کی وجہ سے ہرگز مغلوب نہیں ہوسکتا)

اعتراض (۲۰)...... جہاد کیلئے حکومت کا ہونا شرط ہے

اعتراض (۲۱)...... جہاد کیلئے ایک امیر کا ہونا شرط ہے

اعتراض (۲۲)...... جہاد کیلئے استطاعت شرط ہے

اعتراض (۲۳)...... جہاد میں پہلے کفار کو دعوت دینا شرط ہے

اعتراض (۲۴)...... جہاد میں کامل ایمان کا ہونا شرط ہے

اعتراض (۲۵)...... جہاد کیلئے اعمال صالحہ کا ہونا شرط ہے
اعتراض (۲۶)......خودکش اور فدائی حملے آیت کریمہ: وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُکَةِ کے خلاف ہیں
اعتراض (۲۷)......خودکش اور فدائی حملوں میں بوڑھے مرد، عورتیں اور بچے قتل ہوتے ہیں
اعتراض (۲۸)......خودکش اور فدائی حملوں میں بعض مسلمان بھی بے گناہ ہلاک ہوجاتے ہیں
اعتراض (۲۹)......حضرت پاک ﷺ نے کسی کافر کو کبھی قتل نہیں کیا
خودکش حملہ کی فقہی حیثیت
اعتراض (۳۰)......حضرت پاک ﷺ نے کبھی کسی کافر کو بددعا تک نہیں دی
اعتراض (۳۱)......ہمارا جہاد صحابہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ کے جہاد جیسا نہیں
اعتراض (۳۲)......کفار کو برا کہنا اور گالی دینا آیت: وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (الایة) کے خلاف ہے
اعتراض (۳۳)......علماء کو جہاد میں شریک نہ ہونا چاہئے اس سے علمی نقصان ہوتا ہے
اعتراض (۳۴)......اسلام اخلاق سے پھیلا ہے نہ کہ تلوار سے
اعتراض (۳۵)......دعوت سے مفتوحہ علاقوں میں اسلام باقی ہے جبکہ بزور تلوار مفتوحہ علاقوں سے اسلام ختم ہوگیا
اعتراض (۳۶)......امارت اسلامیہ کا سقوط
اعتراض (۳۷) کشمیر فلسطین وغیرہ میں جہاد نہیں بلکہ اعمالِ بد کی سزا ہے

اعتراض (۳۸)......کشمیر و فلسطین وغیرہ میں جنگ زیرِ زمین اور گوریلا ہے جو کہ مزاجِ نبوت کے خلاف ہے

اعتراض (۳۹)...... جہادِ کشمیر پر ایجنسیوں کا کنٹرول ہے جبکہ وہ جہاد نہیں چاہتیں

اعتراض (۴۰)......کشمیر کی جنگ خالص زمینی جنگ ہے

عظیم خوشخبری

اعتراض (۴۱)......مجاہدین اپنے ملک کو ضرورت کے باوجود چھوڑ کر دوسرے ملک جہاد کیلئے جاتے ہیں

اعتراض (۴۲)......اپنی گولی سے مرنے والا مجاہد شہید کیسے ہوسکتا ہے

اعتراض (۴۳)......مجاہدین جان کے خوف سے بسا اوقات داڑھی منڈا دیتے ہیں

اعتراض (۴۴)......مجاہدین مہمانوں کی آمد پر اسلحہ سے استقبال کر کے فضول خرچی کرتے ہیں

اعتراض (۴۵)......اگر دفاع کرنا واجب ہے تو حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے ہابیل نے کیوں نہ کیا

اعتراض (۴۶)......کئی شہید ایسے دیکھے ہیں جن کے بدن سے خوشبو نہیں آتی

اعتراض (۴۷)......اسلحہ لگا کر مساجد میں آنے سے لوگ خوف زدہ ہوں گے اور نمازی کم ہو جائیں گے

اعتراض (۴۸)......اسلحہ لگا کر چلنے سے لوگوں کے ذہن میں اسلام کا غلط تصور پیش ہوگا

قابلِ رشک نمازی

اعتراض (۴۹)...... جب جہاد کے بغیر اسلام پھیل رہا ہے تو جہاد کی کیا ضرورت ہے
اعتراض (۵۰)...... جہاد انسانوں کے غلام بننے کا ذریعہ ہے جبکہ یہ انسانیت کی تذلیل ہے
اعتراض (۵۱)...... لونڈیوں کو بغیر نکاح کے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے
بحثِ ارتداد
اعتراض (۵۲)...... مرتد کی شرعی سزا قتل آیت: لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ کے منافی ہے
اعتراض (۵۳)...... اگر ہم اسلامی ممالک میں غیر مذاہب کو تبلیغ کی اجازت نہ دیں گے تو کفریہ ممالک میں اسلام کی تبلیغ کی اجازت نہ ملے گی
لمحہ فکریہ
حدیث کی تشریح ذوقِ جہاد سے
جہاد، علماء اور ختم نبوت
اہم نکتہ
سب سے بڑی نیکی
نصبِ خلیفہ کی شرعی حیثیت
خلیفۃ المسلمین کی اہلیت کے لئے شرائط
خلافتِ اسلامیہ نعمتِ الٰہیہ
نظامِ خلافت
پانچ باتیں

☆☆☆

انتساب

راہِ حق میں لڑنے والے ان مجاہدین کے نام جو خرمنِ کفار پر بجلیاں گرا رہے ہیں اور راہِ حق میں لڑتے ہوئے گرفتار ہونے والے ان اسلام کے شیروں کے نام جو دنیا کی کسی بھی جیل میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے منتظر ہیں اور راہِ حق کے غازیوں اور ان مجاہدات کے نام جو صدیوں بعد خنسا و خولہ کی یادیں تازہ کر رہی ہیں اور راہِ حق میں لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کرنے والی شہیدات اور ان شہیدوں کے نام جو اپنا

آج اسلام کے کل پر قربان کر گئے۔

محمد الیاس گھمن

☆☆☆

چند گزارشات

اس کتاب کو تحریر کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ پر ہونے والے اعتراضات کے مثبت اور معقول جوابات دے کر جہاد فی سبیل اللہ کو اصلی اور حقیقی صورت میں امت مسلمہ کے سامنے پیش کر دیا جائے اور کفریہ چالوں کو بے نقاب کر دیا جائے تاکہ ہمارے سادہ لوح مسلمان اور نئی نسل ان اعتراضات اور شبہات کی وجہ سے تردّد میں مبتلا ہو کر کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہو۔

اس کتاب کو تعصّب اور ضد کی عینک اتار کر استفادہ وافادہ کی نیت سے پڑھا جائے گا تو انشاء اللہ یقیناً نفع محسوس ہوگا۔ وگرنہ ہٹ دھرمی کا علاج تو میرے پاس نہیں ہے سوائے دعا کے اور اس میں انشاء اللہ کوتاہی نہ کروں گا۔

اعتذار

اس کتاب سے کسی خاص فرد یا جماعت کا رد کرنا مقصود نہیں بلکہ مجموعی اعتراضات کا رد مقصود ہے مگر پھر بھی اگر میری اس کتاب سے کسی صاحب کے دل یا کسی جماعت کے افراد کو ٹھیس پہنچے تو اگر چہ معذرت کی ضرورت نہیں تاہم میں پھر بھی پیشگی معذرت خواہ ہوں۔

اختصار

میں نے اول تا آخر پوری کوشش کی ہے کہ کسی بھی اعتراض کی عبارت یا جواب کی تفصیل زیادہ طویل نہ ہوتا کہ قارئین اور خصوصاً میرے بھائیوں اور محسنین مجاہدین کا قیمتی وقت ضائع نہ ہو بلکہ اصل بات کو سمجھیں اور چند ایک دلائل سے راہنمائی لیں اور مزید دلائل اس پر خود قائم فرمائیں یا میدان جہاد میں سرگرم عمل علمائے کرام سے رجوع فرمائیں اور اپنے اصل اور عملی کام میں لگ جائیں۔

اس اختصار کے پیش نظر اس کتاب میں جہاد کے فضائل و مسائل اور ترک جہاد پر وعیدیں ذکر نہیں کی گئیں۔ کیونکہ جہاد کے فضائل و مسائل کے موضوع پر بہت سی کتب الحمد للہ موجود ہیں اگر چہ ضمناً بہت سے مقامات پر فضائل یا مسائل بھی آ گئے ہیں مگر وہ کتاب کی تحریر کے مقصد میں شامل نہیں ہیں۔

اعتراف

اسلام کی خاطر جیل میں قیدی ہونے کی وجہ سے مجھے اس کتاب کی تحریر کے وقت

جو کتابیں مطلوب تھیں میسر نہ ہو سکیں اور جیلوں کے حالات ایسے ہیں کہ زیادہ وقت تک انتظار نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ہر وقت یہ خدشہ ہوتا ہے کہ کسی بھی وقت تلاشی کے نام پر سب کچھ ضبط کر لیا جائے گا۔ اس لئے گزارش ہے کہ بوقت تحریر مجھے تفسیر عثمانی، تفسیرات احمدیہ، معارف القرآن، موضح القرآن، کنز العمال، الجامع الصغیر، زاد الطالبین، مشکوٰۃ شریف، مختصر القدوری، اصول الشاشی اور منشور القرآن کے علاوہ کوئی اور کتاب نہ مل سکی البتہ قرآن شریف سے جگہ جگہ راہنمائی لیتا رہا اور میں نے اپنے اکابرین میں سے جن کی کتب اور رسائل سے استفادہ کیا اگرچہ ان میں سے بعض کی مقدار چند سطریں ہی کیوں نہ ہوں سب کے نام تحریر کر رہا ہوں

☆ حضرت اقدس مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب دامت برکاتہم
☆ استاذ محترم مفتی عبدالرحیم صاحب دامت برکاتہم
☆ استاذ محترم مولانا محمد اسلم شیخوپوری صاحب دامت برکاتہم
☆ استاذ محترم مولانا زاہد الراشدی صاحب دامت برکاتہم
☆ مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
☆ مفتی محمد معصوم افغانی صاحب دامت برکاتہم
☆ مفتی محمد ابراہیم صادق آبادی صاحب دامت برکاتہم
☆ مفتی ابوالریحان کاشمیری صاحب دامت برکاتہم
☆ مولانا فضل محمد یوسف زئی صاحب دامت برکاتہم
☆ صوفی محمد اقبال رحمہ اللہ تعالیٰ مدینہ منورہ، سعودی عرب
☆ شیخ التفسیر والحدیث مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ
☆ شیخ التفسیر والحدیث مولانا عبدالکریم قریشی رحمۃ اللہ علیہ

اس کے علاوہ میں نے اپنے قدیم اور پرانے (خصوصاً طالب علمی کے زمانہ کے) مطالعہ کے دوران جو کچھ میرے ذہن میں محفوظ تھا اس پر اعتماد کیا ہے۔

وللہ الحمد والشکر

التماس

اس لئے میری گزارش ہے کہ اس کتاب سے جو بھی اچھی اور مفید بات معلوم ہو اس کو میرے اکابر کی طرف منسوب کیا جائے اور جو بات بے کار و بے معنی یا غلط معلوم ہو اس کی نسبت میری ذات کی طرف کی جائے اور اس کتاب سے جس شخص کو معمولی سا بھی نفع ہو وہ حضرات اکابر کیلئے اور میرے لئے دعائے خیر کرے اور جس شخص کو معمولی سا بھی کسی بات سے صدمہ ہو وہ مجھے ہی مورد الزام ٹھہرائے مگر میری معذرت کی بنا پر مجھے قابل عفو جانتے ہوئے درگزر کرے تو بندہ اس کا ممنون ہوگا۔

انتظار

لہٰذا کوئی بھی صاحب میری اس کتاب میں کوئی غلطی دیکھیں تو مجھے ضرور مطلع فرمائیں بندہ صرف اپنی غلطی کا اعتراف ہی نہیں کرے گا بلکہ اپنی غلطی پر ندامت اور توبہ کے اظہار کے ساتھ آئندہ کے ایڈیشن میں انشاء اللہ موصوف کے نام کے ساتھ اصل اور صحیح مسئلہ درج بھی کرے گا انشاء اللہ۔ مگر اس سلسلہ میں عرض ہے کہ بات دلیل کے ساتھ ہو اور ایسے صاحب اصلاح و صاحب خیر کیلئے بندہ انشاء اللہ شکریہ ادا کرنے کے ساتھ ساتھ تا زیست دعائے خیر بھی کرے گا۔

اظہارِ تشکّر

میں سب سے پہلے تو اپنے مالک حقیقی اللہ کریم کا شکر ادا کرتا ہوں کہ جس نے محض اپنے فضل و کرم سے مجھے جہاد فی سبیل اللہ کے موضوع پر قلمی میدان میں کچھ تحریر کرنے کی توفیق عطاء فرمائی۔

وَمَا تَوْفِيْقِىْ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور اس کے بعد حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ" "جو انسانوں کا شکر ادا نہیں کرتا وہ حق تعالیٰ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا (ترمذی) کے تحت اپنے ان تمام دوستوں اور خیر خواہوں کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے میرے ساتھ اس کتاب کے بارے میں تعاون کیا یا میری جیل کی زندگی میں مجھے ہر طرح سے سہولت پہنچانے کی معمولی سی بھی کوشش کی۔

جَزَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَحْسَنَ الْجَزَاءِ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

"دعا"

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو قبولیت خاصّہ و عامّہ عطا فرمائے، دینی نفع کا ذریعہ بنائے اور میرے لئے، والدین مرحومین، میرے بھائیوں، بچوں، اہل خانہ، مشائخ عظام، اساتذہ کرام اور میرے تمام دوست احباب کیلئے ذخیرہ آخرت بنائے۔

آمین

يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

مقدمہ

شریعت نے انسانیت کی فلاح اور کامیابی کیلئے زندگی کے ہر شعبے سے متعلق احکامات دیئے ہیں اور وہ احکام بھی اس قدر واضح اور شفاف ہیں کہ اس میں مزید کسی وضاحت اور توضیح وتفسیر کی ضرورت نہیں یہ الگ بات ہے کہ بسا اوقات بعض کم علموں کو پرانے احکامات نئے حالات کے مطابق نظر نہیں آتے تو وہ بجائے اپنی کم علمی اور کم فہمی اور بد عقلی کا اعتراف کرنے کے شریعت مطہرہ پر اعتراضات کرتے ہیں ایک ایک بالشت زبان نکال کر بے چارے ہلکان ہو رہے ہوتے ہیں۔

تو ہر دور کے علماء کرام نقل وعقل سے ان اعتراضات کی بیخ کنی فرماتے ہوئے اس خدمت کو بھی بصد حسن وخوبی سرانجام دیتے ہوئے نظر آتے ہیں اور اپنے وسیع وعمیق

علم کی نظر میں خوب سے خوب تر راہنمائی فرماتے ہیں اور اپنے ذمہ واجب الاداء فریضے کو ادا فرماتے ہیں صحیح معنوں میں **اَلْعُلَمَآءُ وَرَثَۃُ الْاَنْبِیَآءِ** کے مصداق ٹھہرتے ہیں۔ **فَجزَا ھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ الْجزَ آءِ**

شریعت مطہرہ نے ہر عبادت کا الگ نام اور الگ حکم مقرر فرمایا ہے عبادات کیا معاملات تک کے الگ الگ نام رکھے ہیں اور ان میں کسی بھی قسم کا اجمال اور ابہام نہیں رکھا بلکہ ہر عبادت کو الگ نام دے کر دوسری عبادت سے اور ہر معاملہ کو الگ نام دے کر دوسرے معاملہ سے الگ کر دیا اور خلط ملط کے دروازے بند کرتے ہوئے امۃ **مُحَمَّدِیَّۃِ عَلیٰ صَاحِبِھَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ** پر بہت بڑا احسان کر دیا۔

لٰہذا یہ ضروری ہے کہ جس عبادت کو حق تعالیٰ شانہُ نے جو نام دیا ہے وہ نام اسی عبادت کیلئے استعمال ہو۔ آیئے اب چند عبادات کو اسی اصول کے پیش نظر دیکھتے ہیں۔

مگر اس گفتگو کو شروع کرنے سے پہلے گزارش ہے کہ آپ ضد، تعصّب، تعنُّت اور تشدّد کی عینک اتار کر میرے مؤقف کو پڑھیں اور ایک ایک لفظ پر توجہ دیں گے تو انشاء اللہ میری بات کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور میرا مقصد بھی صرف یہ ہے کہ ہمارے سادہ لوح مسلمان بھائی نام نہاد مفکرینِ اسلام کے بے تکے اور بے جا پروپیگنڈہ سے متاثر ہو کر حقائق سے دور نہ نکل جائیں۔

یہ حضرت انسان کی کس قدر خوش بختی اور سعادت مندی ہے کہ شریعت مطہرہ نے قرآن وسنت میں تمام عبادات کے نام، مسائل، احکام، فضائل ومناقب اور ترک عمل کی صورت میں تحذیرات وتھدیدات اور وعیدوں کو بھی بڑی وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ مثلاً

صلٰوۃ:

صلٰوۃ یعنی نماز ایک ایسی عبادت کا نام ہے جس کیلئے بدن، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا، قبلہ رو ہونا شرط ہے اور جس میں تکبیر تحریمہ، قیام، رکوع، سجود اور تشہد بھی ہے اور قرآن وسنت میں جو فضائل نماز کیلئے آئے ہیں وہ بھی اسی نماز کیلئے ہیں جس کے اندر یہ ساری چیزیں پائی جائیں۔

صَوْم:

یعنی روزہ ایک ایسی عبادت کا نام ہے جس میں صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک روزے کی نیت کے ساتھ کھانے پینے اور بیوی سے ہمبستر ہونے سے رکنا ہے اور روزے پر جو فضائل بیان ہوئے ہیں وہ بھی سب اسی روزے کیلئے ہیں۔

حَجّ:

ایک ایسی عبادت کا نام ہے جس میں احرام، تلبیہ، طوافِ کعبہ، وقوفِ عرفہ، وقوف مزدلفہ، رمیِ جمار، حلق وقصر اور سَعْی بَیْنَ الصَّفَاءِ وَالْمَرْوَہ ہے اسی پر حج کے فضائل وارد ہوئے ہیں۔

جہاد فی سبیل اللہ:

ایک ایسی عبادت ہے جس میں بدن کی ورزش، تیر، تلوار، نیزہ، زرہیں، خود، گھوڑے اور موجودہ زمانے کے اعتبار سے جس میں گن، پسٹل، گرنیڈ، ٹینک، توپیں، جنگی جہاز اور بارود وغیرہ سب کچھ شامل ہے۔ جس میں مسلمان کافروں کو قتل کرتے ہیں تو غازی کہلاتے ہیں، کافروں کے ہاتھوں قتل ہوتے ہیں تو شہید کہلاتے ہیں، کافروں

کے مال کو چھینتے ہیں تو بطور غنیمت کے پاکیزہ رزق سمجھ کر کھاتے ہیں اور نعمتِ خداوندی سمجھ کر استعمال کرتے ہیں، مردوں کو زندہ پکڑتے ہیں تو غلام بناتے ہیں اور عورتوں کو زندہ پکڑتے ہیں تو باندیاں بنا کر بغیر نکاح ان سے لذت جماع حاصل کرتے ہیں اور یہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے انعامات ہیں۔

اسی طرح شریعت مطہّرہ نے ان عبادات میں (جو کہ دین اسلام کی روح ہیں اور ان کے بغیر مذہب کا تصوّر بھی بے حقیقت اور بے معنی سی چیز بن جاتی ہے) بعض عبادات کو بعض دوسری عبادات پر فضیلت دی ہے اگرچہ فی نفسِہ ہر عبادت کو اپنے اپنے مقام اور محل، اپنے اپنے وقت اور موقع پر ادا کرنا ہی اصل فضیلت کی چیز اور حصولِ کمال کا ذریعہ ہے۔

مگر یہ بات تو بڑی بدیہی اور واضح ہے کہ کسی بھی عبادت کے اجر وثواب میں کمی بیشی کا عمومی معیار تو اس عبادت میں مشقت اور عدم مشقت ہی ہے۔ یعنی جس قدر کسی عبادت میں مشقت اور تکلیف زیادہ ہوگی اسی کے بقدر اس کا اجر وثواب بھی بڑھتا چلا جائے گا اور دنیا میں سب سے قیمتی چیز مادیات میں نفسِ انسانی یعنی حضرت انسان کی جان اور پھر اس کے بعد مال ہے، جس سے یہ بات بخوبی معلوم ہوسکتی ہے کہ جس عمل میں جان ومال کی قربانی ہوگی وہ عمل بھی باقی تمام اعمال سے فضیلت میں بڑھ کر ہوگا اور اس کا مقام اور مرتبہ بھی دوسرے اعمالِ شریعت سے کہیں زیادہ ہوگا۔

اب آیئے دیکھیں کہ وہ کونسا عمل ہے جس میں نفسِ انسانی اور مال خرچ ہوتا ہے؟ تو ہمیں یہ عمل جہاد ہی نظر آتا ہے جس میں کہیں تو جان کی ضرورت زیادہ اور کہیں مال کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے یعنی موقع کے مناسب یا یوں کہہ لیں کہ انسانی طبیعتوں کے موافق کسی کے نزدیک جان مال سے قیمتی اور کسی کے ہاں مال جان سے زیادہ قیمتی

ہے کوئی تو جان لٹا تا ہے مال کی خاطر اور کوئی مال لٹا تا ہے جان کی خاطر۔ اسی بنا پر قرآن کریم نے بھی جہاد فی سبیل اللہ کو بیان فرماتے ہوئے کہیں تو جان کو مقدّم فرمایا اور کہیں مال کو مقدّم فرمایا ہے۔ جہاد فی سبیل اللہ میں چونکہ قیمتی ترین دونوں چیزیں یعنی جان و مال خرچ ہوتی ہیں تو شریعت مطہرہ نے اس مبارک عمل کو ’’ذُرْوَۃُ سَنَامِ الدِّیْنِ‘‘ یعنی دین اسلام کی کوہان قرار دیا۔ یعنی جس طرح اونٹ کے پورے جسم میں کوہان کو باقی تمام اعضاء پر فوقیت ہوتی ہے بلندی میں اسی طرح جہاد کو شریعت کے تمام اعمال میں بلند مقام و مرتبہ حاصل ہے۔

اور جہاد فی سبیل اللہ میں ایک دن یا ایک رات بلکہ ایک صبح یا ایک شام کو دنیا و مافیہا سے بہتر فرمایا ’’لَغَدْوَۃٌ اَوْرَوْحَۃٌ فِیْ سَبِیْلِ اللہِ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَافِیْھَا ‘‘ ایک دن، رات کے پہرے کو مہینہ کے دن کے روزوں اور رات کے قیام سے افضل قرار دیا۔ رِبَاطُ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ خَیْرٌ مِّنْ صِیَامِ شَھْرٍ وَّ قِیَامِہٖ۔ اس مبارک عمل میں جاگنے والی آنکھ کو اللہ کے خوف سے رونے والی آنکھ کے مساوی قرار دے کر اس پر جہنم کے حرام ہونے کا پروانہ جاری کیا گیا۔ ’’عَیْنَانِ لَا تَمَسُّھُمَا النَّارُ عَیْنٌ بَکَتْ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَعَیْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ‘‘ اس مبارک عمل میں چلنے والے ایک تیر پر تین تین آدمیوں کیلئے جنت کی بشارت سنائی گی ہے۔ ’’اِنَّ اللّٰہَ یُدْخِلُ بِالسَّھْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَۃَ نَفَرٍ فِی الْجَنَّۃِ‘‘ تیر کو خیر کی نیت سے بنانے والا اور تیر کو چلانے والا اور تیر کو درست کرنے والا ’’صَانِعَہٗ یَحْتَسِبُ فِیْ صَنْعَتِہٖ الْخَیْرَ وَالرَّامِیَ بِہٖ وَمُنَبِّلَہٗ ‘‘ اس مبارک عمل میں حرکت کرنے والی تلواروں کے سایہ میں سجی ہوئی جنت دکھائی گی وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ الْجَنَّۃَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّیُوْفِ.

اس مبارک عمل میں ایک منٹ شرکت کرنے والے کو جنت الاٹ کر دی جاتی ہے۔ ’’مَنْ قَاتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَوَاقَ نَاقَةٍ وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ‘‘ میدانِ جنگ کے قیام کو گھر کی ساٹھ سالہ بے ریا عبادت سے افضل قرار دیا گیا۔ ’’وَلَمَقَامُ اَحَدِکُمْ فِیْ الصَّفِّ خَیْرٌ مِّنْ صَلٰوةِ سِتِّیْنَ سَنَةً‘‘ اس مبارک عمل میں بہنے والے خون سے روز قیامت مشک کی خوشبو کی نوید سنائی گئی۔ ’’مَا مِنْ اَحَدٍ یُّکْلَمُ اِلَّا جَآءَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ کَهَیْئَتِهٖ لَوْنُهٗ لَوْنُ الدَّمِ وَرِیْحُهٗ رِیْحُ الْمِسْکِ‘‘ اس مبارک عمل میں چلنے والی تلوار جہاں دنیا کو کفر سے صاف کرتی ہے وہاں تلوار چلانے والے کو بھی تمام گناہوں سے پاک وصاف کر دیتی ہے۔ ’’اَلسَّیْفُ مَحَّآءٌ لِلذُّنُوْبِ‘‘ صرف گناہوں سے پاک ہی نہیں کرتی بلکہ قاتل مسلمان اور مقتول کافر کو الگ کر دیتی ہے اور ایسا الگ کرتی ہے کہ یہ دونوں آخرت میں بھی کبھی جمع نہ ہوں گے۔ کافر تو قتل ہو کر جہنم میں جلے گا اور مسلمان قتل کر کے جنت کا مستحق ٹھہرے گا۔ ’’لَا یَجْتَمِعُ الْکَافِرُ وَقَاتِلُهٗ فِیْ النَّارِ اَبَدًا‘‘

بلکہ اگر مسلمان خود کافر کے ہاتھ سے قتل ہو جائے تو سبحان اللہ پھر بھی کامیابی اور کیسی کامیابی کہ خون کا پہلا قطرہ گرنے سے تمام گناہوں کی معافی کا اعلان۔ ’’یُغْفَرُ لَهٗ فِیْ اَوَّلِ دَفْعَةٍ مِّن دَمِهٖ‘‘ روح نکلنے سے پہلے جنت کے محل کی زیارت۔ ’’وَیُرٰی مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ‘‘ قبر کے عذاب سے نجات۔ ’’وَیُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ‘‘ حشر کی ہولناکیوں سے برأت۔ ’’وَیَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ‘‘ خوبصورت ایمان کا لباس۔ ’’وَیُحَلّٰی حُلَّةَ الْاِیْمَانُ‘‘ حُورِعِینا یعنی گوری گوری اور موٹی آنکھوں والی حور سے شادی۔ ’’وَیُزَوَّجُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ‘‘ خود تو جنت میں جائے گا ہی وہ تو اس کا مقدر ہے، اپنے رشتہ داروں میں سے ایسے ۷۰ فاسق فاجر گناہ گاروں کیلئے جنت کی

سفارش اور شفاعت کر سکے گا جن پر جہنم واجب ہو چکی ہو گی اور شفاعت بھی قبول۔

’’وَيَشْفَعُ فِيْ سَبْعِيْنَ اِنْسَاناً مِّنْ اَقَارِبِهٖ‘‘

خلاصہ کلام:

سنئے۔ امام ابن تیمیہ علیہ الرّحمہ کے قلم سے ’’جِهَادُ الْكُفَّارِ مِنْ اَعْظَمِ الْاَعْمَالِ بَلْ هُوَ اَفْضَلُ مَا تَطَوَّعَ بِهٖ الْاِنْسَان‘‘ کفار سے جہاد کرنا عظیم ترین اعمال میں سے ہے بلکہ فرائض کے ماسوا انسان جو اعمال کرتا ہے ان میں یہ سب سے افضل ہے۔ (مجموعہ فتاویٰ شیخ الاسلام احمد ابن تیمیہ ۱۱/۱۹۷)

ان فضائل کے علاوہ اس مبارک عمل کو ایمان اور نفاق کا معیار قرار دیا۔ ’’وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا (الآية)‘‘ اور ایسے شخص کو موت سے قبل دردناک مصیبت کی وعید سنائی گئی ہے جو نہ تو یہ مبارک عمل کرے اور نہ ہی اس عمل میں شریک غازیِ اسلام کے گھر کا خیال رکھے اور نہ ہی غازیِ اسلام کی معاونت کرے۔ ’’مَنْ لَّمْ يَغْزُ اَوْ يُجَهِّزْ غَازِياً اَوْ يَخْلُفْ غَازِياً فِيْ اَهْلِهٖ بِخَيْرٍ اَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ‘‘

جو شخص اس مبارک عمل میں نہ شریک ہوا اور شرکت کا ارادہ کئے بغیر ہی مر جائے اس کی موت کو منافقت کی موت قرار دیا گیا۔

’’مَنْ مَّاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهُ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ‘‘

اور جو شخص جہاد کے زخم یا جہاد کے کسی عمل میں شرکت کئے بغیر دنیائے فانی سے رخصت ہو گیا اس کے بارے میں اعلان کیا گیا کہ روز محشر دربار عالی میں یوں حاضر ہو گا کہ اس کے بدن پر ایک عیب ہو گا یا اس کے دین میں نقص ہو گا۔

’’مَنْ لَّقِيَ اللّٰهَ بِغَيْرِ اَثَرٍ مِنْ جِهَادٍ لَّقِيَ اللّٰهَ وَفِيْهِ ثُلْمَةٌ‘‘

آمدم برسرِ مطلب:

اس مختصر سی تحریر سے میرا مقصد جہاد فی سبیل اللہ کے مناقب وفضائل کو بیان کرنا نہیں بلکہ ان چند ایک فضائل اور وعیدوں سے صرف اس طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ یہ عمل شریعت مطہرہ کی نظر میں کس قدر عظیم ہے لہٰذا اس مبارک عمل میں شریک خوش قسمت انسانوں بلکہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے سپوتوں پر جس قدر رشک کیا جائے کم ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہم کو بھی اس سے وافر حصہ عطا فرمائے۔

آمین۔ یَا رَّبَّ الْعَالَمِیْن

جہاد اور لغتِ عرب

یہ تو تھی اس مبارک عمل ''جہاد فی سبیل اللہ'' کی حقیقت، مگر لفظ جہاد چونکہ عربی لفظ ہے اور لغتِ عرب میں اس کا معنی کوشش کرنا، خوب جدوجہد کرنا ہے اور میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ قرآن کریم نے بھی بعض مقامات پر اس لغوی معنی میں استعمال فرمایا ہے بلکہ شریعت مطہرہ نے بسا اوقات جہاد فی سبیل اللہ کی اہمیت وعظمت کے پیش نظر ترغیب دینے کیلئے بعض دوسری عبادات پر مجازاً لفظِ جہاد کا اطلاق کیا تو اس سے کم علم بلکہ (معذرت کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ) بعض اصحابِ علم واصحابِ قلم حضرات کو بھی اس سے اشتباہ پیدا ہو گیا اور انہوں نے دین کے ہر ایسے کام کو جس میں معمولی سی مشقت، کوشش اور جدّ وجہد نظر آئی اسے جہاد قرار دے دیا۔ حالانکہ یہ سراسر

ناانصافی اور زیادتی ہے کیونکہ جب شریعتِ مطہرہ نے ہر عمل اور ہر عبادت کے لئے اسکے مناسب الگ نام تجویز فرما دیئے تو ہم کو کیا ضرورت پیش آئی کہ ہم خواہ مخواہ اعمال وعبادات کے نام اور احکام کو آپس میں خلط ملط کریں۔

دیکھئے! اگر کوئی مزدور جون کی گرمی یا اگست کی حبس میں لوہے کی فیکٹری یا اینٹوں کے بھٹہ پر کام کرتا ہے یا کوئی کسان سخت گرمی کے موسم میں گندم وغیرہ کی کٹائی کرتا ہے اور پیاس کی شدت کو برداشت کرتا ہے اور بھوک کی سختیاں جھیلتا ہے مگر اس کے باوجود نماز تو کیا رمضان کے روزہ کو بھی قضا تک کرنا گوارہ نہیں کرتا۔

یا کوئی تاجر بے ایمانی اور سود خوری کے سمندر میں خود کو بچا رہا ہے اور بازار کی غلاظت وگندگی میں نظروں کی حفاظت کر رہا ہے اور سخت مشغولیت ومصروفیت کے وقت ظہر یا عصر کی اذان سنتے ہی دکان بند کر کے اللہ تعالیٰ کے دربار (مسجد) میں حاضری دے رہا ہے۔

یا کوئی شخص سردی یا سخت گرمی کے موسم میں کاندھے پر بستر اٹھائے اپنے خرچ پر گھر سے بے گھر سفر میں، دل میں اللہ کے دین کی فکر اور زبان پر اللہ کا ذکر لئے ہوئے گناہگار انسانیت کا تعلق مخلوق سے کاٹ کر خالق سے جوڑنے کے لئے سرگرمِ عمل ہے اور لوگوں کی کڑوی کسیلی باتیں اور کہیں سخت تذلیل تک برداشت کرتے ہوئے اپنے کام کو جاری رکھے ہوئے ہے اور حالات کے مد مقابل اللہ تعالیٰ کی نصرت کی امید کرتے ہوئے گھر گھر دین کی دعوت کو لئے جا رہا ہے۔

یا کوئی مسلمان بہن یورپ کے غلیظ، ننگے اور بدبودار ماحول میں حالات سے ٹکراتی ہوئی پردہ کر رہی ہے اور اپنی عزت کے تحفظ کے لئے دنیا بھر کی ناراضگی برداشت کر رہی ہے اور گناہ کی آلودگی سے خود کو بچا رہی ہے اور قدم قدم پر آنے والی رکاوٹوں

کو عبور کرتے ہوئے ایک اللہ کی رضامندی کی خاطر دنیا بھر کی ناراضگی مول لے رہی ہے۔ تو بے شک یہ کارنامے قابل صد تحسین ہیں قابلِ رشک اور قابلِ قدر بلکہ قابلِ تقلید ہیں یہ بہت بڑی قربانی ہے، بہت بڑا مجاہدہ ہے، بڑی ہمت کا کام ہے اور ان کے اخلاص اور اس دوہری مشقت اور تکلیف کی وجہ سے ان کا اجر وثواب یقیناً عام نمازی سے زیادہ عام روزے دار سے بڑھ کر اور عام تاجر سے بہت آگے اور عام عورتوں کے پردوں سے کہیں بڑھ کر ہوگا۔

یہ تاجر اس عمل کی وجہ سے قیامت کے دن انبیاء کے ساتھ ہوگا بلکہ ممکن ہے کہ ان کا اجر وثواب بسا اوقات مشقت وتکلیف اور اخلاص وللّٰہیت کی بناء پر مجاہد اور غازی سے بھی آگے نکل جائے۔

مگر ان سب کے باوجود اس مزدور اور کسان کی عبادت، روزے اور تاجر کی نماز اور اس داعی کی دعوت وتبلیغ یا عورت کی پاکدامنی و پردہ کو ہم جہاد کا نام دے دیں یہ ناممکن ہے۔ ان سب حالات کے باوجود پردہ پردہ ہی رہے گا روزہ روزہ اور نماز نماز اور دعوت دعوت ہی رہے گی۔

ان حضرات کے ان مبارک اعمال کو جہاد فی سبیل اللہ کا نام دینا یہ شریعت کے ساتھ زیادتی اور ناانصافی ہے اور تحریف فی الدین ہوگی جو کہ ایک مسلمان کیلئے ناقابل برداشت ہے بلکہ ہم جہاد فی سبیل اللہ کا نام صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے راستے میں کافروں کو قتل کرنے اور خود قتل ہونے کو دیں گے یا ایسے انفاقِ مال اور دعوت کو جو کہ اس قتال فی سبیل اللہ کے لئے معاون ثابت ہو۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمہ اللہ کا مکتوب

یہ میرا ذاتی خیال نہیں ہے بلکہ ہمارے اکابر کا مسلک اور شریعتِ حقّہ کا فیصلہ ہے اور مزید اس کی وضاحت کے لئے حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک مکتوب کو پیش کرتا ہوں۔ جس کا پس منظر مختصر سا ذہن میں رکھ لیں۔ مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کے ایک مدرّس ابوالاعلیٰ مودودی سے متاثر ہوکر جماعت اسلامی میں شامل ہوگئے تھے حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی اصلاح کیلئے ایک مکتوب گرامی تحریر فرمایا جس میں ابوالاعلیٰ مودودی کے نظریات و افکار کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا یہ مکتوب اگرچہ بہت طویل ہے مگر مودودی کے نظریات کو سمجھنے کیلئے بہت مفید ہے۔ جو حضرات مکمل مکتوب دیکھنا چاہتے ہیں وہ صوفی محمد اقبال ہوشیارپوری خلیفہ خاص حضرت شیخ الحدیث رحمہما اللہ تعالیٰ کی کتاب ’’مودودی اور ان کی تحریرات کے متعلق چند مضامین‘‘ پڑھیں بلکہ میرا مشورہ یہ ہے کہ اس کو ضرور پڑھا جائے۔

اس میں حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ مودودی کے نظریہ عبادت کے متعلق تحریر فرمانے کے بعد اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں

’’آپ خود خیال فرمائیں کہ عبادات کے مفہوم کی اہمیت کو ماننے کے باوجود جب وہ عبادات کو غیر عبادات کے ساتھ خلط ملط کردیں گے تو عبادت کا مفہوم اور اس کی اہمیت جماعت میں کیسے باقی رہ سکتی ہے میری نگاہ میں یہ چیز بہت اہم ہے جب لوگوں کی نگاہ سے عبادات کا تمیّز اور تشخّص جاتا رہے گا تو عبادات کی اہمیت قطعاً جاتی رہے گی‘‘۔

اب اس کو ملاحظہ فرمائیں کہ وہ (یعنی مودودی) عبادات کی نئی تفسیر کیا کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں ’’غلط کہتا ہے جو کہتا ہے کہ عبادت صرف تسبیح ومصلّٰی ومسجد اور خانقاہ

تک محدود ہے۔ مومن صالح صرف اسی وقت اللہ کا عبادت گزار نہیں ہوتا جب وہ دن میں پانچ وقت نماز پڑھتا ہے اور بارہ مہینوں میں ایک مہینہ کے روزے رکھتا ہے اور سال میں ایک وقت زکوٰۃ دیتا ہے اور عمر بھر میں ایک بار حج کرتا ہے بلکہ درحقیقت اس کی ساری زندگی عبادت ہی عبادت ہے جب وہ کاروبار میں حرام کے فائدوں کو چھوڑ کر حلال کی روزی پر قناعت کرتا ہے تو کیا وہ عبادت نہیں کرتا؟ جب وہ معاملات میں ظلم اور جھوٹ اور فریب اور دغا سے پرہیز کر کے انصاف اور راست بازی سے کام لیتا ہے تو کیا یہ عبادت نہیں ہے۔

بس حق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قانون کی پیروی اور اس کی شریعت کی اتباع میں انسان دین اور دنیا کا جو کام بھی کرتا ہے وہ سراسر عبادت ہے حتیٰ کہ بازاروں میں خرید وفروخت اور اپنے اہل وعیال میں اسکی معاشرت اور اپنے خالص دنیوی اشغال میں اسکا انہماک بھی عبادت ہے۔ (تفہیمات ص ۵۵)

اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث علیہ الرحمۃ کی رائے گرامی ملاحظہ فرمائیں

’’ظاہری نظر میں یہ مضمون بہترین اور دین کی اہمیت پیدا کرنے والا ہے لیکن آپ نے غور فرمایا کہ اس طرح عبادات کو غیر عبادات کے ساتھ خلط کر دیا گیا حدیث کا ادنیٰ سے ادنیٰ طالب علم بھی یہ فرق ضرور سمجھتا ہے کہ عبادات ومعاملات دو چیزیں علیحدہ علیحدہ ہیں کتبِ حدیث وفقہ میں اوّل سے آخر تک ساری کی ساری اس فرق سے لبریز ہیں کہ عبادات ومعاملات دو علیحدہ چیزیں ہیں اگر حدود اللہ کی رعایت ہو اور اللہ کی رضا اس میں ملحوظ ہو تو اس کی وجہ سے ان پر عبادات کی طرح ثواب مل جانا امرِ آخر ہے اور ضرور ملتا ہے اور اس اجر وثواب کی وجہ سے نصوص میں ان پر کہیں کہیں عبادات کا مجازاً اطلاق بھی کر دیا گیا ہے لیکن کیا

اس وجہ سے کہ ان پر بھی اجر مل جاتا ہے وہ عبادات کے مفہوم میں داخل ہو جائیں گے یہ ایسا ہے جیسا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ جَھَّزَ غَازِیاً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِیاً فِیْ اَھْلِہٖ فَقَدْ غَزَا (مشکوۃ)

(یعنی جس شخص نے جہاد کرنے والے کا سامان درست کیا پس وہ بھی جہاد کرنے والا ہے اور جو شخص مجاہد کے اہل وعیال کی خیر وخبر رکھے اور ان کا خدمت گزار بنا رہے پس اس نے بھی تحقیق جہاد کیا۔)

کیا کوئی حدیث پر ادنی نظر رکھنے والا بھی اس حدیث سے یہ سمجھے گا کہ کسی مجاہد کی مدد کرنا یا اس کے اہل وعیال کی خبر لینا حقیقی جہاد ہے ''۔

اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے ''**اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ**(الایۃ).

اس آیت شریفہ میں ظاہر ہے کہ بیع وشرا سے حقیقت شرا مراد نہیں ہے بلکہ معنی مجازی مراد ہیں جیسا کہ امام سرخسی رحمۃ اللہ علیہ نے مبسوط صفحہ ۲۴۸، جلد ۲ میں اسکی تصریح کی ہے۔ اسی طرح مجازاً ہر فعلِ ثواب پر عبادت کا اطلاق اس کی حقیقتِ شرعیہ کو نہیں بدل سکتا ۔

(مودودی صاحب اور ان کی تحریرات کے متعلق چند اہم مضامین صفحہ ۲۱۳، ۲۱۵)

قارئین آپ بنظر غور حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کو بار بار پڑھیں گے تو انشاء اللہ اس فقیر کا مؤقف سمجھنے میں ذرا دیر نہ لگے گی۔ میری گزارش ہے کہ میرے موقف کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت کے خط کشیدہ الفاظ کو بار بار پڑھیں۔

میں نے بھی یہ عرض کیا ہے کہ کسی دینی کام میں مشقت کی بنیاد پر جہاد کا اجر مل جانا

یا اس پر شریعت کا مجازاً جہاد کا اطلاق کر دینا اور ان اعمال کو حقیقی جہاد کے تحت شمار کرنا دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔

اے اللہ ہم سب کو عقل سلیم اور فہم صحیح عطا فرما۔ آمین

دو طبقے

پہلا طبقہ:

یوں تو جہاد فی سبیل اللہ کے مفہوم میں توسیع پیدا کرنے والے دو طبقے ہیں ایک طبقے کے افراد تو شہوت کے بھوکے، خواہشِ نفس کے غلام، بزدلی کے آخری درجہ پر فائز اور سستی وکاہلی کے مینار، جو خود بھی جہاد کے نام سے ڈرتے ہیں، دوسروں کو بھی ڈراتے ہیں اور قتال کا نام سن کر یوں دوڑتے ہیں جیسے شیطان اذان کی آواز سے ریح خارج کرتا ہوا دوڑتا ہے۔

یہ لوگ اسلام اور مسلمانوں کے بدترین دشمن قرآن وحدیث میں تحریف کرنے والے ملحدین اور منافقین کا وہ ٹولہ ہے جو اسلام کو مٹانے کیلئے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کی صفوں میں گھسا ہوا ہے ان کا بس چلے تو قرآن وسنت سے جہاد کی آیات کو کھرچ کھرچ کر صاف کر دیں مگر شکر صد شکر کہ قرآن وسنت کے الفاظ اور اس کی تشریح کی حفاظت کا وعدہ تو اللہ رب العزت خود لے چکے ہیں۔

مگر اس سب کچھ کے باوجود ان کی بھی یہ خواہش ہے کہ ان کو اسلام کا ہیرو، اسلام کے مفکّر اور مدبّر کے نام سے پکارا جائے اور ان کی مساعیِ خبیثہ کو مسلمانوں کیلئے روشنی کا مینار قرار دیا جائے اور جو جوتوں کے لائق ہیں ان کو امت کا راہنما تسلیم کرلیا

جائے اور ان کی تخریبی شرارتوں کو تجدیدی کارناموں سے یاد کیا جائے، بلکہ ان کو اپنا قائد تسلیم کر کے ان کے گلے میں ہار ڈال کر فاتحین اسلام کی طرح ان کا ہر جگہ استقبال کیا جائے مگر ۔

این خیال است ومحال است وجنوں

ان کے بارے میں ہی کہا جاسکتا ہے۔ ''لَا تَحُسَبَنَّ الَّذِیُنَ یَفُرَحُوُنَ بِمَا اَتَوُ وَیُحِبُّوُنَ اَنُ یُّحُمَدُوُا بِمَالَمُ یَفُعَلُوُا فَلَا تَحُسَبَنَّهُمُ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الُعَذَابِ وَلَهُمُ عَذَابٌ اَلِیُمٌ'' O(آل عمران ، آیت ١١٨)

ترجمہ:

تو نہ سمجھ کہ جو لوگ خوش ہوتے ہیں اپنے کئے پر اور تعریف چاہتے ہیں بن کئے پر۔ سو مت سمجھو ان کو کہ چھوٹ گئے عذاب سے اور ان کے لئے عذاب ہے دردناک۔

اس آیت کی تفسیر میں شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہود مسئلے غلط بتاتے، رشوتیں کھاتے اور پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کی صفات و بشارات جان بوجھ کر چھپاتے تھے پھر خوش ہوتے کہ ہماری چالاکیوں کو کوئی پکڑ نہیں سکتا اور امید رکھتے کہ ہماری تعریف کریں کہ بڑے عالم اور دیندار حق پرست ہیں۔

دوسری طرف منافقین کا حال بھی ان کے مشابہہ تھا جب جہاد کا موقع آتا گھر میں چھپ کر بیٹھ رہتے اور اپنی اس حرکت پر خوش ہوتے کہ دیکھو کیسے جان بچائی۔ جب حضور ﷺ جہاد سے واپس تشریف لاتے تو غیر حاضری کے جھوٹے عذر پیش کر کے چاہتے کہ آپ سے اپنی تعریف کرائیں۔

ان سب کو بتلا دیا گیا کہ یہ باتیں دنیا و آخرت میں خدا کے عذاب سے چھڑا نہیں

سکتیں۔ اوّل تو ایسے لوگ دنیا میں فضیحت ہوتے ہیں اور کسی وجہ سے یہاں بچ گئے تو وہاں کسی تدبیر سے نہیں چھوٹ سکتے۔

تنبیہ:

اس آیت میں گو تذکرہ یہود و منافقین کا ہے لیکن مسلمانوں کو بھی سنانا ہے کہ برا کام کر کے خوش نہ ہوں بھلا کام کر کے اترائیں نہیں اور جو کام اچھا کیا نہیں اس پر تعریف کے امیدوار نہ رہیں بلکہ کرنے کے بعد بھی مدح سرائی کی ہوس نہ رکھیں۔ (تفسیر عثمانی آل عمران)

ان کی اس غلط فکری اور غلط سمت پر محنت کا نتیجہ یہ نکلا کہ ہر آدمی اپنی دنیا میں مجاہد بنا ہوا ہے جو دو لفظ تقریر کے بول لیتا ہے کہتا ہے میں بھی مجاہد ہوں جو دو صفحہ کسی کتاب کا لکھ لیتا ہے کہتا ہے میں بھی مجاہد ہوں جو ٹیکسی چلاتا ہے وہ کہتا ہے کہ میں بھی مجاہد ہوں جو بچے پالتا ہے وہ کہتا ہے کہ یہ بھی جہاد ہے۔

سمجھ نہیں آتا کہ پوری امت جہاد میں مصروف ہے پھر بھی امت پر ذلت اور پستی گر رہی ہے جبکہ جہاد کے ساتھ عزت مشروط ہے کہ جہاد ہو تو عزت ملتی ہے جہاد ہو تو امت کو خلافت ملتی ہے آج ہر طرف مجاہد ہی مجاہد ہیں کوئی خود کو جہاد کے نیچے درجے پر رکھنے کیلئے تیار نہیں ہے اس کے باوجود امت مظلوم کیوں ہے؟ کھوپڑیاں کیوں اڑ رہی ہیں؟ قرآن مجید کو کیوں جلایا جا رہا ہے؟ مساجد کو کیوں شہید کیا جا رہا ہے؟ مسجد اقصیٰ یہودیوں کے قبضہ میں کیوں ہے؟ حرمین شریفین کے گرد امریکی اور یہودی فوجوں نے کیوں ڈیرے ڈال رکھے ہیں؟ مسلمان اپنے ملک میں بھی اپنے فیصلوں میں آزاد کیوں نہیں؟۔

اس طبقہ سے میری بحث ہے نہ غرض اور نہ ہی یہ میرے مخاطب کیونکہ یہ خواہش

کے بندے اور نفس کے غلام ہیں ان کو سمجھانا میرے قلم کی طاقت سے باہر ہے بس اللہ کے حضور سربسجود دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کو راہ حق دکھائے اور اس پر چلائے۔

دوسرا طبقہ:

ہاں البتہ ایک دوسرا طبقہ ایسا بھی ہے جو کہ مخلص، دین کا درد رکھنے والا جہاد اور مجاہدین سے محبت بلکہ عقیدت رکھتا ہے۔ جن کے اخلاص پر شبہ کرنا بھی شاید اپنے ایمان سے ہاتھ دھونے کے مترادف ہوگا یہ لوگ اگرچہ میدان جہاد سے دور ہیں مگر ان کے دل ہر وقت مجاہدین کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور اگر ان کی علمی، اصلاحی و دینی مصروفیات مشغولیات نہ ہوتیں تو شاید بلکہ یقیناً یہ لوگ صف اوّل کے مجاہد ہی نہیں بلکہ مجاہدین کے قائدین کا کردار ادا کرتے ان کی علمی و اصلاحی کوششیں یقیناً دین اسلام کے ہر شعبے کیلئے نہایت ہی قابل قدر ہیں اور خود جہاد و مجاہدین کے لئے فائدہ مند ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان حضرات کے اخلاص، تقویٰ اور علمی و اصلاحی کاوشوں سے مجھے بھی وافر حصہ عطا فرمائے۔ آمین۔ ان کی جوتیاں میرے سر کا تاج، پاؤں کی خاک میری آنکھوں کا سرمہ، ان کی دعائیں اور توجہات ہی میرے بلکہ عالم اسلام کے لئے سرمایہ ہیں۔

لہٰذا ایسے اصحاب علم و اصحابِ قلم حضرات کے موقف کو جھٹکنے کے انداز سے مسترد کر دینے کے بجائے ان کی ذہنی الجھن کو سامنے لا کر دلیل و منطق سے صاف کرنے کی ضرورت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اپنے اس موضوع کو اپنے فضل و کرم سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق دے اور مجھے میرے مقصد میں کامیابی عطا فرمائے اور میری اس حقیر محنت کو اپنے دربارِ عالی میں محض اپنے فضل و کرم سے قبول فرما کر امت مسلمہ کے لئے نافع بنائے۔ آمین۔ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

میں سب سے پہلے میں اپنے دعوے کو پیش کرتا ہوں پھر اس پر دلائل پیش کروں گا اور پھر ترتیب وار اعتراضات کو ذکر کرنے کے بعد ان کے تفصیلی جوابات تحریر کروں گا انشاء اللہ۔

دعوٰی

جہاد فی سبیل اللہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے راستہ میں قتل وقتال کا نام ہے یا ہر وہ عمل جو کہ قتال فی سبیل اللہ کا باعث ہو اور اس سے قتال فی سبیل اللہ ہی کی تائید ہو خواہ وہ زبان سے ہو یا قلم سے یا مال سے۔ لہٰذا اگر کسی شخص کا قلم اس لئے حرکت کرتا ہے کہ اس سے معرکہ حق وباطل کی منظر کشی ہو۔ میدان جنگ کیلئے مجاہدین تیار ہوں اور مجاہدین کی حوصلہ افزائی ہو کفار کی حوصلہ شکنی ہو غازیوں اور شہداء کے حالات امت اسلامیہ تک پہنچائے جا رہے ہوں تو یہ قلم کی حرکت بھی یقیناً جہاد فی سبیل اللہ کی حد میں ہوگی۔

اسی طرح اگر زبان اس لئے چل رہی ہے کہ اس سے امت مسلمہ کے دلوں میں جذبات کا طوفان پیدا کر کے نوجوان طبقہ کو میدان جہاد کی طرف راغب کیا جائے اور نظم ونثر شعر وشاعری اور تقریر وخطابت کے ذریعہ مسلمانوں کے خون کو گرم کیا جائے تو یہ بھی یقیناً جہاد ہی کا ایک شعبہ ہوگا۔

اور اسی طرح اگر مال کے ذریعہ اسلحہ کی خریداری مجاہدین کیلئے لباس وخوراک کا بندوبست غازیوں وشہیدوں کے گھروں کی دیکھ بھال کی جا رہی ہو تو یہ بھی بلاشک وشبہ جہاد ہی شمار ہوگا مگر ان میں شرط یہ ہے کہ یہ سب کچھ امیر کی اطاعت میں ہو ورنہ تو ان پر جہاد کا اجر تو مل سکتا ہے اور مجازاً ان کو جہاد کہا جا سکتا ہے مگر حقیقی جہاد تو ان کو بھی

شمار نہیں کا جا سکتا۔

اور اگر قلم کے ذریعہ دین اسلام کے مختلف مضامین تحریر کئے جا رہے ہوں اور یا زبان کو امت کی اصلاح اور راہنمائی کیلئے استعمال کیا جا رہا ہو یا مال کے ذریعہ مدارس کی تعمیر و ترقی اور یتامیٰ و مساکین اور بیوگان کی مدد کی جا رہی ہو تو اس کو ایک نیک کام تو کہا جا سکتا ہے اور یقیناً ہے مگر ان کو جہاد فی سبیل اللہ ہرگز ہرگز شمار نہیں کیا جا سکتا۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلاً وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ.

دلائل

دلیل نمبر۱:

لَا يَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ط فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ بِأَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلٰى الْقَاعِدِيْنَ دَرَجَةً ط وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِينَ عَلٰى الْقَاعِدِيْنَ اَجْراً عَظِيْماً ٥ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً وَّكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْماً ٥

(النساء ، آیت ٩٥ ، ٩٦)

ترجمہ:

برابر نہیں وہ مسلمان جو بلا عذر کے گھر میں بیٹھے رہیں اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کریں۔ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا درجہ بہت بلند کیا ہے جو اپنے مال و جان سے جہاد کرتے ہیں بہ نسبت گھر بیٹھنے والوں کے، اور سب سے اللہ تعالیٰ نے اچھے گھر کا وعدہ کر رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بمقابلہ بیٹھنے والوں کے اجر عظیم دیا ہے یعنی بہت سے درجے جو خدا کی طرف سے ملیں اور مغفرت اور رحمت اور اللہ بڑی مغفرت والے رحمت والے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں دو قسم کے لوگوں کا ذکر فرمایا ہے قاعدون (بیٹھنے والے) مجاہدون (جہاد کرنے والے)۔ اب مجاہدون کو قاعدون کے مقابلہ میں ذکر کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ جہاد کا معنی صرف قتال کرنا ہے کیونکہ قاعدون میں وہ سب لوگ شامل ہیں جو دین کا کوئی بھی کام کرتے ہیں مگر جہاد یعنی قتال نہیں کرتے خواہ وہ تدریس میں یا تصنیف میں مشغول ہوں، وہ خانقاہ میں ضربیں لگا رہے ہوں یا گھر گھر جا کر نماز و روزہ کی دعوت دے رہے ہوں۔

اسلئے میں بطور خاص ان حضرات سے گزارش کروں گا جو کہ دعوت و تبلیغ کا کام کر رہے ہیں اور ماشاء اللہ بہت نیک کام میں مصروف ہیں مگر وہ اپنے اس کام کو جہاد فی سبیل اللہ بلکہ اس سے بھی بڑا درجہ دیتے ہیں اور دوسرے دین کے کام کرنے والوں حتیٰ کہ مجاہدین کو بھی اصل دین کی محنت نہ کرنے والا سمجھتے ہیں کہ وہ اس آیت کی تفسیر کیلئے حضرت مولانا محمد احتشام الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے رسالہ

''مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج''

کا ضرور بغور بار بار مطالعہ فرمائیں یہ رسالہ انہوں نے حضرت جی مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ بانی و امیر اوّل تبلیغی جماعت کے حکم پر تحریر فرمایا اور یہ رسالہ اس وقت

فضائل اعمال کا باقاعدہ حصہ ہے۔

حضرت مولانا محمد احتشام الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں

اگر چہ اس آیت جہاد سے مراد کفار کے مقابلہ میں سینہ سپر ہونا ہے تاکہ اسلام کا بول بالا ہو اور کفر و شرک مغلوب و مقہور ہو لیکن اگر بد قسمتی سے آج ہم اس سعادت عظمیٰ سے محروم ہیں تو اس مقصد کیلئے جس قدر ہو جدوجہد ہماری مقدرت اور استطاعت میں ہے اس میں تو ہرگز کوتاہی نہ کرنی چاہئے۔ پھر ہماری یہی معمولی حرکتِ عمل اور جدوجہد ہمیں کشاں کشاں آگے بڑھائے گی۔ **وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا** (العنکبوت ، آیت ٦٩)

یعنی جو لوگ ہمارے دین کے لئے کوشش کرتے ہیں ہم ان کے لئے اپنے راستے کھول دیتے ہیں۔

خط کشیدہ عبارت کے الفاظ پر ایک بار پھر غور فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سمجھ عطا فرمائے کہ بزرگ تو جہاد کو سعادت عظمیٰ اور اس دعوت والے کام کو معمولی حرکت قرار دیتے ہیں اور ہم اس کو پورے دین کی دعوت، اصل کام اور ترتیب نبوت اور نہ معلوم کیا کیا القابات دیتے ہیں۔

اور ہمارے بزرگ جس کو سعادت عظمیٰ فرماتے ہیں ہم اسی سے بھاگتے ہیں اور دوسرے کو بھی اس کے قریب نہیں جانے دیتے۔ مزید آگے چل کر آیت ''**يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ** '' کے تحت فرماتے ہیں دوسری چیز جو ہم سے مطلوب ہے وہ جہاد ہے اور جہاد کی اصل اگر چہ کفار کے ساتھ جنگ اور مقابلہ ہے مگر درحقیقت جہاد کا منشاء بھی اعلاءِ کلمۃ اللہ ہے اور احکامِ خداوندی کا نفاذ اور اجراء ہے اور یہی ہماری تحریک کا مقصدِ اصلی ہے۔

دلیل نمبر۲:

عَنْ بَشِیْرِا بْنِ الْخَصَاصِیَّةِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ لِاُ بَایِعَهٗ فَقُلْتُ عَلَامَ تُبَایِعُنِی یٰارَسُوْلَ اللّٰہِ فَمَدَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَدَهٗ فَقَالَ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَتُصَلِّیَ الصَّلٰوٰتِ الْخَمْسَ لِوَقْتِهَا وَتُؤَدِّیَ الزَّکٰاةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ وَتَحُجَّ الْبَیْتَ وَتُجَاهِدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ کُلَّا اُطِیْقُ اِلَّا اثْنَتَیْنِ فَلَا اُطِیْقُهُمَا الزَّکَاةَ وَاللّٰہِ مَالِیْ اِلَّا عَشْرُ ذُوْدٍ هُنَّ رِسْلُ اَهْلِیْ وَحُمُوْلَتُهُنَّ وَاَمَّا الْجِهَادُ فَاِنِّیْ رَجُلٌ جُبَّانٌ وَیَزْعُمُوْنَ مَنْ وَّلّٰی فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰہِ وَاَخَافُ اِنْ حَضَرَ الْقِتَالُ اَنْ اَخْشَعَ بِنَفْسِیْ فَاَفِرَّ فَاَبُوْءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰہِ فَقَبَضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَدَهٗ ثُمَّ حَرَّکَهَا ثُمَّ قَالَ یَا بَشِیْرُ لَا صَدَقَةَ وَلَا جِهَادَ فَبِمَا اِذَنْ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُبْسُطْ یَدَکَ اُبَایِعُکَ فَبَسَطَ یَدَهٗ فَبَایَعْتُهٗ عَلَیْهِنَّ کُلِّهِنَّ. (کنز العمّال، ج ۲، ص ۱۲)

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ سے بیعت ہونے کیلئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے پوچھا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ مجھے کن چیزوں پر بیعت فرمائیں گے آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور فرمایا تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ وحدہ لاشریک لہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور پانچوں نمازیں وقت پر پڑھو، فرض زکوٰۃ ادا کرو، رمضان کے روزے رکھو، بیت اللہ کا حج کرو اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرو۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ) تمام کام کروں گا لیکن دو کام نہیں کرسکتا ہوں ایک زکوٰۃ کیونکہ

میرے پاس دس اونٹ اونٹنیاں ہیں ان کے دودھ پر میرے گھر والوں کا گزارا ہوتا ہے اور وہی ان کے بار برداری کے کام آتے ہیں اور دوسرا جہاد کیونکہ میں بزدل آدمی ہوں اور لوگ کہتے ہیں کہ جو میدان جنگ سے پشت پھیرے گا وہ اللہ کے غضب کو لے کر لوٹے گا مجھے ڈر ہے کہ اگر دشمن سے لڑنا پڑ گیا اور میں گھبرا کر میدان جنگ سے بھاگ گیا تو میں اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹوں گا۔ حضور (ﷺ) نے اپنا ہاتھ پیچھے کھینچ لیا اور ہاتھ ہلاتے ہوئے فرمایا کہ اے بشیر جب تم نہ زکوٰۃ دو گے اور نہ جہاد کرو گے تو کس عمل کے ذریعہ جنت میں داخل ہو گے میں نے کہا یا رسول اللہ (ﷺ) آپ اپنا ہاتھ بڑھائیں اور میں بیعت ہوتا ہوں چنانچہ آپ نے ہاتھ بڑھایا اور میں ان تمام اعمال پر حضور (ﷺ) سے بیعت ہو گیا۔

میرے بھائیو دوستو اور بزرگو! اگر جہاد کا معنی قتال کے علاوہ کوئی اور بھی ہوتا تو حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ یہ کیوں فرماتے کہ میں بزدل ہوں اور جنگ میں سے بھاگ آنے کے خوف کا اظہار کیوں کیا؟ یا العیاذ باللہ اگر صحابی جہاد کا معنی نہیں سمجھ سکا تو حضرت پاک ﷺ ہی فرما دیتے کہ جہاد کا معنی صرف لڑنا نہیں ہے تم دین کے دوسرے کام کرو جن میں مشقت ہے یہ سارے ہی جہاد ہیں۔

تو میرے دوستو! حضرت پاک ﷺ اور حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کا یہ عمل اس بات پر گواہ ہے کہ جہاد کا معنی صرف اور صرف قتال ہی متعین ہے۔

دلیل نمبر ۳:

مدینہ منورہ میں عہدِ رسالت میں جب **حَیَّ عَلٰی الْجِہَادِ** کی آواز لگتی تھی تو آیئے دیکھتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مبارک عمل کیا تھا؟ اگر تو سارے صحابہ رضی اللہ عنہم بشمول عورتیں اور بچے بھی جہاد کا معنی قتال سمجھتے تھے اور اس اعلان پر

تلواریں نیزے اور تیر کمان لے کر حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں دوڑتے تھے۔ تو پھر جہاد کا معنی صرف اور صرف قتال ہی ہو سکتا ہے۔

وگرنہ کوئی ایک مثال تو ایسی ملتی کہ حضرت پاک ﷺ کے زمانہ مبارکہ میں **حَیَّ عَلٰی الْجِهَادِ** کا اعلان ہوا ہو اور کوئی صحابی رضی اللہ عنہ تو کجا کسی منافق نے بھی یہ کہا ہو کہ میں بیوی کے حقوق میں مصروف ہوں یہ بھی تو جہاد ہے میرا تو ابھی ایمان مکمل نہیں ہوا اور میں اپنے ایمان کو مضبوط کرنے کیلئے مجاہدات کر رہا ہوں اور یہ بھی جہاد ہے میں تو مدینہ اور اطرافِ مدینہ میں لوگوں کو دین کی طرف دعوت دے رہا ہوں اور یہ بھی جہاد ہے۔ اگر کوئی ایک بھی ایسی مثال نہیں ملتی اور یقیناً نہیں ملتی تو پھر یقین کر لیں کہ جہاد کا معنی صرف اور صرف قتال ہی ہے۔ جب کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حالت تو یہ تھی کہ کوئی تو پیسے لے کر بازار میں جاتا ہے اور نکاح کی تیاری میں سامان خریدتے وقت **حَیَّ عَلٰی الْجِهَادِ** کی آواز سنتا ہے تو انہی پیسوں سے تلوار اور نیزہ خریدتا ہے اور کوئی رات بیوی سے ہم بستر ہو کر صبح غسل کا ارادہ کرتا ہے تو **حَیَّ عَلٰی الْجِهَادِ** کی آواز پر اسی حالت ہی میں میدان جنگ کا رخ کرتا ہے۔

دلیل نمبر۴:

جہاد کی تعریف فقہاء نے کیا فرمائی ہے

(نمبر۱) علامہ ابن حجرؒ فرماتے ہیں۔ **”بَذْلُ الْجُهْدِ فِیْ قِتَالِ الْكُفَّارَ“**

(فتح الباری ج ٦ ص ٤)

ترجمہ: اپنی پوری طاقت کفار کو قتل کرنے میں خرچ کرنا۔

(نمبر۲) ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں۔ **”اَلْجِهَادُ شَرْعاً بَذْلُ الْمَجْهُوْدِ فِیْ قِتَالِ الْكُفَّارِ“** (مرقاة، شرح مشکوٰة)

ترجمہ: پوری توانائی کو کفار سے لڑنے میں صرف کرنے کا نام جہاد ہے۔

(نمبر۳) شیخ التفسیر والحدیث مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

ابن عباس اور ابوہریرہ اور عائشہ صدیقہ اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہم زہری سعید بن جبیر مجاہد، عروہ بن زبیر، زید بن اسلم، قتادہ، مقاتل بن حیان اور دیگر سلف رحمۃ اللہ علیہم سے منقول ہے کہ جہاد کی اجازت میں جو آیت سب سے پہلے نازل ہوئی وہ یہ ہے اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا (الایۃ)۔ ایسے لوگوں کو جہاد وقتال کی اجازت دی گئی کہ جن سے کافر لڑتے ہیں یہ اجازت اس لئے دی گئی کہ یہ لوگ بڑے مظلوم ہیں (اب ظاہر ہے کہ جہاد کی اجازت دینا اور آیت قتال کا نازل فرمانا دلیل ہے کہ جہاد کا معنی قتال ہی ہے۔ راقم الحروف)

آگے چل کر فرماتے ہیں

خلاصہ

''یہ کہ خدا تعالیٰ کے وفاداروں کا خدا تعالیٰ کے باغیوں سے محض خدا کا باغی ہونے کی وجہ سے لڑنا اور اس کی راہ میں انتہائی جانبازی اور سرفروشی کا نام جہاد ہے''

مزید آگے چل کر فرماتے ہیں

خلاصہ کلام

یہ کہ اسلامی حکومت قائم کرنے کیلئے جو جنگ کی جائے اس کا نام جہاد ہے۔ (اب حضرت کے ارشادات کے بعد مزید کوئی گنجائش رہ جاتی ہے؟ مزید گزارش ہے کہ کوئی ایک بھی ایسا فقیہ نہیں گزرا ہے جس نے جہاد کی اصطلاحی اور شرعی تعریف قتال سے نہ کی ہو۔ راقم الحروف)

دلیل نمبر ۵:

محدثین وفقہا رحمۃ اللہ علیہم میں سے جس نے بھی کتاب الجہاد کے نام سے اپنی کسی کتاب میں باب باندھا تو وہ اس باب کے تحت صرف وہی احادیث ذکر کرتا ہے جس میں غزوات وسرایا اور کفار سے جنگ کرنے کا ذکر ہو یا ایسے مسائل ذکر کئے جن کا تعلق قتال کے ساتھ ہو جیسے جزیہ، غلامی، صلح۔

کوئی ایک بھی ایسا محدث وفقیہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ جس نے اپنی کسی کتاب میں جہاد کا باب باندھا ہو مگر اس کے تحت مجاہدات نفس، اصلاح نفس اور دعوت تبلیغ اور دیگر ایسے امور کو ذکر کیا ہو جن کو آج جہاد سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔

اسلئے کہ محدثین وفقہاء کے نزدیک جہاد کا معنی صرف اور صرف قتال ہے۔

دلیل نمبر ۶:

میں سب سے آخر میں اس دلیل کا ذکر کرتا ہوں جس کو اگرچہ مجھے پہلے ذکر کرنا چاہئے تھا مگر یہ خود صاحب شریعت اور نبی آخر الزماں حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے جہاد کی تشریح ہوئی ہے اور حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریح کے بعد مزید کسی قسم کی کوئی گنجائش ہی نہیں رہ جاتی۔ اس لئے اس کو اس موضوع کے بارے میں حرف آخر سمجھ کر تحریر کر رہا ہوں۔

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا

وَمَا الْجِهَادُ؟

یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کا کیا معنیٰ ہے؟ تو حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اَنْ تُقَاتِلَ الْكُفَّارَ اِذَا لَقِيْتَهُمْ

میدان جنگ میں کفار سے لڑنا۔

پھر کسی نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ

فَاَیُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟

سب سے افضل اور بہتر جہاد کونسا ہے؟ تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنْ عُقِرَ جَوَادُهٗ وَاُهْرِيْقَ دَمُهٗ (کنز العمال ج ۱، ص ۲۹)

جس میں مجاہد کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور مجاہد کا اپنا خون بھی بہا دیا جائے آپ ہی غور فرمائیں کہ اس کے بعد بھی کوئی گنجائش رہ جاتی ہے کہ ہم جہاد کا معنی قتال نہ کریں بلکہ جہاد کے معنی میں وسعت دے کر دیگر اعمال خیر کو اپنی طرف سے جہاد قرار دیں کیا یہ حضور اکرم ﷺ کی طرف سے جہاد فی سبیل اللہ کے بیان کردہ معنی کے ساتھ زیادتی نہیں؟ اے اللہ تو ہمیں فہم سلیم عطا فرما۔ آمین۔ **يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ**

غزوات اور سرایا

غَزْوَہ:

اس جنگ کو کہتے ہیں جس میں حضرت پاک ﷺ نے بنفسِ نفیس شرکت فرمائی ہو۔

سَرِیَّہ:

اس سفرِ جنگ کو کہتے ہیں جس میں حضرت ﷺ بنفیس شریک نہیں ہوئے بلکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو بھیجا ہو۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے فرمایا: **وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُومِنِيْنَ لَا تَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَّتَخَلَّفُوا عَنِّیْ وَلَا اَجِدُمَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَاتَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ**

وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوَدِدْتُّ اَنْ اُقْتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ اُحْیٰ ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْیَ ثُمَّ اُقْتَل ثُمَّ اُحْیَ ثُمَّ اُقْتَل (مشکوۃ کتاب الجہاد)

قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر ایسے مومن نہ ہوتے جن کو اس سے بے حد تکلیف ہوتی ہے کہ میں جہاد میں جاؤں اور وہ پیچھے رہ جائیں اور میرے پاس سواری نہیں کہ ان کو دوں اور ساتھ لے جاؤں تو میں اللہ کے راستے میں لڑے جانے والے کسی بھی غزوے سے پیچھے نہ رہتا بلکہ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے میرا تو دل کرتا ہے کہ میں اللہ کے راستہ میں قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں پھر قتل کیا جاؤں۔

غزوات کے نام، سن، تعدادِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱) غزوہ ابوآء، صفر ۲ھ، ساٹھ مہاجرین صحابہ کرام اجمعین
(۲) غزوہ بواط، ربیع الاول یا ربیع الثانی ۲ھ، دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
(۳) غزوہ عشیرہ، جماذی الاُولیٰ ۲ھ، دوسو مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم
(۴) غزوہ صفوان، ۲ھ
(۵) غزوہ بدرِ کبریٰ، رمضان ۲ھ، تین سو تیرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
(۶) غزوہ قَرقَرۃُ الکَدَر، شوال ۲ھ، دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
(۷) غزوہ قینقاع، ۲ھ
(۸) غزوۃ السَّوِیق، ذوالحجہ ۳ھ، دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
(۹) غزوہ غطفان، ۱۲ ربیع الاول ۳ھ، چارسو پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم
(۱۰) غزوہ نجران، ربیع الثانی ۳ھ، تین سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۱) غزوہ احد، ۱۵ شوال ۳ھ، سات سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۲) غزوہ حمرآء الاسد، ۱۶ شوال ۳ھ، جو احد میں شریک تھے

(۱۳) غزوہ بنو نضیر، ربیع الاول ۴ھ

(۱۴) غزوہ ذات الرِّقاع، جمادی الاولیٰ ۴ھ، چار سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۵) غزوہ بدرِ موعِد، شعبان ۴ھ، پندرہ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۶) غزوہ دَومۃُ الجندل، ربیع الاول ۵ھ، ایک ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۷) غزوہ بنی مصطلق، ۲ شعبان ۵ھ

(۱۸) غزوہ خندق، شوال ۵ھ، تین ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۹) غزوہ بنی قُرَیظہ، ذوالقعدہ ۵ھ ،

(۲۰) غزوہ بنی لِحیان، ربیع الاول ۶ھ، دو سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۱) غزوہ ذی قَرَد، ربیع الاول ۶ھ، پانچ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۲) غزوہ خیبر، محرّم الحرام ۷ھ، ایک ہزار چار سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۳) غزوہ صلح حدیبیہ، ۶ھ، پندرہ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۴) غزوہ موتہ، جمادی الاُولیٰ ۸ھ، تین ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔

فائدہ:

جنگِ مُوتہ کو غزوات میں شمار کیا جاتا ہے حالانکہ اس میں حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم بنفسِ نفیس شریک نہ ہوئے اس کی کئی وجوہ محدثین نے بیان فرمائی ہیں جس میں ایک وجہ یہ ہے کہ اس جنگ کو حق تعالیٰ شانہٗ نے براہ راست حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھایا اور درمیان میں سے حجابات کو اٹھا دیا گویا کہ آپ بنفس نفیس ہی شریک ہیں۔

(۲۵) غزوہ فتح مکہ، رمضان ۸ ھ، دس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۶) غزوہ حنین، شوال ۸ ھ، ۱۲ ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۷) غزوہ طائف، شوال ۸ ھ، ۱۲ ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۸) غزوہ تبوک، رجب/شعبان، ۹ ھ، تیس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

سرایا

سرایا کے نام، سن، شریک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم،

(۱) سریہ حمزہ بن عبد المطلب ؓ، ربیع الاول یا ربیع الثانی ۲ ھ، تیس صحابہ رضی اللہ عنہم،

(۲) سریہ عبیدہ بن حارث ؓ، شوال ۲ ھ، ساٹھ یا اسّی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳) سریہ سعد بن ابی وقاص ؓ، ذوالقعدہ ۲ ھ، بیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴) سریہ محمد بن مسلمہ ؓ، ۱۴ ربیع الاوّل ۳ ھ، چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۵) سریہ زید بن حارثہ ؓ، جمادی الاخریٰ ۳ ھ، سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۶) سریہ عبد اللہ بن جحش ؓ، جمادی الاخریٰ ۲ ھ، سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۷) سریہ عمیر بن عدی ؓ، ۲۴ رمضان ۲ ھ، اکیلے یہ نابینا صحابی تھے

(۸) سریہ سالم بن عمیر ؓ، شوال ۲ ھ، اکیلے

(۹) سریہ ابی مسلمہ ؓ، محرم ۳ ھ، ایک سو پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۰) سریہ عبد اللہ بن انیس ؓ، محرم ۳ ھ، اکیلے

(۱۱) سریہ عاصم بن ثابت ؓ، صفر ۳ ھ، دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۲) منذر بن عمرو الصّاعدی ؓ، صفر ۴ ھ، ستر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۳) سریہ محمد بن مَسلمہ ؓ، محرم ۴ ھ، تیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۴) سریہ عکاشہ محصن ؓ، ربیع الاول ۶ھ، چالیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۵) سریہ محمد بن مَسلمہ ؓ، ربیع الاول یا ربیع الثانی ۶ھ، دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۶) سریہ ابو عبیدہ بن الجرّاح ؓ، ربیع الثانی ۶ھ، چالیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۷) سریہ زید بن حارثہ ؓ، ربیع الثانی ۶ھ

(۱۸) سریہ زید بن حارثہ ؓ، جمادی الاخریٰ ۶ھ، پندرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۱۹) سریہ زید بن حارثہ ؓ، جمادی الاخریٰ ۶ھ، پانچ سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۰) سریہ ابو بکر صدیق ؓ، جمادی الاخریٰ ۶ھ، ایک سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۱) سریہ عبدالرحمٰن بن عوف ؓ، رجب ۶ھ، سات سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۲) سریہ زید بن حارثہ ؓ، ۶ھ

(۲۳) سریہ علی ؓ، ۶ھ، سو صحابہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۴) سریہ زید بن حارثہ ؓ، رمضان ۶ھ

(۲۵) سریہ عبداللہ بن عتیک ؓ، رمضان ۶ھ، پانچ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۶) سریہ عبداللہ بن رواحہ ؓ شوال ۶ھ، تیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۲۷) سریہ کُرز بن جابر فَہری ؓ، ۶ھ، بیس صحابہ رضی اللہ عنہم

(۲۸) سریہ عمرو بن امیہ ضمری ؓ، ۶ھ

(۲۹) سریہ ابان بن سعید ؓ، محرم ۷ھ

(۳۰) سریہ عمر بن خطاب ؓ، شعبان ۷ھ

(۳۱) سریہ ابو بکر صدیق ؓ، شعبان ۷ھ

(۳۲) سریہ بشیر بن سعد ؓ، شعبان ۷ھ، تیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۳) سریہ غالب بن عبداللہ اللیثی ؓ، رمضان ۷ھ، ایک سو تیس صحابہ کرام رضی اللہ

عنہم

(۳۴) سریہ بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ، شوال ۷ھ، تین سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۵) سریہ اخرم سلمی رضی اللہ عنہ، ذوالحجہ ۷ھ، پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۶) سریہ غالب بن عبداللہ اللیثی رضی اللہ عنہ، ۸ھ، پندرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۷) سریہ غالب بن عبداللہ اللیثی رضی اللہ عنہ، صفر ۸ھ، دوسو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۸) سریہ شجاع بن وھب رضی اللہ عنہ، ربیع الاول ۸ھ، چوبیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۳۹) سریہ کعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، ربیع الاول ۸ھ، پندرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۰) سریہ کعب بن عمیر رضی اللہ عنہ، ربیع الاول ۸ھ، پندرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

فائدہ:

یہ دونوں الگ الگ سریے ہیں دوسرے سریہ میں حضرت کعب اور ان کے سارے ساتھی شہید ہوگئے تھے صرف ایک صحابی رضی اللہ عنہ زندہ بچے تھے جنہوں نے مدینہ منورہ آ کر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی۔

(۴۱) سریہ عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ، جمادی الاخریٰ ۸ھ، تین سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۲) سریہ ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ، رجب ۸ھ، تیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۳) سریہ عمرو بن مُرَّۃ الجُہنی رضی اللہ عنہ، ۸ھ

(۴۴) سریہ ابوقتادہ بن حارث سلمی رضی اللہ عنہ، شعبان ۸ھ، سولہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۵) سریہ ابوقتادہ بن حارث سلمی رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ھ، آٹھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۶) سریہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ھ،

(۴۷) سریہ سعد بن زید الاشھلی رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ھ، بیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۸) سریہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ھ، تیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۴۹) سریہ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ ھ

(۵۰) سریہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ، رمضان ۸ ھ، تیس سو پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۵۱) سریہ ابو عامر عبید الاشعری رضی اللہ عنہ، شوال ۸ ھ

(۵۲) سریہ طفیل بن عمرو ائلی رضی اللہ عنہ، شوال ۸ ھ

(۵۳) سریہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ، ذو القعدہ ۸ ھ، چار سو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۵۴) سریہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ، ذو القعدہ ۸ ھ

(۵۵) سریہ عُیَیْنَہ بن حصن فزاری رضی اللہ عنہ، محرم ۹ ھ، پچاس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۵۶) سریہ عبداللہ بن عوسجہ رضی اللہ عنہ، صفر ۹ ھ

(۵۷) سریہ قطبہ بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ، صفر ۹ ھ، بیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

(۵۸) سریہ ضحاک بن سفیان کِلابی رضی اللہ عنہ، صفر ۹ ھ

جنّتی دولہے اور جہنّم کا ایندھن

حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دورِ نبوت میں غزوات و سرایا میں جانبین سے کل ایک ہزار اٹھارہ آدمی مارے گئے جن میں دو سو انسٹھ (۲۵۹) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں جو

جام شہادت نوش فرما کر حوروں کے جنتی دولہے بنے اور سات سو انسٹھ (۷۵۹) کفار ہیں جو ہلاک و برباد ہو کر جہنم کا ابدی ایندھن بنے۔

نبوت کے آلاتِ حرب وضرب

حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مختلف اوقات میں جو اسلحہ موجود رہا اس کی تفصیلات۔

تلواریں:

(۱) مَاْثُوْر (۲) اَلْعَضُب (۳) ذُوْالْفَقَار (۴) اَلْقَلْعِی (۵) اَلْبَتَّار (۶) اَلْحَتُف (۷) اَلمِخْزَمُ (۸) اَلرَّسُوْب (۹) اَلْقَضِيُب (۱۰) اَلصَّمْصَامَة (۱۱) اَللَّحِيُف

زرہیں:

(بلٹ پروف جیکٹیں): **(۱) ذَاتُ الْفُضُوْل (۲) ذَاتُ الْوِشَاح (۳) ذَاتُ الْحَوَاشِی (۴) اَلسَّعْدِيَّة (۵) فِضَّة (۶) اَلْبُتْرَآء (۷) اَلْخَرِيُق**

کمانیں

:(۱)اَلـزَّوْرَآء (۲)اَلـرَّوْحَـآء (۳)اَلصَّفْرَآء (۴)شَوْحَطْ (۵)اَلْکَتُوْمُ (٦)اَلسَّدَاد

ترکش:

(میگزین):(۱)اَلْکَافُوْر (۲)اَلْجَمْع

ڈھالیں :(۱)اَلذَّلُوْقُ (۲)اَلْفُتَقُ (۳)اَلْمُوْجِزُ (۴)اَلذَّقَنُ

برچھیاں اور نیزے:(۱)اَلْمُثْوِی (۲)اَلْمُثْنِی (۳)اَلْبَیْضَاء (۴)اَلْعَنْزَة (۵)اَلسَّغَاء

خود :(لوہے کی جنگی ٹوپی):(۱)ذَالسَّبُوْغ (۲) اَلْمُوْشَح

محافظین نبوت

حضرت پاک ﷺ توکل اور اعتماد علَی اللہ کے بلند ترین درجہ پر فائز ہونے کے باوجود پہرے کا اہتمام فرماتے تھے اور مختلف اوقات میں مختلف صحابہ رضی اللہ عنہم کو یہ سعادت حاصل ہوئی لیکن ان میں سے چند ایک صحابہ رضی اللہ عنہم کا ذکر مبارک کیا جاتا ہے جن کو یہ دولت خوب بلکہ خوب تر حاصل ہوئی۔

(۱)حضرت ابوبکر صدیق ؓ، (۲)حضرت عمر فاروق ؓ

(۳) حضرت علی المرتضٰی ؓ، (۴) حضرت زبیر بن عوام ؓ

(۵) حضرت عباس ؓ (٦) حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ

(۷) حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ (۸) حضرت ابوطلحہ ؓ

(۹) حضرت بلال حبشی ؓ (۱۰) حضرت ابو ذر غفاری ؓ

(۱۱) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ (۱۲) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ
(۱۳) حضرت عمار رضی اللہ عنہ (۱۴) حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ
(۱۵) حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ (۱۶) حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ
(۱۷) حضرت عباد بن بشیر رضی اللہ عنہ (۱۸) حضرت انس بن مرثد رضی اللہ عنہ
(۱۹) حضرت ابو ریحانہ رضی اللہ عنہ (۲۰) حضرت زکوان بن عبد قیس رضی اللہ عنہ
(۲۱) حضرت عصمۃ بن مالک خطمی رضی اللہ عنہ (۲۲) حضرت ادرع اسلمی رضی اللہ عنہ
(۲۳) حضرت مِحجَن بن ادرع رضی اللہ عنہ

☆☆☆

نکتہ علمیہ

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَه بِالْغَيْبِ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ o

(سورة الحديد، آیت نمبر ۲۵)

ترجمہ: ہم نے بھیجے ہیں اپنے رسول نشانیاں دے کر اور اتاری ان کے ساتھ کتاب اور ترازو تا کہ لوگ سیدھے رہیں انصاف پر اور ہم نے اتارا لوہا اس میں سخت جنگ ہے اور منافع ہیں لوگوں کے لئے اور تا کہ معلوم کرے اللہ کہ کون مدد کرتا ہے اس کی اور اس کے رسولوں کی بن دیکھے۔ بیشک اللہ زور آور ہے زبردست۔

اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ: لوہا تو اللہ تعالیٰ نے زمین میں سے پیدا کیا ہے نہ کہ آسمان سے

اتارا جس کا تقاضا یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ یوں ارشاد فرماتے ''اَنْشَأْنَا الْحَدِیْدَ یا خَلَقْنَا'' مگر ''اَنْزَلْنَا'' فرمایا جس میں حکمت یہ ہے کہ لوہے کو کتاب اللہ کے نفاذ اور بقا کیلئے ایسی حیثیت دو کہ گویا یہ بھی آسمان سے نازل ہوا جیسے خود کتاب اللہ۔

فِیْہِ بَأْسٌ شَدِیْدٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاس ۔ لوہے کی پیدائش کے مقاصد کو بیان فرماتے ہوئے جنگ کو مقدم اور مَنَافِعُ لِلنَّاس کو مؤخر فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ لوہے کی تخلیق کا اصل مقصد تو لوہے سے بَأْسٌ شَدِیْدٌ یعنی جنگ ہے اور دوسرے درجے میں اس کو دوسرے منافع میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مگر صد افسوس کہ آج دنیائے کفر اس بات پر عمل پیرا ہے مگر مسلمان اس اہم بات سے غافل ہیں۔

مذکورہ تفسیر اس صورت میں ہے جبکہ مَنَافِعُ لِلنَّاس سے لوہے کی دیگر مصنوعات مراد لی جائیں جیسے دروازے، الماریاں، گاڈر، پنکھے، ریل گاڑیاں وغیرہ مگر صاحب کشاف فرماتے ہیں کہ لوہے کے ذریعہ جہاد کیا جاتا ہے اور پھر جہاد کے ذریعہ سے فتنہ ختم ہوتا ہے تو لوگ امن وسکون کی زندگی گزارتے ہیں مَنَافِعُ لِلنَّاس کا یہ بھی مقصد ہوسکتا ہے۔

وَلِیَعْلَمَ اللّٰہُ مَنْ یَّنْصُرُہٗ.

آیت کے اس حصے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ کون لوہے کے بنے ہوئے آلات حرب وضرب کو لے کر اللہ کے دین کی مدد کرتا ہے یعنی میدان جہاد میں نکلتا ہے اور اس لوہے کو اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کے خلاف استعمال کرتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ عَزِیز

بے شک اللہ تعالیٰ تو طاقت والا غالب ہے وہ خود دشمنوں کو ہلاک کرسکتا ہے مگر

جہاد کا حکم اس لئے دیا کہ مسلمان اس حکم پر عمل کر کے دنیوی و اخروی فوائد حاصل کریں۔

اسلحہ

(۱) اسلحہ کے سیکھنے کو قرآن نے ضروری اور واجب قرار دیا۔
(۲) اسلحہ حضرت پاک ﷺ کی سنت ہے۔
(۳) اسلحہ کے ساتھ محبت حضرت پاک ﷺ کے ساتھ محبت ہے۔
(۴) اسلحہ حضرت پاک ﷺ کو اس قدر محبوب تھا کہ اپنی تلوار کی مٹھی پر چاندی چڑھا رکھی تھی۔
(۵) اسلحہ کی اہمیت حضرت پاک ﷺ کی نگاہ میں اس قدر تھی کہ بڑی مقدار میں اسلحہ اپنے پاس رکھا۔
(۶) اسلحہ اخلاقِ نبوّت کا بڑا حصہ ہے۔
(۷) اسلحہ کو مسجد میں لانے کے آداب حضرت پاک ﷺ نے خود سکھائے۔

(۸) اسلحہ کے سوا حضرت پاک ﷺ نے وراثت میں کچھ نہ چھوڑا۔

(۹) اسلحہ میں سے منجنیق سب سے پہلے حضرت پاک ﷺ نے بنوائی۔

(۱۰) اسلحہ ہی کے استعمال پر حضرت پاک ﷺ نے فرمایا ’’اے سعد تیر پھینکو میرے ماں باپ تجھ پر قربان‘‘۔

(۱۱) اسلحہ کی قسم ذِرہ اور خود بنانا حضرت داؤد علیہ السلام کی سنت ہے۔

(۱۲) اسلحہ کو صحابہ رضی اللہ عنہم کبھی تن سے جدا نہ فرماتے تھے۔

(۱۳) اسلحہ کی تربیت صحابہ رضی اللہ عنہم مسجد نبوی میں فرمایا کرتے۔

(۱۴) اسلحہ کی خیرات مسجد نبوی میں ہوئی تھی۔

(۱۵) اسلحہ کے زور پر جزیرۃ العرب کو کفر وشرک سے پاک کر دیا گیا۔

(۱۶) اسلحہ جسم پر باندھنے والا اللہ تعالیٰ کی بیعت کر لیتا ہے۔

(۱۷) اسلحہ کے زور پر حاصل ہونے والا مال غنیمت پاکیزہ اور حلال ہے۔

(۱۸) اسلحہ اسلام کی عظمت وشوکت ہے۔

(۱۹) اسلحہ اسلام کی قوت وطاقت ہے۔

(۲۰) اسلحہ اسلام کی عزت وشان ہے۔

(۲۱) اسلحہ سے کفر پہ دہشت طاری ہوتی ہے۔

(۲۲) اسلحہ سے ظلم، فتنہ وفساد ختم ہوتا ہے۔

(۲۳) اسلحہ سے مسلمان کی غفلت کفار کی دلی خواہش ہے۔

(۲۴) اسلحہ سے نفرت قرآن وسنت اور عمل صحابہ رضی اللہ عنہم سے نفرت ہے۔

(۲۵) اسلحہ سے محبت ایمان کا حصہ ہے۔

خلاصہ کلام: یہ کہ اسلحہ سے محبت قرآن سے محبت، نبی ﷺ سے محبت، صحابہ

رضی اللہ عنہم سے محبت کا عملی ثبوت ہے اور اسلحہ ہی سے کتاب اللہ کے قوانین کی حفاظت اور اسلام کا نفاذ ممکن ہے۔

گھوڑے

حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے اَلُخَیُلُ مَعُقُوُدٌ فِیُ نَوَاصِیُھَا الُخَیُرُ اِلٰی یَومِ الُقِیَامِۃِ۔ گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک کے لئے خیر رکھ دی گئی۔

اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنے والے مجاہدین کے فضائل تو بے شمار اور اپنی جگہ مسلّم ہیں مگر آیئے اس سواری کو بھی دیکھیں جس کو مجاہد کے ساتھ نسبت ہے اس کا شریعت میں کیا مقام و مرتبہ ہے۔

(۱) گھوڑے کو جہاد کیلئے پالنے کا حکم قرآن پاک نے دیا۔

(۲) گھوڑے کو رکھنا حضرت پاک ﷺ کی سنت ہے۔

(۳) گھوڑے کے کھانے پینے حتیٰ کہ لید اور پیشاب کو روز قیامت مجاہد کے نامہ اعمال میں اعمال صالحہ کے ساتھ تول دیا جائے گا۔

(۴) گھوڑے کے پاؤں کی قسمیں قرآن نے کھائیں ہیں۔

(۵) گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک کیلئے خیر رکھ دی گئی ہے۔

(۶) گھوڑے اچھے ہونے کی علامات حضرت پاک ﷺ نے بیان فرمائی ہیں۔

(۷) گھوڑے جہاد کیلئے جس گھر میں ہوں وہ گھر جنات کے اثر سے محفوظ رہتا ہے۔

(۸) گھوڑے پر خرچہ کرنے کو صدقہ کی طرح قرار دیا گیا۔

(۹) گھوڑے حضرت پاک ﷺ نے بنوقریظہ کے مال غنیمت سے خریدے۔

(۱۰) گھوڑے نبی پاک ﷺ نے بنونضیر کے مال فئے سے خریدے۔

(۱۱) گھوڑے کو حضرت پاک ﷺ نے بیوی کے بعد پسندیدہ چیز قرار دیا۔

(۱۲) گھوڑے غزوہ بدر میں حضرت پاک ﷺ کے پاس دو تھے۔

(۱۳) گھوڑے غزوہ بنوقریظہ میں حضرت پاک ﷺ کے پاس چھ تھے۔

(۱۴) گھوڑے غزوہ بنی مصطلق میں حضرت پاک ﷺ کے پاس تیس تھے۔

(۱۵) گھوڑے غزوہ خیبر میں حضرت پاک ﷺ کے پاس دوسو تھے۔

(۱۶) گھوڑے غزوہ تبوک میں حضرت پاک ﷺ کے پاس دس ہزار تھے۔

(۱۷) گھوڑے کی وجہ سے سوار مجاہد کو بنسبت پیدل مجاہد کے دوگنی غنیمت ملتی ہے۔

(۱۸) گھوڑے کی اہمیت جدید ترین ٹیکنالوجی کے باوجود آج بھی پوری دنیا کی جنگوں میں تسلیم کی جاتی ہے۔

جہاد

(۱) جہاد کے بارے میں قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے چار سو سے زائد آیات نازل فرمائیں۔

(۲) جہاد کے عنوان پر امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۴۱ ابواب قائم فرمائے۔

(۳) جہاد کے عنوان پر امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۰۰ ابواب قائم فرمائے۔

(۴) جہاد کے عنوان پر امام ابوداود رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۷۶ ابواب قائم فرمائے۔

(۵) جہاد کے عنوان پر امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے ۱۱۵ ابواب قائم فرمائے۔

(۶) جہاد کے عنوان پر امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے ۴۸ ابواب قائم فرمائے۔

(۷) جہاد کے عنوان پر امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے ۴۶ ابواب قائم فرمائے۔

(۸) جہاد کے عنوان پر فقہ کی ہر کتاب مسائل جہاد سے مزین ہوئی۔

(۹) جہاد عبادت بھی اور ضرورت بھی ہے۔

(۱۰) جہاد سیاحت بھی اور رہبانیت بھی ہے۔

(۱۱) جہاد باعث حصولِ فضائل بھی اور فرض بھی ہے۔

(۱۲) جہاد ایمان کی علامت ہے۔

(۱۳) جہاد کی وجہ سے ایمان کی تکمیل ہوتی ہے۔

(۱۴) جہاد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔

(۱۵) جہاد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا حصول ہوتا ہے۔

(۱۶) جہاد کی وجہ سے گناہوں کی معافی اور آخرت میں درجات کی بلندی حاصل ہوتی ہے۔

(۱۷) جہاد کی وجہ سے وہ روحانی ترقیاں منٹوں میں حاصل ہوتی ہیں جو بغیر جہاد کے برسوں کی ریاضت سے بھی حاصل نہیں ہوتیں۔

(۱۸) جہاد ہی کیلئے حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نے ایک سو بیویاں کیں۔

(۱۹) جہاد کے ذریعہ اس امت کا فرعون ابوجہل اور نبوت کے بعد پہلا فتنہ انکار زکوٰۃ وارتداد کا ختم ہوا۔

(۲۰) جہاد ہی کے ذریعے اس امت کا آخری اور سب سے بڑا فتنہ دجال ختم ہوگا۔

(۲۱) جہاد کی وجہ سے علماء امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ ادا کر کے انبیاء علیہم السلام کی نیابت کا شرف حاصل کرتے ہیں۔

(۲۲) جہاد کی وجہ سے علماء قضاء کے عہدوں پر فائز ہوتے ہیں۔

(۲۳) جہاد کی وجہ سے تبلیغ دین اور علوم شریعت کی اشاعت کی راہ ہموار ہو رہی ہوتی ہے۔

(۲۴) جہاد کی وجہ سے علماء کی عظمت، سلاطین واُمرا کی اطاعت ہوتی ہے۔

(۲۵) جہاد کی وجہ سے مستحسن اور شرعی باتوں کا فروغ اور مذموم وممنوع غیر شرعی باتوں کا زوال ہوتا ہے۔

(۲۶) جہاد کی وجہ سے احکام شرعیہ کا قیام ہوتا ہے۔

(۲۷) جہاد کی وجہ سے ایمان، مال، جان اور عزت کا تحفظ ہوتا ہے۔

(۲۸) جہاد کی وجہ سے کفار کو مسلمانوں کے قریب آ کر دین اسلام کو دیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔

(۲۹) جہاد کی وجہ سے کفار کو قبول اسلام کی توفیق مل جاتی ہے اور ضدی کافروں کا صفایا ہو جاتا ہے۔

(۳۰) جہاد کی وجہ سے عبادت گاہوں کا تحفظ ہوتا ہے اگر چہ وہ کفار ہی کی کیوں نہ ہوں۔

(۳۱) جہاد کی وجہ سے فساق وفجار منکرات، بدعات اور فواحش سے باز آتے ہیں۔

(۳۲) جہاد کی وجہ سے انسان کی فطرت اور طبیعت میں قتل وغارت گری کا مادہ اپنے صحیح مصرف پر خرچ ہوتا ہے۔

(۳۳) جہاد کی وجہ سے دولت کی فراوانی ہوتی ہے اور محتاجی ختم ہوتی ہے۔

(۳۴) جہاد کی وجہ سے غلاموں اور باندیوں کی نعمت حاصل ہوتی ہے۔

(۳۵) جہاد کی وجہ سے فرشتے آسمان سے مدد کو اترتے ہیں۔

(۳۶) جہاد مسلمان کے مدمقابل آنے والے کفار کیلئے عذاب اور رسوائی ہے۔

(۳۷) جہاد مسلمانوں کے دلوں کی شفاء، دل کے غیظ و غضب کے دور ہونے کا ذریعہ ہے۔

(۳۸) جہاد اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

(۳۹) جہاد کی وجہ سے پوری کائنات مسلمان کیلئے مسخّر ہوجاتی ہے۔

(۴۰) جہاد میں ہاتھ مسلمان کا مگر طاقت اللہ تعالیٰ کی استعمال ہوتی ہے۔

(۴۱) جہاد ہمارا محافظ، ہمارا دفاع اور ہمارا قلعہ ہے۔

(۴۲) جہاد کی وجہ سے منافقین کی سازشیں بھی دم توڑ جاتی ہیں۔

(۴۳) جہاد کی وجہ سے ذمی کافروں کی بھی جان، مال، عزت محفوظ ہوجاتی ہے۔

(۴۴) جہاد کی وجہ سے بزدلی سے حفاظت ہوتی ہے جو کہ مرد میں بہت بڑا عیب ہے۔

(۴۵) جہاد کی تیاری کرنا واجب ہے۔

(۴۶) جہاد کی تربیت کافروں سے حاصل کرنا بھی جائز ہے۔

(۴۷) جہاد کرنے والے مسلمان مجاہد قتل کرتا رہے تو غازی اور قتل ہوجائے تو شہید کہلاتا ہے۔

(۴۸) جہاد میں افرادی قوت کیلئے شریعت مطہرہ نے چار شادیوں کو جائز قرار دیا۔

(۴۹) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے معاشی بدحالی، خوف، بدامنی، مایوسی اور ناامیدی پیدا ہوتی ہے۔

(۵۰) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے مسلمانوں پر عمومی عذاب آتا ہے۔

(۵۱) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے غلامی کی زندگی اور بزدلی مقدر بن جاتی ہے۔

(۵۲) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے دینی احکام کے قیام کی برکات سے محرومی ہوتی ہے۔

(۵۳) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے جان، مال، عزت دشمن کے رحم و کرم پر ہوتی ہے۔

(۵۴) جہاد چھوڑنے سے زمین میں فتنہ و فساد برپا ہو جاتا ہے۔

(۵۵) جہاد بغیر عذر کے چھوڑنے والا فاسق بن جاتا ہے۔

(۵۶) جہاد میں تاویل کرنے والا متبدع فی العقیدہ یعنی بد اعتقاد ہوتا ہے۔

(۵۷) جہاد میں تحریف کرنے والا اور انکار کرنے والا کافر ہے۔

(۵۸) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے دل سے کفر و معصیت کی نفرت ختم ہو جاتی ہے۔

(۵۹) جہاد چھوڑنے کی وجہ سے آدمی موت سے قبل ہی مصائب میں مبتلا ہوتا ہے۔

(۶۰) جہاد چھوڑ کر مرنا منافقت کی موت ہے۔

☆☆☆

مجاہد

(۱) مجاہد اللہ تعالیٰ کی زمین پر اللہ تعالیٰ کا نمائندہ ہوتا ہے۔

(۲) مجاہد جب میدان جنگ میں اکڑ کر چلتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر فخر فرماتے ہیں۔

(۳) مجاہد کا میدان جنگ میں ایک منٹ کا قیام عابد کی ستر سالہ بے ریا عبادت سے افضل ہے۔

(۴) مجاہد کا رات کو پہرہ دینا حجر اسود کے پاس کھڑے ہو کر لیلۃ القدر کی عبادت سے افضل ہے۔

(۵) مجاہد کا ایک دن و رات غیر مجاہد کے مہینہ کے روزوں اور رات کے قیام سے افضل ہے۔

(۶) مجاہد کے پاؤں کا غبار اور جہنم کا دھواں کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔

(۷) مجاہد کے دن گھوڑے کی پیٹھ اور رات مصلّے پر گزرتی ہے۔

(۸) مجاہد کی عبادت پر فرشتے بھی رشک کرتے ہیں۔

(۹) مجاہد سرحدات کو محفوظ کر کے پوری امت کے اعمال کا اجر و ثواب کماتا ہے۔

(۱۰) مجاہد کے لئے بلوں میں کیڑے، سمندر میں مچھلیاں، فضاؤں میں پرندے بھی دعا کرتے ہیں۔

(۱۱) مجاہد کی پشت پر مظلوموں کی دعائیں ہوتی ہیں۔

(۱۲) مجاہد کیلئے رات کی تنہائی میں امت کی مائیں، بیٹیاں اور بہنیں آنسو گراتی ہیں۔

(۱۳) مجاہد کی ہمت، عزم اور نظر کی بلندی پر آسمان بھی رشک کرتا ہے۔

(۱۴) مجاہد کی ثابت قدمی اور استقامت کے سامنے پہاڑ بھی گردن جھکا دیتا ہے۔

(۱۵) مجاہد کی عاجزی وانکساری کے سامنے زمین بھی شرمندہ ہوتی ہے۔

(۱۶) مجاہد مصائب میں الجھ کر مسکراتا ہے۔

(۱۷) مجاہد ہر مشکل کا مقابلہ خندہ پیشانی سے کرتا ہے۔

(۱۸) مجاہد کو شجاعت اور بہادری بھی سلام کرتی ہے۔

(۱۹) مجاہد صابر ہوتا ہے۔

(۲۰) مجاہد جفاکش ہوتا ہے۔

(۲۱) مجاہد قناعت، زہد، سادگی کی مثالِ بے مثال ہوتا ہے۔

(۲۲) مجاہد توحید کی دعوت اپنے عمل سے دیتا ہے۔

(۲۳) مجاہد خاموش داعی ہوتا ہے۔

(۲۴) مجاہد کی زندگی دین کا نمونہ ہوتی ہے۔

(۲۵) مجاہد کی جان و مال کی قیمت جنت ہے۔

(۲۶) مجاہد کا زیور مجاہد کا اسلحہ ہوتا ہے۔

(۲۷) مجاہد کا اصل سامانِ حرب اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل یقین ہوتا ہے۔

(۲۸) مجاہد مسلح ہو کر بھی اپنے امیر کی اطاعت کرتا ہے۔

(۲۹) مجاہد طاقتور ہو کر بھی کمزور پر ہاتھ نہیں اٹھاتا۔

(۳۰) مجاہد کے نعرے کفر پر ایٹم بم بن کر گرتے ہیں۔

(۳۱) مجاہد مسلمانوں کے ایمان، عزت، مال اور جان کا محافظ ہوتا ہے۔

(۳۲) مجاہد جاگتا ہے جس کے بھروسہ پر پوری امت سوتی ہے۔

(۳۳) مجاہد اپنا خون پیش کر کے امت کے خون کو محفوظ کر دیتا ہے۔

(۳۴) مجاہد اشاعتِ دین کے دروازے کھولتا ہے۔

(۳۵) مجاہد اپنوں کیلئے ریشم اور غیروں کیلئے فولاد ہوتا ہے۔

(۳۶) مجاہد کو اپنے مشن اور پروگرام کی صداقت پر چڑھتے سورج سے زیادہ یقین ہوتا ہے۔

(۳۷) مجاہد کی مدد کیلئے آسمان سے فرشتے اترتے ہیں۔

(۳۸) مجاہد کی بیوی کی حرمت مسلمان پر ماں کی طرح ہے۔

(۳۹) مجاہد کی آواز پر درندے بھی جنگل خالی کر دیتے ہیں۔

(۴۰) مجاہد کیلئے کائنات کی ہر چیز مسخر ہو جاتی ہے۔

(۴۱) مجاہد اللہ تعالیٰ کا محبوب ہوتا ہے۔

(۴۲) مجاہد اللہ تعالیٰ کا سچا عاشق ہوتا ہے۔

(۴۳) مجاہد اللہ تعالیٰ کا حقیقی فرمانبردار ہوتا ہے۔

(۴۴) مجاہد کی جان اور مال کا خریدار اللہ تعالیٰ ہوتا ہے۔

(۴۵) مجاہد کی جان و مال کی قیمت جنت ہے۔

(۴۶) مجاہد کے استقبال کیلئے حوریں جنت سے زمین پر اترتی ہیں۔

(۴۷) مجاہد کے خون کے پہلے قطرے سے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

(۴۸) مجاہد اپنی روح بدن سے جدا ہونے سے پہلے جنت میں اپنا محل دیکھ لیتا ہے۔

(۴۹) مجاہد کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے عرش کا سایہ نصیب ہوگا۔

(۵۰) مجاہد کا جاگنا، سونا، کھانا، پینا، اٹھنا بیٹھنا، رکنا چلنا، جینا مرنا سب عبادت ہی عبادت بلکہ عابدین کے لئے بھی قابل رشک ہے۔

☆☆☆

جہاد کے آداب

(۱) جب جہاد کیلئے گھر سے نکلو تو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکلو۔

(۲) اتراتے ہوئے اور اکڑتے ہوئے نہ نکلو۔

(۳) آپس میں ایک دوسرے سے جھگڑا نہ کرو۔

(۴) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت پیش نظر رکھو۔

(۵) اپنے مجاہدین ساتھیوں کی خوب خدمت کرو۔

(۶) حدودِ شریعت کا خیال رکھو۔

(۷) عین معرکہ قتال کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر خوب کثرت سے کرو۔

(۸) اپنی طاقت اور قوت کے بجائے اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ رکھو۔

(۹) ناموافق حالات میں خواہش کے مخالف بھی امیر کے حکم کی اطاعت کرو۔

(۱۰) مقابلہ کے وقت ثابت قدم رہو۔

(۱۱) جب سوار ہونے لگو تو اللہ تعالیٰ کی نعمت کو یاد کرو اور یہ دعا پڑھو۔

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ o وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ. (سورة الزخرف،)

(۱۲) جب بلندی پر چڑھو تو اللہ تعالیٰ کی عظمت کا خیال کر کے اللہ اکبر اللہ اکبر پڑھو۔

(۱۳) جب پستی کی طرف آؤ تو اپنی عاجزی اور اللہ تعالیٰ کے پستی سے پاک ہونے کا خیال کر کے **سُبۡحٰنَ اللّٰہ سُبۡحٰنَ اللّٰہ** کہو۔

(۱۴) فتح و نصرت پر فخر نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرو۔

(۱۵) جو مالِ غنیمت یا فتح ملے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو اور جو مصیبت اور دکھ پہنچے اس پر صبر کرو۔

(۱۶) کتا اور گھنٹیاں ساتھ نہ رکھو کہ اس سے فرشتے قافلہ کے ہمراہ نہیں ہوتے۔

(۱۷) ہر معرکہ کو زندگی کا آخری معرکہ سمجھ کر لڑو۔

(۱۸) شہادت کی تمنا کرتے ہوئے اس کی طلب میں آگے ہی آگے بڑھو۔

(۱۹) جنگ جس قدر گھمسان کی ہو مگر جنگ سے ہرگز پیٹھ پھیر کر نہ بھاگو۔

(۲۰) جہاد کے سفر سے واپسی پر ان کلمات توحید کو زبان سے ادا کرنا مسنون ہے

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَاشَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیۡئٍ قَدِیۡرٌ. آئِبُوۡنَ تَآئِبُوۡنَ عَابِدُوۡنَ سَاجِدُوۡنَ سَائِحُوۡنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوۡنَ صَدَقَ اللّٰہُ وَعۡدَہٗ وَنَصَرَ عَبۡدَہٗ وَھَزَمَ الۡاَحۡزَابَ وَحۡدَہٗ.

☆☆☆

اعتراض (۱)

جہاد فی سبیل اللہ بلکہ جہاد اقدامی کے بارے میں ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ شریعت مطہرہ نے ہمیں جہاد کی اجازت تو دی ہے مگر اس شرط پر کہ کفار حملہ آور ہوں وگرنہ ہمیں پہل کرنے کی اجازت نہیں ہے اور اس کیلئے قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ اور ان جیسی دیگر آیات پیش کی جاتی ہیں۔

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ (سورہ بقرہ، آیت نمبر ۱۹۰)

ترجمہ:

اور تم اللہ تعالیٰ کے راستہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں۔

فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَاعْتَدٰى عَلَيْكُمْ (سورۃ بقرہ، آیت نمبر ۱۹۶)

جو تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس کا بدلہ زیادتی کی مقدار کے مطابق لے سکتے ہو۔

فَاِنَّمَا عَلَیْکَ الْبَلَاغُ وَعَلَیْنَا الْحِسَابُ (سورۃ الرَّعد، آیت نمبر ٤٠)

(اے نبی ﷺ) تمہارے ذمہ بات پہنچانا ہے اور حساب ان کا ہمارے ذمہ ہے

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ (سورۃ النحل، آیت نمبر ١٢٦)

اور اگر تم سزا دینا چاہو تو اتنی ہی دو جتنی تمہیں تکلیف دی گئی ہے۔

جواب:

جواب سے قبل ایک بات ذہن نشین فرمالیں کہ قرآن کریم میں بعض آیات واحکامات منسوخ ہوئے ہیں۔ جیسے پہلے روزہ رات اور دن کا تھا مگر اب صرف دن کا ہے پہلے جہاد میں ایک کا مقابلہ دس سے تھا مگر اب ایک کا مقابلہ دو سے ہے وغیرہ۔

اور قرآن کریم میں بھی اس مسئلہ کی بڑی وضاحت موجود ہے

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰیَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَیْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا

(سورۃ البقرہ، آیت نمبر ١٠٦)

اور اس نسخ کی چار صورتیں ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ آیت کی تلاوت باقی ہو اور اس کا حکم منسوخ ہو جائے۔ جسے **مَنْسُوْخُ الْحُکْم دُوْنَ التِّلَاوۃ** کہا جاتا ہے۔

اس مختصر سی تمہید کے بعد اصل جواب ملاحظہ فرمائیں

مشہور ومعروف مفسر، محدث اور فقیہ ملا احمد جیون میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرہ آفاق تصنیف ''**تفسیرات احمدیه فی بیان الآیات الشرعیه**'' میں تحریر فرماتے ہیں۔

اب میں آپ کو وہ آیات بتلاتا ہوں جو **مَنْسُوْخُ الْحُکْم دُوْنَ التِّلَاوۃ** ہیں اور مجھے کتب کی چھان بین سے دستیاب ہوئی ہیں۔

وہ تمام آیات جن میں مقاتلین سے عفو و درگزر کا تذکرہ ہے جیسے **وَمَا عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلَاغ** اور **لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِىَ دِيْن** (سورۃ الکافرون)

یا جن میں جنگ میں پہل کرنے سے روکا گیا ہے مثلاً **وَلَاتَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْن** (سورۃ البقرہ، آیت نمبر ۱۹۰)

ایسی تمام آیات ان آیات سے **منسوخ** ہیں جن میں ہمیں جنگ کا حکم دیا گیا ہے جیسے **وَقَاتِلُواالْمُشْرِكِيْنَ كَافَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً** (سورۃ توبہ، آیت نمبر ۳٦) اور **فَاِذَاا نْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوْاالْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوْهُمْ** (سورۃ توبہ ، آیت نمبر ٥)

امام زاہدؒ کہتے ہیں کہ تقریباً ستّر (۷۰) آیات ایسی ہیں جو آیات قتال سے **منسوخ** ہیں۔

صاحب الاتقان لکھتے ہیں کہ ایک سو چوبیس (۱۲۴) آیات اس آیت سے **منسوخ** ہیں **فَاِذَاا نْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوْاالْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوْهُمْ** (سورۃ توبہ ، آیت نمبر ٥)

(تفسیرات احمدیہ فی بیان الآیات الشرعیہ)

اس لئے ایسی تمام آیات کا حکم چونکہ منسوخ ہے لہٰذا ان کو دلیل بنا کر اقدامی جہاد سے انکار کرنا ایک حکمِ شرعی کا انکار کرنا ہے جو کہ کسی طرح بھی جائز نہیں ہے۔

منسوخ آیتوں کو نہ حیلہ بنایئے
یہ فلسفہ غلط ہے دفاعی جہاد کا
مقصودِ جہد شوکتِ اسلام ہے فقط
لازم ہے یوں مٹانا زمین سے فساد کا

جہاد کی اقسام

جہاد کی دو قسمیں ہیں جہاد کی ایک قسم ''دفاع'' ہے جس کو دفاعی جہاد کہتے ہیں یعنی کافروں کی کوئی قوم ابتداءً مسلمانوں پر حملہ آور ہو تو مسلمان اس کی مدافعت کیلئے ان کا مقابلہ کریں جہاد کی اس قسم کو حق تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس طرح بیان فرمایا ہے۔

وَقَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَکُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ (سورة بقره ، آیت نمبر ۱۹۰)

اور قتال کرو خدا کی راہ میں ان لوگوں سے جو تم سے جنگ کرتے ہیں اور زیادتی مت کرو تحقیق اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّھُمْ ظُلِمُوْا وَاِنَّ اللّٰہَ عَلٰی نَصْرِھِمْ لَقَدِیْرُ ۙ الَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّا اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ

(سوره حج، آیت نمبر ۳۹ ، ۴۰)

مسلمانوں کو ان کافروں سے جہاد و قتال کی اجازت دی گئی جو کافر مسلمانوں سے لڑتے ہیں اس وجہ سے کہ مسلمان ستم رسیدہ ہیں اور بے شک اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی مدد پر قادر ہے یہ مسلمان اپنے گھروں سے محض بے وجہ نکالے گئے سوائے اس کے کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ یہ کہتے تھے کہ ہمارا پروردگار ایک اللہ ہے۔

جہاد کی دوسری قسم ''اقدامی جہاد'' ہے یعنی جبکہ کفر کی قوت اور شوکت سے اسلام کی آزادی کو خطرہ ہو تو ایسی حالت میں اسلام اپنے ماننے والوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ تم دشمنانِ اسلام پر جارحانہ حملہ اور دشمن کی طرف پیش قدمی کرو کیونکہ جب دشمنوں کی طرف سے خطرہ ہو تو احتیاط اور حفظِ ما تقدّم کا تقاضا یہی ہے کہ تم ان پر جارحانہ اقدام

کروتا کہ اسلام اور مسلمان کفر اور شرک کے فتنہ سے محفوظ ہو جائیں اور بغیر کسی خوف و خطرہ کے امن و عافیت کے ساتھ خداوند تعالیٰ کے احکامات کو بجالاسکیں اور کوئی قوت و طاقت ان کو ان کے سچے دین سے نہ ہٹا سکے اور نہ پھیر سکے اور نہ کوئی طاقت قانونِ خداوندی کے اجراء اور نفاذ میں رکاوٹ بن سکے۔

ایسے موقع پر عقل اور فراست، تدبیر اور سیاست کا یہی مقتضٰی ہے کہ خطرہ کو پیش آنے سے پہلے ہی ختم کر دیا جائے۔ اس انتظار میں رہنا کہ جب خطرہ سر پر آ جائے گا اس وقت مدافعت کریں گے یہ اعلیٰ درجہ کی حماقت اور بیوقوفی ہے۔ جس طرح شیر اور چیتا کو حملہ کرنے سے پہلے ہی قتل کر دینا اور سانپ اور بچھو کے کاٹنے سے پہلے ہی سر کچل دینا ظلم نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ کی تدبیر اور انجام بینی ہے۔ اسی طرح کفر و شر کا سر اٹھانے سے پہلے ہی سر کچل دینا اعلیٰ درجہ کی تدبیر ہے۔

چور وڈاکو اور درندے اگر کسی جنگل اور بیابان میں جمع ہوں تو دانائی اور عقل کا تقاضا یہ ہے کہ قبل اس کے کہ وہ شہر کا رخ کریں ان کو آبادی کا رخ کرنے سے پہلے ہی ختم کر دیا جائے کیوں کہ درندوں کے قتل میں اقدام ہی عقل اور دانائی ہے اور **فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ** (سورۃ توبہ، آیت نمبر ٥) (اور قتل کرو مشرکین کو جہاں تم ان کو پاؤ) اور **اَيْنَمَا ثُقِفُوْا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوا تَقْتِيْلًا** (سورۃ احزاب، آیت نمبر ٦١) (اور جہاں وہ ملیں ان کو پکڑا جائے اور قتل کر دیا جائے) میں اس قسم کے کافر مراد ہیں۔ درندوں کے قتل میں دفاع کا تصور کرنا اور یہ سوچنا کہ جب یہ درندے مل کر ہم پر حملہ آور ہوں گے اس وقت ہم ان کی مدافعت کریں گے اس قسم کا تصور اہلِ عقل کے نزدیک کھلی حماقت اور نادانی ہے حق تعالیٰ شانہ کے اس ارشاد ''**وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ**'' (سورۃ انفال، آیت

نمبر ۳۹) میں اسی قسم کا جہاد مراد ہے۔

یعنی اے مسلمانو! تم کافروں سے یہاں تک جہاد و قتال کرو کہ کفر کا فتنہ باقی نہ رہے اور اللہ کے دین کو پورا غلبہ حاصل ہو جائے۔ اس آیت میں فتنہ سے کفر کی قوت اور شوکت کا فتنہ مراد ہے اور ”وَیَكُوْنَ الدِّیْنُ كُلُّهٗ لِلّٰه“ (سورۃ انفال، آیت نمبر ۳۹) سے دین کا ظہور اور غلبہ مراد ہے جیسا کہ دوسری آیت میں ہے ”لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّه“ (سورۃ صف، آیت نمبر ۹) یعنی دین کو اتنا غلبہ اور قوت حاصل ہو جائے کہ کفر کی طاقت سے اس کے مغلوب ہونے کا احتمال باقی نہ رہے اور دین اسلام کو کفر کے فتنہ اور خطرہ سے بالکلیہ اطمینان حاصل ہو جائے۔ (سیرت المصطفیٰ ج ۲)

☆☆☆

اعتراض (۲)

قرآن کریم نے حضرت پاک ﷺ کی مکی زندگی کو ذکر فرمایا اور آپ کی دعوت و تبلیغ اور اس پر کفار مکہ کی طرف سے پیش آمدہ مصائب و مشکلات اور اس پر آپ کے صبر و استقامت کو بیان کرتے وقت جن الفاظ کو استعمال فرمایا وہ یہ ہیں۔

فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِیْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَاداً كَبِیْرًا (سورۃ فرقان، آیت نمبر ۵۲)

اس آیت کریمہ میں آپ کی دعوت و تبلیغ کو صرف جہاد ہی نہیں بلکہ جہاد کبیر یعنی بڑا جہاد قرار دیا حالانکہ اس میں قتل ہے نہ قتال بلکہ یہ اس وقت کی بات ہے جب کہ صریح اور واضح حکم ”كُفُّوْا اَیْدِیَكُمْ“ (سورۃ نساء، آیت نمبر ۷۷) ”یعنی اپنے ہاتھوں کو روکو“ کے ذریعہ سے قتال کرنے کی ممانعت تھی۔

تو اگر جہاد فی سبیل اللہ صرف قتال فی سبیل اللہ ہی کا نام ہے تو قرآن کریم نے دعوت وتبلیغ کو جہاد سے کیوں تعبیر فرمایا؟

جواب نمبرا:

اس آیت کریمہ میں ''جَاهِد'' کا معنی ہے کہ کفار کو تبلیغ کرنے میں خوب کوشش کروانتھک محنت کرو اور اسی محنت ومشقت کے ساتھ دعوت الی اللہ کو لفظ جہاد سے تعبیر فرمایا کیونکہ لغت عرب میں ہر وہ کام جس میں مشقت اور جدوجہد ہو اس کو جہاد ہی کہا جاتا ہے خواہ وہ کوشش اور جدوجہد کسی برے کام میں ہو یا اچھے کام میں مگر اس کو لغت عرب میں جہاد کا نام دے دینے سے وہ شریعت کا حکم جہاد فی سبیل اللہ تو نہیں بن سکتا۔

جواب نمبر۲:

اگر کسی بھی فعل اور عمل کیلئے لفظ جہاد کا استعمال ہی دلیل ہے اس کے جہاد فی سبیل اللہ ہونے کی تو پھر سورۃ لقمان کی آیت کریمہ کے بارے میں آپ کیا کہیں گے جس میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم نے انسان کو حکم دیا کہ والدین کے ساتھ حسن سلوک کرے اور ہمارا اور اپنے والدین کا شکر گزار بن کر رہے اور **وَاِنْ جَاهَدَاكَ عَلٰى اَنْ تُشْرِكَ بِىْ مَالَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا** (سورۃ لقمان ، آیت نمبر ۱۵)

اگر تمہارے والدین خوب کوشش بھی کریں کہ تم میرے ساتھ شرک کرو تو ان کی یہ بات ہرگز نہ ماننا۔

اب دیکھیں اس آیت میں والدین کی شرک اور کفر کی طرف دعوت کو بھی لفظ جہاد سے تعبیر کیا ہے تو کیا اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ کفر اور شرک کی طرف دعوت دینا بھی

جہاد فی سبیل اللہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اس کو جہاد فی سبیل اللہ کہا ہے تو آپ اس کو کیا جواب دیں گے؟ یقیناً آپ اس کو یہی کہیں گے کہ یہاں جہاد اپنے لغوی معنی میں استعمال ہوا ہے نہ کہ اصطلاحی اور شرعی معنی میں اور ہماری بحث جہاد بالمعنی الشرعی کے بارے میں ہے نہ کہ جہاد بالمعنی اللغوی کے بارے میں۔

جواب نمبر۳:

اس بات پر پوری امت کا اتفاق ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ ایک فریضہ اور حکم شرعی ہے جو کہ مدینہ منورہ میں نازل ہوا اور ''وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا'' تو مکی آیت ہے اور اس آیت سے مراد بھی اصطلاحِ شریعت والا جہاد ہو تو پھر یہ کہنا چاہئے کہ جہاد فی سبیل اللہ مکہ میں نازل ہوا جب اس کا کوئی عالم بھی قائل نہیں۔ تو ماننا پڑے گا کہ اس آیت سے اصطلاحی اور حکمِ شرعی ''جہاد فی سبیل اللہ'' مراد نہیں بلکہ مطلقاً کوشش کرنا ہی مراد ہے اور لغت عرب میں کوشش اور جدوجہد کو جہاد کہا جاتا ہے مگر اصطلاحی جہاد فی سبیل اللہ اور چیز ہے اور لغوی جہاد اور چیز ہے۔

جواب نمبر۴:

لغتِ عرب میں تو صلوۃ کا معنی ہے ''تَحْرِيْكُ الْاِلْيَتَيْنِ'' سرین یعنی جسم کے پچھلے حصے کو حرکت دینا اور صلوۃ کے معنی رحمت بھیجنے کے بھی آتے ہیں۔

اور صوم کے معنی لغت عرب میں رکنے کے ہیں اور حج کا معنی ارادہ کرنے کے ہیں خواہ برے کام کا ہو یا کسی اچھے کام کا۔

اب اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں تو صبح اٹھتے ہی اپنے سرین کو حرکت بھی دیتا ہوں اور رحمت کی دعا بھی کر لیتا ہوں لہٰذا میری یہی نماز ہے کیونکہ عربی میں اس کو نماز کہتے ہیں اور کوئی شخص کہے کہ میں ایک آدھ گھنٹے کے لئے کھانے پینے یا بات کرنے سے

رک جاتا ہوں تو میرا یہ ہی روزہ ہے کیا ضرورت ہے پورا دن بھوکا پیاسا اور محبوب بیوی سے دور رہنے کی۔ کیونکہ لغت عرب میں تو صرف رکنے کو ہی روزہ کہتے ہیں۔

یا میں نے بیت اللہ جانے کا ارادہ کرلیا ہے اب کیا ضرورت ہے کہ ہزاروں روپے خرچ کروں اور گرمی کی شدت کا سفر برداشت کروں اور گھر سے دور رہوں کیونکہ لغت عرب میں صرف ارادہ کرنے کو ہی حج کہتے ہیں۔

تو آپ اس مُحقِّق اور مُدقّق کو کیا جواب دیں گے، سوائے اس کے کہ بابا! لغتِ عرب سے اصطلاحاتِ شرعیہ متعین نہیں ہوتیں بلکہ یہ تو صاحبِ شریعت کے متعین کرنے سے متعین ہوتی ہیں اور لغت کو لے کر شریعت کے اعمال کا حلیہ نہیں بگاڑا جاتا۔

ہاں یہ بات الگ ہے کہ لغوی اور اصطلاحی معنی میں مناسبت ضرور ہوتی ہے۔

اس لئے میں کہتا ہوں کہ قرآن وحدیث میں کسی بھی عمل پر لفظ جہاد کے اطلاق اور استعمال کی وجہ سے اس عمل کو شرعی اور اصطلاحی جہاد قرار دینا یہ بد دیانتی ہے یا کم علمی اور کم فہمی۔

میری گزارش ہے کہ اس مقصد کیلئے ایک بار پھر میری اس کتاب کے مقدمہ میں حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔

☆☆☆

اعتراض (۳)

يَـآاَيُّهَا النَّبِىُ جَاهِدِ الْكُفَارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْر. (سورة تحريم، آيت نمبر ۹)

اس آیتِ کریمہ میں بھی ’’جَـاهِـدُ‘‘ کا لفظ ہے اور اس کے معنی بھی قتال نہیں کیونکہ اس میں حکم ہے کہ منافقین سے جہاد کرو اور منافقین سے خود حضرت پاک ﷺ نے بھی قتال نہیں فرمایا اور اگر یہاں ’’جَـاهِـدُ‘‘ کا معنی ’’قـاتِـلُ‘‘ ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ ایسا حکم ہے جس پر خود حضرت پاک ﷺ نے بھی عمل نہیں فرمایا۔

جواب:

اس آیت کریمہ میں ’’جَاهِدُ‘‘ بمعنی ’قَاتِلُ‘‘ ہے یعنی لڑو اور قتال کرو۔ اس پر

پہلی دلیل:

یہ ہے کہ یہ آیت قرآن میں دوبار آئی ہے ایک سورۃ توبہ میں جو کہ خالص جہاد

کے احکام وترغیب وغیرہ پر مشتمل اور مدنی ہے دوسری بار سورۃ تحریم میں اور سورۃ تحریم بھی مدنی ہے اور جہاد بھی مدنی حکم ہے۔

دوسری دلیل:

یہ ہے کہ اس میں حکم ہے ''وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ'' کہ ان کفار ومنافقین پر سختی کرو اور یہ سختی اور غلظت جہاد میں ہی ہوتی ہے نہ کہ دعوت وتبلیغ میں۔ کیوں کہ دعوت وتبلیغ میں تو حکم ہے۔

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ اَدْعُوْ اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ (سورہ یوسف، آیت نمبر ١٠٨)

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (سورہ النحل، آیت نمبر ١٢٥)

اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ (سورہ حم السجدہ، آیت نمبر ٣٤)

تینوں آیات کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ حکمت، بصیرت اور اچھی نصیحت کے ساتھ ان کافروں کو اپنے رب کی طرف دعوت دیں۔

تیسری دلیل:

یہ ہے کہ اس کے متصل بعد فرمایا ''وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ'' کہ ان کا ٹھکانہ جہنم ہے ان کو قتل کرو اور ان کے ٹھکانہ اور مقام تک پہنچاؤ۔

اور آیاتِ دعوت وتبلیغ کا انداز یہ نہیں ہوتا بلکہ ان کے آخر میں کوئی نہ کوئی ہدایت کی طرف ترغیب دینے والا یا پھر کفر وشرک سے بیزاری کا اظہار کرنے والا جملہ ہوتا ہے اور یہاں پر تو ذکر ہی اس کا کیا جس کا تعلق ہی موت سے ہے کیونکہ جہنم تو موت کے بعد ہی ہے یعنی قتل ہوں اور پہنچیں اپنے ٹھکانہ پر۔

پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا

تائید:

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ نے بھی تفسیر عثمانی میں اس آیت کا ترجمہ یہ کیا ہے۔

(اے نبی لڑائی کر منکروں سے اور دغا بازوں سے اور سختی کر ان پر اور ان کا گھر دوزخ ہے اور بری جگہ جا پہنچے)

جواب نمبر۳: اس آیت کریمہ میں دو حکم ہیں جہاد اور غلظت یعنی سختی کرنا اور دو ہی قسم کے لوگوں کا ذکر ہے کفار اور منافقین تو آیت کا معنی یہ ہوا کہ اعلانیہ جو کفار ہیں ان کے ساتھ جہاد یعنی قتال کرو اور جو منافقین ہیں ان پر غلظت یعنی سختی کرو۔

اے نبی ﷺ آپ کیجئے بے شک
کافروں اور منافقوں سے جہاد
خوب سختی دکھایئے ان پر
تاکہ دوزخ میں جا کے ہوں برباد

باقی رہا یہ اشکال کہ پھر منافقین سے قتال کیوں نہیں کیا؟ اس کا جواب تو یہ ہے کہ منافق ہوتا ہی وہ ہے جس کا کفر تو مخفی ہو مگر ایمان ظاہر کرتا ہو تو جب تک کسی کا کفر بالکل ظاہر نہ ہو اس کو قتل کیسے کیا جا سکتا ہے؟

علماء نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ زمانہ نبوت میں چونکہ حضرت پاک ﷺ کو بذریعہ وحی مطلع کر دیا جاتا تھا مگر ہم کو کسی کے باطنی کفر پر فتوی کا کوئی حق حاصل نہیں اِلّا یہ کہ کوئی شخص باطنی کفر کو از خود ظاہر کر دے مگر جب وہ ظاہر کر دے گا تو پھر وہ منافق نہ رہا بلکہ اعلانیہ کافر ہو گیا۔

البتہ ایک اشکال پھر بھی باقی رہ جاتا ہے کہ جب حضرت پاک ﷺ کو بذریعہ وحی منافقین کا علم ہو جاتا تھا تو پھر آپ نے منافقین سے جہاد یعنی قتال کیوں نہ کیا؟

تو اس کی وجہ یہ ہے کہ منافق تو ہوتا ہی وہ ہے جس کے دل میں کفر ہو مگر زبان سے اسلام کا اظہار کرے جس کی وجہ سے لوگ اس کو مسلمان سمجھتے ہیں تو اگر حضرت پاک ﷺ منافقین کو قتل فرماتے تو لوگوں کو اعتراض کا موقع ملتا کہ محمد ﷺ اپنے ہی لوگوں کو قتل کرتے ہیں۔ (دیکھئے عہدِ نبوت کا واقعہ)

شعبان ۵ ھ جو غزوہ بنی مصطلق کے سفر میں منافقین کے سردار عبداللہ بن ابی بن سلول نے کہا کہ یہ مہاجرین لوگ ہم پر غالب آ گئے ہیں خدا کی قسم مدینہ پہنچ کر عزت والا ذلت والے کو مدینہ سے باہر نکال دے یعنی ہم لوگ مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم کو مدینہ سے نکال دیں گے حضرت پاک ﷺ کو اطلاع پہنچی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں تو آپ ﷺ نے فرمایا رہنے دو کیونکہ (لوگوں کو حقیقت حال کا پتہ نہیں ہے) لوگ کہیں گے کہ محمد (ﷺ) اپنے ہی ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں۔ (صحیح بخاری کتاب التفسیر)

اب دیکھیں حضرت پاک ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ ان منافقین کو قتل نہیں کرنا بلکہ ایک خاص وجہ کے تحت قتل نہیں فرمایا۔ مگر منافقین کے قتل کو پسند کرنا اور کسی خاص عذر کی وجہ سے قتل نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ منافق کا قتل بھی فی نفسہ جائز بلکہ سنت ہے۔

مثال:

اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ حضرت پاک ﷺ نے غزوہ خندق کے موقع پر عُیَینہ بن حصن فزاری کو مدینہ کی نصف کھجوریں دے کر صلح کا ارادہ فرمایا تھا مگر سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کے مشورہ کے بعد آپ ﷺ نے ارادہ ملتوی فرما دیا۔

(ابن هشام)

مگر اب یہ مستقل مسئلہ بن گیا ہے کہ اگر کسی وجہ سے کافروں کو مال دے کر صلح کرنی پڑے تو جائز ہے۔

اس طرح پاجامہ حضرت پاک ﷺ نے استعمال نہیں فرمایا مگر صرف پسند فرمایا مگر اسے استعمال کرنا سنت ہو گیا۔

اور محرم کا دسویں تاریخ کا روزہ رکھا مگر یہ بھی فرمایا کہ آئندہ برس زندہ رہا تو ایک روزے کا اضافہ کروں گا لہٰذا اب نو یا گیارہ کا روزہ بھی سنت ہے۔

اس لئے یہ بڑے اعتماد کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ منافقین کا قتل بھی گویا کہ حضرت پاک ﷺ کی سنت سے ثابت ہو گیا۔

لہٰذا اس آیت میں بغیر کسی شک وشبہ کے یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ آیت کریمہ میں ''جَاهِدْ'' سے مراد قاتل ہی ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۴)

وَالَّذِیْنَ جَاھَدُ وْافِیْنَا لَنَھْدِ یَنَّھُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ

(سورۃ عنکبوت، آیت نمبر ٦٩)

جو لوگ ہمارے لئے محنت کرتے ہیں ہم ان کو اپنے (قرب و رضا اور اپنی جنت) کے راستے دکھاتے ہیں۔

یہ آیت مکی ہے اور اس آیت کریمہ میں صاف طور پر دین کی محنت کو جہاد فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاد کا معنی صرف قتال ہی نہیں بلکہ دینی محنت و کوشش کو بھی جہاد کہہ سکتے ہیں۔

جواب نمبر ۱:

یہ سورۃ عنکبوت اگرچہ مکی ہے مگر یہ خاص آیت کریمہ اگر مدنی ہے (جیسا کہ عام طور پر مدنی سورتوں میں مکی آیات اور مکی سورتوں میں مدنی آیات بھی شامل ہیں) تو

پھر اس میں بحث کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ قتال فی سبیل اللہ کرنے والے کیلئے راہِ جنت اور راہِ قربِ خداوندی بہت جلد کھول دیئے جاتے ہیں۔

اور اگر یہ آیت کریمہ مکی ہے تو اس کا مطلب بڑا صاف اور واضح ہے کہ جو لوگ بھی اللہ تعالیٰ کیلئے مشکلات برداشت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے دلوں کو منور فرما دیتے ہیں قرب خداوندی کی منازل وہ لوگ طے کر لیتے ہیں اور ظاہری بات ہے کہ جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ لغتِ عرب میں تو ہر کوشش اور محنت کیلئے لفظ جہاد ہی استعمال ہوتا ہے مگر اس سے اصطلاحی ''جہاد فی سبیل اللہ'' کے مفہوم میں تعمیم اور وسعت کہاں سے ثابت ہوئی؟

جواب نمبر۲:

فعل ''جَاهَدَ يُجَاهِدُ'' بروزن ''فَاعَلَ يُفَاعِلُ'' کا مصدر ''مُفَاعَلَةٌ'' آتا ہے اور ''فِعَالٌ'' بھی۔ اس مقام پر جو ''جَاهَدُوا'' استعمال فرمایا ہے اس کا مصدر ''مُجَاهَدَةٌ'' ہے نہ کہ ''جِهَادٌ'' اور ہماری گفتگو ''جہاد فی سبیل اللہ'' کے بارے میں ہے نہ کہ مجاہدات کے بارے میں اس لئے اس میں کوئی شبہ والی بات باقی ہی نہیں رہ جاتی۔

باقی رہی یہ بات اس جگہ ''جَاهَدُوا'' کا مصدر ''مُجَاهَدَةٌ'' ہے اس کے لئے دیکھئے تفسیر عثمانی جس میں حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کریمہ کے تحت لکھتے ہیں۔

یعنی جو لوگ اللہ کے واسطے محنت اٹھاتے اور سختیاں جھیلتے ہیں اور طرح طرح کے مجاہدات میں سرگرم رہتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو ایک خاص نور بصیرت عطا فرماتا اور اپنے قرب و رضا یا جنت کی راہیں سمجھاتا ہے۔ جوں جوں وہ ریاضات و مجاہدات میں ترقی کرتے ہیں اس قدر ان کی معرفت و انکشاف کا درجہ بلند ہوتا جاتا ہے اور وہ باتیں

سوجھنے لگتی ہیں کہ دوسروں کو اس کا احساس تک نہیں ہوتا۔

راہ خدا میں جو بھی مشقت اٹھائے گا
یعنی کہ جان و مال سبھی کچھ لٹائے گا
کیونکر نہ حق تعالیٰ کو پھر رحم آئے گا
وہ ہر قدم پہ رشد و ہدایت دکھائے گا

حق تعالیٰ ہم سب کو قرآن کریم صحیح سمجھنے کی اور صحیح سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆

اعتراض (۵)

سُوْرَۃُ الْعَادِیَاتِ میں اللہ تعالیٰ نے گھوڑوں کے پاؤں کی قسمیں کھائی ہیں مگر یہ فضیلتیں جہاد اور مجاہدین کے گھوڑوں کی نہیں ہیں۔ کیونکہ جہاد فی سبیل اللہ تو مدینہ منورہ میں نازل ہوا اور یہ سورت مکی ہے۔ مکی سورتوں میں بیان ہونے والے فضائل مدنی احکامات کے لئے کیسے ہو سکتے ہیں؟

جواب نمبر ا:

اس سورت کے مکی اور مدنی ہونے میں حضرات مفسرین کرام رحمۃ اللہ علیہم کے درمیان اختلاف ہے۔ بعض حضرات اس کے مکی ہونے کے قائل ہیں اور بعض حضرات اس کے مدنی ہونے کے قائل ہیں لہٰذا دونوں قسم کے حضرات کی رائے گرامی کے مطابق اس اعتراض کا جواب تحریر کیا جاتا ہے۔

تفسیر نمبر ا:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت جابر رضی اللہ عنہ، حسن بصری، عکرمہ، عطا، رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک مکی ہے (تفسیر قرطبی)

اس سورت میں آیت کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سورت میں مطلقاً جنگی گھوڑوں کی قسم کھائی گئی ہے خواہ وہ جنگی گھوڑے جہاد کیلئے ہوں یا غیر جہاد کیلئے، مگر ہوں جنگی گھوڑے۔

اور مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ گھوڑا جانور ہو کر اپنے مالک اور وہ بھی مجازی اور عارضی کا دانہ گھاس پھوس وغیرہ کھاتا ہے اور اس کے ساتھ وفا کا حق ادا کر دیتا ہے، اپنے مالک کے اشارہ پر گھمسان کی جنگوں میں گھس جاتا ہے، گولیوں کی بارش میں سینہ تان کر مالک کے دشمن کی طرف بڑھتا ہے اور اپنے مالک کو بچانے کیلئے اپنی جان تک کو قربان کر دیتا ہے۔

تو اے انسان! تو اپنے مالک حقیقی کا اس قدر احسان مند بھی نہیں بنتا جس قدر ایک جانور اپنے مالکِ عارضی و مجازی کا بنتا ہے، تو وفا شعاری میں جانور سے بھی بدتر ہو گیا ہے۔

یعنی انسان کو ترغیب وترہیب کے ساتھ راہِ حق پر ڈالنا مقصود ہے۔

تو اس تفسیر کے مطابق اس سورۃ کا جہاد یا مجاہدین کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور یہ ضروری تو نہیں کہ قرآن کریم کی ہر آیت، ہر سورۃ میں بیان ہونے والی فضیلت مجاہدین اور جہاد کے لئے ہی ہو۔ نماز، روزہ، زکوۃ، حج، کی طرح دیگر اعمالِ شریعت مثلاً شکر وصبر، سخاوت وشجاعت، صداقت وحیاء جیسی صفات بھی قرآن نے بیان فرمائی ہیں۔

اس لئے اس سورۃ کے مجاہدین کے بارے میں نازل نہ ہونے سے مجاہدین کی

شان میں کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ مجاہدین کی شان وعظمت اپنی جگہ پر ایک مسلمہ حقیقت ہے اوراس کے فضائل قرآن واحادیث رسول ﷺ میں بے شمار موجود ہیں۔

جواب نمبر۲:

حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت انس رضی اللہ عنہما اور حضرت امام مالک اور حضرت قتادۃ رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ یہ آیت مدنی ہے۔ (تفسیر قرطبی)

تفسیر نمبر۲:

اس سورۃ میں گھوڑوں کی نہیں بلکہ مجاہدین گھڑسواروں کی قسم کھائی گئی ہے جیسا کہ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ موضح القرآن کے حاشیہ پر تحریر فرماتے ہیں ''یہ جہاد والے سواروں کی قسم ہے، اس سے بڑا کوئی عمل ہوگا کہ اللہ کے کام پر اپنی جان دینے کو حاضر''

اور شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر عثمانی میں ''اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ'' کے تحت تحریر فرماتے ہیں۔

''یعنی جہاد کرنے والے سواروں کی اللہ کی راہ میں سرفروشی وجانبازی بتلائی ہے کہ وفادار وشکر گزار بندے ایسے ہوتے ہیں۔ جو آدمی اللہ کی دی ہوئی قوتوں کواس کے راستہ میں خرچ نہیں کرتا وہ پرلے درجے کا ناشکرا اور نالائق ہے۔

اور آگے چل کر آیت

''وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ''

کے تحت تحریر فرماتے ہیں کہ ''یعنی سرفروش مجاہدین اور ان کے گھوڑوں کی وفا شعاری اور شکر گزاری اس کی آنکھوں کے سامنے ہے پھر بھی بے حیا ٹس سے مس نہیں ہوتے''۔

خلاصہ کلام:

یہ ہے کہ اس آیت کو مکی قرار دے کر خواہ مخواہ مجاہدین کے بارے میں فضائل سے پریشان ہونا اہل ایمان کا شیوہ نہیں۔ کیونکہ اگر چند اکابر نے اس کو مکی فرمایا تو دوسرے چند اکابر مدنی بھی ہونے کے قائل ہیں۔

نیز اس آیت کو خواہ مخواہ مدنی قرار دے کر اس کو ہر حال میں مجاہدین کی فضیلت پر ہی محمول کرنا قرآن فہمی نہیں ہے کیونکہ اگر چند اکابر نے اس کو مدنی فرمایا تو دوسرے چند اکابر اس کے مکی ہونے کے بھی قائل ہیں۔

بحث امر و نہی

آئندہ آنے والے صفحات میں قرآن کی چند آیات جو کہ امر و نہی کے متعلقہ ہیں زیر بحث آئیں گی اس لئے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ امر و نہی کی تعریف اصول فقہ کے حوالہ سے کر دی جائے۔ تاکہ آئندہ آنے والے اعتراضات اور ان کے جوابات کو سمجھنا آسان ہو جائے۔ اس لئے آئندہ اعتراضات کو پڑھنے والے حضرات اس بحث پر ضرور نظر کرم فرمائیں۔

اَلْاَمْرُ:

لغتِ عرب میں امر کا معنی ہے "قَوْلُ الْقَائِلِ لِغَيْرِهٖ اِفْعَلْ"۔ لغت عرب میں امر کا معنی ہے کسی شخص کو کسی کا یہ کہنا کہ فلاں کام کرو۔ خواہ منّت کے ساتھ ہو خواہ طاقت کے زور میں ہو خواہ کسی دوسرے طریقہ سے ہو۔

اور اصطلاح شریعت میں امر کا معنی ہے۔

’’تَصَرُّفُ اِلْزَامِ الْفِعْلِ عَلٰی الْغَیر‘‘،(اُصُوْلُ الشَّاشِی)

کسی دوسرے پر کسی کام کے کرنے کو لازمی قرار دینا۔

اور بعض نے یہ تعریف کی ہے

’’قَوْلُ الْقَائِلِ لِغَیْرِہٖ اِفْعَل عَلٰی سَبِیْلِ الْاِسْتِعْلَاءِ‘‘

کسی شخص کو کسی کا بزور طاقت وقوت یہ کہنا کہ فلاں کام کرو۔

اَلنَّھُی:

لغتِ عرب میں نہی کا معنی ہے’’اَلْمَنعُ ‘‘ یعنی روکنا

اور اصطلاحِ شریعت میں نہی کا معنی ہے

’’اِسْتِدْعَاءُ تَرْکِ الْفِعْلِ بِالْقَوْلِ مِمَّنْ ھُوَدُوْنَہٗ‘‘

کسی شخص کا کسی ایسے شخص کو کوئی کام نہ کرنے کا کہنا جو کہ کہنے والے سے کم مرتبہ ہو۔

اور بعض نے تعریف یہ کی ہے

’’ قَوْلُ الْقَائِلِ لِغَیْرِہٖ لَا تَفْعَلُ عَلٰی سَبِیْلِ الْاِسْتِعْلَاءِ‘‘

کسی شخص کا کسی کو بزور طاقت اور قوت کے یہ کہنا کہ فلاں کام نہ کرو **(الفصول)**

خلاصہ:

امر اور نہی کی تعریف کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی شخص کو کوئی فعل کرنے کا حکم دینا یا کسی فعل سے روکنا اس طور پر حکم دیا جا رہا ہے اس پر آپ کو تعلّی، غلبہ اور قوت و طاقت حاصل ہو۔

اور اگر آپ کسی ایسے شخص کو کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کا کہتے ہیں جس پر آپ کو غلبہ اور طاقت حاصل نہیں تو اس کو آپ التماس، درخواست، گزارش یا زیادہ سے زیادہ

ترغیب تو کہہ سکتے ہیں مگر اس کو امر اور نہی نہیں کہہ سکتے۔

اس تفصیل کے بعد گزارش ہے کہ امر و نہی کی آیات و احادیث پر صحیح معنوں میں عمل اس وقت ہوسکتا ہے جب آپ کے ہاتھ میں طاقت اور قوت ہو جیسے اس وقت امارت اسلامیہ افغانستان کو دیکھیں، اس میں حضرت امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد دامت برکاتہم جب فرماتے ہیں کہ نماز کے اوقات میں دکان بند ہو، تمام لوگ نماز با جماعت کا اہتمام کریں، خواتین پردہ کریں وغیرہ اس کو امر کہتے ہیں۔

یا جب فرماتے ہیں کہ کوئی داڑھی نہ منڈائے، ٹی وی، وی سی آر، ڈش کو نہ لگایا جائے کسی جاندار کی تصویر نہ بنائی جائے وغیرہ تو کسی کی کیا مجال ہے کہ اس کی خلاف ورزی کرے اس کو نہی کہتے ہیں۔

نکتہ:

اسی بناء پر تو مسلمانوں کے بادشاہ کو امیر المؤمنین کہا جاتا ہے کہ وہ امر کرتا ہے بلکہ ہر چند افراد یا چند سو افراد پر مشتمل جتھے کے سربراہ کو شریعت میں امیر کہتے ہیں کیونکہ اس کی بات کا ماننا ضروری ہوتا ہے اور اس کو دوسرے افراد پر ایک حیثیت حاصل ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کا کسی بات کا حکم امر اور کسی بات سے روکنا نہی کہلاتا ہے۔

ملحوظہ:

گزشتہ بحث کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کیلئے یہ فیصلہ کرنا انشاءاللہ بہت آسان ہوگا کہ اس دور یا ہر دور میں امر و نہی کرنے والے لوگ کون تھے اور کون ہیں اور یہ فریضہ کون ادا کر رہا ہے

اللہ کریم ہمیں فہم سلیم عطا فرمائے آمین۔ یا رَبَّ الْعٰلَمِیْن

گزارش:

مگر اس سب کے باوجود میری گزارش یہ ہے کہ اگر امر و نہی کے حقیقی معنی پر عمل کرنا مشکل ہو تو بھی جس قدر ممکن ہو سکے اس کی کوشش کرنا چاہئے وگرنہ کم از کم دینی محنت کی خاطر اپنی التماسات اور گزارشات کو تو امر اور نہی کا نام نہیں دینا چاہیے۔ کیونکہ جب ہم عام محنت و ترغیب و ترہیب کو ہی امر اور نہی کا نام دے دیں گے تو امت مسلمہ حقیقی امر و نہی کی کوشش ہی نہیں کرے گی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین صحیح سمجھنے کی اور صحیح سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ **یا رَبَّ الْعٰلَمِیْن**

☆☆☆

اعتراض (٦)

وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّةٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاُولٰئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (آل عمران، آیت نمبر ١٠٤)

ترجمہ:

اور چاہیے کہ رہے تم میں ایک جماعت ایسی جو بلاتی رہے نیک کام کی طرف اور حکم کرتی رہے اچھے کاموں کا اور منع کرے برائی سے اور وہی پہنچے اپنی مراد کو۔

(تفسیر عثمانی)

اس آیت کریمہ سے بعض لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ مجاہدین اس آیت کریمہ کا نہ مصداق ہیں اور نہ ہی اس پر عمل کرتے ہیں کیونکہ اس آیت میں ہے کہ ایسی جماعت ہونی چاہئے جو کہ خیر کی طرف دعوت دے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرے۔ اور مجاہدین تو نہ دعوت دیتے ہیں اور نہ ہی امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرتے ہیں۔

جواب نمبر ا:

اس کی حیثیت بھی ایک دھوکہ سے زیادہ کچھ نہیں ہے کیونکہ اس آیت میں یہ حکم دیا گیا ہے کہ تم میں ایک ایسی جماعت کا ہونا ضروری ہے جو کہ تین کام کرے

یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ ، یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ، یَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَر

اب ہم تینوں کاموں کا جائزہ لیتے ہیں۔

(ا) **یَدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ** : کہ وہ جماعت خیر کی دعوت دے اور خیر کی دو قسمیں ہیں (ا) خیر کامل (۲) خیر ناقص۔ خیرِ کامل تو وہ خیر ہے جس میں پورا دین شامل ہو یعنی نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور جہاد فی سبیل اللہ، وغیرہ اور خیرِ ناقص وہ ہے جس میں پورا دین نہ ہو بلکہ کچھ اعمال کی کمی ہو۔ دیکھئے جو لوگ ایسی خیر کی دعوت دیتے ہیں جس میں جہاد نہ ہو تو گویا کہ وہ خیر ناقص کی دعوت دیتے ہیں اور جہاد کے بغیر باقی اعمال پر عمل کرنا بھی خیرِ ناقص پر عمل کرنا ہے۔

اور جو لوگ جہاد کی دعوت دیتے ہیں وہ خیرِ کامل کی دعوت دیتے ہیں کیونکہ اس میں نماز ہے، روزہ ہے، زکوٰۃ ہے، حج ہے اور جہاد تو ہے ہی بلکہ بعض احادیث میں تو خود جہاد ہی کو مکمل دین قرار دیا گیا ہے۔ حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

”اِذَا تَرَکْتُمُ الْجِهَادَ فَسَلَّطَ اللّٰهُ عَلَیْکُمُ الذِّلَّةَ حَتّٰی تَرجِعُوْا اِلٰی دِیْنِکُمْ“

کہ جب تم جہاد چھوڑ دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت کو مسلط فرما دے گا حتیٰ کہ واپس اپنے دین کی طرف لوٹ آؤ۔ اس حدیث کی شرح میں حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمۃ اللہ علیہ **”بَذْلُ الْمَجْهُوْدُ شَرحُ اَبِی دَاؤُد“** میں فرماتے ہیں کہ یہاں دین سے مراد جہاد ہے۔

اب آپ غور فرمائیں کہ جہاد کے ساتھ دعوت دینا خیرِ کامل کی دعوت ہے یا جہاد کے بغیر دعوت دینا خیر کامل کی دعوت ہے؟

اور جہاد کے زندہ ہونے سے باقی تمام اعمال زندہ ہوتے ہیں اور جہاد کے ختم ہونے سے باقی اعمال بھی ختم ہوجاتے ہیں تو جہاد کی طرف دعوت دینا گویا کہ باقی تمام اعمال کی طرف ہی دعوت دینا ہے لہٰذا جہاد کی دعوت ہی حقیقی معنوں میں دعوت الی الخیر ہے۔

(۲) یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ: اس کے لئے پہلے امر کی بحث دیکھ لی جائے جو کہ ہم پیچھے کر چکے ہیں تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ جہاد کے بغیر تو امر بالمعروف ممکن ہی نہیں کیونکہ امر بالمعروف تو طاقت کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا اور طاقت جہاد کے بغیر حاصل ہی نہیں ہوتی امر بالمعروف جہاد کے بغیر ہو ہی نہیں سکتا۔

اس لئے صحیح معنوں میں یامرون بالمعروف تو مجاہدین کرتے ہیں نا تو کوئی اور کرتا ہے اور نہ ہی کر سکتا ہے۔

(۳) یَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْکَر: اس کے لئے بھی نھی عن المنکر کی بحث کو دیکھ لیا جائے تو آپ اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ جہاد کے بغیر نھی عن المنکر ممکن ہی نہیں کیونکہ نھی عن المنکر کے لئے طاقت کی ضرورت ہوتی ہے اور طاقت تو جہاد ہی سے حاصل ہوتی ہے تو گویا کہ نھی عن المنکر بھی جہاد کے بغیر نہیں ہو سکتا اس لئے صحیح معنوں میں نھی عن المنکر کا فریضہ بھی مجاہدین ہی ادا کرتے ہیں۔

ترغیب نیکیوں کی ہے آساں زبان سے
مشکل ہے ہر کسی کو برائی پہ ٹوکنا
ثابت ہوا کہ قوت و طاقت بغیر تو

ممکن نہیں کسی کو گناہوں سے روکنا

وضاحت:

جو حضرات اپنے آپ کو اس آیت کا مصداق قرار دیتے ہیں وہ تو نہی عن المنکر ویسے ہی نہیں کرتے کیونکہ وہ خود کہتے ہیں کہ اگر ہم نہی عن المنکر کریں گے تو لوگ ہمارے کام سے دور ہو جائیں گے کیونکہ برائی تو لوگوں کو مرغوب اور محبوب ہے اور جب آپ کسی کو اس کی محبوب اور مرغوب چیز سے روکیں گے تو وہ آپ کی بات کیسے سنیں گے جب بات ہی نہیں سنیں گے تو پھر دین کی طرف کیسے آئیں گے؟

ایسے حضرات کے لئے میں حضرت اقدس مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم کے ایک وعظ میں سے ایک اقتباس نقل کرتا ہوں۔ مہربانی فرما کر حضرت اقدس مفتی رشید احمد لدھیانوی دامت برکاتہم کے ارشاد کو نہایت توجہ اور غور کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت فرماتے ہیں ’’تبلیغ کیلئے جہاد اتنا اہم اور ضروری ہے کہ اس کے بغیر تبلیغ ممکن ہو ہی نہیں سکتی۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ تبلیغ صرف زبانی ہے اور مسلح جہاد کے بغیر تبلیغ ممکن ہے۔ وہ تبلیغ کا مطلب سمجھنے میں تین غلطیاں کر رہے ہیں۔

(۱) چند عبادات کی تبلیغ کر کے سمجھتے ہیں کہ تبلیغ کا حق ادا ہو گیا۔ حالانکہ ہر ذی شعور شخص سمجھ سکتا ہے کہ پوری تبلیغ تو جب ہی ہو گی جب پورے اسلام کی تبلیغ ہو صرف نماز یا مزید دو تین احکام کی تبلیغ کو پورے دین کی تبلیغ نہیں کہہ سکتے۔

احکام اسلام کے چار شعبے ہیں (۱) عقائد (۲) عبادات (۳) معاملات (۴) حدود و قصاص۔ جب تک ان چار شعبوں کے تمام احکامات کی تبلیغ نہ ہو تبلیغ مکمل نہیں ہو سکتی اور آپ تبلیغ کے فرض سے سبکدوش نہیں ہو سکتے جس طرح انفرادی عبادات

سے متعلقہ احکامات ہیں اسی طرح معاملات یعنی وہ امور جن میں ایک شخص کو دوسرے سے واسطہ پڑتا ہے، جیسے نکاح، طلاق، خرید و فروخت، اجارہ و استجارہ، زراعت و ملازمت وغیرہ سے متعلق بھی اسلام کے احکام ہیں۔ جن کو قرآن و حدیث میں مفصل بیان کیا گیا ہے زانی کو یہ سزا دی جائے اور چور کو یہ، بھتان لگانے والے کو یہ سزا دی جائے اور ڈاکو کو یہ۔ جب تک ان تمام احکام کی تبلیغ نہ ہو اسے اسلام کی کامل تبلیغ نہیں کہا جاسکتا۔

(۲) صرف زبانی تبلیغ کو کافی سمجھتے ہیں کہ یہ جاری رہے تو معاشرہ کی مکمل اصلاح ہو جائیگی اور تمام کفار مسلمانوں کی اس معاشرت کو دیکھ کر اسلام میں داخل ہو جائیں گے نہ شرعی سزائیں جاری کرنے کی ضرورت اور نہ کفار سے مسلح جہاد کرنے کی ضرورت۔ حالانکہ دعوت و تبلیغ ایک شرعی اصطلاح ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر خطاب کفار سے ہے تو صرف اسلام ان پر پیش کر دینا فریضہ دعوت سے سبکدوش ہونے کیلئے کافی نہیں بلکہ اسلام قبول کرنے کی دعوت دی جائے جو اسلام قبول کرلے وہ ہمارے بھائی ہیں اور جو اسلام قبول نہ کریں ان کو اسلامی حکومت قبول کرنے کی دعوت دی جائے یعنی حکومت تو اسلام کی ہوگی تمہیں جزیہ دے کر حکومت کے تابع رہنا پڑے گا حکومت اسلامیہ تمہاری جان و مال کی حفاظت کرے گی اگر وہ حکومتِ اسلام بھی تسلیم نہیں کرتے تو پھر ان سے مسلح جہاد کیا جائے اور اس وقت تک قتال جاری رکھا جائے جب تک کہ وہ اسلام یا اسلامی حکومت کو قبول نہ کریں۔ اسلام جبراً کافروں کو مسلمان بنانے کی تعلیم نہیں دیتا مگر اللہ تعالیٰ کی زمین پر کافروں کو حکومت کرنے کی اجازت بھی نہیں دیتا۔

(۳) ان کا خیال ہے صرف معروفات کا حکم دیتے جاؤ اور منکرات کو نہ چھیڑو۔

منکرات خود بخود مٹتے چلے جائیں گے جیسے اندھیرے کو ختم کرنا ہو تو چھوٹی سی موم بتی جلا دو اندھیرا ختم ہو جائے گا یہ نہیں کہ ڈنڈا اٹھا کے پیٹنا شروع کر دو۔ بظاہر جہلاء کا یہ استدلال بڑا قوی معلوم ہوتا ہے مگر در حقیقت یہ نظریہ سراسر باطل اور دنیا میں فسق وفجور، منکرات وفواحش کے پھیلنے کا بہت بڑا سبب ہے عقل ونقل دونوں اس کے شاہد ہیں۔

قرآن وحدیث میں جہاں بھی امر بالمعروف کا حکم دیا گیا ہے ساتھ ہی نہی عن المنکر کا حکم بھی دیا گیا ہے اگر نہی عن المنکر کی کوئی اہمیت وضرورت نہیں امر بالمعروف ہی کافی ہے تو پھر کیا نعوذ باللہ، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو یہ فلسفہ سمجھ نہیں آیا کہ معروفات کی دعوت سے تمام منکرات خود بخود مٹ جائیں گے۔ نیز یہ لازم آئے گا کہ پوری امت کے علماء جو آج تک بوقت استطاعت نہی عن المنکر کی تینوں صورتوں ’’بِالْیَدِ‘‘، ’’بِاللِّسَانِ‘‘، ’’بِالْقَلْبِ‘‘ کو فرض وواجب قرار دیتے آئے ہیں سب نعوذ باللہ احکام شریعت ومزاجِ شریعت سے نابلد تھے۔

عقل ومشاہدہ سے بھی اس کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔ انسان طبعی طور پر خواہشِ نفس اور گناہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔ معروفات کی جتنی بھی دعوت دی جائے جب تک نہی عن المنکر پر عمل نہ کیا جائے معاشرہ سے فواحش اور منکرات کا مٹنا ناممکن ہے۔

اب تو اس سے بڑھ کر خبریں سامنے آ رہی ہیں کہ لوگوں کو دیندار بنانے کیلئے اور ان کو مانوس کر کے قریب لانے کیلئے ان کے ساتھ بدعات اور گناہوں کی مجلسوں میں شریک ہونے کو جائز بلکہ ضروری سمجھا جا رہا ہے۔ یہ سراسر دین میں تحریف ہے۔ بجائے اس کے بے دین لوگوں کو جنت والے اعمال میں اپنے ساتھ شریک کرتے یہ جہنم والے اعمال میں شریک ہو کر اپنے لئے جہنم کا سامان پیدا کر رہے ہیں۔ پھر ظلم یہ کہ اس کو جائز بلکہ کار ثواب اور مزاج نبوت اور دین کی تبلیغ سمجھ رہے ہیں اور

اگر واقعۃً ایسا ہے جیسا شنید ہے تو ان کا ایمان بھی باقی نہیں رہا۔

ایک اصول خوب سمجھ لیں یاد رکھیں اور دوسروں تک پہنچائیں وہ یہ ہے کہ

"لَا یُقَامُ الدِّیْنُ بِهَدْمِهٖ"

دین کی خلاف ورزی کر کے اسے گرا کر کبھی بھی دین قائم نہیں کیا جا سکتا۔

آگے چل کر حضرت اقدس دامت برکاتہم فرماتے ہیں

لہٰذا یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ، پہلے انبیاء کرام علیہم السلام، رسول اللہ ﷺ وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم، علمائے امت اور مشاہدات کا قطعی فیصلہ ہے کہ کفر و شرک اور جرائم سے معاشرہ کو پاک کرنے اور دنیا میں اللہ کے دین کو غالب کرنے کیلئے صرف زبانی تبلیغ کافی نہیں جب تک قتال کے ذریعہ کفار کی بڑی بڑی حکومتوں کی شان وشوکت نہ توڑی جائے۔ اس وقت تک نہ عام کفار اسلام کی حقانیت پر سنجیدگی سے غور کر سکتے ہیں اور نہ مسلمان معاشرہ ان کفار کے تسلط، سائنسی ترقی اور مکروہ پروپیگنڈوں اور سازشوں سے پھیلائے ہوئے فواحش ومنکرات سے پاک ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس حقیقت کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور نافع بنائیں آمین۔ ثم آمین یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْن

میری گزارش:

حضرت اقدس مفتی رشید احمد لدھیانوی دامت برکاتہم کے ان علمی ارشادات کے بعد بندہ عرض کرتا ہے کہ شریعت کے احکام اور مسائل محض مثالوں اور بے تکے ڈھکوسلوں سے نہ بنتے ہیں اور نہ ہی بدلتے ہیں۔ اگر ایسے ڈھکوسلوں سے کام چلتا تو دیکھئے۔ رافضی ملنگ دھڑنگ بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ اصل سیّد تو ہم ہیں جب کہا جائے کہ بہت سے سنی بھی تو سیّد ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں

"کاٹھ دی کنی نئں تے کوئی سیّد سنی نئں"

یہ پنجابی محاورہ ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح لکڑی کی ہنڈیا نہیں ہوسکتی اسی طرح کوئی سُنی سیّد بھی نہیں ہوسکتا اب ظاہر ہے کہ ڈھکوسلوں سے شریعت کا حکم نہیں بدل سکتا۔

مجھے اس موقع پر زمانہ طالبعلی کا ایک لطیفہ یاد آیا کہ جب میں جامعہ امدادیہ فیصل آباد میں پڑھتا تھا اور ہم سبق دوستوں میں اس کا ذکر کیا ہے۔ تو میرے ہم سبق ایک دوست مولانا سعید احمد صاحب (جو کہ اس وقت جامعہ امدادیہ میں ہی مدرس ہیں ماشاء اللہ بڑے ذی استعداد اور نیک ہیں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے خوب دین کا کام لے آمین) نے برجستہ کہا

''پانی دا دیا نئی تے کوئی سید شیعہ نئی''

کہ جس طرح پانی کا دیا نہیں ہوسکتا اسی طرح کوئی سید شیعہ بھی نہیں ہوسکتا۔

اس طرح کیمونسٹ جو کہ اپنی ماں، بہن اور بیٹی کو جنسی خواہش کیلئے معاذ اللہ قابلِ استعمال سمجھتے ہیں اور دلیل یہ دیتے ہیں جب گھر کے اندر سیب ہوں تو بازار سے خرید کر لانے کی کیا ضرورت ہے؟ آخر ہماری اپنی بہن اور دوسرے کی بہن میں کیا فرق ہے؟ چچا کی بیٹی اور اپنے باپ کی بیٹی یعنی اپنی بہن کا دادا تو ایک ہے ایک ہی خون ہے جب ایک ہی دادا کے بیٹے یعنی چچا کی بیٹی سے مجامعت جائز ہے تو پھر اپنے باپ کی بیٹی سے مجامعت کیوں درست نہیں۔

اسی بناء پر تو عیسائیوں کے ہاں چچا کی بیٹی سے نکاح حرام ہے میں نے صرف دو مثالیں عرض کی ہیں جس سے آپ یہ سمجھ سکتے ہیں کہ صرف مثالوں سے کام چلتا تو بات کہاں تک پہنچ جاتی۔

تجزیہ:

مگر میں اس مثال کا تجزیہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں وہ یوں کہ میرے بھائی! اس میں شک نہیں کہ موم بتی جلانے سے ہی اندھیرا خود بخود ختم ہو جاتا ہے مگر یہ تب ہے کہ موم بتی جلتی بھی رہے جس طرح معمولی سی موم بتی بہت بڑے اندھیرے کو ختم کر دیتی ہے تو بہت بڑی موم بتی کو معمولی سی ہوا بھی ختم کر دیتی ہے اور اس شریعت کو بند کمرے کی تاریکی دور کرنے کے لئے موم بتی بنا کر نہیں بھیجا گیا بلکہ پوری دنیا کے بر و بحر، دشت و صحرا کی تاریکیوں کو دور کرنے کیلئے سورج اور کفر و شرک کے طوفانوں کو روکنے کیلئے آہنی بند اور رسوم و رواج کی آندھیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے تند و تیز ہوا اور منکرات و فواحش کے سیلاب سے ٹکرانے کیلئے چٹان بنا کر بھیجا ہے۔

یوں شریعت مطہرہ کو چھوٹی چھوٹی مثالوں میں بند کر کے شریعت بیضا کی توہین مت کرو اور دوسروں کے ایمان کی فکر میں اپنے ایمان کو برباد مت کرو۔

اللہ تعالیٰ ہم کو شریعت پر عمل کرنے اور اس کی کما حقہ تبلیغ کرنے کی توفیق دے۔

آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن

☆☆☆

اعتراض (۷)

آج خیر الامت ہونے کی تشریح عام طور پر بعض کم فہم لوگ یہ کرتے ہیں کہ لوگوں کو دین کی طرف بلاؤ، نماز، روزہ کی بات کرو اور کہتے ہیں کہ لوگوں کو ترغیب دے کر، فضائل سنا کر دین کی طرف مائل کرنا ہی اس امت کا کام ہے اور اسی وجہ سے یہ امت خیر الامت ہے لہٰذا علماء جو کہ مسجد کے منبر کے خطیب ہیں یا مدارس میں تدریس کرتے ہیں یا وہ مشائخ جو خانقوں میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرنا سکھاتے ہیں یا مجاہدین جو میدانِ جہاد میں جا کر اپنی جانیں پیش کرتے ہیں ان کو یہ بات سمجھ نہیں آ رہی خواہ مخواہ اپنا وقت ضائع کرتے ہیں اس لئے ان کو بھی چاہئے دعوت و تبلیغ کے نام سے ہونے والے کام میں جُڑیں اور خیر الامت ہونے کا مصداق بنیں۔

جواب نمبر۱:

امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام کے خیر الامم ہونے کی یہ وجہ جو عام طور پر

بیان کی جاتی ہے قطعی طور پر غلط ہے اور قرآن وسنت کو نہ سمجھنے کی دلیل ہے اور غور سے دیکھا جائے تو دعوت وتبلیغ کے نام سے ہونے والے کام کو دین کی روح قرار دینا اور اصل سمجھ کر باقی سب کو بے کار سمجھنا صریح غلطی ہے بلکہ یہ دین کی توہین ہے جس سے ایمان کے ضائع ہونے کا خطرہ ہے اس سے علماء، مشائخ اور مجاہدین کی توہین کا پہلو نکلتا ہے جو کہ بہت بڑی بے ادبی گستاخی اور محرومی کی بات ہے۔

آیئے اب غور کیجئے اور دیکھئے کہ اس امت کے خیر الامت ہونے کی کیا وجہ ہے۔

خیر الامۃ ہونے کی وجہ:

(۱) حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ آیت **كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ.** (سورة آل عمران، آیت ۱۱۰) کے تحت اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

اس آیت میں امتِ محمدیہ کے خیر الامم ہونے کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ یہ خلق اللہ کو نفع پہنچانے ہی کیلئے وجود میں آئی ہے اور اس کا سب سے بڑا نفع یہ ہے کہ خلق اللہ کی روحانی اور اخلاقی فکر اس کا منصبی فریضہ ہے اور سب سے زیادہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی تکمیل اس امت کے ذریعہ ہوئی اگر چہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ پچھلی امتوں پر بھی عائد تھا جس کی تفصیل احادیثِ صحیحہ میں مذکور ہے مگر اوّل تو پچھلی بہت سی امتوں میں جہاد کا حکم نہیں تھا اس لئے ان کا امر بالمعروف ونہی عن المنکر صرف دل اور زبان سے ہوسکتا تھا امت محمدیہ میں اس کا تیسرا درجہ ہاتھ کی قوت سے امر بالمعروف کا بھی ہے جس میں جہاد کی تمام اقسام بھی داخل ہیں اور بزور حکومت اسلامی قوانین کی تنفیذ بھی اس کا جز ہے۔ (معارف القرآن ص ۱۵۰، ج ۲)

امت خیر الوراء ہے اس لئے خیر الامم
اسکی دعوت کے عقب میں قوتِ تلوار ہے

جواب نمبر۲:

کُنتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاس کی تشریح اور تفسیر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سنئے۔

قَالَ خَیْرُ النَّاسِ یَاْتُوْنَ بِھِمْ فِیْ السَّلَاسِلِ فِیْ اَعْنَاقِھِمْ حَتّٰی یَدْخُلُوْافِیْ الْاِسْلَامِ (صحیح بخاری ج ۲)

لوگوں میں سب سے بہتر دوسروں کے حق میں وہ لوگ ہیں جو کفار کو گردنوں میں زنجیریں ڈال کر قید کر کے لاتے ہیں یہاں تک کہ وہ کفار (ان کے اس عمل کی برکت سے) اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں۔

جواب نمبر۳:

اس آیت کریمہ میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ذکر ہے اور موجودہ دعوت و تبلیغ میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر نہیں بلکہ التماس اور گزارش ہے۔

جس کو اس آیت کا مصداق قرار دینا ہی تردد سے خالی نہیں۔(تفصیل کے لئے دیکھئے بحث امر و نہی)

جواب نمبر۴:

اس آیت کے دو جزء ہیں ایک امر بالمعروف دوسرا نہی عن المنکر جب کہ دعوت وتبلیغ والے حضرات صرف ایک جزو پر عمل کرتے ہیں وہ بھی اس صورت میں کہ ان کی اس تحریک کو امر بالمعروف تسلیم کر لیا جائے جب کہ اس کے امر بالمعروف ہونے میں ہی تردد ہے۔

ملحوظہ:

مگر اس ساری گفتگو کا مقصد ہرگز یہ نہیں ہے کہ میں دعوت وتبلیغ کے کام کی افادیت یا اہمیت کا قائل نہیں ہوں۔ بلکہ دعوت وتبلیغ کی افادیت اور اہمیت کا قائل ضرور ہوں کیوں کہ پوری دنیا میں اس مبارک کام کے ثمرات وفوائد کھلی آنکھوں سے محسوس کئے جا رہے ہیں اور ان فوائد وثمرات کا انکار کرنا بہت بڑی زیادتی ہے مگر اسکی وجہ سے کسی فریضے کی تنقیص وتوہین ہو یہ بھی بہت مشکل ہے کیونکہ ہم تمام اعمالِ شریعت میں فرقِ مراتب کے قائل ہیں۔

☆☆☆

اعتراض (۸)

تمہید:

شریعت مطہرہ کے احکام دو قسم کے ہیں بعض تو ایسے ہیں کہ جن کی ذات ہی میں حسن اور خوبی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا ذکر، نماز، وغیرہ کیونکہ اس میں عاجزی، تواضع اور شکرِ منعم ومحسن ہے جو کہ عینِ عبدیّت ہے اور ایسے احکام کو حَسَن لِعَینِہٖ کہتے ہیں اور دوسری قسم ان احکام کی ہے جن کی ذات میں خوبی اور حسن نہیں ہے بلکہ وہ کسی دوسرے ایسے حکمِ شرعی کا ذریعہ بنتے ہیں جن کی ذات میں حسن ہوتا ہے، جیسے وضو کہ بار بار وضو کرنا اور ہاتھ منہ وغیرہ صاف ہونے کے باوجود بھی وضو کرنا پانی کا ضیاع ہے اور پانی نہ ہونے کی صورت میں تیمّم کرنا جس سے مٹی میں ملوّث اور آلودہ ہونا ہے مگر یہ چونکہ ذریعہ ہیں نماز کا جس کی ذات میں ہی حسن ہے اس لئے شریعت مطہرہ نے ان کے اندر بھی حسن اور خوبی کو تسلیم کر لیا اور ایسے احکام کو حَسَن لِغَیرِہٖ کہتے ہیں۔

مقصد:

جہاد کی ذات میں کوئی خوبی اور حسن نہیں ہے کیونکہ جہاد میں خون گرتا ہے محترم انسان کا قتل ہوتا ہے اور انسانی اعضاء کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جاتے ہیں جس سے انسانیت کی تذلیل ہوتی ہے آبادیاں ویرانیوں میں بدل جاتی ہیں، سہاگ اجڑتے ہیں، بچے یتیم ہوتے ہیں یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے۔

مگر چونکہ یہ ذریعہ ہے دین اسلام کی اشاعت کا اور اسلام تو سراپا خوبی وسراپا حسن ہے اس لئے جہاد کے حسن کو بھی تسلیم کرلیا گیا ہے تو اصل چیز اشاعتِ اسلام ہوئی نہ کہ جہاد۔

اور دعوت وتبلیغ کے نام سے ہونے والا کام براہِ راست اشاعتِ اسلام اور حَسَنٌ لِعَیْنِہٖ ہے اور جہاد اشاعتِ اسلام کا ذریعہ اور حَسَنٌ لِغَیْرِہٖ ہے لہٰذا جو لوگ حَسَنٌ لِعَیْنِہٖ یعنی دعوت وتبلیغ کر رہے ہیں چونکہ وہ شریعت کے سب سے اعلیٰ حکم میں مصروف ہیں اس لئے جہاد کے فضائل کے اصل اور اوّلین مستحقّین بھی یہ لوگ ہیں۔

لہٰذا اگر دعوت وتبلیغ کرنے والے حضرات جہاد میں نہ جائیں تو وہ جہاد کو چھوڑنے پر وعیدوں کے مستحق بھی نہ ہوں گے اور نہ ہی ان کو تارکین جہاد کہا جا سکتا ہے۔

بلکہ دعوت وتبلیغ کو چھوڑ کر جہاد میں جانا تو اعلیٰ عبادت کو چھوڑ کر ادنیٰ اور اصل کو چھوڑ کر فرع اور حَسَنٌ لِعَیْنِہٖ کو چھوڑ کر حَسَنٌ لِغَیْرِہٖ کی طرف جانا ہے۔

جواب نمبر۱:

شریعت مطہرہ کے تمام احکام میں خوبی اور حسن ہی حسن ہے کسی میں نقص یا عیب نہیں ہے اور یہ حَسَنٌ لِعَیْنِہٖ اور حَسَنٌ لِغَیْرِہٖ کی تقسیم بھی فقہا کرام نے ہم جیسے نالائقوں کیلئے فرمائی ہے تاکہ احکامِ شریعت میں سے ہر ایک کا مرتبہ اور مقام معلوم ہو اور ہر کسی کو اس کے درجہ کے مطابق اہمیت دی جائے مگر ان میں سے کسی ایک کی توہین وتنقیص

کرنا ایمان کی بربادی کا ذریعہ ہے۔

جواب نمبر۲:

اس میں تو شک نہیں کہ جہاد حَسَن لِغَیْرِہٖ ہے مگر دعوت وتبلیغ حَسَن لِعَیْنِہٖ نہیں ہے بلکہ حَسَن لِعَیْنِہٖ ''اِعلاء کلمۃ اللہ'' ہے اور جہاد ''اعلاء کلمۃ اللہ'' کا ذریعہ ہے جیسا کہ حدیث پاک میں تصریح ہے ''مَنْ قَاتَلَ لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا فَھُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ''ِ (صحیح بخاری و صحیح مسلم) اس لئے صرف اس بناء پر جہاد سے دوری اختیار کرنا کہ جہاد حَسَن لِغَیْرِہٖ ہے اور موجودہ دعوت وتبلیغ پر صرف اس بناء پر اکتفا کرنا کہ یہ حَسَن لِعَیْنِہٖ ہے اور پھر مزید اس پر یہ کہ جہاد کی اہمیت کو ختم کرنا اور ترکِ جہاد کے جرم کو تسلیم نہ کرنا بلکہ خوش ہونا اور بغلیں بجانا کہ زخمی اور قتل ہونے سے جان چھوٹی اور وہ سارے جہاد والے فضائل بلکہ اس سے بھی بڑھ کر حاصل ہو گئے تو یہ ظلمِ عظیم اور اپنے آپ کو دھوکہ میں ڈالنے کے مترادف ہے۔

جواب نمبر۳:

جہاد اگرچہ حَسَن لِغَیْرِہٖ ہے مگر اس سے جہاد کی اہمیت ختم نہیں ہوئی کیونکہ یہ اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے موقوف علیہ ہے اور جتنا مقصد بلند ہوتا ہے اسی نسبت سے اس کے موقوف علیہ کی اہمیت زیادہ ہوتی ہے کیونکہ موقوف علیہ کی حیثیت بنیاد کی ہوتی ہے اور کوئی منزل اور عمارت بغیر بنیاد کے قائم نہیں کی جاسکتی۔

مثال:

اگر کوئی شخص عمارت کھڑی کرنا چاہے سنگ مرمر اور آئینے سے مگر وہ بنیاد میں پڑنے والے کنکریٹ، لوہے اور بجری کو محض اس وجہ سے نظر انداز کردے کہ میرا مکان تو سنگ مرمر کا ہے جو کہ بہت خوبصورت ہے اور یہ لوہا اور کنکریٹ تو گندے ہیں

میں انہیں اپنے مکان کی بنیاد میں کیوں استعمال کروں۔

تو اس کو کہا جائے گا کہ احمق اگر اپنے مکان کو مضبوط کرنا چاہتے ہو اور دیرپا رکھنے کا ارادہ ہے تو پھر اس کنکریٹ کے بغیر مکان کی تعمیر کا تصور بھی نہ کرنا ورنہ تمہارا مکان تو ہوا کے جھونکے کو بھی برداشت نہ کر پائے گا۔

اس طرح اسلام کی بنیاد میں جہاد فی سبیل اللہ میں بہنے والا خون اور جسم کے ٹکڑے جو اگرچہ طبیعتوں پر ناگوار گزرتے ہیں، نہ ہوتے تو اسلام کی عمارت بہت کمزور ہوتی مگر ہمارے پیارے نبی ﷺ نے خود اپنے چچا سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ، مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ جیسے شہزادوں کے خون پر اسلام کی بنیادیں کھڑی کیں تو اسلام زندہ ہے اور زندہ رہے گا انشاء اللہ۔

گو ظاہراً ہے تلخ مگر رشکِ قند ہے
دراصل یہ جہاد خدا کو پسند ہے

جواب نمبر۴:

دیکھئے وضو بھی تو حَسَن لِغَیرِہٖ اور نماز کا ذریعہ ہے اب اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میرا جسم تو صاف ہے ابھی ابھی غسل کیا ہے اگر تھوڑی سی ہوا خارج ہوگئی تو کیا ہوا وضو کا مقصد تو جسم کی صفائی اور طہارت ہے جو کہ مجھے حاصل ہے لہٰذا میں تو وضو نہیں کرتا تو کیا اس کی نماز قابل قبول ہوگی؟

نہیں ہوگی اور ہرگز نہیں ہوگی۔ کیونکہ وضو اگرچہ حَسَن لِغَیرِہٖ ہے مگر یہ نماز کیلئے موقوف علیہ بھی ہے۔ جب تک موقوف علیہ نہ ہوگا تو موقوف کا وجود بھی نہ ہوگا۔ بعینہ اسی طرح اگر جہاد نہ ہوگا تو قسم اس خدا کی جس نے اس امت پر جہاد کو فرض قرار دیا اعلاء کلمۃ اللہ بھی ہرگز ہرگز نہ ہوگا۔

جواب نمبر ۵:

جہاد کے بغیر اعلاءِ کلمۃ اللہ آج تک ہوا نہ آئندہ قیامت تک ہوگا چند لوگوں کے کلمہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہوجانے اور مسلمانوں ہی کی طرح نمازی، روزے دار بلکہ ممکن حد تک باشرع بن جانے کا نام اعلاءِ کلمۃ اللہ نہیں ہے۔ کیونکہ اعلاءِ کلمۃ اللہ کا مطلب ہے اسلام کا غلبہ ہونا یعنی قانونِ اسلامی غالب ہو اور احکامِ اسلامیہ کا نفاذ ہو خلاصہ یہ کہ چند لوگوں کا مسلمان ہوجانا یا چند مسلمانوں کا دیندار بن جانا اور بات ہے اور مسلمانوں کا بحیثیت مسلمان غالب ہونا اور اللہ کے قانون کا حکومتی سطح پر نافذ ہونا اور بات ہے۔

اور دونوں باتوں میں فرق نہ کرنا اور فرق نہ سمجھنا بہت بڑی بے وقوفی اور نادانی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو فہم سلیم عطا فرمائے۔

مثال:

کسی علاقہ میں ایک نواب رہتا ہے اور لاکھوں کی تعداد میں اس کی رعیت بھی رہتی ہے اور وہ نواب کافر ہے مگر رعایا ساری مسلمان ہے جو کہ نماز، روزہ، زکوٰۃ حج و ذکر واذکار کی پابند بھی ہے تو کیا آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہاں مسلمانوں کا غلبہ اور دین کو اعلاء حاصل ہے؟

ہرگز نہیں، کیوں؟ وجہ صاف ظاہر ہے کہ جب ان لاکھوں مسلمانوں پر حکمران کافر اور قانون بھی کافروں کا نافذ ہوتا ہے تو اسلام کا غلبہ کیسے ہوا؟ بلکہ یہ تو وہاں رہنے والے مسلمانوں کی توہین اور تذلیل ہے کہ تعداد میں کئی لاکھ ہونے کے باوجود بھی ایک کے سامنے بے بس ہیں۔

بخلاف اس کے اگر کسی جگہ پر نواب مسلمان ہیں اور اس کے ماتحت لاکھوں کفار

ہیں جو کہ اپنے مذہب پر عمل کرتے ہیں مگر اسلامی قانون نافذ ہے اور وہ کوئی ایسی حرکت نہیں کر سکتے جس کی شریعت نے ذمیوں کو بھی اجازت نہیں دی تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہاں پر مسلمان اگر چہ تھوڑے یا بالکل نہیں ہیں مگر اسلام غالب ہے اور اعلاء کلمۃ اللہ حاصل ہے۔

خلاصہ کلام:

اصولِ فقہ کی کتب میں فقہا نے اس بات کی تصریح فرمادی ہے کہ

اَلْجِهَادُ حَسَنٌ بِوَاسِطَةِ دَفْعِ شَرِّالْكَفَرَةِ وَاِعْلَاءِ كَلِمَةِ الْحَقِ

(اصول الشّاشی)

جہاد کی غرض ہے کفار کے شر کو دفع کرنا اور کلمۂ حق یعنی اسلام کا غلبہ۔ اب آپ خود ہی بنظرِ انصاف دیکھ لیجئے کہ کیا یہ دونوں چیزیں یعنی کفار کا شر دور کرنا اور اسلام کا غلبہ جہاد کے بغیر حاصل ہو رہا ہے یا ہو سکتا ہے؟ آخر ہم کتنی تبلیغ کر لیں ہمارے اخلاق کتنے اچھے ہو جائیں ہمارے دل میں دین کے مٹنے کا کتنا ہی درد پیدا ہو جائے مگر کیا العیاذ باللہ ہم ان تمام چیزوں میں حضرت پاک ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے آگے نکل سکتے ہیں نہیں نہیں اور ہر گز نہیں تو پھر جب ان حضرات کو بھی تلوار اٹھانی پڑی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم تلوار اٹھائے بغیر کفار کے شر کو دفع کر لیں اور اسلام کو بھی غالب کر دیں؟

اور فقہاء نے اس بات کی بھی تصریح فرمائی ہے۔

لَوْلَا الْكُفْرُ الْمُفْضِىْ اِلَى الْحَرْبِ لَايَجِبُ عَلَيْهِ الْجِهَادُ

(اصول الشّاشی)

یعنی جب ایسا کفر جو کہ جنگ کا سبب بنتا ہے ختم ہو جائے تو جہاد بھی ضروری نہیں رہتا۔ آپ غور فرمائیں کہ کیا آج کفر جو جنگ کا سبب اور باعث ہے ختم ہو گیا

ہے کہ ہم جہاد چھوڑ دیں، جب ایسے غلیظ کفار موجود ہیں جو کہ اسلام اور شعائر اللہ کی توہین کر رہے ہیں اور مسلمانوں کی عزتوں سے کھیل رہے ہیں اور عصمتوں کو برباد کر رہے ہیں تو کیا ایسے کفر کے ہوتے ہوئے آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم جہاد ترک کر کے بھی جہاد کے فضائل حاصل کر رہے ہیں؟

اس لئے جب تک کفار شرارتوں سے باز نہیں آتے اور جزیہ دے کر زندگی نہیں گزارتے اور اسلام غالب نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ کا قانون نافذ نہیں ہوتا، اس وقت تک جہاد ختم نہ ہوگا۔ اور موجودہ دعوت وتبلیغ کو جہاد سے افضل تو کجا جہاد کے برابر سمجھنا بھی صریح غلطی، نادانی اور حماقت ہے۔

فائدہ:

اصولِ فقہ کی کتب میں فقہا کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین نے اس بات کی بھی تصریح فرمائی ہے کہ وضو اور جہاد دونوں حَسَنٌ لِغَیْرِہٖ ہیں مگر دونوں میں فرق ہے وہ یہ کہ وضو میں حسن نماز کی وجہ سے ہے اور وضو کے بعد نماز کو الگ ادا کرنا پڑتا ہے صرف وضو کرنے سے نماز ادا نہیں ہوتی۔

مگر جہاد میں حسن اعلاء کلمۃ اللہ کی وجہ سے ہے اور جہاد کے بعد اعلاء کلمۃ اللہ کی الگ سے محنت کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ جہاد ہوگا تو اعلاء کلمۃ اللہ خود بخود ہو جائے گا۔

اس لئے ہماری گزارش ہے کہ اعلاء کلمۃ اللہ کی اپنی طرف سے تشریح کرنے کی بجائے اعلاء کلمۃ اللہ کی وہی تشریح کریں جو شریعت نے کی ہے اور اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے وہی محنت کریں جو شریعت نے بتلائی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حق کہنے حق سننے حق سمجھنے اور حق پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن

☆☆☆

اعتراض (۹)

اَلْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ (ابن ماجه)

اس حدیث شریف میں مجاہدہ نفس کو جہاد سے تعبیر فرمایا بلکہ اس سے ایک درجہ بڑھ کر فرمایا کہ مجاہد تو وہی ہوتا ہے جو اپنے نفس کے خلاف جہاد کرے یعنی اصل اور اعلیٰ درجہ کا جہاد جہاد بالنفس ہے نہ کہ قتال لہٰذا صرف قتال کو جہاد فی سبیل اللہ قرار دینا درست نہیں ہے۔

جواب نمبر ۱:

حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ اصلی اور حقیقی مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری میں ڈالے رکھے۔ یعنی جہاد تب جہاد ہوگا جب اللہ تعالیٰ ہی کی رضا کیلئے ہو اگر کسی اور مقصد کیلئے قتال کیا گیا مثلاً قومیت، عصبیت، وطنیت، ریا یا شہرت کی خاطر ہو تو یہ ہرگز جہاد نہیں ہوگا۔

گویا اس حدیث شریف میں اصل قید فِیْ طَاعَۃِ اللّٰہ ہے جس کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسا کہ ایک دوسری روایت میں ہے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ایک شخص غنیمت کیلئے لڑتا ہے دوسرا شہرت اور ریا کاری کیلئے تیسرا اپنی بہادری دکھانے کیلئے لڑتا ہے تو ان میں سے اللہ تعالیٰ کے راستہ میں لڑنے والا کون شمار ہوگا۔

آپ ﷺ نے فرمایا مَنْ قَاتَلَ لِتَکُوْنَ کَلِمَۃُ اللّٰہِ ھِیَ الْعُلْیَا فَھُوَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ (مشکوٰۃ) کہ جو شخص اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کلمہ بلند ہو تو صرف وہی اللہ کے راستہ میں لڑنے والا شمار ہوگا۔

جواب نمبر۲:

اور اگر حدیث شریف کا مطلب یہ لیا جائے جو عام طور پر لیا جاتا ہے یعنی کامل مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے خلاف جہاد کرے تو آپ غور فرمائیں کہ جس طرح ایک مجاہد اپنے نفس کے خلاف مجاہدہ کرتا ہے۔ کہ گھر سے بے گھر ہونا، والدین، اولاد، اعزہ و اقارب سے دوری، بیوی کی جدائی، مال و دولت کی قربانی، بلکہ اپنی اولاد کو میدان جہاد میں ڈال کر موت کے منہ کے سامنے کر دینا اور سخت گرمیوں، سخت سردیوں میں حالتِ جنگ کے خوف میں نمازوں کا اہتمام، گھروں سے بے گھر ہو کر اپنے اوپر قابو رکھتے ہوئے حدود شریعت کا خیال کرنا، اپنی سب سے قیمتی چیز جان کو خطرات میں ڈال کر اللہ تعالیٰ کی رضا کی تلاش کرنا کیا اس کی کوئی مثال پیش کر سکتا ہے؟ تو نفس کے خلاف جہاد بھی تو مجاہد سب سے بڑھ کر کرتا ہے۔

یہ انجمادِ لہو باعثِ فساد ہی ہے

جہادِ نفس کا مطلب بھی تو جہاد ہی ہے

جواب نمبر۳:

اور اگر حدیث شریف کا مطلب یہ لیا جائے کہ اصل اور کامل مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے خلاف جہاد کرے یعنی میدانِ جنگ گرم ہو مسلمانوں کی عزتوں، مال، جان، ماؤں بہنوں کی عصمت و ناموس کو خطرہ لاحق ہو، اور مسلمانوں کو حضرت کے خون کی ضرورت ہو اور حضرت پسینہ دینے سے بھی گریز کرتے ہوں، شریعت میدان میں آنے کا تقاضا کرے اور حضرت اپنے حجرہ کا دروازہ کھولنے پر بھی آمادہ نہ ہوں کہ ہم نفس کی اصلاح میں مصروف ہیں۔

تو غور کیجئے، انصاف کیجئے، سچ بتایئے اور فیصلہ کریں کیا یہ نفسِ امّارہ کی شرارت ہے یا نفس مطمئنہ کی عبادت، خدا پرستی ہے یا خواہش پرستی، تو یہ کتنا بڑا ابلیس لعین کا دھوکہ ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے محفوظ رکھے۔ آمین

جواب نمبر۴:

اگر کوئی شخص ارکان ایمان کا بھی اقرار نہ کرے اور یہ کہے کہ مومن ہونے کیلئے اللہ تعالیٰ کی ذات، رسالت محمد ﷺ، ملائکہ، قیامت، تقدیر، عذابِ قبر پر عقیدہ رکھنے کی ضرورت نہیں بلکہ کامل مومن تو وہ ہے جس سے لوگوں کی جانیں اور اموال محفوظ ہوں اور دلیل کے طور پر یہ حدیث شریف پیش کرے ''**وَالْمُوْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰی دِمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ**''

یا کوئی شخص کلمہ طیبہ کا بھی اقرار نہ کرے اور یہ کہے کہ مسلمان ہونے کیلئے ارکان اسلام پر عقیدہ رکھنے کی ضرورت نہیں بلکہ کامل مسلمان تو وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ ہوں اور بطور دلیل کے یہ حدیث شریف پیش کرے ''**اَلْمُسْلِمُ مَنْ**

سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ "

یا کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے دین کیلئے اپنا وطن چھوڑنے والوں کی اہمیت وفضیلت کا انکار شروع کر دے اور یہ کہے کہ اصل مہاجر تو وہ ہے جو گناہوں کو چھوڑ دے اور دلیل کے طور پر یہ حدیث شریف پیش کرے

"وَالْمُهَاجِرُمَنْ هَجَرَ الْخَطَايَاوَالذُّنُوْبَ "

تو آپ ایسے بدعقیدہ اور بے دین لوگوں کیلئے کیا کہیں گے؟ ظاہر ہے کہ ان جملوں کا مطلب یہ ہے کہ عقائدِ صحیحہ کے ساتھ ساتھ مومن کو چاہئے کہ حقوق العباد کا خیال بھی کرے جس طرح حقوق اللہ کی ادائیگی کرنے والے مسلمانوں کو حقوق العباد کی رعایت سے غافل نہ ہونا چاہئے اور اللہ تعالیٰ کے دین کی خاطر اپنا وطن اور ملک چھوڑنے والوں کو گناہ بھی چھوڑنے چاہئیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال کرنے والے کو بھی حدود شریعت کی رعایت کرنی چاہئے۔

مکمل حدیث شریف یوں ہے جو کہ بطور برکت اور فائدہ کے لکھی جاتی ہے۔

عَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ حَجَّةِ الْوِدَاعِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالْمُؤْمِنِ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَالْمُهَاجِرُمَنْ هَجَرَ الْخَطَايَاوَالذُّنُوْبَ

(ابن ماجه كتاب الفتن)

فائدہ جلیلہ: (جہاد بالنفس کی حقیقت اور ایک مغالطہ)

جہاد بالنفس کا معنی یہ ہے کہ اپنے نفس اور جان کو لے کر میدانِ جنگ میں کود پڑنا ہے جس طرح جہاد بالمال کا معنی ہے اپنے مال کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا۔

دیکھئے آیت ''**اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَھَاجَرُوْا وَجَاھَدُوْا بِاَمْوَالِھِمْ وَاَنْفُسِھِمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ**''(سورۃ انفال ، آیت نمبر ٧٢)

اور حدیث شریف ''**اَلْقَتْلٰی ثَلٰثَۃٌ مُؤْمِنٌ جَاھَدَ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ**

قرآن وسنت میں جہاں بھی جہاد بالنفس اور جہاد بالمال آیا ہے وہاں یہ معنی ہی مراد ہے۔ مگر آج کل جہاد بالنفس کا معنی عام طور پر یہ لیا جا رہا ہے کہ نفس کے خلاف جہاد کرو، نفس کی خواہشات کے خلاف جہاد کرو مگر یہ تشریح جہاد بالمال کی کیوں نہیں کی جاتی۔

اے کاش جدید دور کا کوئی دانشور اس فلسفہ پر بھی روشنی ڈالے۔

☆☆☆

اعتراض (١٠)

قَدِمَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ قَوْمٌ غُزَاۃٌ فَقَالَ قَدِمْتُمْ بِخَیْرِ مَقْدَمٍ مِّنَ الْجِہَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِہَادِ الْاَکْبَرِ قِیْلَ وَمَا الْجِہَادُ الْاَکْبَرُ قَالَ مُجَاھَدَۃُ الْعَبْدِ ھَوَاہُ٥

مجاہدین کی ایک جماعت حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں آئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف خوب بہتر طور پر لوٹ آئے ہو۔ کسی نے عرض کیا کہ جہاد اکبر کیا ہے؟ تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بندہ کا اپنی خواہشات کے خلاف جہاد کرنا۔ **(تفسیر کشاف)**

اس روایت میں اس بات کی تصریح ہے کہ حضرت پاک ﷺ نے اپنی زبانِ مبارک سے مجاہدہ اور اصلاحِ نفس کو جہاد ہی نہیں بلکہ جہاد اکبر فرمایا ہے اس روایت کی اس قدر وضاحت کے بعد تو جہاد فی سبیل اللہ کا معنی صرف قتال سے کرنا کسی طرح بھی

درست نہیں ہے۔

جواب نمبرا:

آیئے ہم نہایت اختصار کے ساتھ پہلے تو اس بات کا جائزہ لیتے ہیں کہ اس روایت کے بارے میں محدثین کرام کیا رائے رکھتے ہیں۔

صاحبِ مختصر علامہ محمد طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

رَجَعْنَامِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِاِلٰی الْجِهَادِ الْاَكْبَر ضَعِيْفٌ

(تذکرة الموضوعات)

کہ یہ روایت ضعیف ہے۔

علامہ شمس الدین ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ يَّقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِیْ عَبْلَةَ وَهُوَ يَقُوْلُ لِمَنْ جَاءَ مِنَ الْغَزْوِ قَدْ جِئتُمْ مِّنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِاِلٰی الْجِهَادِ الْاَكْبَر جِهَادُ الْقَلْب (سِيَرُ اَعْلَامِ النُّبَلَا ج٦)

یہ حدیث نہیں بلکہ ابراہیم ابن ابی عبلۃ کا قول ہے۔

علامہ سید محمود آلوسیؒ مفتی بغداد فرماتے ہیں

وَالْحَدِيْثُ الَّذِیْ ذَكَرَهٗ لَا اَصْلَ لَهٗ

اس حدیث کی کوئی اصل اور بنیاد نہیں ہے (روح المعانی ج۳)

حضرت علامہ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

اَمَّا الْحَدِيْثُ الَّذِیْ يَرْوِيْهِ بَعْضُهُمْ اَنَّهُ قَالَ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ رَجَعْنَامِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِاِلٰی الْجِهَادِ الْاَكْبَر فَلَا اَصْلَ لَهٗ

اس روایت کی کوئی اصل اور بنیاد نہیں ہے۔

جواب نمبر۲:

اگر اس کو حدیث تسلیم کرلیا جائے تو یہ قرآن کریم کی کئی آیات مبارکہ کے خلاف ہوگی اور قرآن و حدیث کے درمیان تعارض تو ہر گز ممکن نہیں لہٰذا یہ کہنا پڑے گا کہ یہ حدیث ہے ہی نہیں۔

دیکھئے آیت **فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلٰى الْقَاعِدِيْنَ دَرَجَةً**(سورة النساء ، آیت نمبر ۹۵)

اللہ تعالیٰ نے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرنے والوں کا بنسبت گھر بیٹھنے والوں کے بہت زیادہ درجہ بلند فرمایا ہے۔

اَلَّـذِيْـنَ اٰمَنُوْا وَهَا جَرُوْا وَجَاهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰه بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِم اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفَائِزُوْنَ(سورة التوبة ، آیت نمبر ۲۰)

جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑے درجہ میں ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں۔

اگر اس کو حدیث تسلیم کرلیا جائے تو اس سے شریعت کے اہم فریضہ جہاد فی سبیل اللہ کی توہین لازم آتی ہے۔

علامہ محمد بن لطفی الضباع فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ضعیف بلکہ علامہ عراقی کے فیصلہ کے مطابق باطل ہے۔ اس لئے کہ یہ اسلام کے ایک ایسے فریضے کی شان گھٹا رہی ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے اسلام کی کوہان، چوٹی قرار دیا (الاسرار المرفوعه)

جواب نمبر۳:

اس روایت پر ایک عقلی اعتراض یہ ہے کہ رجوع کا معنی ہوتا ہے ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا تو اس روایت کا مطلب تو یہ ہوا کہ حضرت پاک ﷺ

نے فرمایا کہ تم جہاد اصغر سے یعنی ایسے فریضہ قتال جس میں اصلاحِ نفس اور مجاہدہ نفس نہیں ہوتا واپس آئے ہو۔ جہاد اکبر یعنی ایسے عمل کی طرف جس میں اصلاحِ نفس اور مجاہدہ نفس ہوتا ہے۔

تو آپ خیال فرمائیں کہ اس میں العیاذ باللہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی کس قدر توہین ہے کیا اسے ضمیر برداشت کرسکتا ہے اور کیا العیاذ باللہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا جہاد ایسا ہی تھا کہ وہ لوگ جہاد میں تو حدودِ شریعت، اصلاحِ نفس اور مجاہدات سے غفلت برتتے تھے مگر واپس مدینہ آ کر اصلاحِ نفس اور مجاہدات کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔ جہاد میں مجاہدہ کس حد تک ہوتا ہے اس کو تو بیان کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ قتل کرنے اور قتل ہونے، زخمی کرنے اور زخمی ہونے سے بڑا کیا مجاہدہ ہوگا یہ قتل وقتال تو قرآن کریم کی تصریح ''كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ'' (سورة بقره، آیت نمبر ٢١٦) کے مطابق نفس کو بالطبع اور بالذات ناپسندیدہ ہے۔

البتہ ایسے چند ایک واقعات کی طرف اشارہ کردیا جاتا ہے جس سے بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم عین حالتِ جنگ میں بھی حدودِ شریعت اور اصلاحِ نفس کا کس قدر خیال فرماتے تھے۔

(۱) حضرت عبادہ بن بشیر رضی اللہ عنہ رات کو پہرہ دے رہے ہیں اور دشمن کے تیر کھا رہے ہیں مگر نماز نہیں توڑتے کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

(۲) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں اپنا کٹا ہوا اور لٹکتا ہوا بازو سارا دن ساتھ لے کر جہاد فرماتے ہیں اور زیادہ رکاوٹ بنتا ہے تو اس کو پاؤں کے نیچے دے کر کاٹ کر پھر جہاد شروع فرماتے ہیں کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

(۳) غزوہ خندق کے موقع پر حضرت پاک ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنے

آقا کے ساتھ پیٹ پر پتھر باندھ رکھے ہیں کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

(۴) تین صحابہ رضی اللہ عنہم موت کے منہ میں ہیں اور باری باری شہادت نوش فرما رہے ہیں مگر اپنی پیاس برداشت کرتے ہوئے دوسرے مسلمان بھائی کو ترجیح دے رہے ہیں کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

(۵) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہودی کو نیچے گرا دیا جب سر قلم فرمانے لگے تو یہودی نے منہ پر تھوک دیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فوراً چھوڑ دیا کہ اب میری ذات کا غصہ اس میں شامل ہو جائے گا کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

(۶) سَرِیَّۃُ العَنبر میں صحابہ رضی اللہ عنہم ایک ایک کھجور کی گٹھلی کو چوس کر روزانہ گزارا کرتے ہیں کیا یہ مجاہدہ نفس نہیں ہے؟

یہ چند ایک واقعات بطور نمونے کے عرض کئے ہیں۔ کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو عین حالتِ جنگ میں بھی اخلاص، مجاہدات اور توجہ الی اللہ سے ذرہ برابر غافل نہ رہتے تھے۔

حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ کا ارشاد

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی دامت برکاتہم، مہتمم دارالعلوم کراچی تحریر فرماتے ہیں

میرے والد ماجد مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ کسی نے شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ ''صوفیائے کرام برسوں تک اپنے مریدوں سے جس قسم کے مجاہدے اور ریاضتیں کرواتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنے صحابہ سے ایسے مجاہدے نہیں کرواتے تھے پھر

صوفیائے کرام کیوں کرواتے ہیں؟''

حضرت شیخ الہندؒ نے فرمایا، (بعینہ الفاظ تو یاد نہیں محض نقل کر رہا ہوں۔ رفیع)

بات دراصل یہ ہے کہ طریقت میں مجاہدے اور ریاضتیں مقصود نہیں ہوتے مقصود تو باطنی اخلاق کی اصلاح ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق درست اور مستحکم ہو جائے اور نفس کو اتباعِ شریعت کی عادت ہو جائے۔ مجاہدے اس مقصود کو حاصل کرنے کیلئے نفس کے علاج کے طور پر کرائے جاتے ہیں تاکہ نفس مشقت کا اور اپنی خواہشات کی مخالفت کا عادی ہو جائے۔ جب یہ عادت پڑ جاتی ہے تو اتباع شریعت آسان ہو جاتا ہے اور شریعت پر عمل کرنے کے لئے صرف راہنمائی کی ضرورت رہ جاتی ہے جسے مرشد انجام دیتا رہتا ہے۔

یہ مقصود صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آنحضرت ﷺ کی معیت میں صرف جہاد ہی سے اس درجہ حاصل ہو جاتا تھا کہ انہیں کسی مزید مجاہدے اور ریاضت کی ضرورت نہیں رہتی تھی وہ ایک ہی جہاد میں سلوک وطریقت کے ایسے اعلیٰ مراتب طے کر جاتے تھے کہ دوسروں کو برس ہا برس کے مجاہدوں سے بھی حاصل نہ ہوں۔

کیونکہ جہاد خود ایک بڑا مجاہدہ ہے جو روحانی و باطنی ترقیات اور تعلق مع اللہ کیلئے اکسیر ہے۔ (یہ تیرے پراسرار بندے صفحہ ۱۶۹-۱۷۰)

ایک یاداشت

جواب نمبر۴:

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ یہ آج سے تقریباً سترہ (۱۷) برس پہلے کی بات ہے جب میں جامع مسجد بوہڑ والی گکھڑ منڈی میں پڑھتا تھا تو استاذ محترم حضرت شیخ الحدیث امام اہل السنّت والجماعت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم نے صبح

کے درسِ حدیث میں فرمایا کہ

حدیث ”رَجَعْنَامِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِهَادِ الْاَکْبَر“ (بشرطیکہ حدیث تسلیم کرلیا جائے) تو مطلب یہ ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم ایک غزوہ سے واپس لوٹے ان میں بہت سے زخمی تھے اور ایک عرصہ گھر سے باہر بیویوں سے دور رہے اور شہداء کی وجہ سے دل بھی زخمی تھے تو ایسے موقع پر ان کو دوبارہ غزوہ کا حکم ملا جس پر صحابہ رضی اللہ عنہم فوراً تیار ہوگئے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”رَجَعْتُمْ مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِهَادِ الْاَکْبَر“

کہ تم ایک چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف لوٹے ہو۔

ظاہر بات ہے یہاں تو غزوات میں سے ہی ایک غزوہ کو جہاد اصغر اور دوسرے غزوہ کو جہاد اکبر قرار دیا گیا ہے۔

اب کوئی اشکال کی بات ہی نہیں ہے۔

جہاد اکبر:

اب آیئے دیکھتے ہیں کہ جہاد اکبر کی حقیقت کیا ہے؟ ہم اس کی تفصیل بیان کئے بغیر صرف ایک حوالہ پر اکتفا کرتے ہیں۔ (۱) علامہ محمد بن علی شوکانی رحمۃ اللہ علیہ آیت کریمہ

وَجَاهِدُوْا فِی اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ کے تحت فرماتے ہیں

اَلْمُرَادُ بِهٖ الْجِهَادُ الْاَکْبَرُ وَهُوَ الْغَزْوُ لِلْکُفَّارِ وَمُدَافَعَتُهُمْ اِذَا غَزَوْا بِلَادَ الْمُسْلِمِیْنَ (فتح القدیر ج۳)

کہ کافروں سے جنگ کرنا اور ان کو دفع کرنا ہی جہاد اکبر ہے۔

متاعِ جان لٹانا جہادِ اکبر ہے

فسادِ کفر مٹانا جہادِ اکبر ہے

شبہ:

مگر اس پر ایک اشکال وارد ہوتا ہے کہ قتال اور غزوہ کو جہاد اکبر کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ قتال اور غزوات کے علاوہ دوسرے اعمال بھی جہاد ہیں اگر چہ وہ جہادِ اصغر ہی سہی تو آپ کا یہ دعویٰ کرنا کہ جہاد کا معنی صرف قتال ہے غلط ثابت ہوا۔

پہلے عرض کیا جا چکا ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ کا معنی ہے قتال فی سبیل اللہ مگر چونکہ بسا اوقات مناسبت کی وجہ سے مجازاً بعض دوسرے اعمال پر بھی جہاد کا اطلاق کیا گیا ہے مگر ان میں سے بھی اصل جہاد چونکہ قتال فی سبیل اللہ ہی ہے اس لئے اس پر بسا اوقات جہادِ اکبر کا اطلاق بھی کر دیا جاتا ہے۔

مگر قتال پر جہادِ اکبر کے اطلاق سے ہرگز اس غلط فہمی میں مبتلا نہ ہونا چاہئے کہ شاید قتال کے علاوہ بعض دوسرے اعمال بھی اصطلاحی جہاد فی سبیل اللہ کے تحت داخل ہیں۔

یہ ایسے ہی ہے کہ جیسے عمرہ اور حج الگ الگ عبادات ہیں مگر چونکہ حج کے بعض افعال افعالِ عمرہ بھی ہیں جیسے احرام، سعی، حلق، قصر، طواف وغیرہ تو اس مناسبت کی بنا پر بسا اوقات عمرہ پر حج اصغر اور حج پر حج اکبر کا اطلاق کر دیا جاتا ہے۔

جیسا کہ قرآن کریم میں ہے

بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖۤ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ (سورة توبه ، آیت نمبر ۱)

مگر اس اطلاق اور مجازی استعمال سے کوئی شخص عمرہ کو حقیقی حج شمار کرنے لگے تو سوائے اس کے کہ اس کی عقل پر ماتم کیا جائے اور کیا کیا جا سکتا ہے؟

لطیفہ:

دینی مدارس میں آخری سال کی تعلیم کو دورہ حدیث شریف سے یاد کیا جاتا ہے اور اس سے پہلے سال کو موقوف علیہ کہا جاتا ہے کیونکہ دورہ حدیث اس پہلے سال پر مو قوف ہوتا ہے جبکہ بعض حضرات دورہ حدیث کی تعلیم سے پہلے والے سال کو مشکٰوۃ شریف والا سال کہتے ہیں مگر پختون طلبہ اس بنا پر کہ مشکٰوۃ شریف والا سال دورہ حدیث کے لئے موقوف علیہ ہے اس سال کو چھوٹا دورہ کے نام سے پکارتے ہیں۔

☆☆☆

اعتراض (۱۱)

اِنَّ اَفْضَلَ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ (کنز العُمّال)

ظالم بادشاہ کے سامنے انصاف اور حق کی بات کہنا بے شک سب سے افضل جہاد ہے۔

اس حدیث شریف میں ظالم بادشاہ کے سامنے حق کی بات کہنے کو جہاد بلکہ سب سے افضل جہاد قرار دیا گیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے زبان سے حق بات کہنا بھی جہاد ہے لہٰذا جہاد کا معنی صرف قتال ہی کو قرار دینا درست نہیں۔

جواب نمبر ا:

محدِّثین کرام نے اس بات کی وضاحت فرمائی ہے کہ بادشاہ کے سامنے کلمہ حق کہنا اسوقت ہی جہاد کہلاتا ہے جب کلمہ حق کہنے کی پاداش میں سر قلم ہو جانے کا خدشہ بلکہ یقین ہو۔

سچ یہ ہے اِظہارِ حق سلطانِ جابر کے خلاف
خدشہ ہائے جان کی خاطر ہوا افضل جہاد

اس تشریح کے مطابق تو یہ حدیث بھی قتال ہی کا مصداق بن گئی کیونکہ قتال میں دو ہی چیزیں ہوتی ہیں قتل کرنا اور قتل ہونا۔

جواب نمبر۲:

ہم یہ بات تحریر کر چکے ہیں کہ زبان سے ادا ہونے والی ایسی تقریر جو قتال ہی کی معاون ہو وہ قتال ہی کا حصہ شمار ہوتی ہے اور اس حدیث شریف میں بھی بالکل یہی صورت ہے۔

جواب نمبر۳:

بسا اوقات کفار کے سامنے زبان کے الفاظ تیر و تلوار سے بھی زیادہ موثر ثابت ہوتے ہیں اور وہ جہاد ہی کا حصہ ہوتے ہیں کیونکہ وہ کفار کے حوصلے پست کر کے یا کفار کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب ڈال کر کفار کو جنگ کرنے سے باز رکھتے ہیں یا مسلمانوں کے حوصلے بلند اور انکے دلوں کو مضبوط کر کے مسلمانوں کو کفار سے جنگ کرنے پر آمادہ کرتے ہیں۔

مثال:

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں کہ جب حضرت پاک ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو عبداللہ بن رواحہ ؓ (اپنی گردن میں تلوار ڈالے حضرت پاک ﷺ کی اونٹنی کی مہار پکڑے ہوئے) آگے آگے چل رہے تھے اور یہ اشعار پڑھ رہے تھے

خَلُّوْا بَنِيْ الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيْلِهٖ

اَلْیَوْمَ نَضْرِبُکُمْ عَلٰی تَنْزِیْلِہٖ
ضَرْباً یُّزِیْلُ الْھَامَ عَنْ مَّقِیْلِہٖ
وَیُزْھِلُ الْخَلِیْلَ عَنْ خَلِیْلِہٖ

ترجمہ:

اے کافرو ہٹ جاؤ آپ ﷺ کا راستہ چھوڑ دو، آج حضرت پاک ﷺ کی مکہ مکرمہ آمد پر تم کو ایسی مار ماریں گے جو کھوپڑیاں جسموں سے الگ کر دے گی، اور دوست کو دوست سے جدا کر دیں گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا **”یَا ابْنَ رَوَاحَۃَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ وَفِیْ حَرَمِ اللّٰہِ تَعَالٰی تَقُوْلُ شِعْرًا“۔**

اے ابن رواحہ تم حرم مکہ میں حضرت پاک ﷺ کے سامنے شعر پڑھتے ہو؟ (یعنی روکنا چاہا)

حضرت پاک ﷺ نے فرمایا **”خَلِّ عَنْہُ یَا عُمَرُ خَلِّ عَنْہُ یَا عُمَرُ فَلَھِیَ اَسْرَعُ فِیْھِمْ مِنْ نَّضْحِ النَّبَلِ“۔**

اے عمر! ان کو مت روکو کیونکہ آج عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے اشعار کفار پر تیروں سے زیادہ سخت ہیں (شمائل ترمذی)

لہٰذا اس پوری گفتگو سے ثابت ہوا کہ صرف اس حدیث شریف کی وجہ سے مطلقاً حق بات کہنے کو جہاد فی سبیل اللہ قرار دینا قطعاً درست نہیں ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۱۲)

” عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عَمْرٍ وقَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَاسْتَأْذَنَهٗ فِیْ الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَیٌّ وَّالِدَاکَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِیْهِمَا فَجَاهِدْ

(مشکوۃ کتاب الجهاد).

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور جہاد میں جانے کی اجازت مانگی تو حضرت پاک ﷺ نے پوچھا کہ تمھارے والدین زندہ ہیں؟ عرض کیا جی ہاں تو حضرت پاک ﷺ نے فرمایا کہ تم والدین کی خدمت کر کے جہاد کرو یعنی والدین کی خدمت کرو اور تمھارا یہی جہاد ہے۔

اب اس حدیث شریف میں والدین کی خدمت کرنے کو جہاد قرار دیا، تو معلوم ہوا کہ صرف قتال ہی جہاد نہیں بلکہ والدین کی خدمت کرنا بھی جہاد ہے۔

جواب نمبر ۱:

اس میں شک نہیں کہ حقوق العباد میں سب سے بڑا حق والدین کی خدمت ہے۔ والد کی رضا کو رب کی رضا فرمایا گیا والدہ کے قدموں تلے جنت رکھ دی گئی ہے۔ اولاد کا مال والد کا مال قرار دیا گیا ہے اور شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ والدین کی نافرمانی کو بتلایا گیا۔ والدین کے نافرمان کے لئے ہلاکت و بربادی کی جبرائیل علیہ السلام نے بددعا کی اور حضرت پاک ﷺ نے آمین فرمائی۔ والدہ کی نافرمانی کرنے والے کی زبان پر موت کے وقت کلمہ کا جاری نہ ہونا، روح کا بدن سے نہ نکلنا اور تڑپتے رہنا اور والدہ کے معاف کرنے پر زبان پر کلمہ کا جاری ہو جانا اور فوراً روح کا نکل جانا احادیث میں آیا ہے۔

والدین کے ان حقوق یا خدمتِ والدین پر وارد شدہ فضائل اور نافرمانی کا بہت بڑا جرم ہونا اپنی جگہ پر مسلم ہے مگر اس سے مطلقاً والدین کی خدمت کو جہاد فی سبیل اللہ قرار دینا کسی بھی طرح درست نہیں۔ کیونکہ جہاد فی سبیل اللہ کا معنی متعین ہے اور وہ ہے قتال فی سبیل اللہ۔ باقی رہا یہ اشکال کہ پھر حدیث شریف میں والدین کی خدمت کو جہاد کیوں قرار دیا گیا تو اس کا آسان اور سیدھا سا جواب یہ ہے کہ حضرت پاک ﷺ صرف نبی ہی نہ تھے بلکہ نبی و رسول ہونے کے ساتھ ساتھ مفتی، قاضی، امام، خطیب، مبلغ اور امیر المجاہدین بھی تھے۔ اگرچہ آپ ﷺ کا اصل منصب تو نبوت ہی تھا مگر امت کو تعلیم دینے کے لئے ان باقی سارے مناصب پر حضرت پاک ﷺ ہی فائز تھے۔ صحابی رسول ﷺ تو جہاد کی نیت کے ساتھ حاضر ہوئے مگر حضرت پاک ﷺ نے انکی تشکیل بجائے میدان جنگ کے والدین کی خدمت پر کر دی لہٰذا اس صحابی کا والدین کی خدمت کرنا صرف اس بنیاد پر جہاد نہیں تھا کہ والدین کی خدمت کرنا جہاد ہے بلکہ وہ اس بنیاد پر جہاد تھا کہ وہ امیر کی اطاعت و تشکیل کے اندر تھے۔

حیلے بہانے کر کے بچائے جو جان کو
دراصل ذاتِ حق سے محبت نہیں اسے
مانا کہ والدین کی خدمت بھی ہے جہاد
لیکن محاذِ جنگ سے نسبت نہیں اسے

توضیح:

والدین کی خدمت تو بہت بڑی بات ہے اگر امیر المجاھدین کسی شخص کو عین میدان جنگ سے پیچھے بھیج دیں اور بیت الخلاء کی صفائی پر لگا دیں تو یہ بیت الخلاء کی صفائی بھی جہاد ہی کہلائے گی بایں معنی کے اس پر بھی جہاد کا مکمل ثواب ملے گا۔

یہ واقعہ صرف اس صحابی رضی اللہ عنہ کے ساتھ خاص نہیں بلکہ اسکی اور بھی بہت سی مثالیں تاریخ میں ملتی ہیں۔

مثال:

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بدری صحابہ رضی اللہ عنہم میں شمار ہوتے ہیں اور حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو بدر کے مالِ غنیمت میں سے برابر کا حصہ بھی دیا حالانکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے بلکہ اپنی بیوی اور حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بیماری کی وجہ سے ان کی دیکھ بھال میں مشغول تھے مگر ان کو بدریوں میں شمار کرنے کی وجہ صرف یہ تھی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیوی کی تیمارداری کے لئے خود نہیں ٹھہرے تھے بلکہ حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی تشکیل فرمائی تھی۔

تو کیا اس حدیث شریف کی وجہ سے کوئی شخص بھی اپنی بیوی کی خدمت اور بیمار پرسی کو جہاد کہتا ہے جب کہ دونوں میں کوئی فرق نہیں بلکہ ایک طرح حضرت عثمان

رضی اللہ عنہ کا واقعہ زیادہ مضبوط ہے کیونکہ ان کو مالِ غنیمت سے حصہ بھی ملا حالانکہ جنگ میں شریک بھی نہیں تھے۔

تاریخ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے علاوہ مزید آٹھ ایسے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام ملتے ہیں جو غزوہ بدر میں شریک نہ ہونے کے باوجود بدری کہلاتے ہیں وہ صرف اس وجہ سے کہ انکی تشکیل خود حضرت پاک ﷺ نے فرمائی تھی۔ وہ آٹھ صحابہ رضی اللہ عنہم یہ ہیں۔

(۱) حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ (۲) حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ (۳) حضرت ابولبابہ انصاری رضی اللہ عنہ (۴) حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ (۵) حضرت حارث بن حاطب رضی اللہ عنہ (۶) حضرت حارث بن صمہ رضی اللہ عنہ (۷) حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ (۸) حضرت جعفر رضی اللہ عنہ۔

خلاصہ کلام:

لہٰذا اس حدیث شریف کی بناء پر بغیر امیر کی اجازت اور تشکیل کے جہاد کو چھوڑ کر از خود والدین کی خدمت میں لگے رہنا اور اس خدمت کو جہاد سمجھ کر میدانِ جنگ سے منہ موڑنا اور پھر خود کو مجاہد کہنا یا کہلوانا اپنے آپکو ہلاکت میں ڈالنے کے مترادف ہے۔

''ایں خیال است ومحال است وجنوں''

مسئلہ

اگر جہاد فرض عین ہو تو والدین کی اجازت کے بغیر بلکہ ان کے روکنے کے باوجود بھی جہاد میں جانا ضروری ہے ہاں کوشش ضرور کرنی چاہیئے کہ والدین بھی بخوشی اجازت دیں اور اولاد کے جہاد کے اجر وثواب میں شریک ہو جائیں۔ اور اگر جہاد فرضِ کفایہ ہو تو بھی والدین کی اجازت اسوقت ضروری ہے جب کہ والدین کی

خدمت کرنے والا اور کوئی نہ ہو۔ اور اگر والدین کی خدمت کرنے والا ہو اور والدین صرف محبت کی وجہ سے اولاد کو جہاد سے روکتے ہوں تو والدین کی اجازت ضروری نہیں

(فیض الباری شرح صحیح بخاری)

☆☆☆

ہمارے اکابر

اس موقع پر میں مناسب سمجھتا ہوں کہ بانی دارالعلوم دیو بند قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ نقل کروں تا کہ ہمیں اپنے اکابر کے مزاج کو سمجھنے میں مدد ملے۔

حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ جب جہاد کی اجازت کے لئے والدہ کی خدمت میں گئے تو والدہ سے مخاطب ہو کر کہنے لگے ’’خدا کی راہ میں جان و مال کو فدا کر دینا ایسا ہے اور جو خوشی سے جان خدا کے حوالے کر دیتا ہے اس کا درجہ ایسا ہے (یعنی فضائل بیان کئے) کہ اب جہاد فرض ہو چکا ہے۔

یہ مسئلہ ہے کہ اطاعتِ خالق میں والدین کی اطاعت اگر معارض ہو تو وہ ساقط ہو جاتی ہے میں چاہتا ہوں کہ آپ خوشی سے مجھے اجازت دیدیں تا کہ آپ کو بھی اجر ملے۔

والدہ۔ بیٹا تم اللہ ہی کی چیز ہو خوشی سے تمھیں اللہ کے سپرد کرتی ہوں اگر تم زندہ آ گئے تو تم سے مل لوں گی نہیں تو آخرت میں انشااللہ جلد ہی ملن ہو گا۔ والدہ سے

اجازت کے بعد والد کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عاجزی اور نرمی سے اپنے والد سے اس عزم کا اظہار کیا۔

والد۔ ذرا میری پگڑی لے آو

مولانا نانوتوی۔ کیوں؟

والد۔ تیرے ساتھ سر کٹانے آخر میں تو جاؤں گا۔

حضرت نانوتوی ۔ آپ میری وجہ سے سر کیوں کٹاتے ہیں اگر آپ کو سر کٹانا ہے تو اللہ کے لئے کٹائیے اور میرے ساتھ چلئے۔

والدین سے اجازت لے کر آپ تھانہ بھون پہنچ گئے۔

(حیات امیر شریعت ص ۱۹۱)

اللہ اکبر یہ تھے ہمارے اکابر۔

اے اللہ ہمیں بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ آمین یَــــــارَبَّ الْعٰلَمِیْن

مثال:

میں مزید وضاحت کے لئے آخر میں ایک مثال عرض کرتا ہوں۔ دو شخص ہیں۔ ایک کا نام ریاض خان دوسرے کا نام پیاز خان۔ دونوں دکاندار ہیں ریاض خان امیر المجاہدین صاحب کے پاس حاضر ہو کر عرض کرتا ہے۔

کہ امیر محترم میری جان اور میرا مال حاضر ہے، مجھے جہاد کے لئے قبول فرمائیے حضرت امیر محترم اسکے تفصیلی حالات سننے کے بعد فرماتے ہیں کہ تم اپنی دکان پر کام کرو اور مقامی سطح پر مجاھدین کے ساتھ تعاون کرو۔ یہ شخص جنگ میں شریک ہونے کی فکر لئے ہوئے دکان بھی چلاتا ہے، بچوں کو بھی پالتا ہے اور مجاھدین کا تعاون بھی کرتا

ہے۔

اور دوسرا شخص پیاز خان بھی دکان چلا رہا ہے اور یہ کہتا ہے کہ ریاض خان بھی دکاندار ہے اور امیر محترم نے اسکو فرمایا ہے کہ تم دکان چلاو، بچوں کو پالو، مجاہدین کا مالی تعاون کرو تو یہ تمھارا جہاد ہے اور میں دکان بھی چلاتا ہوں بچوں کو بھی پالتا ہوں بلکہ میرے تو بچے بھی ریاض خان سے ایک درجن زیادہ ہیں کیونکہ میری تین بیویاں ہیں اور میں خوب جہاد کرتا ہوں اور مجاہدین سے ماہانہ تعاون بھی کرتا ہوں تو پھر مجھے جہاد کا ثواب کیوں نہ ملے گا؟ تو آپ حضرات دونوں کی ترتیب میں فرق کرلیں امید ہے کہ میری اس مثال سے بات سمجھنے میں آسانی ہوگی کہ ریاض خان تو اطاعت امیر میں ہے مگر پیاز خان اطاعت نفس میں مبتلا ہے۔

فائدہ:

پیاز کا پانی ویسے بھی قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۱۳)

صحیح بخاری کی روایت ہے۔ حضرت پاک ﷺ کی خدمت عالیہ میں عورتوں نے حاضر ہو کر جہاد میں شرکت کی اجازت مانگی تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا ''جِهَادُ كُنَّ حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ''، تمھارا جہاد حج مبرور (مقبول حج) ہے۔

اس حدیث شریف میں حج کو جہاد فرمایا حالانکہ حج تو الگ عبادت ہے اس سے قتل وقتال کا کیا تعلق ہے بلکہ ایک حدیث شریف میں صاف الفاظ کے ساتھ یہ ارشاد فرمایا گیا ہے'' اَلْحَجُّ جِهَادٌ لَا قِتَالَ فِيْهِ (تفسیر الہام الرحمٰن، مولانا عبید اللہ سندھی)

کہ حج ایسا جہاد ہے جسمیں قتال نہیں۔ اب تو صاف معلوم ہو گیا کہ جہاد کا معنی صرف قتال ہی نہیں، بلکہ ہر ایسی عبادت کو جہاد کہتے ہیں جس میں مشقت اور کوشش ہو۔

جواب نمبر ۱:

حج ایک الگ اور مستقل عبادت ہے جب کہ جہاد فی سبیل اللہ ایک الگ اور مستقل

عبادت ہے دونوں کے احکام بھی الگ الگ ہیں اور روایات میں بھی ان کو الگ الگ ذکر کیا گیا ہے۔ دیکھو صحیح بخاری ہی کی دوسری حدیث شریف حضرت پاک ﷺ سے عرض کیا گیا کہ **اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ** کون سا عمل سب سے افضل ہے تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا ”**اِیْمَانٌ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَجِھَادٌ فِیْ سَبِیْلِہٖ**“۔ عرض کیا **ثُمَّ مَاذَا؟** یعنی اس کے بعد؟ تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا ”**حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ**“۔

اب دیکھئے کسی ایک حدیث کو لے کر نتیجہ اخذ کرنا تو شریعت کے مزاج سے ناواقفی کی دلیل ہے۔ اس لئے تمام روایات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کریں۔

جواب نمبر٢:

اگر مخصوص حالات کی وجہ سے یا حاکم کے حکم کی وجہ سے عورتوں پر بھی میدان میں نکل کر جہاد کرنا فرض ہو جائے اور کوئی عورت یہ کہے میں تو حج کروں گی میں کیوں جہاد میں جاؤں میرا تو جہاد حج ہے کیونکہ میرے حضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عورتوں کا جہاد حج ہے۔ تو اس کی اس دلیل اور منطق کو کیا کوئی صاحبِ علم تسلیم کرنے کے لئے تیار ہوگا؟ اور کیا اس کے حج کر لینے سے فریضہ جہاد ساقط ہو جائے گا؟

جواب نمبر٣:

حدیث شریف کا اصل مطلب اور مفہوم یہ ہے کہ عورتوں پر چونکہ عام حالات میں جہاد فرض نہیں ہے تو انکی تسلی اور اطمینانِ قلبی کے لئے ارشاد فرمایا کہ جس طرح مرد حضرات میدانِ جنگ کی صعوبتیں اور مشقتیں برداشت کرتے ہیں، اسی طرح عورتیں بھی اگر حدود اللہ کی رعایت کرتے ہوئے حج کریں اور اس میں مشقتیں برداشت کریں مگر مکمل ارکان ادا کریں تو انکو اس حج پر بھی جہاد کا اجر مل جائے گا۔

اسی بناء پر عورتوں کا جہاد صرف حج نہیں فرمایا بلکہ حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ فرمایا کیوں کہ عورت جیسی صنف نازک ذات کے لئے حج کی مشقتیں برداشت کرنا اور غیر محارم کی موجودگی میں پردہ کا اہتمام کرتے ہوئے اپنے حج کو اس طرح ادا کر جانا کہ جو حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ یعنی کامل اور مقبول ہو جائے یہ واقعۃً کسی معرکہ سے کم نہیں ہے اس بناء پر اس پر بھی جہاد کا مجازاً اطلاق کر دیا گیا۔

گو عورتوں کے واسطے حج ہے مثالِ جہاد
لیکن حج بدل تو نہیں ہے جہاد کا

حج اور جہاد میں مناسبت

کچھ کمی بیشی کے ساتھ بطور فائدہ کے استاد محترم حضرت مولانا محمد اسلم شیخو پوری صاحب دامت برکاتہم کی کتاب ''خزینہ'' سے عبارات نقل کی جاتی ہیں۔

(۱) جہاد میں ایک مرکز ہوتا ہے جسکے ساتھ مجاہدین مربوط ہوتے ہیں حج میں بھی ایک مرکز ہوتا ہے جس کے ساتھ سارے حاجی مربوط ہوتے ہیں۔

(۲) جہاد میں مجاہدین ایک امیر کے ماتحت ہوتے ہیں حج میں بھی امیر الحجاج مقرر ہوتا ہے۔

(۳) مجاہدین کی عام طور پر ایک مخصوص وردی ہوتی ہے اسی طرح حجاج کا بھی لباس احرام ہوتا ہے۔

(۴) مجاھدین کو بسا اوقات کئی ہفتوں غسل نصیب نہیں ہوتا جس سے حالت پراگندہ ہو جاتی ہے حاجیوں کی بھی تقریباً ایسی ہی حالت ہوتی ہے۔

(۵) جہاد میں ترکِ وطن ہوتا ہے حج میں بھی وطن کو چھوڑا جاتا ہے۔

(۶) جہاد میں عام طور پر مجاہدین ایک سے دوسرے اور دوسرے سے تیسرے محاذ کی طرف منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ اسی طرح حج میں بھی مکہ سے منیٰ، منیٰ سے عرفات، عرفات سے مزدلفہ، مزدلفہ سے منٰی اور منیٰ سے مکہ کوچ ہوتا رہتا ہے۔

(۷) جہاد میں نظم وضبط ہوتا ہے۔ حج میں بھی اس کا اہتمام کروایا جاتا ہے۔

(۸) جہاد میں بطور خاص گناہ سے بچنے کی تلقین ہے تو حج میں بھی خصوصی طور پر تاکید ہے کہ گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے دور رہو۔

(۹) جہاد میں شیطان کے ایجنٹوں (کفار) کو مارا جاتا ہے۔ حج میں شیطان کی تمثیل کو مارا جاتا ہے۔

(۱۰) جہاد میں انسانی خون پیش کیا جاتا ہے تو حج میں جانوروں کا خون پیش کیا جاتا ہے جو کہ درحقیقت فدیہ ہے انسانی خون حضرت اسماعیل علیہ السلام کا۔

(۱۱) جہاد میں فتح کے بعد مرکز کو اطلاع دی جاتی اور رپورٹ کی جاتی ہے حج میں ارکان حج سے فارغ ہوکر بیت اللہ جو کہ مرکز ہے حاضری دی جاتی ہے۔

(۱۲) مجاھد تکبیر کے نعروں سے فضاء کو گرم کرتے رہتے ہیں اور اللہ تعالی کی توحید کا اعلان کرتے ہیں۔ حاجی بھی تلبیہ کے ذریعے اللہ تعالی کی وحدانیت کا اعلان کرتے ہوئے دلوں کو ذکر اللہ سے گرم کرتے رہتے ہیں۔

(خزینہ)

اب ان مناسبات کی بناء پر حج کو مجازاً جہاد قرار دینا وہ بھی صرف عورتوں کے لئے تو کیا اس سے یہ لازم آیا کہ حج کو جہاد کہتے ہوئے جہاد کے معنی میں ہی بلا وجہ توسیع کر دی جائے۔

جواب نمبر۴:

اَلْحَجُّ جِهَادٌ لَّا قِتَالَ فِيْهِ

بقول حضرت مولانا عبید اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ حج جہاد ہی کی تربیت، تمرین اور مشق ہے تو ظاہری بات ہے کہ ٹرینگ میں قتل وقتال نہیں ہوتا اور نہ ہی ٹرینگ کو آپ قتال اور جہاد سے تعبیر کر سکتے ہیں ہاں البتہ وہ جہاد کے مقدمات میں سے ہوتی ہے اس لئے اسکی اہمیت قتال سے کم بھی نہیں اور اسکو قتال کا حصہ شمار کرنا بھی ایک وجہ سے درست ہے۔

حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ کے اس کلام کا حاصل لکھا جاتا ہے جو حضرت نے اپنی تفسیر الھام الرحمٰن میں تحریر فرمایا ہے (بحوالہ خزینہ)

حج کی مشروعیت تمرین اور اعمال حرب کی تیاری کے لئے اور اس کا بیان سورۃ بقرۃ کی آیت ۱۹۶ تا ۲۰۳ میں ہے یہ تمام کی تمام آیتیں مسائل حج کے بارے میں ہیں اور حدیث میں وارد ہے۔

اَلْحَجُّ جِهَادٌ لَّا قِتَالَ فِيْهِ (حج ایک ایسا جہاد ہے جس میں قتال وجنگ نہیں) اس کے معنی یہ ہیں کہ اعمال حربیہ کی تمرین وترغیب کی جائے سوائے قتال اور جنگ کے۔ اور حج کا حاصل دو چیزیں ہیں اول مسلمانوں کو حکم دیا جائے کہ اپنے نفقات ایک خاص جگہ پر جمع کریں دوم یہ کہ اعمالِ حرب و جہاد کی تمرین۔ پھر جب یہ لوگ اس پر قائم ہو جائیں اور اس تمرین سے مستفید ہوں اور ان کو خاص عادت ہو جائے اب وہ ادنی سے ادنی توجہ سے اعمال جہاد کرنے پر قادر ہوں گے۔

"اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ" مفسرین نے قیامت پر محمول کیا ہے اور حشرِ عرفات کو حشر یوم

القیامہ کا ایک نمونہ لکھا ہے ہم اسی چیزوں کے استنباط اور مسائل حج بیان کرنے سے انکار کرتے ہیں، لیکن ہم انہی پر اکتفا نہیں کر سکتے، کیوں کہ یہاں سباق، مسائل حج اور مسائلِ جہاد ہی بیان کرنا مقصود ہے تو حشر سے مراد **حشر الجنود** ہے۔

کیونکہ اسلام ابتداً متطوّعین (اطاعت گزاروں) کی قوت ہی سے قائم ہوا ہے اور حج میں صرف اعمال جہاد کی تمرین اور ترغیب دی جائے اور متطوّعین ہی کو تمرین و ترغیب دی جائے۔

پھر جب ہم نے حدیث کو پیش کر دیا۔ "**اَلْحَجُّ جِهَادٌ لَّا قِتَالَ فِيْهِ**"، تو کس کی طاقت ہے کہ حج کو اعمالِ جہاد سے خارج کر دے۔ لیکن شاہان ظلم و جور اور شیاطین زھاد (**قاتلهم الله**) نے تمام اعمالِ مسلمین کو باطل اور خراب کر دیا۔

اسی طرح حج میں فدیہ کا حکم ہے کہ جو شخص معمولی بھی مناسک کی خلاف ورزی کرے اسکی جزاء اور بدلہ کا حکم فرمایا ہے۔ یہی حال نظام حرب کا ہے اگر کوئی فوجی آدمی کسی ماموربہ امر کی مخالفت کرے گا تو بغیر مجازات (بدلہ) اسکو نہیں چھوڑا جائے گا تو کیا عوام کے لئے مرد ہوں یا کہ عورتیں اعمال حرب کی تمرین و ترغیب اس سے بہتر طریقہ پر ممکن ہے؟

اور اعداء دینِ اسلام، نظام قرآن کی قوت اور حج کی قوت عملیہ کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس سے اسلام کی عزت ہے اس لئے اعداءِ اسلام پوری قوت، پوری طاقت سے ان ہر دو کی توہین و بے عزتی اور دونوں کو ضعیف و کمزور کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ حج کے لئے جمع ہونے والوں پر لازم ہے کہ ان تینوں مہینوں میں چند امور اپنے لئے لازم قرار دے لیں۔ اول یہ کہ عورتوں کا نام (تک) چھوڑ دیں۔ دوم یہ کہ جو معاملات قانون میں ہیں انکی مخالفت نہ کریں، فساد کو بالکل ترک کر دیں۔ سوم یہ کہ

جنگ و جھگڑا قطعاً ترک کر دیں، جب ایک امت کی امت ان امور کو تین ماہ کے لئے اپنے اوپر لازم کر لے گی تو اپنے اندر بے شمار اوصافِ اجماعیہ عسکریہ پیدا کر لے گی اور یہ اس پر قادر ہو جائیں گے جسے انہوں نے دوران قیامِ حرم قائم کیا تھا۔ اور بغیر سلطان اور بلا حاکم کے انہوں نے اس کا التزام کیا تھا۔ اب فتح کے بعد اسکی قدرت اور طاقت رکھتے ہیں کہ اپنے لئے حکومت اجماعیہ متوسطہ بنالیں۔ (خزینہ)

☆☆☆

اعتراض نمبر ۱۴

اس اعتراض کو ذکر کرنے سے پہلے ایک واقعہ عرض کر دیتا ہوں جو خود میرے ساتھ پیش آیا۔ ایک مرتبہ ضلع سرگودھا کے قصبہ مڈھ رانجھا میں اپنے مجاہد ساتھیوں کے ساتھ ملاقات کی غرض سے گیا تو میرے مجاہد ساتھیوں نے کہا کہ ہماری جامع مسجد شکرانی میں تبلیغی جماعت کے حضرات آئے ہوئے ہیں اور انہوں نے تو ہمیں پریشان کر دیا ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔

’’مَنْ تَمَسَّکَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِأةِ شَهِیْدٍ‘‘

’’جس شخص نے میری ایک سنت کو ایسے دور میں تھامے رکھا جب فساد کا دور ہو تو اسکو سو شہیدوں کا اجر ملے گا‘‘۔

آپ لوگ خواہ مخواہ کشمیر اور افغانستان کے پہاڑوں میں جا کر مشقتیں برداشت کرتے ہیں، گھر سے دور رہ کر والدین کو بھی پریشان کرتے ہیں اگر جہاد کے راستہ میں

شھید بھی ہو گئے تو صرف اکیلے شہید ہوں گے اور ایک شہید کا اجر ملے گا اس لئے ادھر ہی رہ کر دین کی محنت کرو، ہر روز کئی کئی سنتیں زندہ کرو اور ہزاروں بلکہ لاکھوں شھیدوں کا اجر حاصل کرو۔

واقعہ یہ ہے کہ اس حدیث شریف اور اس جیسی دیگر احادیث کریمہ جو کہ دین کی اشاعت کے لئے تھیں آڑ بنا کر بعض دین دشمن منافقین یا بعض سادہ لوح دین دوست مسلمان دوسرے مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہیں۔ خود بھی تباہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی تباہ کرتے ہیں اس لئے میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس حدیث شریف کی وضاحت کر دوں۔

جواب نمبرا:

ایک اہم بات تو یہ ذہن نشین فرمالیں کہ سنت کی دو قسمیں ہیں سنتِ عادت و سنتِ عبادت یعنی حضرت پاک ﷺ نے بعض اعمال اللہ تعالی کی عبادت کے طور پر فرمائے اور بعض اپنے بشری اور انسانی تقاضے کی بناء پر۔ اگرچہ حضرت پاک ﷺ کی ساری زندگی عبادت ہی ہے۔

دیکھئے جیسے سر مبارک میں تیل، کنگھی اور کھانے کے بعد مسواک، سوتے وقت مسواک کھانے سے قبل ہاتھ دھونا، میٹھے کا استعمال، جوتے کا استعمال وغیرہ یہ وہ اعمال ہیں جن کو حضرت پاک ﷺ نے بطورِ عادت اور ضرورت کے استعمال فرمایا ہے۔

مگر وضو کے وقت مسواک کا استعمال، نماز کے لئے وضو، غسلِ جنابت و دیگر سارے اعمال شریعت نماز، روزہ، حج وغیرہ ان اعمال کو حضرت پاک ﷺ نے عبادت کے طور پر فرمایا ہے۔

اس حدیث میں سنت سے مراد وہ سنت ہے جس کو حضرت پاک ﷺ نے عبادت

کے طور پر فرمایا ہو اگر چہ ہمارے لئے وہ سنتیں بھی قابل اتباع ہیں جن کو حضرت پاک ﷺ نے عادت کے طور پر فرمایا ہے اور وہ بھی اجر وثواب سے خالی نہیں ہیں آپ اسکو مزید وضاحت کے لئے یوں بھی کہ سکتے ہیں کہ سنت کی دو قسمیں ہیں سنتِ طبیعہ اور سنتِ شرعیہ اور واجب الاتباع سنت شرعیہ ہے نہ کہ سنت طبیعہ۔

جواب نمبر۲:

سنت سے مراد حکمِ شرعی کو زندہ کرنا ہے جیسا کہ دوسری روایت کے الفاظ ہیں ’’مَنْ اَحْیٰی سُنَّتِیْ‘‘ ۔ یا حکم شرعی کو مضبوطی سے تھامے رکھنا جیسا کہ اسی روایت کے الفاظ ہیں اور احکاماتِ شرعیہ میں سے جس قدر ظلم حکم شرعی جہاد فی سبیل اللہ پر ہوا ہے کسی اور پر نہیں ہوا۔ غیروں نے تو کمی نہیں کی، مگر اپنوں نے بھی ہاتھ صاف کئے ہیں۔ غیروں کی عداوت تو سمجھ میں آتی ہے، مگر اپنوں کی منطق سمجھ سے بالاتر ہے۔ اور جہاد ایک ایسا شرعی حکم ہے جسکا زندہ ہونا پورے دین کا زندہ ہونا ہے اور اس کا ختم ہونا پورے دین کا ختم ہونا ہے۔ اسی بناء پر جس قدر اس حکم پر زور دیا گیا ہے شاید شریعت نے کسی اور پر اتنا زور نہیں دیا اور یہ چونکہ پورے دین کی بنیاد ہے غالبًا اسی لئے حدیث مبارک میں اسکو پورا دین قرار دیا ہے، جیسا کہ حدیث شریف ہے۔

’’اِذَا تَبَایَعْتُمْ بِالْعِیْنَةِ وَ اَخَذْتُمْ بِاَذْنَابِ الْبَقَرِ وَرَضِیْتُمْ بِالزَّرْعِ وَتَرَکْتُمُ الْجِهَادَ سَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ ذُلًّا لَا یَنْزِعُهٗ حَتّٰی تَرْجِعُوْا اِلٰی دِیْنِکُمْ‘‘

ترجمہ:

’’جب تم دنیاوی مال و دولت کے پیچھے پڑ جاو گے اور تم بیلوں کی دم پکڑ لوگے اور کھیتی باڑی کے پیچھے پڑ کر جہاد کو چھوڑ بیٹھو گے تو اللہ پاک تم پر ایسی ذلت مسلط فرمادیں گے جو دین کی طرف واپس آئے بغیر تم سے نہیں ہٹے گی‘‘۔

اس حدیث شریف میں دین سے مراد جہاد ہے۔

لہذا جہاد کرنا اس حدیث کا اعلی وارفع اور سب سے بڑا مصداق ہے۔

(بذل المجھود شرح ابی داؤد)

جواب نمبر۳:

جس طرح اس حدیث شریف میں احیاءِ سنت کی فضیلت فرمائی ہے کہ اس سے سو شہید کا اجر ملتا ہے اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ میدانِ جنگ میں جا کر لڑتے ہوئے شہید ہونے کی ضرورت نہیں (العیاذ باللہ) تو پھر ان احادیث کا جن میں قرآن کریم کی بعض سورتوں کی فضیلت بیان کی گئی ہے مثلاً سورۃ فاتحہ ثواب میں دو تہائی قرآن کے برابر ہے۔ اور سورۃ یٰسین قرآن پاک کا دل ہے جو شخص سورۃ یٰسین پڑھتا ہے حق تعالٰی شانہ اس کے لئے دس قرآنوں کا ثواب لکھ دیتے ہیں۔ اور چار مرتبہ سورۃ الکافرون اور ایک روایت میں تین مرتبہ سورۃ اخلاص کے پڑھنے پر پورے قرآن پاک کے ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے کا مطلب یہ ہے کہ مدارسِ عربیہ جن میں حفظِ قرآن کی تعلیم ہوتی ہے ان کو بند کر دیا جائے اور کیا ضرورت ہے پورے قرآن کو پڑھنے کی تو کیا کوئی کم عقل شخص بھی ایسی حماقت کر سکتا ہے؟ نہیں ہر گز نہیں تو پھر جہاد ہی کے ساتھ یہ عداوت اور بغض کیوں ہے؟

جواب نمبر۴:

آیئے آخر میں اس حدیث شریف کا صحیح مطلب دیکھیں۔ حدیث شریف میں ایک سنت کو فساد کے دور میں مضبوطی سے تھامنے یا زندہ کرنے پر (دونوں کا مطلب ایک ہی ہے) ۱۰۰ شہیدوں کے اجر کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اس لئے یہاں یہ بات بھی خوب سمجھ لیں کہ ایک ہوتا ہے اجر یعنی مزدوری اور ایک ہوتا ہے مقام اور مرتبہ۔ اجر،

اجرت اور مزدوری الگ چیز ہے مگر مرتبہ بالکل الگ چیز ہے، ۱۰۰ شہیدوں کا اجر مل جانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ ایک شہید کا مرتبہ اور مقام بھی مل جائے۔ اس لئے میدانِ جنگ میں جامِ شہادت نوش کرنے والے مجاہد کے لئے اللہ تعالیٰ نے جس مقام اور مرتبہ کا وعدہ فرمایا ہے اسکے ساتھ سو شہید تو کجا، لاکھوں شہداء کا اجر بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

ہے بے شک سو شہیدوں کا ثواب احیائے سنت پر
مگر اس کو نہیں فوقیت حاصل شہادت پر

یہ شہید کا مرتبہ اور مقام ہی ہے کہ حدیث شریف میں آتا ہے کہ روزِ قیامت جب شہید آئے گا تو اگر اسکے راستے میں ابراھیم خلیل اللہ جیسا نبی اور رسول بھی ہوگا تو اس کو بھی حکم ہوگا کہ راستہ صاف کر دو شہید آ رہا ہے۔ یعنی شہید کے استقبال اور پروٹوکول کے طور پر اس کے راستے سے تمام لوگوں کو ایک طرف ہٹا کر راستہ خالی کر دیا جائے گا۔

یہ شہید کا مرتبہ اور مقام ہی ہے کہ ایک شہید قیامت کے دن خاندان کے ستر جہنمیوں کی سفارش کرے گا اور سفارش قبول بھی ہوگی۔ یہ شہید کا مرتبہ ہے کہ حضرت پاک ﷺ نے دس دس مرتبہ اللہ کے راستہ میں قتل ہونے کی تمنا کی یعنی نبوت کے باوجود شہادت کے مرتبہ کی تمنا فرمائی جو کہ اللہ تعالیٰ نے پوری فرمائی۔ کیونکہ حضرت پاک ﷺ اسی زہر کے اثر سے ہی فوت ہوئے جو آپ کو غزوہ خیبر میں ایک یہودی عورت نے دیا تھا اور زہر سے موت شہادت کی موت ہوتی ہے۔

مگر حاشا وکلاَّ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ شہادت العیاذ باللہ نبوت سے اعلیٰ مرتبہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت پاک ﷺ نے نبوت کے مرتبہ پر فائز ہونے کے باوجود بھی شہادت کی کئی کئی مرتبہ تمنا فرمائی ہے۔

شہید کے مرتبہ اور اجر کو ایک اور مثال سے سمجھیں۔

پاکستان کے صدر مملکت کا ایک مرتبہ اور مقام ہے، جسے آپ پروٹوکول کہہ لیں، اور ایک اسکی تنخواہ ہے جسے آپ اجر، اجرت اور مزدوی سے تعبیر کر لیں۔ اب صدر پاکستان کی اجرت تو اتنی ہے کہ شاید کسی فیکٹری کے جنرل مینیجر اور کسی بینک کے اعلی افسر کی تنخواہ اس سے کئی گناہ زیادہ ہوتی ہے مگر صدر کے مقام اور مرتبہ کو پورے ملک کے انجینئر زیا بڑی بڑی فرموں کے جی ایم وغیرہ مل کر بھی نہیں پہنچ سکتے۔ بس یہ ہی شہید کے اجر و مرتبہ کے درمیان فرق ذہن میں ملحوظ رکھیں گے۔ تو کوئی اشکال پیدا نہ ہو گا۔ اس لئے میرے دوستو اور بزرگو! دین کی محنت بھی فرمائیں اور دین کی سمجھ بھی حاصل کریں اور یوں کافروں کی اَن دیکھی چالوں کا شکار ہو کر اسلام اور دین کا حلیہ نہ بگاڑیئے، اللہ تعالی ہم کو دین کی فہم عطاء فرمائے، آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

☆☆☆

اعتراض (۱۵)

بعض دینی حلقوں میں اس بات کو بڑی شدّ و مد کے ساتھ چلایا جا رہا ہے کہ کوئی شخص اللہ تعالٰی کے راستے میں نکل کر ایک روپیہ اپنی جان پر خرچ کرتا ہے اسکو ایک روپے کے بدلہ میں سات لاکھ کا اجر ملتا ہے اور ایک نماز پر انچاس کروڑ نمازوں کا اجر و ثواب ملتا ہے اور ہم چونکہ دین کی دعوت و تبلیغ میں لگے ہوئے ہیں اور دعوت و تبلیغ کا کام سب سے بڑا کام ہے باقی سب تو دین کی شاخیں ہیں مگر دین کی دعوت والا عمل ہی اصل اور مکمل دین ہے، لہٰذا یہ اجر و ثواب بھی تبلیغ و دعوت کا کام کرنے والوں کے لئے مخصوص ہے۔ کیونکہ اصل تو اللہ کا راستہ یہی ہے اس سے پورا دین زندہ ہوتا ہے۔

جواب نمبر ۱:

سب سے پہلے تو وہ حدیث دیکھیں جس سے ایک روپیہ پر سات لاکھ کا اجر و ثواب اور ایک نماز پر انچاس کروڑ نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔ پھر دیکھیں کہ ان احادیث کی حیثیت کیا ہے اور تیسرے نمبر پر دیکھیں کہ اس اجر و ثواب کے اولین مستحق

کون ہیں؟ اب ہم نمبر وار تینوں باتوں کو بیان کرتے ہیں۔

نمبر۱:

حضرت علی ؓ، حضرت ابو الدرداء ؓ، حضرت ابو ھریرہ ؓ، حضرت ابو امامہ ؓ حضرت عبد اللہ بن عمرو ؓ، حضرت جابر بن عبد اللہ ؓ، حضرت عمران بن حصین ؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا

”مَنْ اَرْسَلَ نَفَقَةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاَقَامَ فِیْ بَیْتِهٖ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ مِائَةِ دَرْهَمٍ وَمَنْ غَزَا بِنَفْسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاَنْفَقَ فِیْ وَجْهِهٖ ذٰلِكَ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ تَلَاهٰذِهِ الْاٰیَةَ وَاللّٰهُ یُضَاعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ.“

جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں کچھ خرچہ بھیجا مگر خود گھر پر ہی رہا تو اسکو ایک درہم کے بدلہ سات سو کا اجر ملتا ہے اور جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں غزوہ کیا یعنی جنگ کی اور اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے خرچ کیا تو اسکو ایک درہم کے بدلہ سات لاکھ درہم کا اجر ملے گا۔ پھر اسکے بعد حضرت پاک ﷺ نے یہ آیت مبارکہ تلاوت فرمائی کہ ”اور اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہتے ہیں کئی گنا بڑھا دیتے ہیں۔“

حضرت معاذ ؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے فرمایا،

”اِنَّ الصَّلٰوةَ وَالصِّیَامَ وَالزَّكَاةَ یُضَاعَفُ عَلٰی النَّفَقَةِ فِیْ سَبِیْلِ ا للّٰهِ عَزَّوَجَلَّ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ (بذل المجھود ج ۴ الترغیب)

کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں نکل کر نماز، روزہ، ذکر کا ثواب اللہ تعالیٰ کی راہ میں روپیہ خرچ کرنے سے سات سو گنا بڑھ کر ملتا ہے۔

حاصل:

یہ ہے کہ ایک روپیہ پر چونکہ سات لاکھ ملتا ہے تو سات لاکھ کو سات سو سے ضرب دینے سے انچاس کروڑ بن گیا۔ اس حساب سے اللہ تعالی کے راستہ میں نماز، روزہ، ذکر کا ثواب انچاس کروڑ بن جاتا ہے۔

نمبر (۲)

(حدیث کی حیثیت):

یہ دونوں حدیثیں اپنی سند کے اعتبار سے حد درجہ ضعیف ہیں اس لئے انکے ضعف کو بیان کئے بغیر ان احادیث کی تشریح جائز نہیں ہے۔ (تبلیغی جماعت اور انچاس کروڑ کا ثواب از فقیہ العصر مفتی رشید احمد لدھیانوی دامت برکاتہم)

نمبر۳

(حدیث کا مصداق):

اگر غور کیا جائے تو یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہے کہ اس حدیث کے اولین اور سب سے بہترین مصداق حضرات مجاہدین کرام ہیں کیونکہ نماز، روزہ اور ذکر پر انچاس کروڑ کا ثواب تو تب ہے جب اسکو اللہ تعالی کے راستے میں خرچ ہونے والے نفقات کے ثواب سے ضرب دیں اور النفقه في سبيل الله (یعنی اللہ تعالی کے راستہ میں خرچ) میں تو اس بات کی تصریح ہے کہ یہ ثواب اس وقت ہے جب ایک قید پائی جائے اور وہ ہے ''غَذَا بِنَفْسِهٖ''، یعنی اللہ تعالی کے راستے میں غزوہ کرنا اور لڑنا، تو یہ غزوہ اور لڑنے والا کام سوائے مجاہدین کے اور کون کرتا ہے اور ویسے بھی فقہاء نے اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ جب مطلقاً بغیر کسی تخصیص کے فی سبیل اللہ بولا جائے تو اس سے مراد بھی جہاد فی سبیل اللہ ہی ہوتا ہے۔

اس لئے یہ کہنا بالکل درست اور بجا ہوگا کہ اس حدیث کا اولین اور بہترین

مصداق تو مجاہدین ہیں اگر چہ بِالتَّبع اور ضمناً دوسرے وہ تمام حضرات بھی شامل کئے جا سکتے ہیں جو دین کے کسی بھی شعبے میں کام کر رہے ہیں۔

رحمتِ زخار سے کچھ بھی نہیں اس کی بعید
بخش سکتا ہے مرا مولیٰ کروڑوں کا ثواب
ہاں مگر اس کے لئے لازم ہے جاں پر کھیلنا
ورنہ یہ انعام اور آسودہ حالی میں جناب

اللہ تعالیٰ ہم سب کو یہ انعامات بلکہ اس سے بڑھ کر عطا فرمائے۔ آمین۔

اس لئے میرے دوستو بزرگو! میری گزارش ہے کہ احادیث کی تشریح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے خوف کو مدنظر رکھا جائے ورنہ دنیا و آخرت میں ناکام ہو جائیں گے۔ دین کی یہ کونسی خدمت ہے کہ انسان دین کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دے اور روایت کی تشریح اور مفہوم میں اپنی مرضی سے ردوبدل شروع کر دیا جائے۔

ملحوظہ:

باقی موجودہ دور میں دعوت وتبلیغ کے کام کو کل دین اور اصل کہنا اور باقی تمام شعبوں کو دعوت وتبلیغ کا جزء اور فروع کہنا انتہائی نادانی کی بات ہے۔ اسکی تفصیل آگے آرہی ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ ہم کو دین میں تحریف سے محفوظ رکھے، آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

☆☆☆

اعتراض (١٦)

فَوَاللّٰہِ لَاَنْ یَّھْدِیَ اللّٰہُ بِکَ رَجُلًا وَّاحِدًا خَیْرٌ لَّکَ مِنْ حُمُرِ النَّعَمِ

(متفق علیه)

غزوہ خیبر کے موقع پر حضرت پاک ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ اے علی تیری وجہ سے ایک آدمی کا ہدایت پر آجانا سو سرخ اونٹوں کے صدقہ کرنے سے بہتر ہے۔

اس لئے ہمیں بھی کافروں کے قتل پر زور خرچ کرنے کی بجائے ان کے ایمان پر آنے کی فکر کرنی چاہیے۔

جواب نمبر ا:

یہ بات تو درست ہے کہ ایک کافر کا اسلام قبول کرنا سو سرخ اونٹوں کے صدقہ کرنے سے بہتر ہے اور واقعۃً کافروں کے ایمان لانے کی فکر بھی کرنی چاہیے مگر اس سے یہ کیسے ثابت ہو گا کہ جو کافر ایمان نہ لائے بلکہ اشاعتِ اسلام کے راستہ میں

رکاوٹ بن کر مزید دوسرے لوگوں کو بھی ہدایت پر آنے سے روکے تو ایسے کافروں کو قتل بھی نہیں کرنا چاہیے، جبکہ کفار کا قتل ہی تو دراصل دوسرے کفار کے اسلام میں داخل ہونے کا ذریعہ بنتا ہے۔

جواب نمبر۲:

کیا حضرت پاک ﷺ کا ارشادِ گرامی سننے کے بعد اسی غزوہ خیبر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پھر کسی کافر کو قتل نہیں کیا؟ اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کفار کو قتل کرنا چھوڑ دیا؟ اور مرحب کا حشر کس نے کیا تھا؟

جواب نمبر۳:

اگر اس حدیث کا یہی مطلب ہے جو میرے بھائی، بزرگ اور دوست لے رہے ہیں تو پھر ان احادیث کا کیا مطلب لیں گے جس میں حضرت پاک ﷺ نے کفار کے قتل کرنے کی ترغیب دی ہے اور ایک کافر کے قتل پر جنت کی بشارت دی ہے۔

بجا ارشاد ہے ایمان لانا ایک کافر کا
مسلمانوں کے حق سرخ سو اونٹوں سے بہتر ہے
مگر سچ پوچھئے تو اس کا یہ ہرگز نہیں مطلب
فسادی کافروں کو قتل کرنا اس سے کم تر ہے

اس لئے میری دردمندانہ گزارش ہے کہ کفار کو ایمان پر لانے کی فکر اگر ضروری ہے اور یقیناً ضروری ہے تو سرکش کفار کی سرکشی کو توڑنے اور بد دماغ کفار کے دماغ کو درست کرنے کی فکر بھی ضروری ہے۔ تاکہ اسلام پھیل جائے اور ہمارا ایمان پختہ ہو جائے اور اسلام کے غلبہ شان وشوکت کو دیکھ کر لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں سارے دین کو سمجھنے اور سارے دین پر عمل کرنے کی توفیق

دے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

☆☆☆

اعتراض (۱۷)

میں اس اعتراض اور اسکے جواب کو نقل کرنے سے پہلے ایک واقعہ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ۱۹۹۸ء کی بات ہے میں کابل کے مضافات میں واقع مجاہدین کے مرکز خالد بن ولید گیا تو وہاں پر مجھ سے معسکر کے اساتذہ کرام میں سے بعض نے کہا کہ معسکر میں چونکہ ہر روز بعد نماز ظہر ''فضائلِ اعمال'' کی تعلیم ہوتی ہے مگر اسمیں ایک حدیث شریف ہے جسکی وجہ سے ہم کافی پریشانی کا شکار ہیں بلکہ ہم نے تو اس پریشانی کی وجہ سے اس حدیث کی تعلیم پر پابندی عائد کردی ہے۔ کیونکہ اس سے مجاہدین کے ذہن میں کافی الجھن پیدا ہوتی ہے اور ہمارے پاس اس حدیث شریف کا معقول جواب نہیں ہے۔

میں خود تعجب کرنے لگا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ اور کیا کوئی حدیث شریف ایسی بھی ہوسکتی ہے جو مجاہدینِ اسلام تو کیا دین کے کسی بھی شعبے پر عمل کرنے والے کسی بھی مسلمان کے لئے پریشانی کا باعث بنے۔ احادیث مبارکہ میں تو دین ہی دین ہے ان

سے دین پر عمل کرنا آسان ہوتا ہے نہ کہ پریشان کن۔ قصہ مختصر یہ کہ میں نے ظہر کی نماز کے بعد اسی حدیث شریف کی تعلیم کرائی اور اس کا مطلب بیان کیا جس سے نہ یہ کہ مجاہدین بلکہ اساتذہ کرام بھی ماشاالله ء مطمئن ہو گئے۔

پہلے میں فضائل اعمال سے وہ مکمل حدیث مع اسکی تشریح کے نقل کرتا ہوں پھر اصل صورت مسئولہ کی وضاحت۔ اللہ تعالی ہم سب کو حق بیان کرنے کی توفیق عطاء فرمائے اور حق پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ کَانَ رَجُلَانِ مِنْ بُلٰی حَیٌّ مِنْ قُضَاعَةَ اَسْلَمَا مَعَ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَاسْتُشْهِدَ اَحَدُهُمَا وُأُخِّرَ الْاٰخَرُ سَنَةً قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَیْدِ اللهِ فَرَ اَیْتُ الْمُؤَخَّرَ مِنْهُمَا اُدْخِلَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الشَّهِیْدِ فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِکَ فَاَصْبَحْتُ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ ﷺ اَوْ ذُکِرَ لِرَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اَلَیْسَ قَدْ صَامَ بَعْدَهٗ رَمَضَانَ وَصَلّٰی سِتَّةَ اٰلَافِ رَکْعَةٍ وَکَذَا وکَذَا رَکْعَةً صَلٰوةَ سَنَةٍ.

(فضائل اعمال: کتاب الصلوۃ، ص ۳۳۱)

ترجمہ:

حضرت ابو ہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ ایک قبیلہ کے دو صحابی ایک ساتھ مسلمان ہوئے ان میں سے ایک صاحب جہاد میں شہید ہو گئے اور دوسرے صاحب کا ایک سال بعد انتقال ہوا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ صاحب جن کا ایک سال بعد انتقال ہوا تھا ان شہید سے بھی پہلے جنت میں داخل ہو گئے تو مجھے بڑا تعجب ہوا (کہ شہید کا درجہ تو بہت اونچا ہے وہ پہلے جنت میں داخل ہوتے ہیں) جب صبح ہوئی تو میں نے حضور ﷺ سے خود عرض کیا یا کسی اور نے عرض کیا تو حضرت اقدس ﷺ نے ارشاد

فرمایا کہ وہ صاحب جن کا ایک سال بعد انتقال ہوا تھا ان کی نیکیاں نہیں دیکھتے کتنی زیادہ ہوگئیں۔ ایک رمضان المبارک کے روزے بھی ان کے زیادہ ہو گئے اور چھ ہزار اور اتنی اتنی رکعتیں نماز کی ایک سال میں ان کی بڑھ گئیں۔

جواب:

جواب سے پہلے تمہید کے طور پر چند ضروری باتیں تحریر کی جاتی ہیں

حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔ اِنَّمَاالْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ.

(صحیح بخاری)

اور دوسری حدیث شریف میں ہے۔ نِیَّۃُ الْمُوْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ.

(تنبیہ الغافلین)

یعنی بسا اوقات مومن کسی نیک عمل کا ارادہ کرتا ہے مگر وہ اس عمل کو کسی عذر کی وجہ سے نہیں کرسکتا تو اسکی نیت پر اسکا اجر ضرور مل جاتا ہے۔

دیکھئے اگر کوئی شخص قرآن کریم کو حفظ کرنے کی نیت کرتا ہے اور حفظ شروع کرتا ہے اور اسکے لئے محنت بھی کرتا ہے مگر وہ ذہن کی کمزوری کی وجہ سے یاد نہیں کرسکتا یا حفظ کے درمیان اسکی موت واقع ہو جاتی ہے وہ یقیناً قیامت کے دن حفاظ کے ساتھ ہی اٹھایا جائے گا۔

اسی طرح کوئی شخص جو حج کی نیت سے گھر سے چلتا ہے مگر راستہ میں اسکی موت آجاتی ہے تو وہ یقیناً روز قیامت حاجیوں کے ساتھ ہی کھڑا ہوگا اور ان شاء اللہ اللہ تعالی اسکو محض اپنے فضل وکرم سے حج کا پورا اجر وثواب عطا فرمائیں گے۔

دیکھئے قرآن کریم میں اللہ تعالی اس شخص کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں جو گھر سے ہجرت کی نیت سے چلا مگر راستہ میں اس کی موت واقع ہوگئی۔

” وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِی الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسْعَةً . وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (سورة النساء ، آيت نمبر ١٠٠)

ترجمہ : اور جو کوئی وطن چھوڑے اللہ کی راہ میں، پائے گا اس کے مقابلہ میں جگہ بہت اور کشائش اور جو کوئی نکلے اپنے گھر سے ہجرت کر کے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی طرف پھر آ پکڑے اسکو موت، تو مقرر ہو چکا ہے اس کا ثواب اللہ تعالی کے ہاں اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان (تفسیر عثمانی)۔

ان روایات اور آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ ہر عمل کی ایک صورت ہے اور ایک حقیقت اور اصل اجر و ثواب کا مدار حقیقت پر ہی ہوتا ہے نہ کہ صرف ظاہری صورت پر اگر نیت درست نہ ہو اور عمل کی صرف ظاہری صورت پائی جائے تو اس پر آخرت میں قطعًا اجر و ثواب نہیں ملے گا۔

جیسا کہ ایک عالم قاری، دوسرا سخی، تیسرا شہید قیامت کے دن جہنم کا ایندھن بن جائیں گے کیونکہ انکی نیت اللہ تعالی کی رضا کی نہیں تھی بلکہ محض ریا کاری اور شہرت مقصود تھی۔ تو یہاں پر اگرچہ علم تعلیم، سخاوت، شہادت کی صورت موجود ہے مگر حقیقت موجود نہیں تو نتیجہ بھی مرتب نہ ہو سکا۔ اور پہلی صورتوں میں جہاں حافظ قرآن یا حاجی اور مہاجر عمل مکمل کئے بغیر ہی دنیا سے رخصت ہو گئے۔ مگر ان کو اجر کامل و مکمل ملا کیونکہ وہاں نیت درست ہونے کے ساتھ انکی محنت بھی تھی جس سے عمل کی حقیقت موجود تھی لہذا انکے پاس عمل مکمل نہ تھا مگر کامیاب رہے اور ادھر عمل مکمل ہونے کے باوجود ناکامی۔

اسی طرح شہید کے بارے میں حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

" مَنْ سَئَلَ اللّٰہَ الشَّھَادَۃَ بِصِدْقٍ بَلَّغَہُ اللّٰہُ مَنَازِلَ الشُّھَدَاءِ وَاِنْ مَّاتَ عَلٰی فِرَاشِہٖ. (صحیح مسلم).

کہ اگر کوئی شخص صدق دل کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کی موت طلب کرے (اور اسکے لئے کوشش بھی کرے ورنہ تو صدق دل نہ رہا) تو اللہ تعالی اسکو شہید کے رتبہ تک پہنچا دیتے ہیں اگرچہ وہ (طبعی موت کے ساتھ) اپنے بستر پر ہی فوت ہو جائے۔

اب اس حدیث شریف کی روشنی میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ عہدِ رسالت کے دونوں اشخاص صحابی ہیں اور دونوں شہید ہیں فرق صرف اتنا ہے کہ ایک کو شہادت کی حقیقت کے ساتھ ظاہری صورت یعنی اللہ تعالی کے راستہ میں قتل ہونا بھی نصیب ہو گیا اور دوسرے کو صرف شہادت کی حقیقت نصیب ہوئی مگر ظاہری صورت نہ مل سکی۔

جب دونوں شہید ہیں اور دوسرے شہید کی ایک سال کی نمازیں اس پر زائد ہیں دوسرے اعمال بھی زائد ہیں تو یقیناً دوسرا شخص مرتبہ میں پہلے شخص سے کہیں آگے نکل جائے گا، اسمیں تو اشکال والی بات ہی کوئی نہ ہوئی۔

اک ظاہری شہید تھے اک معنوی شہید
دونوں ہی بارگاہِ خدا میں ہوئے سعید
اک روزہ و نماز میں فائق تھے اس لئے
عجلت کی وجہ بن گیا ان کا عملِ مزید

میں نے جو کہا ہے کہ دونوں شہید تھے اسکی وجہ واضح ہے کہ جب حضرت پاک ﷺ بار بار شہادت کی موت کی تمنا فرماتے ہیں تو کیسے ممکن تھا کہ صحابی ہو اور شہادت کی تمنا نہ کرتا ہو اور کسی بھی معرکہ سے وہ پیچھے رہا ہو، وہ حضرات تو کفار کے خلاف جنگ کے

حریص تھے۔

شبہ:

ہاں اس پر یہ شبہ کیا جا سکتا ہے کہ حضرت پاک ﷺ نے اس تفصیل کی نشاندھی کیوں نہ فرمائی جو کہ آپ نے بیان کی ہے؟

جواب:

تو میرے دوستو بزرگو! اسکی وہاں ضرورت ہی نہ تھی۔ کیونکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین تو اس نکتے کو بخوبی سمجھتے تھے ساری احادیث ان کے سامنے تھیں۔ انکو تو شبہ صرف یہ تھا کہ دنیا سے پہلے جانے والا جنت میں بعد میں کیسے داخل ہوا، اسکی وضاحت حضرت پاک ﷺ نے فرما دی کہ دوسرے کے پاس اعمال کی کثرت تھی (یعنی شہادت کے ساتھ) جو کہ جنت میں پہلے دخول کا باعث بنی۔

ملحوظہ:

اصل میں ان حضرات کو یہ اشکال اس لئے پیش آتا ہے کہ ہم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگی کو معاذ اللہ اپنے اوپر قیاس کرتے ہیں وَشَتَّانَ بَيْنَ هٰؤُلَاءِ وَبَيْنَ هٰؤُلَاءِ کہ جس طرح ہم میں سے بعض بلکہ اکثر لوگ جہاد سے دور رہ کر نماز روزہ کرتے ہیں العیاذ باللہ شاید ان میں بھی ایسے ہی لوگ تھے مگر حاشا وکلاّ ہرگز ہرگز ایسا نہیں تھا بلکہ ان میں سے جو بھی جہاد سے پیچھے رہا اس کی خاص وجہ یا خاص شرعی عذر تھا ورنہ وہ لوگ تو ایسے ہیں باپ بیٹے سے پہلے اور بیٹا باپ سے پہلے جہاد میں جانے پر اصرار کر رہا ہے، دونوں میں قرعہ اندازی ہو رہی ہے، بچوں میں جنگ میں شرکت کے لئے کشتیاں ہو رہی ہیں اور عورتیں تک مدینہ طیبہ میں رہنا گوارا نہیں کرتیں۔ جن کو یہ اعتراض پیش آیا ان حضرات نے یہ سمجھا کہ خدانخواستہ شاید سال بعد فوت ہونے والا

صحابی رضی اللہ عنہ ایسا ہوگا جو کہ ہماری طرح صرف نماز روزہ پر گزارا کرتا ہوگا اور جہاد میں شرکت نہ کرتا ہوگا۔ تو اسکی نمازیں جو کہ بغیر جہاد کے تھیں (یعنی ہماری طرح) شاید وہ جہاد والے اعمال اور شہادت سے آگے نکل جانے کا سبب بن گئیں، نہیں نہیں ایسا نہیں ہوا۔ بلکہ وہ دونوں نمازی دونوں روزے دار ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں مجاہد اور دونوں شہیدِ راہِ حق تھے۔ اس لئے کوئی اشکال کی بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں فہم سلیم عطاء فرمائے، آمین **یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن.**

☆☆☆

اعتراض (۱۸)

آج ایک بات بڑے بڑے، لاکھوں کے اجتماعات میں بڑی ڈھٹائی اور دیدہ دلیری کے ساتھ کی جارہی ہے کہ حکومت سے کچھ نہیں ہوتا، وزیروں، مشیروں سے کچھ نہیں ہوتا۔ صرف اعمال پر محنت کرو کیونکہ حدیث شریف میں ہے۔

”**اَعْمَالُکُمْ عُمَّالُکُم**“ تمہارے اعمال ہی تمہارے حکمران ہیں۔ یعنی جیسے اعمال کرو گے ویسے ہی تم پر حکمران ہوں گے اور جیسے ہی ہمارے اعمال زمین سے آسمان پر جائیں گے ویسے ہی حالات آسمان سے زمین پر اتریں گے۔

اس لئے بس اعمال کی فکر کرو یہ لڑنا، بھڑنا کافروں کا قتل چھوڑ دو، بوسنیا، چیچنیا، فلسطین اور کشمیر میں اللہ تعالیٰ کا عذاب آرہا ہے۔ کیونکہ ان لوگوں نے اچھے اعمال چھوڑ دیئے تھے، جب ہمارے اعمال درست ہو جائیں گے تو ہمیں خود بخود حکومت بھی ملے گی اور عزت بھی۔

جواب نمبر ۱:

العیاذ باللہ کس قدر کفریہ کلمات زبانوں سے بکے جا رہے ہیں اور سادہ لوح لوگوں کو زہر کی گولیوں پر چینی لگا کر کھلائی جا رہی ہیں اور ایمان کی محنت کی آڑ میں کفر کو مضبوط کیا جا رہا ہے اور دلوں میں نفاق کا بیج بویا جا رہا ہے۔

یہ اصول تو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ جیسے اعمال زمین سے آسمان پر جائیں گے ویسے ہی حالات آسمان سے زمین پر آئیں گے مگر اس سے یہ کیسے ثابت ہو گیا کہ جہاد چھوڑ دو اور کافروں کو قتل کرنا چھوڑ دو۔

کیا جہاد فی سبیل اللہ العیاذ باللہ عمل بد ہے؟ کیا کافروں کو قتل کرنا اللہ تعالیٰ کا حکم اور حضرت پاک ﷺ کی مبارک سنت نہیں؟ کیا اسلحہ رکھنا اللہ تعالیٰ کی محبت کی علامت نہیں؟ جنگ کرنے والے شخص سے اللہ تعالیٰ محبت نہیں فرماتے؟ کیا جہاد کے میدان میں تھوڑی دیر کا قیام گھر کی ستر سالہ عبادت سے افضل نہیں؟ کیا کافر کے قتل کرنے پر جنت کی بشارت نہیں؟ کیا ایک تیر چلانے پر تین آدمیوں کے لئے جنت کی خوشخبری نہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ ایسے جملے اور کلمات کہنے والے وہ اشخاص ہیں جو جہاد فی سبیل اللہ کو اعمال صالحہ میں شمار ہی نہیں کرتے۔ اگر ایسی ہی بات ہے تو پھر ان کو اپنے ایمان کی فکر کرنی چاہیے۔

جواب نمبر ۲:

یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ شریعت کے ہر عمل کا نتیجہ بھی الگ ہے۔ ہر عملِ شرعی کا ایک مقصد ہے اگرچہ اصل کامیابی تو آخرت کی کامیابی اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی ہے مگر دنیا میں ہر عمل کا ایک نتیجہ ہے جو اسکی دنیاوی غرض ہے۔ جب کوئی عمل زمین سے آسمان پر جائے گا تو اسکا نتیجہ بھی آسمان سے زمین پر آئے گا اسی طرح جہاد فی سبیل للہ کا ایک مقصد اور غرض وغایت ہے۔ جب جہاد زمین سے آسمان پر جائے گا تو اسکے

نتیجے بھی آسمان سے زمین پر آئیں گے۔

زمین پر جہاد ہوگا تو آسمان سے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو مدد کے لئے اتاریں گے۔

زمین پر جہاد ہوگا تو اللہ تعالیٰ کی مدد آسمان سے نازل ہوگی، کیونکہ وعدہ ہے۔

” اِنْ تَنْصُرُوْا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ “(سورة محمد ، آيت نمبر ۷)

زمین پر جہاد نہ ہوگا تو آسمان سے مساجد، مدارس، خانقاہوں اور عبادتگاہوں کی حفاظت نازل نہیں ہوگی بلکہ بربادی نازل ہوگی۔

” وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّ صَلَوٰتٌ وَّمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا “ (سورة الحج ، آيت نمبر ٤٠)

جب زمین پر جہاد نہ ہوگا تو آسمان سے فساد اور تباہی نازل ہوگی۔

” وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ “

(سورة البقره ، آيت نمبر ۲۵۱)

زمین پر جہاد نہیں گا تو مسلمانوں کے لئے آسمان سے ذلت نازل ہوگی۔

”اِذَا تَرَكْتُمُ الْجِهَادَ فَسَلَّطَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الذِّلَّةَ“(الحديث)

جب زمین پر جہاد نہ ہوگا تو مسلمانوں کے لئے ایمان کی بجائے منافقت کی موت آسمان سے نازل ہوگی۔

”مَنْ مَّاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهُ مَاتَ عَلٰى شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ“

(الحديث)

خلاصہ:

خلاصہ یہ کہ آپ کے اس اصول کو تسلیم کرتے ہوئے یہ بات کہنی پڑتی ہے کہ جب جہاد زمین سے آسمان پر جائے گا تو آسمان سے عزت، مال وجان و ایمان کی حفاظت،

خلافت، حدود اللہ کا قیام نازل ہو گا۔ ورنہ ذلت، غلامی، فساد، بربادی و تباہی نازل ہو گی۔ کیونکہ ان چیزوں کا تعلق جہاد کے ساتھ ہے۔

خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر پوری دنیا کے مسلمان، پانچوں وقت کی نماز با جماعت بلکہ تہجد، اشراق، چاشت اور اوّابین کے بھی پابند ہو جائیں، زکوٰۃ صدقات بھی ادا کریں، رمضان تو کیا ہر جمعرات، پیر اور ایام بیض عاشوراء، اور ذوالحجہ کے دس روزے بھی رکھیں اور پورا دن قرآن کی تلاوت، ذکر اللہ اور رات پوری مصلیٰ پر گزار دیں، حرام کھانا چھوڑ دیں۔

مگر مال و جان عزت اور ایمان کا تحفظ اور خلافت کا قیام اسوقت تک خدا کی قسم، خدا کی قسم، نہیں ہو گا جب تک یہ امت جہاد نہیں کرے گی۔

کیونکہ ان چیزوں کا قیام اور وجود نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج کے ساتھ نہیں بلکہ جہاد ہی کے ساتھ ہے۔ باقی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، اپنی جگہ پر الگ الگ فریضے ہیں جن کی فرضیت تو کیا اہمیت کا انکار کرنا بھی کفر ہے۔

لائیں نہ مومنین گر قوّت کو کام میں
ہر گز نہیں نجات ملے گی فساد سے
روزہ نماز و ذکر کا اپنی جگہ ثواب
لیکن نفاذِ دین تو ہو گا جہاد سے

اس لئے اگر صرف نماز، روزے اور حج، زکوٰۃ اور اللہ تعالیٰ کے ذکر و تلاوت سے خلافت قائم ہوتی، اللہ تعالیٰ کی مدد اترتی، اسلام پھیل سکتا، کفر شرارتوں سے باز آ سکتا تو کم از کم حضرت پاک ﷺ اپنے نہتے نمازی، روزے دار، قرآن کے قاری صحابہ رضی اللہ عنہم کو میدانوں میں لے جا کر قتل نہ کرواتے اور نہ ہی کفار کو قتل کر کے جہنم روانہ

فرماتے ۔ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین بھی مکہ مکرمہ میں حرم کی نمازوں اور مدینہ منورہ (مسجد نبوی) میں حضرت پاک ﷺ کے پیچھے نمازوں کو چھوڑ کر بلادِ کفر میں جا کر جنگیں نہ کرتے ۔

بلکہ دیکھئے غزوہ موتہ کے موقع پر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو حضرت پاک ﷺ نے امیر لشکر بنا کر روانہ فرمایا اور یہ فرمایا کہ اگر زید رضی اللہ عنہ شہید ہو جائیں تو جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، جب وہ شہید ہو جائیں تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ جب وہ بھی شہید ہو جائیں تو جسکو چاہیں امیر بنالیں ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے یہ سوچ کر کہ اب شہادت تو یقینی ہے، آخری نماز محبوب ﷺ کے پیچھے پڑھتے جائیں، گھوڑا تیز رفتار ہے ۔ خیر الایام، جمعہ کے دن خیر المساجد بعد الحرم مسجد نبوی میں خیر الامام حضرت پاک ﷺ کے پیچھے نماز ادا فرمائی، جب حضرت پاک ﷺ کی نظر پڑی تو حضرت پاک ﷺ کے دریافت فرمانے پر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ حضرت دل کی تمنا تھی کہ اپنے محبوب ﷺ کے ساتھ نماز ادا کروں گا اور پھر جلدی جلدی اپنے ساتھیوں سے جا ملوں گا ۔ تو حضرت پاک ﷺ نے فرمایا ۔

''اگر تم دنیا کی تمام چیزوں کو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں خرچ کرو گے تب بھی ان لوگوں کی صبح کا ایک سفر اور اس کا ثواب حاصل نہ کرسکو گے ۔''

اس لئے خدارا ایسی باتیں زبان سے نکال کر اپنی آخرت خراب نہ کریں نہ ایمان کو نفاق سے بدلیں نہ جہاد کی اہمیت کو کم کریں کیونکہ جہاد کی اہمیت کم ہوئی ہے نہ آئندہ ہو گی ۔ شریعت کے ہر عمل کو اس کا درجہ دیں، اسی کا نام دین ہے، اسی کا نام اسلام ہے اور اسی کا نام ایمان اور مذہب ہے ۔ ورنہ ؎

گر فرق مراتب نہ کنی زندیقی

☆☆☆

اعتراض (١٩)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ”خَیرُ الصَّحَابَةِ اَرْبَعَةٌ وَّخَیرُ السَّرَایَا اَرْبَعُ مِائَةٍ وَّخَیرُ الْجُیُوْشِ اَرْبَعَةُ اٰلَافٍ وَّلَنْ یَّغْلِبَ اثْنَاعَشَرَ اَلْفًامِّنْ قِلَّةٍ“ (مشکوۃ شریف ، کتاب آداب السفر)

بہترین رفیق اور ساتھی چار ہیں اور بہترین چھوٹا لشکر چار سو کا ہے اور بہترین بڑا لشکر وہ ہے جسکی تعداد چار ہزار ہو اور بارہ ہزار کا لشکر قلت کی وجہ سے شکست نہیں کھا سکتا۔

اس وقت مجاہدینِ اسلام کی تعداد لاکھوں میں ہے مگر پھر بھی فتح ان کو کیوں نہیں ہوتی ؟ جبکہ حدیث شریف میں ہے کہ مسلمان بارہ ہزار کی تعداد میں ہوں تو کبھی بھی تعداد کے تھوڑا ہونے کی وجہ سے مغلوب نہیں ہو سکتے۔

جواب نمبر ١:

اسلام اور کفر کے مابین جاری جنگ بھی تو آخر ایک جنگ ہی ہے اور جنگ کے

بارے میں ایک اصول یاد رکھیئے کہ ''اَلْحَرْبُ سِجَالٌ ''یعنی جنگ کنوئیں کے ڈول کی مانند ہے کہ کبھی ایک فریق تو کبھی دوسرا فریق کھینچتا ہے۔ ہمیشہ ایک ہی شخص اسکو نہیں کھینچتا اور یہ وہ اصول ہے جسکو غزوہ احد میں کفار کے سردار ابوسفیان (جو کہ بعد میں مسلمان ہوگئے تھے) مسلمانوں کو عارضی شکست کے بعد دھراتے ہوئے کہا تھا۔

''یَوْمٌ بِیَوْمِ بِبَدْرٍ وَّالْحَرْبُ سِجَالٌ''. کہ آج کی ہماری فتح بدر کی شکست کے بدلہ میں ہے اور جنگ تو ڈولوں کی مانند ہے کبھی اوپر کبھی نیچے۔

اسکے علاوہ بھی ابوسفیان نے کچھ جملے اور نعرے لگائے تھے جن کا حضرت پاک ﷺ نے جواب دلوایا تھا مگر اس جملہ کا جواب نہ دیا اور نہ ہی دلوایا۔ اسکی وجہ حضرت مولانا ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ سیرت المصطفیٰ ج ۳ میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابوسفیان کا قول ''اَلْحَرْبُ سِجَالٌ'' چونکہ حق تھا اس لئے اس کا جواب نہیں دیا اور حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ''تِلْکَ الْاَیَّامُ نُدَاوِلُھَا بَیْنَ النَّاسِ'' اس کا مؤید ہے۔

اس لئے کسی بھی معرکہ میں مسلمانوں کی شکست کا ہو جانا بھی اسی اصول کے تحت ہی دیکھا جانا چاہیئے۔

فائدہ:

اس اصول ''اَلْحَرْبُ سِجَالٌ '' کو معمولی نہ سمجھیں کیونکہ یہ تو اب حدیث تقریری سے ثابت ہوگیا ہے اور حجت کا درجہ رکھتا ہے۔

فائدہ:

انتہائی اختصار کے ساتھ یہ عرض ہے کہ حدیث کہتے ہیں حضرت پاک ﷺ کے قول وفعل اور تقریر کو۔ اور تقریر کا معنی یہ ہے کہ کسی شخص نے حضرت پاک ﷺ کے سامنے کوئی کام کیا یا کوئی بات کہی آپ نے جاننے کے باوجود اس سے منع نہ فرمایا بلکہ

اسے برقرار رکھا۔

جواب نمبر۲ :

اس حدیث سے یہ تو معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان اگر بارہ ہزار کی تعداد میں ہوں تو انکو کبھی بھی قلت تعداد کی وجہ سے شکست نہ ہوگی، مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ انکو کسی اور وجہ سے بھی شکست نہیں ہوسکتی۔ مثلاً اگر اسباب رسد کو کاٹ دیا جائے اور سامان جنگ یعنی آلاتِ حرب وضرب ضائع ہو جائیں۔ اور بالخصوص جبکہ مسلمان ہی انکی ٹانگیں کھینچنے کا فریضہ انجام دے رہے ہوں تو پھر مسلمانوں ہی کو شکست کیوں نہ ہوگی؟

جواب نمبر۳:

بعض اوقات مسلمانوں کی شکست میں کچھ خاص حکمتیں ہوتیں ہیں اللہ تعالی کی طرف سے جو کہ صرف شکست کی صورت میں ہی مل سکتی ہیں نہ کہ فتح کی صورت میں مثلاً (۱) تا کہ کھرے کھوٹے، اور کچے پکے، مخلص اور غیر مخلص الگ ہو جائیں۔

(۲) تاکہ شکستہ خاطر ہوکر اللہ تعالی کی بارگاہ میں عاجزی، ذلت اور مسکنت کے ساتھ رجوع کریں اور اس کے نتیجے میں حق تعالی انکو آئندہ، عزت وفتح عطا فرمائیں۔

(۳) تاکہ مسلمانوں کے دلوں میں عجب وکبر اور فخر پیدا نہ ہو، جس سے اللہ تعالی کی مدد ونصرت رک جاتی ہے، جیسے غزوہ حنین میں ہوا تھا۔

(۴) تاکہ شکست کے باوجود مسلمانوں کے حق پر قائم رہنے سے ان کے درجات بلند ہوں اور حق تعالی کا قرب خاص نصیب ہو۔

(۵) تاکہ شہادت کے شائقین اور اللہ تعالی سے ملاقات کے خواہش مندوں کو شہادت کی نعمت نصیب ہو۔

(٦) تاکہ اس شہادت کے نتیجہ میں مسلمانوں کے گناہ اور خطائیں معاف ہو

جائیں۔ اور پاک صاف ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور پہنچیں۔

(۷) تاکہ اللہ تعالیٰ کفار کو مٹا دے کیونکہ جب اللہ تعالیٰ کے بندگانِ خاص کی خونریزی ہوتی ہے تو حق تعالیٰ کی غیرت جوش مارتی ہے اور اپنے مخصوص بندوں اور دوستوں کے دشمنوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیتے ہیں۔

(۸) تاکہ کفار مزید دلیری، ناز و غرور کے ساتھ میدان میں آئیں اور ہمیشہ کے لئے دنیا سے فنا ہو جائیں۔

(۹) تاکہ یہ ثابت ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کی سنت یہ ہے کہ وہ دلوں کو پھیر دیتے ہیں کبھی دوستوں کو اور کبھی دشمنوں کو فتح دیتے ہیں۔

مگر آخر کار نتیجہ اور انجام کار میں فتح تو اہلِ حق کو ہی نصیب ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فھم سلیم سے نواز دیں، آمین **یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن**۔

شکستِ فاش بھی ہو جائے ممکن ہے ہزاروں کو
وہ محبوب آزماتا ہے خود اپنے جانثاروں کو
کبھی تو فتح و نصرت سے کبھی شوقِ شہادت سے
عطا کرتا ہے مولیٰ کا مرانی اپنے پیاروں کو

تنبیہ:

اس لئے میرے بھائیو، دوستو، بزرگو! گزارش ہے کہ یہ اور ان جیسی دیگر احادیث کو سمجھنے کی کوشش کریں اور سمجھ میں نہ آئیں تو کسی صاحب علم سے رابطہ فرمائیں۔ ''**فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ٥**'' (سورۃ الا نبیاء، آیت نمبر ۷)

مگر خدارا شرم و حیاء فرمائیں اور ناسمجھی کی وجہ سے مجاہدین اور جہاد پر اعتراض کر کے کفار کی پشت پناہی نہ کریں اور نہ ہی اپنی آخرت برباد کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں فکر

آخرت کی توفیق سے نوازیں۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

گزارش:

اگر کبھی کسی محاذ سے مسلمانوں کی شکست کی خبریں موصول ہوں تو اسکی وجہ سے مجاہدین کے اعمالِ صالحہ میں کیڑے نہ نکالے جائیں بلکہ اپنے گریبان میں نگاہِ تفکر دوڑائیے کہ کہیں ہماری بدبختی اور اعمال بد کی نحوست کی وجہ سے مجاہدین کو شکست کا سامنا نہ کرنا پڑتا ہو۔ نیز اس پر بھی غور کریں کہ ایسے وقت میں مجاہدین کی ہمت بندھانے کی ضرورت ہوتی ہے نا کہ ان کے زخموں پر نمک چھڑکنے کی۔ اس لئے ایسے وقت میں مجاہدین کی زیادہ سے زیادہ ہر قسم کی جانی مالی لسانی مدد کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے مجاہدین کی فتح ونصرت اور کفار کی شکست کی دعاء کا معمول بنائیے اور اسلام کے معمولی نقصان میں بھی اپنا نقصان سمجھیں۔

جواب نمبر۴:

مجاہدین کی شکستیں دیکھنے والوں کو مجاہدینِ اسلام کی تاریخی فتح، فتحِ افغانستان بھی مدنظر رکھنی چاہیے جہاں بے آسرا مجاہدین نے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دنیا کی سپر طاقت کو زیر کر دیا۔

''فَاعْتَبِرُ وْ یَااُو لِی الْاَبْصَارِ''

جواب نمبر۵:

اور دوسرے مقامات پر جاری جہاد کے بارے میں بھی آپ یہ تو کہ سکتے ہیں کہ فتح میں تاخیر ہو رہی ہے مگر یہ نہیں کہ سکتے کہ مجاہدین کو شکست ہو رہی ہے بلکہ شکست تو کفار کو ہو رہی ہے جسکو وہ خود تسلیم بھی کرتے ہیں۔

☆☆☆

اعتراض (۲۰)

جہاد کے لئے حکومت اور مرکز کا قیام شرط ہے، حکومت کے بغیر جہاد بالکل جائز نہیں ہے۔ کیونکہ خود حضرت پاک ﷺ نے جب تک مدینہ منورہ میں حکومت اور مرکز قائم نہیں فرمایا اسوقت تک جہاد شروع نہیں کیا۔

جواب نمبرا:

جہاد کی دو قسمیں ہیں اقدامی، دفاعی۔

اقدامی جہاد:

اسلام کو عزت و شوکت اور قوت حاصل ہو اور مزید فریضہ جہاد کو جاری رکھنے کے لئے مسلمانوں کا ایک دستہ اور قافلہ کافروں کی طرف پیش قدمی کر رہا ہو۔ جہاد کی یہ قسم فرضِ کفایہ ہے۔ اسکے لئے والدین کی اجازت، جنگ سے پہلے کفار کو اسلام کی دعوت اور بعض کے ہاں طاقت کا توازن شرط ہے اسی طرح اس جہاد میں مسلمانوں کے لئے ایک مرکز اور حکومت بھی شرط ہے اور یہ جہاد بھی ہر وقت جاری رہنا ضروری ہے اگر کسی

وقت یہ جہاد موقوف ہو گیا تو پوری امت گناہ گار ہوگی اور چند ایک کے ادا کرتے رہنے سے پوری امت اس کے چھوڑنے کے گناہ سے محفوظ رہے گی۔ جیسے نمازِ جنازہ۔

دفاعی جہاد:

کفار نے مسلمانوں کے ملک پر چڑھائی کردی یا کفار نے مسلمانوں کی ایسی زمین پر قبضہ کرلیا جو ایک گھنٹہ بھی خلافت کے زیر اثر رہی ہو تو سب سے پہلے قرب و جوار کے مسلمانوں پر اور انکے کم ہونے یا نہ کرنے کی صورت میں دنیا کے تمام مسلمانوں پر کفار کو دفع کرنا فرض ہو جاتا ہے اور جہاد کی اس قسم کے لئے کوئی شرط نہیں حتی کہ اسلام کی دعوت دینا بھی شرط نہیں، نہ ہی حکومت اور نہ ہی والدین کی اجازت شرط ہے۔ اور بیوی کے لئے شوہر کی اور باندی وغلام کے لئے آقا کی اجازت بھی شرط نہیں ہے۔

آج کل پوری دنیا میں اسی قسم کا دفاعی جہاد ہو رہا ہے، کہیں بھی اقدامی جہاد نہیں ہو رہا۔ اللہ تعالی وہ وقت بھی جلد لائے کہ جب اقدامی جہاد شروع ہو۔

جواب نمبر۲:

باقی رہا یہ اعتراض کہ حضرت پاک ﷺ پر اسوقت تک جہاد کا حکم نازل نہیں ہوا جب تک آپ ﷺ نے مرکز قائم نہیں کیا اور حکومت اسلامیہ کی بنیاد نہیں رکھی۔ تو میری گزارش صرف اتنی ہے کہ اگر جہاد کے لئے حکومت کی شرط کی بنیاد صرف یہ ہی بات ہے تو پھر دوسرے وہ تمام احکام جو کہ اسوقت نازل ہوئے جب حضرت پاک ﷺ مرکز اور حکومتِ اسلامیہ کی بنیاد رکھ چکے تھے جیسے روزہ، زکوۃ اور میراث وغیرہ تو کیا ان احکام کے لئے بھی مرکز اور حکومت کے قیام کی شرط ہے؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر یہ جہاد کے لئے کیوں شرط ہے۔ دونوں کے درمیان فرق کی وجہ بھی ہونی

چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہم کو دین کی صحیح سمجھ عطا فرمائے۔ آمین۔

ہو نہیں سکتا بھلا کیونکر جہاد
اے مرے مخلص ، حکومت کے بغیر
آخرش میراث و روزہ اور زکوٰۃ
سب ہی نافذ ہیں خلافت کے بغیر

جواب نمبر۳:

جہاد تو خود حکومتِ اسلامیہ اور خلافت قائم کرنے کے لئے کیا جاتا ہے اب اگر حکومت کو شرط قرار دیں تو جہاد کے قائم کرنے کے لئے تو منطق کی اصطلاح میں ''دَوْر'' لازم آتا ہے جو کہ باطل ہے۔

جواب نمبر۴:

اس سلسلہ میں عہدِ رسالت کا واقعہ مدنظر رہنا چاہئے۔

۶ھ میں حضرت پاک ﷺ عمرہ کے ارادہ سے مکہ تشریف لے جا رہے تھے کہ کفار نے حدیبیہ کے مقام پر روک لیا اور وہاں مشرکین مکہ اور حضرت پاک ﷺ کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جسکی شرائط نہایت سخت تھیں جن میں ایک شرط یہ تھی کہ کفار میں سے کوئی شخص مسلمان ہو کر مدینہ چلا جائے تو اسکی واپسی ضروری ہے جبکہ اگر کوئی شخص العیاذ باللہ مرتد ہو کر مدینہ سے مکہ چلا جائے تو اسکی واپسی نہیں ہوگی۔ اس معاہدہ کے بعد حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ مسلمان ہو کر مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ آگئے تو کفار کے مطالبہ پر حضرت پاک ﷺ نے ان کو مکہ مکرمہ سے آنے والے دو آدمیوں کے حوالہ کر دیا اور حسب وعدہ واپس فرما دیا۔

راستہ میں حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے دونوں آدمیوں سے کہا کہ یہ تلوار جو تمہارے

ہاتھ میں ہے بڑی زبردست ہے ذرا دکھاؤ وہ کافر ذرا سی تعریف پر پھول گیا اور یہ کہہ کر کہ میں نے بہت سے لوگوں پر اس کا تجربہ کیا ہے، تلوار حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ کے حوالہ کر دی۔ آپ نے ایک آدمی کا کام اسی تلوار سے تمام کر دیا اور دوسرا وہاں سے بھاگ گیا۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ مدینہ میں دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ حضرت آپ نے حسب وعدہ واپس فرمایا اور میرا ان سے کوئی معاہدہ نہیں مگر حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ اس خوف سے کہ شاید دوبارہ کفار کے مطالبہ پر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم مجھے واپس کر دیں۔ مدینہ سے دور سمندر کے کنارے ڈیرا لگا لیا اب ہر شخص مکہ سے مسلمان ہوتا اور انکے پاس پہنچ جاتا یہ مختصر سی جماعت تیار ہو گئی۔ (ان افراد کی تعداد ستر ہو گئی تھی اور علامہ سہیلیؒ کے بقول تین سو ہو گئے تھے۔ زرقانی ج ٢) اور ادھر سے کفار کے راستے کو بند کر دیا اور کفار پر حملے کرتے رہے۔ جو قافلہ ادھر سے گزرتا اس سے جنگ کرتے۔ حتیٰ کہ کفار نے پریشان ہو کر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گزارش کی کہ آپ ان کو مدینہ منورہ بلا لیں۔ اب دیکھئے کہ یہ حضرات کس حکومت کے تحت جہاد کر رہے تھے اور کیا ان کا جہاد غیر شرعی تھا؟ ان کے اس مبارک عمل کے برحق ہونے پر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خاموشی ہی بہت بڑی دلیل ہے۔

فائدہ جلیلہ:

آخر میں حضرت استاد محترم حضرت مولانا زاہد الراشدی دامت برکاتہم کے ''اوصاف'' اخبار میں شائع ہونے والے کالم ''نوائے قلم'' کا تذکرہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں جو کہ اس موضوع کے حوالہ سے بہت خوب ہے اور مقصد کو بھی خوب واضح کرتا ہے۔ دیکھئے۔

’’کسی جنگ کے جہاد ہونے کا پہلا درجہ یہ ہے کہ باقاعدہ اسلامی ریاست قائم ہو اور امیر المومنین کی طرف سے جہاد کا اعلان کیا جائے۔ لیکن جہاں اسلامی ریاست موجود نہ ہو یا مسلم حکمران خود غیر مسلمان اور حملہ آور قوتوں کا یرغمال بنا ہوا ہو وہاں اعلانِ جہاد کا یہ فریضہ علمائے کرام کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ یہ ایک مسلمہ فقہی اصول ہے اور بہت سے ایسے شرعی احکام ہیں جن کا نفاذ حکومت پر موقوف ہے مگر کوئی اسلامی حکومت موجود نہیں ہے یا مسلم حکومت اس ذمہ داری کو قبول کرنے سے گریز کر رہی ہے۔

مثلاً: اقامتِ صلوۃ، اقامتِ جمعہ وعیدین، نکاح وطلاق کے تنازعات اور زکوۃ کی وصولی اور مصرف وغیرہ جیسے معاملات میں خلا کو قبول نہیں کیا جائے گا اور احکام کے تسلسل کو باقی رکھنے کے لئے علماء کرام اس فریضہ کو سنبھال لیں گے۔ جب کہ ہر دور میں علماء کرام نے اس ذمہ داری کو قبول کیا اور نبھایا ہے۔ اسی طرح جہاں مسلم حکومت موجود نہ ہو یا موجود ہو اور کافروں کے نرغے میں ہو اور اس وقت کے معروضی حالات جہاد کا تقاضا کرتے ہوں تو علماء کا فرض بن جاتا ہے کہ وہ اس خلا کو پر کریں اور ایسی صورت میں انکے اعلان اور فتوی سے ہی کوئی جنگ ’’شرعی جہاد‘‘ کی حیثیت اختیار کرے گی۔

☆☆☆

اعتراض (۲۱)

اگر حکومتِ اسلامیہ کا قیام جہاد کے لئے شرط نہیں تو بھی ایک امیر کا ہونا تو شرط ہے۔ جب تک ایک امیر نہ ہوگا اسوقت تک جہاد شرعی نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ان دنوں مجاہدین جو کہ مختلف جماعتوں کے اندر بٹے ہوئے ہیں اور ہر ایک کا الگ امیر ہے ان کا جہاد بھی شرعی جہاد نہیں۔

جواب نمبر۱:

یہ ایک ایسا لغو سوال ہے جسکی بنیاد قرآن ہے نہ حدیث، فقہ ہے نہ تاریخ۔ بلکہ یہ سوال ہی اسلامی تاریخ اور فقہ اسلامی سے ناواقفیت پر مبنی ہے بلکہ اسکے پیچھے ایک خاص چال کارفرما ہے جسکی طرف عام طور پر ذہن منتقل نہیں ہوتا۔

کفار کے مقابلہ کرنے کے واسطے
ترکش میں میرے دوستو تیر ہونا چاہیے
جرأت، خلوص، عزمِ مصمم ہے لازمی

کس نے کہا کہ ایک امیر ہونا چاہیے

ہوا یہ کہ جب انگریز کے خلاف مختلف علمائے حق نے جہاد کا پرچم بلند کیا اور انگریز کو خاک چاٹنے کے علاوہ اور کوئی صورت نظر نہ آئی۔ تو اس نے اپنے ایجنٹ مرزا غلام احمد قادیانی کے ذریعہ سے ایک پمفلٹ شائع کرایا جسکی عبارت یہ تھی کہ ”مسلمانو! جہاد تم پر فرض نہیں کیونکہ تمہاری قوت کم ہے اور بغیر قوت کے جہاد نہیں ہوتا۔ تمہارا ایک امیر بھی نہیں ہے اور بغیر ایک امیر کے جہاد نہیں ہوتا“۔ یہ ہے اس اعتراض اور شوشے کی بنیاد جس نے مسلمانوں کے اندر سے جہاد جیسی عظیم طاقت کو کھرچنے کی کوشش کی ہے۔

جواب نمبر۲:

ہم پہلے عرض کر چکے ہیں کہ جہاد کی دو قسمیں ہیں اقدامی جہاد اور دفاعی جہاد۔ اقدامی جہاد کے لئے کچھ شرائط ہیں مگر دفاعی جہاد کے لئے تو کوئی شرط نہیں ہے اور اس دور میں دنیا کے کسی بھی خطے میں اقدامی جہاد نہیں ہے بلکہ صرف دفاعی جہاد ہے۔

جواب نمبر۳:

زیادہ مثالوں کی ضرورت نہیں صرف ۱۹ ویں صدی کو دیکھ لیں ایک ہی وقت پر کتنی اسلامی تحریکیں چل رہی تھیں اور جہاد ہو رہے تھے۔ مگر امیر تو ہر ایک کا الگ تھا شاملی کے میدان سے لیکر امام شامل کے میدان تک اسکی مثالیں موجود ہیں۔

جواب نمبر۴:

اگر یہ شرط لگا دی جائے تو جہاد کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ کیونکہ بسا اوقات بلکہ اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ خلافتِ اسلامیہ نہ ہونے کی وجہ سے مسلمانوں نے دنیا کے کونے کونے میں جو جہاد شروع کر رکھے ہیں، ان کا ایک امیر پر اتفاق تو کجا آپس میں

مسلسل رابطہ تک ممکن نہیں ہوتا ہے۔

جواب نمبر ۵:

اس کے لئے بھی حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ کا واقعہ مشعل راہ ہے کہ انہوں نے حضرت پاک ﷺ کی موجودگی میں اپنا جہاد جاری رکھا۔ حالانکہ ان کا اپنا الگ امیر تھا اور یہ اس وقت کے امیر المجاہدین حضرت پاک ﷺ کی امارت کے اندر جہاد نہیں کر رہے تھے۔ حالانکہ حضرت پاک ﷺ کی موجودگی میں دوسرے شخص کا یوں جہاد کرنا بظاہر کتنا عجیب معلوم ہوتا ہے مگر بات وہی ہے کہ یہاں پر صورت ایسی تھی کہ ایک امیر کے ماتحت جہاد کرنا ممکن ہی نہ تھا۔

کیونکہ اگر وہ حضرت پاک ﷺ کے حکم سے کاروائی کرتے تو یہ معاہدہ حدیبیہ کی خلاف ورزی تھی اور اس کی حضرت پاک ﷺ سے العیاذ باللہ ہرگز توقع نہ کی جاسکتی تھی اس لئے یہاں ایک ہی صورت ممکن تھی کہ وہ حضرات الگ تھلگ اپنا الگ امیر مقرر کر کے جہاد میں مصروف رہیں۔ حق تعالیٰ ہمیں بھی ہر حال میں جہاد کرنے کی توفیق دے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

یہ حیلہ چل نہیں سکتا کبھی سرِ محشر
کہ اہلِ حق کا جہاں میں کوئی امیر نہ تھا
تجھے تو عقل تھی تو کیوں نہ شریک ہوا
بتا کہ تیرے کماں میں کوئی بھی تیر نہ تھا

☆☆☆

اعتراض (۲۲)

جہاد کے لئے ضروری ہے کہ مسلمانوں کے پاس نفری اور اسلحہ کی تعداد دشمن سے زیادہ ہو یا کم از کم برابر ہو کیونکہ اگر اسلحہ اور افرادی قوت مسلمانوں کے پاس نہ ہوگی اور جنگ میں کود پڑیں گے تو پھر یہ جہاد نہیں بلکہ خودکشی ہوگی جو کہ حرام ہے اور شریعت اسکی اجازت نہیں دیتی۔

جواب نمبرا:

مسلمانوں کا سب سے بڑا ہتھیار اخلاص اور صبر و توکل اور ایمانی طاقت ہے اور جہاد کا اصل مدار بھی ایمان، توکل اور اعتماد علی اللہ پر ہی ہے اور مسلمان صرف درجۂ اسباب میں حسبِ استطاعت جو میسر ہو اسکو لے کر میدان میں آجاتا ہے۔

جب مسلمان خالص اللہ کی ذات پر بھروسہ کرتے ہوئے میدان جہاد میں آتا ہے اور اپنے آپ کو اللہ تعالی کے حوالے کرتے ہوئے عرض کرتا ہے کہ یا اللہ جو میرے بس میں تھا میں نے کیا۔ اب آئندہ دشمنوں پر غالب کرنا یہ تیرا کام ہے۔

تو پھر آسمان سے مدد کے لئے فرشتے اترتے ہیں۔

”اِذ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَلَنْ یَّکْفِیَکُمْ اَنْ یُّمِدَّکُمْ رَبُّکُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلافٍ مِّنَ الْمَلآئِکَةِ مُرْدِفِیْن“ (آل عمران، آیت نمبر ۱۲۴)۔

اور مسلمانوں کے دلوں کو مضبوط کر دیا جاتا ہے۔

”فَثَبِّتُوْا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا“ (سورہ الانفال، آیت نمبر ۱۲)

اور کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دیا جاتا ہے۔

”سَنُلْقِی فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ کَفَرُوا الرُّعْب“ (الانفال، آیت نمبر ۱۲)

اور مسلمانوں کی تھوڑی تعداد کافروں کی نگاہ میں زیادہ کر کے اللہ تعالی دکھاتے ہیں۔

”فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ وَاُخْرٰی کَافِرَةٌ یَّرَ وْنَھُمْ مِّثْلَیْھِمْ رَأْیَ الْعَیْنِ“ (آل عمران، آیت نمبر ۱۳)

اور مسلمانوں کی تسلی کے لئے کافروں کی زیادہ تعداد مسلمانوں کی نگاہ میں تھوڑی کر کے دکھادی جاتی ہے۔

”اِذْ یُرِ یْکَھُمُ اللهُ فِیْ مَنَامِکَ قَلِیْلًا“ (الانفال، آیت نمبر ۴۳)

تو پھر پتھر گولیوں کا کام کرتے ہیں جیسے داؤد علیہ السلام کے ساتھ ہوا کہ حضرت داؤد نے جالوت کو پتھر مارا اسی سے اس جرنیل اور کافروں کے ایسے بادشاہ کا جو ہزاروں پر اکیلا بھاری ہوتا تھا، کام تمام ہو گیا۔

مٹی بارود کا کام کرتی ہے جیسے کہ بدر وحنین میں حضرت پاک ﷺ کے ساتھ ہوا کہ آپ کی مٹھی بھر ریت سے کافروں کی آنکھیں چندھیا گئیں۔ گویا کہ آج کی اصطلاح اور زبان میں کافروں پر شیلنگ کر دی گئی۔

درخت کی ٹہنیاں تلوار بن جاتی ہیں جیسے غزوہ بدر میں حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا کہ حضرت پاک ﷺ نے حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کو درخت کی ٹہنی پکڑائی جوان کے ہاتھ میں جاتے ہی تلوار بن گئی۔

اور کہیں دریا مسخر کر دیا جاتا ہے اور دریا پر گھوڑے یوں دوڑتے ہیں جیسے خشکی پر میدان میں۔ جیسے حضرت علاء حضرمی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا۔

اور کہیں مجاہد کی ایک آواز پر درندے جنگلوں کو خالی کر دیتے تھے۔ جیسے حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی آواز پر افریقہ کے جنگلات کو درندے خالی کر رہے ہیں کہ جنگل میں محمد ﷺ کے غلاموں نے رات بسر کرنی ہے۔

یہی صبر و توکل اور اخلاص ایک ایسا ہتھیار ہے جسکی وجہ سے مسلمان ہمیشہ غالب اور نا قابل تسخیر رہا ہے اور یہ اللہ تعالی کی نصرت و مدد کے واقعات صرف عہدِ رسالت یا عہدِ صحابہ کے ساتھ مخصوص نہیں ہیں بلکہ آج بھی مجاہدین کا یہی اخلاص نت نئ کامیابیوں کی نئ راہیں کھول رہا ہے اور ظاہری ساز و سامان اور اسلحہ کا حصول بھی در حقیقت ان کے اخلاص اور صبر و توکل کا مرہون منت ہے۔

دیکھئے! ماضی قریب میں روس جیسی سپر طاقت کا مٹھی بھر مجاہدین کے ہاتھوں تباہ و برباد ہو جانا، ایک مجاہد کی مٹھی بھر کنکریوں سے چودہ ٹینکوں کو آگ لگ جانا اور جل کر خاک ہو جانا۔ خالی ہاتھ مجاہدین کا مسلح روسیوں کو گرفتار کرنا، مجاہدین کے لئے پرندوں کا جہاز کے حملہ سے قبل اطلاع دے کر ریڈار کا کردار ادا کرنا۔ محض دعاء سے طیاروں اور ٹینکوں کا تباہ ہو جانا، معرکہ جنگ میں بالکل اجنبی لوگوں کا مجاہدین کی طرف سے لڑنا جسکا اقرار خود روسی کافر قیدی کرتے ہیں ان سب واقعات میں صرف یہی کہا جا سکتا ہے کہ ان مجاہدین کی حفاظت اللہ تعالی کی نہ اونگھنے والی آنکھ کر رہی ہے اور انشا اللہ کرتی

رہے گی۔ کیونکہ

”ذَالِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَاَنَّ الْکَافِرِیْنَ لَا مَولٰی لَھُمْ“

(سورۃ محمد، آیت نمبر ۱۱)

اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا مولا اور مددگار ہے اور کافروں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔

نہ قوت پر نہ طاقت پر نہ کثرت اور جماعت پر
جہاد فی سبیل اللہ کی بنیاد نصرت پر
سروں پہ رکھ کے سودائے تلاشِ منزل مقصود
سفر کرتے رہیں گے اشہبِ شوق شہادت پر

جواب نمبر۲:

اگر یہ اصول اور فلسفہ تسلیم کر لیا جائے کہ مسلمانوں کی تعداد کم ہو تو لڑنا خودکشی ہے۔ اس سے اسلام کی ساری تاریخ داغدار ہو جائے گی کیونکہ ایسا بہت کم ہوا ہے کہ مجاہدین کی تعداد دشمن سے زیادہ یا برابر ہوئی ہو۔ بلکہ اکثر کفار مادّی قوت میں مسلمان سے بڑھ کر ہی رہے ہیں۔ آیئے تاریخ کے آئینے میں چند واقعات سے اس بات کا جائزہ لیتے ہیں۔

(۱) حضرت طالوت علیہ السلام کے جیش کی تعداد ۳۱۳ تھی۔ جبکہ مدمقابل لاکھوں کی تعداد میں مسلح فوج تھی۔

(۲) جنگ بدر۔ مسلمان تین سو تیرہ (۳۱۳)، کفار ایک ہزار ۱۰۰۰۔

(۳) جنگ احد۔ مسلمان سات سو (۷۰۰)، کفار تین ہزار ۳۰۰۰۔

(۴) جنگ خندق۔ مسلمان تین ہزار (۳۰۰۰)، کفار چوبیس ہزار ۲۴۰۰۰ سے زائد۔

(۵) غزوہ خیبر۔ مسلمان سولہ سو (۱۶۰۰)، کفار بیس ہزار ۲۰۰۰۰۔

(۶) غزوہ موتہ۔ مسلمان تین ہزار (۳۰۰۰)، کفار دولاکھ ۲۰۰۰۰۰۔

(۷) جنگ قادسیہ۔ مسلمان تیس ہزار (۳۰،۰۰۰)، کفار ایک لاکھ ۱۰۰۰۰۰ ایرانی۔

(۸) جنگ یرموک۔ مسلمان بتیس ہزار (۳۲،۰۰۰)، کفار دولاکھ ۲۰۰۰۰۰ رومی۔

(۹) جنگ اسپین۔ مسلمان بارہ ہزار (۱۲۰۰۰)، کفار ایک لاکھ ۱۰۰۰۰۰۔

(۱۰) جنگ یرموک۔ مسلمان ساٹھ (۶۰)، کفار ساٹھ ہزار ۶۰۰۰۰۔

جواب نمبر ۳:

اگر قلتِ افراد اور کم سامانی بلکہ بے سروسامانی کے ساتھ میدانِ جنگ میں آنے کا نام خودکشی ہے تو پھر ان واقعات کے بارے میں آپ کیا ارشاد فرمائیں گے۔ (۱) جب فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے تین ہزار افراد کی کمک مدینہ سے طلب کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صرف تین حضرات، حضرت خارجہ بن حزافہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا اور فرمایا کہ یہ تین نہیں، تین ہزار ہیں۔

(۲) حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ مسیلمہ کذاب کے تعاقب میں اس باغ کی چار دیواری سے تنہا اندر پھلانگ گئے، جہاں مسیلمہ پناہ لئے ہوئے تھا۔ کیا العیاذ باللہ یہ خودکشی تھی؟ اور کیا کسی صحابی نے ان کو روکا تھا؟

جواب نمبر ۴:

چلو اس بات کو تسلیم کر لیتے ہیں کہ مسلمانوں کے پاس کفار سے زیادہ یا کم از کم کفار کے برابر اسلحہ اور افرادی قوت کا ہونا ضروری ہے تو پھر اس کا کیا مطلب ہے کہ آدمی ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائے اور یہ عذر ہی جنگ سے بچنے کے لئے کافی ہوگا کہ ہمارے پاس طاقت نہیں اس لئے جہاد نہیں کرتے بلکہ شریعت مطہرہ نے تو حسبِ

استطاعت جہاد کی تیاری کا حکم دیا ہے اور دیگر احکام سے بڑھ کر دیا ہے۔

دیکھئے! قرآن کریم کی آیت ''**وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ**''(الانفال ، آیت نمبر ۶۰)

کہ دشمن کے خلاف اپنی استطاعت کے مطابق تیاری کرو۔

یہ واحد حکمِ شرعی ہے جس کے کرنے کی کوئی انتہا نہیں، بلکہ جس قدر استطاعت ہو تیاری واجب ہے۔ اگر ہم دس جہاز بنا سکتے ہیں اور نو بناتے ہیں تو یقیناً مجرم ہوں گے، کیونکہ ہمیں '' **مَا اسْتَطَعْتُمْ** '' کا حکم ہے۔

اسی طرح اگر کسی شخص نے اسلحہ چلانا سیکھا اور بعد میں بھول گیا تو وہ بھی مجرم ہے حدیث شریف میں ہے،

'' **مَنْ عَلِمَ الرَّمْیَ ثُمَّ تَرَکَهُ وَفِیْ رِوَايَةٍ ثُمَّ نَسِیَ فَلَيْسَ مِنَّا**''(مسلم ج ۱)

جس شخص نے اسلحہ سیکھا پھر چھوڑ دیا اور ایک روایت کے مطابق بھلا دیا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

کیا یہ حدیث ان لوگوں کے لئے درس عبرت نہیں جنہوں نے آج تک اسلحہ چلانا سیکھا ہی نہیں۔ بلکہ وہ اسلحہ کو قابل نفرت وحقارت سمجھ کر اس سے نفرت کرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے دلوں میں شبہات ڈالتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو اپنے ایمان کی فکر کرنی چاہیے۔ یہ لوگ انسانوں کے روپ میں شیاطین ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے شر سے پوری امت کو محفوظ رکھے۔ آمین يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْن۔

اللہ رب العزت نے ایسے ہی بہانے بنانے والے منافقین کے بارے میں کہا ہے کہ۔

'' **وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهُمْ عُدَّةً** ''(التوبہ ، آیت نمبر ۴۶)

یعنی اگر یہ لوگ جہاد کرنا چاہتے تو یہ جہاد کی تیاری بھی کرتے۔ صرف بہانے اور عذر ہی نہ بناتے رہتے۔ لہٰذا جو لوگ یہ شوشے چھوڑ رہے ہیں، ان کے بارے میں بھی غور کریں، بلکہ وہ اپنے بارے میں خود غور کریں کہ کیا وہ اسلحہ کے ساتھ جہاد کی تیاری بھی کرتے ہیں یا صرف شوشے چھوڑ کر جہاد کو کمزور کر کے کفار کی مدد کرتے ہوئے اندر کے نفاق کو ظاہر کر رہے ہیں۔

جواب نمبر ۵:

یہ دراصل منافقین کے بہانے ہیں، جن کو قرآن نے ذکر کیا ہے کہ منافقین جہاد سے جان چھڑاتے تھے جہاد کا نام سن کر ان پر غشی کے دورے پڑتے تھے مگر اپنی بزدلی چھپانے اور اندر کی خباثت اور نفاق کو چھپانے کے لئے طرح طرح کے بہانے بناتے تھے جن کا تفصیلی ذکر تو آئندہ آئے گا فی الحال میں ان کا ایک بہانہ عرض کرتا ہوں۔ وہ یہ کہ غزوہ احد کے موقع پر حضرت پاک ﷺ نے مدینہ سے باہر نکل کر جنگ لڑنے کا فیصلہ فرما لیا تو منافقین یہ کہہ کر راستے سے واپس آ گئے کہ

"لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا تَّبَعْنَا كُمْ" (آل عمران ، آیت نمبر ١٦٧)

(کہ اگر ہم اس کو جنگ سمجھتے تو تمہارا ساتھ بھی دیتے)۔

یعنی منافقین بھی یہ سمجھتے تھے کہ یہ کفار کے ساتھ جنگ نہیں بلکہ خودکشی ہے کیونکہ ہم تو تعداد میں تھوڑے ہیں اور ہمارے پاس اسلحہ و سامانِ جنگ بھی کم ہے اس لئے ساتھ تو نہیں دے سکتے اگر ہم اسکو واقعی جنگ سمجھتے تو ضرور تمھارا ساتھ بھی دیتے۔

نوٹ:

اس آیت کی کئی تفسیریں ہیں ایک یہ ہے جو میں نے نقل کی ہے۔

ہمارے اکابر:

آخر میں ایک واقعہ اپنے حضرات کا نقل کرتا ہوں تا کہ اکابر کا مزاج بھی سمجھ میں آ جائے اور اکابر کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بھی مل جائے۔

انگریز کے خلاف جب جہاد کرنے کے لئے حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے حضرات اکابر تشریف فرما ہوئے اور مشورہ شروع ہوا تو اس موقع پر حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ سے گفتگو کرتے ہوئے قاسم العلوم و الخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت کیا وجہ ہے آپ دشمنان دینِ وطن سے جہاد کو فرض بلکہ جائز بھی نہیں فرماتے۔

مولانا شیخ محمد تھانوی: ہمارے پاس تو اسلحہ ہے اور نہ ہی آلاتِ جہاد ہیں ہم بالکل بے سروسامانی میں کیا کر سکتے ہیں؟

حضرت نانوتوی: اتنا بھی نہیں کہ جتنا غزوہ بدر میں تھا؟

اس پر حضرت شیخ مولانا محمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ خاموش ہو گئے۔ مگر حافظ محمد ضامن شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ''بس مولانا بات سمجھ میں آ گئی''۔

(نقش حیات حضرت مدنی ج۲ص)

حقیقتِ حال:

پھر جب انگریز کے خلاف علماء کرام حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مدنی قدس سرہ کے ہاتھ پر بیعت کر چکے اور معرکہ شاملی بھی رونما ہو گیا اور انگریز کے خلاف علماء نے مسلسل کوشش شروع کی اور حضرت شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن رحمۃ اللہ علیہ گلی گلی، کوچہ کوچہ لوگوں کو دعوت جہاد دیتے ہوئے نظر آئے اور انگریز کو اپنی شکست روزِ روشن کی طرح نظر آنے لگی تو انگریز نے مرزا غلام احمد قادیانی بد بخت کو کھڑا کیا جس نے نبوت کا دعوٰی کر ڈالا۔ جس کا اصل مقصد جہاد کو امتِ مسلمہ کے دلوں سے ختم کرنا

تھا۔ اس مقصد کے لئے مرزا نے ایک پمفلٹ شائع کیا اور مسلمانوں میں تقسیم کروایا جسکی عبارت یہ تھی:

''مسلمانو! تم پر جہاد فرض نہیں ہوا، کیونکہ تمھاری قوت کم ہے بغیر قوت کے جہاد نہیں ہوتا اور تمھارا ایک امیر بھی نہیں بغیر ایک امیر کے جہاد نہیں ہوتا۔''

اے اللہ تو ہمیں ایمان کامل عطا فرما اور منافقین کے زمرہ سے دور رکھ۔ شیاطین کی چالوں سے محفوظ فرما۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِین َ.

اعتراض (۲۳)

جہاد میں تو سب سے پہلے کفار کو ایمان کی دعوت دینا شرط ہے۔ جبکہ مجاہدین، کفار کو بغیر ایمان کی دعوت دیئے قتل کر رہے ہیں جو کہ بالکل جائز نہیں، اس صورت میں خلافِ شریعت جہاد کرنے کی وجہ سے اللہ تعالی کی مدد کیسے آسکتی ہے؟ اور ان کفار کے جہنم میں جانے کا وبال بھی مجاہدین کے سر پر ہوگا۔

جواب نمبر ۱:

یہ بات پہلے بھی عرض کی جا چکی ہے کہ جہاد کی دو قسمیں ہیں اقدامی اور دفاعی۔ کفار کو اقدامی جہاد میں دعوت دینا شرط ہے اور اس دور میں پوری دنیا میں کہیں بھی اقدامی جہاد نہیں ہو رہا۔

جواب نمبر ۲:

کفار کو اقدامی جہاد میں بھی ایمان کی دعوت دینا اسوقت شرط ہے جبکہ کفار کو کسی بھی طرح سے اسلام کا علم نہ ہو، مگر اس دور میں اسلام اتنا عام ہے کہ کفار کو اسلام کے بارے میں خوب علم ہے بلکہ معلومات کی حد تک تو بعض کفار کو مسلمانوں سے بھی زیادہ

علم ہے۔

طاقت سے اچھا ہے دعوت کا اہتمام
پر شرط یہ نہیں ہے دفاعی جہاد کی
کیا ان کو دینِ حق کا کوئی علم ہی نہیں
جو وجہ بن رہے ہیں زمیں پر فساد کی

جواب نمبر۳:

کفار کو میدانِ جنگ میں دعوت دی جاتی ہے تو بھی ہر کافر کو نہیں دی جاتی ، بلکہ صرف کفار کے سرداروں اور مقتداؤں کو جیسا کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا فارس اور روم کی تمام جنگوں میں معمول رہا اور حضرت پاک ﷺ نے بھی فارس و روم کے بادشاہوں کو ہی دعوت دی تھی نہ کہ ان کی رعایا کے ہر فرد کو جیسا کہ اس روایت میں تفصیلی طور پر منقول ہے۔

مثال نمبر۱:

میں حضرت پاک ﷺ کا ایک والا نامہ نقل کر دیتا ہوں۔

” بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللهِ ﷺ اِلٰی کِسْرٰی عَظِیْمِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی وَاٰمَنَ بِاللهِ وَرَسُوْلِهٖ وَشَهِدَ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَدْعُوْکَ بِدِعَایَةِ اللهِ فَاِنِّیْ اَنَا رَسُوْلُ اللهِ اِلَی النَّاسِ کَافَّةً لِّیُنْذِرَ مَنْ کَانَ حَیًّا وَّیَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَی الْکَافِرِیْنَ اَسْلِمْ تَسْلَمْ فَاِنْ تَوَلَّیْتَ فَاِنَّ عَلَیْکَ اِثْمَ الْمَجُوْسِ. (شمائل ترمذی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے کسریٰ کے نام جو فارس کا سردار ہے سلامتی اس شخص کے لئے جو ہدایت اختیار کرے اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لائے اور اس بات کا اقرار کرے کہ اللہ وحدہ لاشریک لہٗ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں تجھ کو اللہ کی پکار (یعنی کلمہ) کی دعوت دیتا ہوں اس لئے کہ میں اللہ کا وہ رسول ہوں جو تمام جہان کی طرف اسلئے بھیجا گیا ہوں کہ ان لوگوں کو ڈراؤں جن کے دل زندہ ہیں (یعنی ان میں کچھ عقل ہے) اور تاکہ اللہ کی حجت کافروں پر پوری ہوجائے تو اسلام لے آ۔ تاکہ سلامتی سے رہے ورنہ تیرے ماننے والے مجوس کا وبال تجھ پر ہوگا۔

ملحوظہ:

شاہ فارس کا نام پرویز اور لقب کسریٰ تھا اور اسکی طرف حضرت پاک ﷺ کا خطِ مبارک لے کر جانے والے صحابی کا نام حضرت عبداللہ بن خذافہ سہمی رضی اللہ عنہ تھا۔

مثال نمبر۲ :

حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب ملکہ سبا بلقیس کو دعوت دی تو ان کے الفاظ یہ تھے جسے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا ہے

اِنَّهُ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَنۡ لَّا تَعۡلُوۡا عَلَیَّ وَأۡتُوۡنِیۡ مُسۡلِمِیۡنَ

(سورۃ نمل، آیت نمبر ۳۱)

بے شک اللہ کے نام کے ساتھ جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے تم نہ سرکشی کرو مجھ پر اور آؤ میرے پاس فرمانبردار بن کر۔

جواب نمبر۴:

گذشتہ روایات سے ثابت ہوا کہ دعوت بھی صرف اجمالی دی جاتی تھی نہ کہ

تفصیلی۔ اور وہ بھی منت سماجت کے ساتھ نہیں بلکہ سینہ تان کر اور مجاہدانہ لب ولہجہ میں۔ تلوار لٹکا کر، مسلح ہو کر۔

اس لئے ہمارے حضرت پاک ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل ہی حجتِ شرعیہ ہے نہ کہ ہماری عقل۔ یہ الگ بات ہے کہ اگر عقل گناہوں کی وجہ سے ماری نہ جائے تو وہ شریعت کے خلاف نہیں سوچتی۔

قولِ فیصل:

میں آخر میں اس ضمن میں فقہ کی مشہور ومعتبر کتاب مختصر القدوری کی شرح ’’اَلْجَوْھَرَۃُ النَّیِّرَۃُ‘‘ کا حوالہ دے کر بات ختم کرتا ہوں جو کہ اس بارے میں قول فیصل کی حیثیت رکھتی ہے۔

’’لَا یَجُوْزُ اَنْ یُّقَاتِلَ مَنْ لَّمْ تَبْلُغِ الدَّعْوَۃُ فِیْ اِبْتِدَاءِ الْاِسْلَامِ اَمَّا فِیْ زَمَانِنَا فَلَا حَاجَۃَ اِلَی الدَّعْوَۃِلِاَنَّ الْاِسْلَامَ قَدْ فَاضَ وَاشْتَھَرَ فَمَا مِنْ زَمَانٍ اَوْ مَکَانٍ اِلَّا وَقَدْ بَلَغَہُ بَعْثُ النَّبِیِّ ﷺ وَدُعَائُہٗ اِلَی الْاِسْلَامِ فَیَکُوْنُ الْاِمَامُ مُخَیَّرًا بَیْنَ الْبَعْثِ اِلَیْھِمْ وَتَرْکِہٖ وَلَانْ یُّقَاتِلَھُمْ جَھْرًااَوْ خُفْیَۃً.

ابتداءِ اسلام میں بغیر دعوت دیئے کفار کے ساتھ قتال جائز نہیں تھا مگر ہمارے زمانہ میں کفار کو اسلام کی دعوت کی کوئی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اب ایسی کوئی جگہ نہیں جہاں پر اسلام کی دعوت نہ پہنچی ہو۔ اب امام کو اختیار ہے کہ کفار کو دعوت دے یا نہ دے اور اس بات کا بھی اختیار ہے کہ کفار کے ساتھ قتال آمنے سامنے کرے یا خفیہ طور پر کفار کو قتل کرے۔

خلاصہ کلام:

یہ ہے کہ یہ بات دلائل سے ثابت ہو چکی ہے کہ اب کفار کو قتل کرنے سے پہلے اسلام کی دعوت دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۲۴)

جہاد کے لئے جس درجہ کے قوی ایمان کی ضرورت ہے وہ ہمارے اندر نہیں ہے اس لئے پہلے اپنے ایمان پر محنت کرنی چاہیے۔ جب ایمان بن جائے تو پھر جہاد کریں۔ جس طرح حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ایمان پر حضرت پاک ﷺ نے تیرہ سال محنت فرمائی اسکے بعد جہاد کا حکم دیا۔

جواب نمبر ا:

سب سے پہلے تو یہ بات ذہن نشین کریں کہ کسی ایک صحابی رضی اللہ عنہ کے ایمان پر بھی حضرت پاک ﷺ نے مکمل تیرہ سال محنت نہیں فرمائی۔ بلکہ نبوت ملنے کے پہلے ہی دن تو کوئی بھی شخص ایمان نہیں لایا۔ سب سے پہلے جس شخصیت کے سامنے آپ نے وحی والے قصہ کو بیان فرمایا وہ حضرت پاک ﷺ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔ مگر وہ تو نبوت کے تیرہ سال بعد تک زندہ ہی نہ رہی تھیں۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ پہلے دن تو

ایمان نہ لائے تھے۔ نہ معلوم یہ بات کہاں سے چلی۔ اور کس شخص نے چلائی کہ حضرت پاک ﷺ نے پہلے تیرہ سال ایمان پر محنت فرمائی اور اس کے بعد حکم جہاد نازل ہوا۔

جواب نمبر۲:

یہ بھی حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور حضرت پاک ﷺ پر بہت بڑا بہتان ہے، جس سے ایمان کے جانے کا خدشہ ہے کہ انکے ایمان پر تیرہ سال محنت ہوئی تو ان کا ایمان مکمل ہوا۔ کیونکہ امت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ جس شخص نے حضرت پاک ﷺ کی ایمان کی حالت میں زیارت کی تو پہلی ہی نظر میں اس کا ایمان کامل اور مکمل ہو گیا اور وہ ہر قسم کی مالی اور جانی قربانی کے لئے تیار ہو گیا۔

دیکھئے! حضرت زُنِّیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آنکھیں کفار نے نکال دیں۔ حضرت لَوبینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی چمڑی ادھیڑی گئی اور اس سے بڑھ کر حضرت سُمَیّہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جسم کے نازک حصہ پر ابو جہل بد بخت نے نیزہ مارا پھر انکی دونوں ٹانگوں کو اونٹوں کے ساتھ باندھ کر مخالف سمت چلا دیا۔ جسم کے دو ٹکڑے ہو گئے مگر ایمان میں لچک نہ آئی۔ یہ دو چار واقعات میں نے صرف نازک خواتین کے سنائے ہیں کہ ان کا ایمان کس قدر مضبوط تھا اور کتنی بڑی مصیبتیں برداشت کر گئیں۔ مردوں کے واقعات سے تاریخ بھری پڑی ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ، حضرت خباب رضی اللہ عنہ، حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کے واقعات تو بہت مشہور ہیں۔ اس لئے العیاذ باللہ یہ ان مقدس شخصیات پر بہتان اور الزام ہے کہ انکے ایمان بننے میں تیرہ سال لگ گئے۔

جواب نمبر۳:

قابل غور بات یہ ہے کہ اگر جہاد کے لئے ایمان کامل کی ضرورت ہے تو اسکی وجہ

صرف یہ ہوسکتی ہے کہ جہاد میں مشکلات اور مصائب بہت زیادہ ہوتے ہیں، جن کو برداشت کرنے کے لئے ایمانِ کامل کی ضرورت ہے۔ مکہ میں اس اعتبار سے یہ مصائب بہت بڑھے ہوئے تھے۔ جہاد میں تو مقابلہ کیا جاتا ہے اور آدمی اگر تکلیف سہتا ہے تو تکلیف دیتا بھی ہے۔ اگر زخمی ہوتا ہے تو زخمی کرتا بھی ہے۔ اگر قتل ہوتا ہے تو قتل کرتا بھی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

اِنْ تَکُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّھُمْ یَاْلَمُوْنَ کَمَا تَاْلَمُوْنَ ۔ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰہِ مَالَا یَرْجُوْنَ، وَکَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا۔ (سورۃ النساء، آیت نمبر ۱۰۴)

ترجمہ:

اگر (مسلمانو) تم تکلیف اٹھاتے ہو تو وہ (کفار) بھی تکلیف اٹھاتے ہیں جیسا کہ تم تکلیف اٹھاتے ہو اور تم اللہ سے اس چیز کی امید رکھتے ہو جس کی وہ امید نہیں رکھتے، اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

مکہ میں تو اسکی بھی اجازت نہ تھی بلکہ صرف مصیبت برداشت کرنے کا حکم تھا۔ جب مصائب بہت بڑھ گئے تو ہجرت کا حکم مل گیا۔ اس لئے مکہ میں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ایمان پر محنت نہ تھی بلکہ کفار اور مشرکین پر محنت ہوتی تھی اور ان کو اسلام کے حلقہ میں لانے کی فکر اور کوشش ہوتی تھی۔ مگر کم علم لوگوں نے کس طرح پورے نقشہ کو بدل دیا اور دین کے حلیہ کو بگاڑ کر رکھ دیا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو معاف فرمائے۔

جواب نمبر۴

چلئے ہم مان لیتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ایمان پر تیرہ سال محنت ہوئی پھر جہاد کا حکم نازل ہوا۔ تو جو صحابہ رضی اللہ عنہم مدینہ منورہ میں مسلمان ہوئے ان کے ایمان پر اتنی محنت کیوں نہ کی گئی؟ اور ان کو بغیر ایمان پر محنت کرنے کے

کیوں جہاد کے میدانوں میں کھڑا کر دیا گیا۔ العیاذ باللہ۔

آج تو مجاہدین پر الزام ہے کہ یہ بغیر ایمان پر محنت کے بچوں کو میدان جہاد میں لے جاتے ہیں اور مروا دیتے ہیں۔ تو میرے بھائیو! مدینہ منورہ میں جو لوگ مسلمان ہوئے اور بغیر ایمان کی محنت کے وہ جہاد میں گئے اور شہید ہو گئے تو انکی العیاذ باللہ، بقول آپ کے ایمان ناقص ہونے کے ساتھ میدان جہاد میں چلے جانے کی ذمہ داری کس کے سر پر ہو گی؟ جبکہ حضرت پاک ﷺ تو خوشخبریاں دے رہے ہیں۔ دیکھئے صرف ایک واقعہ، ایک شخص حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں پہلے مسلمان ہو جاؤں یا پہلے جہاد کروں؟ حضرت پاک ﷺ نے فرمایا کہ پہلے مسلمان ہو جاو پھر جہاد کرو اس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا اور میدان میں کود گیا اور لڑتا ہوا شہید ہو گیا۔ حضرت پاک ﷺ نے خود اسکو قبر میں رکھا اور قبر سے جلدی جلدی باہر تشریف لائے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم ڈر گئے کہ کہیں اسکو عذاب تو نہیں ہو رہا۔ حضرت پاک ﷺ نے فرمایا، نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔ میں اس لئے جلدی باہر آ گیا ہوں کہ اسکی حوریں وہاں پہنچ گئی تھیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا ”عَمِلَ قَلِيْلًا وَّ اُجِرَ كَثِيْرًا“۔ کہ اس شخص نے عمل تھوڑا کیا مگر اجر بہت زیادہ حاصل کیا۔

(بخاری شریف)

اب ذرا غور فرمائیے نہ تو اس شخص کے ایمان پر محنت ہوئی بلکہ اس کو نماز تک کا موقع نہ ملا اور میدان جنگ میں لڑتا ہوا جام شہادت نوش کر گیا پھر دربارِ نبوت سے یہ بشارات کیسی اور کیوں ہیں؟

جواب نمبر ۵:

اگر اس دور میں ایمانی کمزوری کی وجہ سے جہاد میں شامل نہ ہونے کا مفروضہ تسلیم

کر لیا جائے تو نعوذ باللہ، اللہ تعالی پر یہ الزام ہوگا کہ ایسی چیز کا حکم دے دیا جس پر عمل ممکن ہی نہیں۔ کیونکہ جب حضرت پاک ﷺ کی زیارت اور صحبت بلکہ حضرت پاک ﷺ کے پیچھے نماز پڑھنے کے باوجود بھی ایمان بننے کے لئے تیرہ سال کا عرصہ درکار ہے تو پھر ہمارا ایمان تو بن ہی نہیں سکتا پھر جہاد کو فرض کرنے کا کیا فائدہ ہوا؟ اور اللہ تعالیٰ نے العیاذ باللہ امت پر ظلم کیا ہے کہ اس چیز کا حکم دیا جسکی امت میں صلاحیت ہی نہیں ہے۔

جواب نمبر ٦:

آخر ایمان کے کامل ہونے کا کوئی معیار بھی ہے کہ جس پر پہنچ کر ایمان کامل اور مکمل ہو اور جہاد کے حکم پر عمل کیا جا سکے!!! یا قیامت تک امت کے تمام افراد بغیر ایمان کے کامل ہونے کے ہی مرتے رہیں گے؟

جواب نمبر ۷:

حقیقت یہ ہے کہ جہاد فی سبیل اللہ ایک ایسا فریضہ ہے کہ اس پر عمل کرنے سے ناقص الایمان لوگوں کا ایمان بھی کامل ہوتا ہے اور اس سے ایمان بڑھتا ہے۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالی کی مدد و نصرت کے واقعات کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ شہدا کے خون کی خوشبو ایمان کو معطّر کر دیتی ہے۔ جس کا جی چاہے آئے اور اسکا مشاہدہ کرے۔ اور تو اور قرآن کریم نے اعلان فرمایا ہے کہ جہاد میں تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ایمان بھی بڑھتا تھا۔

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْالَکُمْ فَاخْشَوْھُمْ فَزَادَھُمْ اِیْمَانًاوَّ قَالُوْا حَسْبُنَااللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ(آل عمران ، آیت نمبر ۱۷۳)

ترجمہ:

جن کو کہا لوگوں نے کہ مکہ والے آدمیوں نے جمع کیا ہے سامان تمھارے مقابلہ کو سو تم ان سے ڈرو۔ اور زیادہ ہوا ایمان ان کا۔ اور بولے کافی ہے ہم کو اللہ اور کیا خوب کارساز ہے وہ۔ (تفسیر عثمانی)

وَلَمَّا رَاٰی الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَامَا وَعَدَنَااللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَازَادَهُمْ اِلَّا اِيْمَانًا وَ تَسْلِيْمًا

(سورۃالاحزاب، آیت نمبر ۲۲)

ترجمہ:

اور جب دیکھا مسلمانوں نے فوجیں تو بولے کہ یہ وہی ہے جو وعدہ دیا تھا اللہ نے ہم کو اور اسکے رسول ﷺ نے۔ سچ کہا اللہ نے اور اس کے رسول ﷺ نے۔ اور ان کا اور بڑھ گیا یقین اور اطاعت کرنا۔

نہ کیجئے انتظار اے دوست ایمانِ مکمل کا
کہ خود ایمان کی تکمیل ہو جائے گی میدان میں
وہ جس کی جستجو میں سارا ہی عالم ہے سرگرداں
اک ایسے پھول کی تحصیل ہو جائے گی میدان میں

☆☆☆

اعتراض (۲۵)

ہم مجاہدین کو دیکھتے ہیں کہ ان کے اعمال شریعت کے مطابق نہیں۔ انکی شلواریں ٹخنوں سے نیچے ہوتی ہیں۔ انکی داڑھی بالکل مونڈھی ہوئی ہوتی ہے۔ یا حدِ واجب سے بھی کم تراشی ہوئی ہوتی ہے۔ انکے گھر کا ماحول شریعت کے مخالف ہوتا ہے۔ یہ تصویریں کھنچواتے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔

لہٰذا ان کے اس عمل کو جہاد نہیں قرار دیا جا سکتا۔ کیونکہ اگر یہ مجاھد ہوتے تو پہلے خود کو ٹھیک کرتے پھر جہاد کرتے۔ اس لئے مجاھدین کو چاہئے کہ پہلے اپنے اعمال کی اصلاح کریں پھر جہاد کریں۔

جواب نمبر ا:

جہاد فی سبیل اللہ ایک ایسا فریضہ ہے کہ اگر پوری دنیا کے مسلمان ملکر نماز جیسی فرض عبادت بھی ترک کر دیں تو جہاد کا فریضہ ساقط نہیں ہوتا۔ کیونکہ جہاد الگ فرض ہے۔ نماز روزہ الگ فرائض ہیں۔ کوئی ایک دوسرے کے لئے شرط نہیں۔

جیسے دیکھئے اگر کوئی شخص روزہ رکھے مگر نماز نہ پڑھے تو اسکی نماز نہ پڑھنے سے روزہ تو باطل نہ ہوگا، بلکہ نماز کے چھوڑنے کا گناہ ہوگا۔ مگر روزہ کا فریضہ ادا ہو جائے گا۔ اگرچہ ناقص ہی کیوں نہ ہو۔

عام لوگ تو کجا اگر حاکم وقت بھی بدعمل اور ظالم ہو جائے تو بھی جہاد تو ساقط نہیں ہوتا۔ صریح حدیث ہے۔

اَلْجِهَادُ مَاضٍ مُذْ بَعَثَنِیَ اللّٰهُ اِلٰی اَنْ يُّقَاتِلَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهٗ جَوْرُ جَائِرٍ وَّلَا عَدْلُ عَادِلٍ.

جہاد میری بعثت سے لے کر دجال کے قتل تک جاری رہے گا کسی ظالم اور نہ ہی کسی عادل (بادشاہ) کے عدل سے یہ ختم ہوگا۔

جواب نمبر۲:

قرآن کریم نے نماز کی حکمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ

"**اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ**" (العنکبوت، آیت نمبر ٤٥)

بے شک نماز روکتی ہے بے حیائی اور برائی سے۔

کیا اس آیت سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ جو لوگ فواحش و منکرات میں مبتلا ہیں، جنکے گھر میں ٹی وی ہیں، جو تصاویر کھینچواتے ہیں، اور جو عورتیں پردہ نہیں کرتیں یہ سارے لوگ نماز کو ترک کر دیں؟ انکی نماز قبول نہیں؟ کیونکہ نماز تو وہ ہوتی ہے جو گناہوں سے روک دے۔ مگر ان لوگوں کی نمازیں تو گناہوں سے نہیں روک رہیں۔ اسی طرح قرآن کریم نے روزہ کی حکمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا "**لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ**" (البقرة آیت نمبر ١٨٣) تا کہ تم متقی ہو جاؤ۔ کیا اس سے یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ جو لوگ داڑھی منڈاتے ہیں شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھتے ہیں اور گناہوں سے نہیں بچتے، وہ لوگ روزہ بھی چھوڑ دیں کیونکہ ان کا روزہ، روزہ ہی نہیں ہے، روزہ تو وہ ہوتا ہے جو گناہوں سے روک دے۔ اور انکا روزہ تو گناہوں سے نہیں روک رہا۔ تو جس طرح گناہوں کے باوجود گناہ گار شخص کا روزہ اور اس کی نماز ادا ہو جاتی ہے تو اسی

طرح جہاد کے ساتھ ساتھ گناہ کرنے والے مجاہدین کا جہاد بھی ادا ہو جاتا ہے۔

پڑھتے ہیں جب صلوٰۃ گناہوں کے باوجود
دیتے ہیں جب زکوٰۃ گناہوں کے باوجود
پھر کس لئے کریں نہ بھلا خود بتایئے
کافر سے دو دو ہاتھ گناہوں کے باوجود
کیوں ہے تجھ کو گراں جو مجاہد کو بخش دے
مولائے کائنات گناہوں کے باوجود
لیکن مجاہدین سے یہ التماس ہے
تقویٰ کا اہتمام ہی اپنی اساس ہے

جواب نمبر۳:

ہم دیکھتے ہیں ایک شخص دین سیکھنے کے لئے گھر سے نکلتا ہے اور وہ نماز میں سستی کرتا ہے، بلکہ بعض ایسے واقعات بھی ہیں کہ بعض لوگ نشہ بھی کر رہے ہیں اور دین سیکھنے اور پھیلانے کے لئے سفر بھی کر رہے ہیں۔ اب اگر ان کے بڑوں سے کہا جائے کہ اس شخص کو روک دو۔ اگر باز نہ آئے تو اسکو جماعت سے نکال کر گھر بھیج دو۔ تو جواب ملتا ہے کہ بھائی ہم نکالیں تو یہ زیادہ خراب ہو جائے گا۔ اسکو پینے دو انشااللہ دین کی محنت کی برکت سے ٹھیک ہو جائے گا۔ مگر اسی طرح کا واقعہ اگر کسی مجاہد کے ساتھ پیش آ جائے۔ یعنی جہاد میں کوئی ایسا شخص نظر آ جائے تو اسکی ذات تو کیا خود جہاد پر اعتراضات شروع کر دیے جاتے ہیں۔ اس رویہ کو سوائے جہاد کے ساتھ عداوت اور بغض کے اور کوئی نام نہیں دیا جا سکتا۔ کیونکہ اگر دل میں جہاد اور مجاہدین کی محبت ہوتی تو ایسے مجاہد کے بارے میں بھی کہا جا سکتا تھا کہ یہ بھی آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائے

گا۔ اللہ تعالی ہماری حفاظت فرمائے، آمین۔

جواب نمبر۴:

حقیقت یہ ہے کہ یہ مجاہدین پر الزامات اور بہتانات ہیں کہ مجاہدین غیر شرعی افعال کے مرتکب ہوتے ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ بعض افراد یا بعض جماعتیں اپنے مخصوص مفادات کی بنا پر جہاد کا نام استعمال کرتی ہیں اور مجاہدین کی بدنامی کا باعث بنتی ہیں۔ لہٰذا انکو دیکھ کر جہاد پر اعتراض کرنا ایسے ہی ہے جیسے کوئی چور مسجد میں آئے اور نمازی کا جوتا چوری کر لے، یا کسی کی جیب تراش لے تو آپ یہی کہیں گے کہ یہ چور تھا جو مسجد میں چوری کے لئے آیا تھا نہ کہ نمازی تھا جو کہ چوری کر کے چلا گیا۔ اس چوری کی خاطر مسجد میں آنے والے شخص کو دیکھ کر فریضہ نماز یا دیگر مخلص نمازیوں پر کوئی عقل مند شخص اعتراض نہیں کرتا۔

واقعہ:

میں ایک مرتبہ سفرِ جہاد میں کینیا کے شہر نیروبی میں تھا۔ پتہ چلا کہ پاکستان سے تبلیغی جماعت کے کچھ حضرات ایک سال کے لئے چل رہے ہیں اور مرکز میں قیام پذیر ہیں۔ تو میں بھی انکی زیارت کے لئے حاضر ہوا۔ مگر وہ حضرات بجائے میری حوصلہ افزائی کرنے کے یا کم از کم ہم وطن ہونے کی وجہ سے محبت کا اظہار کرتے، الٹا میری سرزنش شروع کر دی اور طرح طرح کے اعتراضات اور شبہات سے میری مہمان نوازی کی۔ ان میں ایک ڈاکٹر تھے جن کا تعلق صوبہ پنجاب کے شہر وزیر آباد سے تھا، ان کا ایک ہی بیٹا ہے اور وہ بھی ماشاءاللہ مجاہد، جس کا ان کو سخت رنج تھا وہ فرمانے لگے کہ مولانا صاحب! یہ کیسا جہاد ہے کہ مجاہدین تصویریں کھنچوا رہے ہیں، داڑھیاں کٹا رہے ہیں، سڑکوں پر نکل کر اپنی تصویریں اور مووی بنوا کر امریکہ سے کشمیر کی

آزادی کی بھیک مانگ رہے ہیں۔ کیا یہ سنت ہے اور کیا اسی کا نام جہاد ہے؟ (میں سمجھ گیا کہ ڈاکٹر صاحب کو کن لوگوں کو دیکھ کر مجاہدین کے جہاد پر شبہہ ہوا ہے)۔

میں نے عرض کیا کہ اگر جہاد شرعی نہیں ہو رہا تو تبلیغ و دعوت کا کام بھی شرعی نہیں ہو رہا۔ دیکھئے بعض لوگ اپنے سر پر سبز پگڑیاں باندھے ہوئے سنت کا نام لیتے ہیں مگر وہ تو سراسر شرک اور بدعات کو رواج دے رہے ہیں۔ تو کیا بدعت کی ترویج اور اشاعت کا نام تبلیغ ہے؟ تو ڈاکٹر صاحب فوراً فرمانے لگے ہم تو یہ کام نہیں کرتے وہ لوگ اور ہیں آپ ان کو دیکھ کر ہمارے کام پر اعتراض نہیں کر سکتے۔ تو میں نے بھی فوراً عرض کیا کہ جن کارناموں کا ذکر آپ نے فرمایا وہ ہم بھی نہیں کرتے بلکہ وہ تو اور لوگ ہیں۔ تو جس طرح ان بدعتی لوگوں کے کام کو دیکھ کر ہم اہل حق کی دعوت و تبلیغ پر اعتراض نہیں کر سکتے۔ تو پھر چند دوسرے ایسے ہی لوگوں کے کام کو دیکھ کر جہاد پر کیسے اعتراض کیا جا سکتا ہے؟

جواب نمبر ۵ :

اگر کوئی شخص گناہوں کے ساتھ بھی جہاد کرتا رہتا ہے اور اللہ کے راستہ میں لڑتا ہوا شہید ہو جاتا ہے تو اسکے سارے گناہ معاف ہو جانے کا وعدہ ہے۔ بلکہ صرف یہ نہیں کہ اسکے اپنے گناہ معاف ہوں گے۔ بلکہ یہ اپنے خاندان کے مزید ستر ایسے آدمیوں کی بھی سفارش کرے گا جن پر دوزخ واجب ہو چکی ہوگی اور اسکی سفارش قبول بھی ہوگی۔

شہادت تو بڑی نعمت الٰہیہ ہے۔ میں صرف ایک واقعہ عہدِ نبوت کا عرض کرتا ہوں جس سے آپ کو یہ بات بخوبی سمجھ آجائے گی کہ اگر کوئی شخص بدعمل ہو اور جہاد میں شریک ہو تو حضرت پاک ﷺ کا ایسے شخص کے ساتھ طرز عمل کیا تھا اور ہمارا طرز عمل کیا ہے۔

” عَنِ ابْنِ عَائِذٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ فِیْ جَنَازَۃِ رَجُلٍ فَلَمَّا وُضِعَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَا تُصَلِّ عَلَیْہِ یَارَسُوْلَ اللہِ ﷺ فَاِنَّہٗ رَجُلٌ فَاجِرٌ فَالْتَفَتَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ اِلٰی اَصْحَابِہٖ فَقَالَ ھَلْ رَّاٰہُ اَحَدٌ مِّنْکُمْ عَلٰی عَمَلِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ یَارَسُوْلَ اللہِ حَرَسَ لَیْلَۃً فِیْ سَبِیْلِ اللہِ فَصَلّٰی عَلَیْہِ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ وَحَثّٰی عَلَیْہِ التُّرَابَ وَقَالَ اَصْحَابُکَ یَظُنُّوْنَ اَنَّکَ مِنْ اَھْلِ النَّارِ وَاَنَا اَشْھَدُ اَنَّکَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ وَقَالَ یَا عُمَرُ اِنَّکَ لَا تُسْئَلُ عَنْ اَعْمَالِ النَّاسِ وَلٰکِنْ تُسْئَلُ عَنِ الْفِطْرَۃِ.

(مشکوۃ کتاب الجھاد)۔

حضرت ابن عائذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ ایک شخص کا جنازہ پڑھانے کے لئے تشریف لائے جب میت کو رکھا گیا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس شخص کی نماز جنازہ نہ پڑھیں کیونکہ یہ تو فاسق (یعنی بدعمل) ہے۔ حضرت پاک ﷺ اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تم میں سے کسی شخص نے اسکو کوئی نیک عمل کرتے ہوئے دیکھا ہے؟

تو ایک شخص نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ اس نے ایک رات میدانِ جہاد میں پہرا دیا تھا تو حضرت پاک ﷺ نے اسکی نماز جنازہ پڑھائی۔ پھر اپنے مبارک ہاتھوں سے اسکی قبر پر مٹی ڈالی اور مزید ارشاد فرمایا کہ تیرے ساتھی تو یہ گمان کرتے ہیں کہ تو جہنم میں جائے گا مگر میں گواہی دیتا ہوں کہ تو پکا جنتی ہے۔ پھر حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے عمر! تجھ سے لوگوں کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا لیکن دین کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اب میرے دوستو اور بزرگو! دیکھیں اگر ہمارے علاقہ میں کسی ایسے شخص کا جنازہ ہو جس نے چند دن جہاد میں گزارے ہوں

اور پھر بداعمالیوں میں خدانخواستہ مبتلا ہو گیا ہو بلکہ اگر کسی ایسے شخص کا جنازہ آجائے جو کبھی بدعمل رہا ہو اگرچہ وہ اس سے توبہ بھی کر چکا ہو ہمارا طرز عمل کیا ہوتا ہے اور ہماری ایک بالشت کی زبان کیا کچھ زہر اگلتی ہے۔

اور حضرت پاک ﷺ کا مبارک عمل کیا ہے اور ہمارے لئے حجت تو حضرت پاک ﷺ کا مبارک عمل ہے، نہ کہ دین کے نام لیوا چند لوگوں کی افواہیں اور شوشے۔ اللہ تعالی ہم کو پورے دین کی سمجھ عطا فرمائے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن.

میری ذاتی رائے :

میں تو یہ کہتا ہوں کہ جہاد فرضِ عین ہونے کے بعد (جیسے کہ آج کل ہے) نماز چھوڑ کر جہاد کرنے والا مجاہد جہاد کو چھوڑ کو بیت اللہ کے طواف کرنے والے عابد سے افضل ہے۔

ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ دونوں ایک ایک گناہ کے مرتکب ہیں۔ مجاہد نماز کو چھوڑ کر کبیرہ گناہ کا ارتکاب کرتا ہے تو عابد اور صوفی بھی ایک فرض عین کو چھوڑ کر گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ مگر دونوں کے گناہ میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ مجاہد کے جرم کا نقصان تو صرف اسکی ذات کو ہوگا جبکہ اس صوفی اور عابد کے گناہ کا نقصان اسکی ذات کو بھی ہوگا اور پوری امت کو بھی ہوگا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر مجاہد میدان جنگ میں لڑتا ہوا شہید ہو گیا تو اسکے لئے وعدہ ہے ''اَلسَّیْفُ مَحَّاءٌ لِلذُّنُوْبِ'' کہ تلوار گناہوں کو مٹادینے والی ہے۔

اور ''اَلْقَتْلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفِّرُ کُلَّ شَیْئٍ اِلَّا الدَّیْن''. (مسلم)
اللہ تعالی کے راستہ میں قتل ہو جانا سوائے قرض کے ہر چیز کا کفارہ ہے۔

مگر عابد کے لئے اس فرض عین کے ترک پر تو کوئی بخشش کا وعدہ نہیں، بلکہ اس کے

بارے میں نفاق کی موت کا ڈر ہے۔ قیامت کے دن اس کے جسم پر واضح داغ یعنی ترک جہاد کے نشانات ہونے کی وعید ہے۔ ہاں اگر اللہ تعالی اپنا فضل فرما دیں تو اور بات ہے۔

تنبیہ:

میری ان گزارشات کا ہرگز مطلب یہ نہیں کہ مجاہدین میں بالکل خامیاں نہیں۔ کیونکہ مجاھدین بھی انسان ہیں نہ کہ فرشتے۔ اور ان سے غلطیاں ہوسکتی ہیں بلکہ ہوتی ہیں۔ مگر ان غلطیوں کی وجہ سے جہاد کو چھوڑا نہیں جا سکتا ہے اور نہ ہی جہاد پر اعتراضات کئے جا سکتے ہیں۔ ہاں البتہ احسن طریقہ سے مجاہدین کی بھی اصلاح کی ضرور کوشش کرنی چاہیے۔

ملحوظہ:

یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ اللہ تعالی کی مدد و نصرت بھی اسی وقت آئے گی جب مجاہدین اللہ تعالی کو راضی رکھیں گے اور اپنے اعمال کی اصلاح کی فکر میں لگے رہیں گے۔ اس لئے اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی فتح میں تاخیر مسواک چھوٹنے کی وجہ سے ہو سکتی ہے تو پھر ہم کس باغ کی مولی ہیں؟

اس لئے مجاہدین کو بطور خاص چاہئے کہ وہ اپنی زندگی دین کے مطابق رکھیں اور ظاہر و باطن کا خیال فرمائیں بلکہ عام لوگوں سے زیادہ اپنے اعمال کو سنت کے مطابق بنائیں۔ فرائض و واجبات کے علاوہ سنن اور مستحبات کی بھی رعایت کریں۔ اللہ تعالی ہم سب کو پورے دین پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

☆☆☆

نمازِ عشق

کسی نے کہا جہاد کے لئے نماز اور داڑھی شرط ہے۔ حالانکہ نماز مستقل فریضہ ہے، جہاد مستقل فریضہ ہے، داڑھی مستقل واجب ہے، داڑھی بھی ضروری، نماز بھی ضروری اور جہاد بھی ضروری ہے۔ آ کر دیکھو تو سہی، خدا کی قسم! جو نمازیں مجاہد پڑھتے ہیں شاید کسی کو نصیب ہوں ؎

نمازِ عشق ادا ہوتی ہے تلواروں کے سائے میں

گولیوں کی بارش ہو رہی ہوتی ہے اور مجاہد کہتا ہے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِینْ'' اس وقت اللہ کی حمد بیان کرنے میں جو لطف محسوس ہوتا ہے جہاد سے باہر رہ کر کہیں محسوس نہیں ہوتا ''اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ'' یا اللہ ہمیں سیدھے راستے پر چلایئے جس راستے پر انبیاء علیہم السلام چلے، صدیقین چلے، شہداء چلے۔ اور موت سامنے کھڑی ہوتی ہے۔ اسی نماز میں مزہ آتا ہے جس میں یقین ہوتا ہے کہ کسی بھی وقت گولی لگے گی اور نماز پڑھتے پڑھتے مولیٰ کریم کے پاس جا پہنچیں گے اگر مجاہدین بے نمازی ہوتے تو آسمان سے فرشتے انکی مدد کے لئے نہ آتے۔ روسی جرنیلوں نے قسم کھا کر کہا کہ فرشتے اترتے ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ فرانس کا ایک صحافی افغانستان کے جہاد کی رپورٹنگ کرنے گیا چند دن جنگوں کے اندر رہا واپس آ کر مسلمان ہو گیا۔ کہنے لگا ''میں نے ان کے خدا کو میدانوں میں لڑتے دیکھا ہے''۔

اگر یہ فاسق ہوتے تو کس طرح سے اتنی بڑی کامیابی حاصل کرتے جہاد تو قلوب کی اصلاح کر دیتا ہے۔ اس لئے میدان جہاد میں شیطان نہیں آ سکتا۔ کیونکہ وہ فرشتوں کو دیکھ کر وہاں رک نہیں سکتا۔ حدیث میں آتا ہے کہ مجاہد جو بھی دعاء کرے گا انبیاء علیہم السلام کی دعاء کی طرح قبول ہوگی۔ کیونکہ مجاہد کے کسی عمل میں بھی نفس پرستی نہیں ہوتی۔

خودکش حملہ

اس دور میں کفار کے خلاف ایک بہت موثر ہتھیار خودکش اور فدائی حملے ہیں مگر اس پر کئی قسم کے اعتراضات کئے جا رہے ہیں مثلاً یہ کہ خودکش حملہ میں انسان کو اپنی موت کا یقین ہوتا ہے، جبکہ کفار کے نقصان کا محض تخمینہ اور اندازہ ہوتا ہے۔ اور اپنے آپ کو یوں موت کے منہ میں پھینک دینا تو خودکشی کے مترادف ہے۔

دوسرا اعتراض:

یہ کیا جا رہا ہے جب یہ حملے عوامی مقامات پر ہوں اسمیں کفار کے بوڑھے مرد، عورتیں اور بچے بھی قتل ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ شریعت نے بوڑھے مردوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔

تیسرا اعتراض:

یہ کہ اسمیں کئی مرتبہ مسلمانوں کی بھی ہلاکت واقع ہو جاتی ہے اور مسلمانوں کو قتل کرنا تو کسی صورت بھی جائز نہیں۔ کیونکہ جہاد تو مسلمانوں کی جان کے تحفظ کے لئے فرض کیا گیا ہے۔

اس دور میں اس قسم کے کئی اعتراضات سامنے آ رہے ہیں۔ ہم بالترتیب اسی

طرح ہر ایک اعتراض کا جائزہ لیتے ہیں۔ اللہ تعالی مجھے حق اور سچ لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اعتراض:

خودکش اور فدائی حملہ خودکشی کے مترادف ہے۔ جسکی شریعت کسی حال میں اجازت نہیں دیتی۔ اور قرآن کریم نے تو صاف الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے۔ ''وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُکَةِ''۔ کہ اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔

جواب:

محترم قارئین! خودکش اور فدائی حملہ میں بنیادی طور پر دو باتیں ہی قابل اشکال ہیں۔

نمبر(۱) اپنی موت کا یقین ہونے کے باوجود یہ کاروائی کرنا۔

نمبر(۲) مجاہد کو ہر حال میں اس انداز میں کاروائی کرنی چاہیے جس سے اپنا نقصان نہ ہونا، یا پھر کم سے کم ہو مگر اسمیں تو پہلے اپنا نقصان ہوتا ہے بعد میں دوسروں کا۔

جہاں تک پہلی بات کا تعلق ہے یعنی اپنی موت کے یقین ہونے کے باوجود دشمن پر حملہ آور ہونا جسے خودکشی کا نام دیا جا رہا ہے۔ اسکے جواز پر تو اگرچہ بہت سے تاریخی واقعات کو بطور تائید اور دلیل کے پیش کیا جا سکتا ہے۔ مگر صرف ایک ہی واقعہ کے پیش کرنے پر اکتفا کرتا ہوں اور انشاء اللہ اہل بصیرت کے لئے وہ ایک ہی کافی ہوگا۔

حضرت پاک ﷺ نے حارث بن عمیر ؓ کو شرجیل بن عمرو غسانی کے نام دعوتی خط دے کر بھیجا۔ تو اس ظالم نے مقام موتہ میں حضرت حارث ؓ کو شہید کر دیا اس بناء پر حضرت پاک ﷺ نے جمادی الاولیٰ ۸ھ کو تین ہزار کا لشکر حضرت زید بن

حارثہ رضی اللہ عنہ کی امارت میں موتہ روانہ فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ اگر زید رضی اللہ عنہ شہید ہو جائیں تو تم اپنا امیر جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو بنالو اور اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو تم اپنا امیر عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو بنالو اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو پھر مسلمان جس کو چاہیں اپنا امیر بنالیں۔ اسی وجہ سے اس غزوہ کو غزوہ جیش الامراء بھی کہتے ہیں۔

اور یہ لشکر مدینہ منورہ سے اس کیفیت اور یقین کے ساتھ روانہ ہوا کہ ان تینوں حضرات کو اپنی شہادت کا سو فی صد یقین تھا۔ میں بطور استدلال کے عرض کرتا ہوں کہ یہ ممکن ہے کہ گرنیڈ پھٹ جائے، بارود کی آگ کے شعلے بلند ہوں بلکہ ایٹم بم گر پڑے گولی لگے اور جسم سے آر پار ہو جائے مگر موت واقع نہ ہو جیسا کہ اس حوالے سے میدانِ جہاد کے بے شمار واقعات موجود ہیں۔

مگر یہ ناممکن ہے کہ حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے بارے میں ارشاد فرمادیں اور وہ قتل نہ ہو۔ اب یہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اپنے جسم کے ساتھ بم باندھ کر خودکش اور فدائی حملہ کرنے والے سے بھی زیادہ موت کے یقین کے ساتھ میدان قتال میں کود پڑے تھے۔ لہٰذا موت کے یقین ہو جانے کی وجہ سے اگر حملہ کرنا خودکشی ہوتا تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایسا اقدام کبھی نہ کرتے۔ بلکہ ان کو اپنی موت کا یقین، دشمن کی شکست اور موت سے بھی زیادہ تھا۔

رہی دوسری بات کہ مجاہد کو ہمیشہ کاروائی اس انداز میں کرنی چاہیے کہ اس کا اپنا نقصان نہ ہو یا پھر کم سے کم ہو مگر جب صورت حال ایسی ہو اپنا نقصان کرائے بغیر دشمن کا نقصان ممکن نہ ہو جیسے کہ افغان جہاد میں دیکھا ہے کہ دشمن مورچوں کے باہر بارودی سرنگیں لگا دیتے تھے اور مجاہدین جہاں تک ممکن ہو تا رات کی تاریکی میں بارودی سرنگیں صاف کرتے۔ مگر جو بارودی سرنگیں دشمن کے مورچوں کے بالکل قریب ہوتیں اس

کے صاف کرنے کی ایک ہی صورت ہوتی کہ حملہ کے وقت کوئی مجاہد بنامِ خدا اس پر چڑھے اور اپنی جان کی قربانی دے کر دوسروں کے لئے راستہ صاف کرے تو اسکی شریعت کی طرف سے اجازت ہے۔

اور ایسے واقعات تو تاریخِ اسلام میں بھی بے شمار مل جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھئے! جب مسیلمہ کذاب قلعہ بند ہو گیا اور قلعہ کا دروازہ بند تھا اور قلعہ کے دروازے کو کھولنے کی اسکے علاوہ کوئی صورت نہ تھی کہ چند لوگ اپنی جانوں پر کھیل کر قلعہ کی دیوار پھلانگ کر اندر گھسیں تو اس کے لئے حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ مجھے آپ لوگ ایک ٹوکرہ میں بٹھا کر لمبی لکڑی سے ٹوکرہ باندھ کر دیوار تک پہنچاؤ۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا تو حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ دیوار پر سے قلعہ کے اندر پھلانگ گئے اور بہت سوں کو قتل کرنے کے بعد قلعہ کا دروازہ کھولنے میں بالآخر کامیاب ہو گئے اور یہی واقعہ مسلمانوں کی فتح کا سبب بنا تھا ۔

اب آیئے اس آیت کریمہ ’’وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَةِ‘‘ (کہ اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو) کی طرف، اس آیت سے پیدا شدہ اس اعتراض کا جواب بھی تاریخ اسلام کے سچے واقعات میں موجود ہے۔

حضرت ابو عمران فرماتے ہیں کہ مہاجرین صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں سے ایک شخص قسطنطنیہ کے جہاد میں دشمنوں کی صفوں میں گھس گیا اور دلیرانہ حملے شروع کر دیئے جس پر کسی شخص نے یہ کہا کہ یہ شخص اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہا ہے۔

اس پر حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرمانے لگے اس آیت کا صحیح مطلب ہم خوب جانتے ہیں۔ کیونکہ یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ ہوا یوں کہ جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کر دیا تو انصار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے باہمی

مشاورت کی کہ ہمیں اللہ تعالی نے حضرت پاک ﷺ کی صحبت اور خدمت کی توفیق دی۔ ہم نے خوب جہاد کیا اب اسلام پھیل گیا ہے اور اسلام غالب آ گیا اور کفر مغلوب ہو گیا ہے۔ ہم ان جنگوں کی وجہ سے اپنے گھر بار کھیتی باڑی اور بچوں کی طرف دھیان نہ دے سکے۔ لہٰذا اب ہمیں اس طرف توجہ دینی چاہیے۔ تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ جہاد کو چھوڑ کر اپنے بچوں اور کھیتی باڑی میں مصروف ہو کر اپنے آپ کو ہلاکت میں مت ڈالو۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے بیان کردہ اس آیت کے شانِ نزول کے مطابق یہ آیت تو ان حضرات کے لئے ہے جو میدان جنگ میں نہیں جاتے، اپنا مال میدان جنگ میں نہیں خرچ کرتے، تو گویا وہ اپنے آپ کو ہلاک اور برباد کرتے ہیں مگر بدقسمتی سے کم علم لوگوں نے میدان جنگ میں جان پیش کرنے کو ہی جان کا ہلاک کرنا سمجھ لیا ہے۔ اب آپ کی مرضی، اس آیت کی وہ تفسیر کریں جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کرتے تھے یا وہ تفسیر کریں جو کم علم اور جاہل اشخاص کرتے ہیں۔

اور ایک روایت میں ہے جنگ قسطنطنیہ میں ایک شخص نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ اگر میں اکیلا دشمن کی صفوں میں گھس جاؤں اور پھر اسی حالت میں وہاں قتل ہو جاؤں تو کیا اس آیت کے تحت اپنے آپ کو ہلاک کرنے والا تو نہ ہوں گا۔

حضرت برا ابن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نہیں نہیں۔ اللہ تعالی نے اپنے نبی ﷺ کو فرمایا ہے کہ

فَقَاتِلُ فِیُ سَبِیُلِ اللّٰہِ لَا تُکَلَّفُ اِلَّا نَفُسَکَ.

اے نبی ﷺ اللہ کی راہ میں لڑتا رہ تو اپنی جان کا ہی مکلّف (اور مالک ہے اسی کو

تکلیف دے) (تفسیر ابن کثیر)

یہ آیت تو خدا کی راہ میں خرچ کرنے سے رک جانے والوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اس آیت کے تحت مفسرین کرام نے بہت سی روایات جمع فرمائی ہیں مگر بندہ نے اختصار کے پیش نظر ذکر نہیں کیں۔

خلاصہ کلام:

اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر دشمنوں پر ٹوٹ پڑنا اور اپنی جان کو داؤ پر لگا کر دشمن کی تباہی کا بندوبست کرنا یہ ہلاکت نہیں بلکہ سعادت ہے۔ البتہ جہاد سے دور رہ کر بزدلی اور بخل کا مظاہرہ کرنا پھر مزید اس پر زبان درازی کرنا دراصل ہلاکت در ہلاکت ہے اور تباہی و بربادی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں فہم سلیم عطا فرمائیں، آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن.

استفتاء وافتاء

اس سلسلہ میں ہفت روزہ ضرب مومن ۵ تا ۱۱ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ بمطابق ۹ تا ۱۵ جون ۲۰۰۰ ملاحظہ فرمائیں۔

''سری نگر کے نوخیز مجاھد آفاق احمد شہید کے ایک خوفناک بمبار حملہ کے بعد جس نے سرینگر فوجی ہیڈ کوارٹر میں قیامت برپا کر دی تھی مختلف حلقوں میں یہ سوال ابھرنے لگا کہ اس نوعیت کے حملوں کی شرعی حیثیت کیا ہوگی؟ چونکہ افغانستان اور جہاد کشمیر کی بیس سالہ تاریخ میں اس نوعیت کا پہلا واقعہ تھا، اس لئے اس سوال کا اٹھنا فطری بات تھی۔ ضرب مومن نے اپنے قارئین کو ان کے دلچسپ ترین موضوع پر صحیح معلومات بہم پہنچانے کے لئے ملک کے مقتدر ادارہ جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن اور دارالافتاء والارشاد سے باضابطہ استفتاء کر کے پوچھا گیا کہ کیا آفاق، بلال شہید رحمۃ

اللہ علیہا کی طرح اپنی گاڑی میں بارود بھر کر یا اپنے جسم سے بم باندھ کر بھارتی افواج یا دیگر ظالم یا طاقتور کفار پر بمبار حملہ کرنا، جسمیں حملہ آور مجاہد کی موت یقینی ہو۔ جائز ہے یا نہیں۔ بعض لوگوں کے ذہنوں میں خودکشی کے حوالہ سے خلجان پایا جاتا ہے۔ اگر یہ جائز ہے تو اسے جہاد اور اس موت کو شہادت کہا جاسکتا ہے یا نہیں؟

جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاون اور دارالافتاء والارشاد کے مفتی حضرات نے متفقہ طور پر تاریخی فتوی جاری کرتے ہوئے کہا فرمایا کہ اس نوعیت کا بمبار حملہ نہ صرف جائز ہے بلکہ جہاد اور شہادت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔ فتوی میں ایسے اقدام کو قابل رشک اور لائق تقلید بناتے ہوئے جان کی بازی لگا دینے والے مجاہد کی شہادت کو اعلی درجہ کی شہادت قرار دیا ہے۔

دونوں کے متفقہ فتوی میں واضح کیا گیا ہے کہ اللہ کے راستہ میں سر دھڑ کی بازی لگا دینے اور اپنی قیمتی جان کی قربانی دینے کی اس سے بڑھ کر کوئی صورت ممکن نہیں۔ اسے خودکشی سمجھنا نہ صرف اس ولولہ انگیز جہاد اور شہادت کی حقیقت سے لاعلمی ہے بلکہ خودکشی کی ماہیت اور تعریف اس کے اسباب اور اغراض سے بھی ناواقفیت کی دلیل ہے۔ خودکشی کرنے والے کا مقصد خود کو ہلاک کرنا ہوتا ہے۔ وہ اللہ کی رحمت سے مایوس اور دنیویہ ہموم وغموم میں ڈوبا ہوا شخص ہوتا ہے، وہ اپنی جان کو اللہ کے حکم کے خلاف استعمال کرتا ہے، جبکہ بمبار حملہ آور مجاہد کا ہدف اللہ تعالیٰ کے سب سے افضل ترین حکم جہاد پر عمل کر کے کفار کے پرخچے اڑانا اور ان پر اسلام کی دھاک بٹھانا مسلمانوں کو جرات دلانا اور جہاد اور شہادت کے حیرت انگیز فضائل حاصل کر کے اپنے رب کے ہاں سرخرو ہو کر حاضر ہونا ہے۔

دارالافتاء والارشاد کے تہلکہ خیز فتاویٰ میں بہت سے دلائل کی روشنی میں مجاہدین کو

مشورہ دیا گیا ہے کہ اب جبکہ مسلمانوں کو نیست و نابود کرنے کے لئے مشرق و مغرب کے کفار اور ان کے ایجنٹ متحد ہو چکے ہیں۔ اسلام کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر منصوبہ ساز آئمۃ الکفر خود کو ہر طرح سے محفوظ سمجھتے ہوئے ظلم و زیادتی، ناانصافی اور سفاکی کی تمام حدیں پھلانگ چکے ہیں۔ دوسری طرف مجاہدین کے پاس وسائل کی قلت اور اسباب کے فقدان کی وجہ سے کفار کی وحشت و بربریت میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ایسے میں مجاہدین کے پاس اسلام اور اہل اسلام کو مکمل تباہی سے بچانے کے لئے اس کے سوا کوئی چارا نہیں کہ وہ اس نوعیت کے حملوں کو منظّم کر سکیں، جس کا بایں ھمہ ترقی یافتہ اور جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس مغرور کفار کے پاس کوئی توڑ نہیں۔

فتویٰ کے مطابق ایسا سرفروشانہ حملہ ایمانی طاقت، دینی حمیت، اسلامی غیرت، جذبہ جہاد، شوق شہادت، ظالم و سفاک طاقتور کو مرعوب کرنے کا بے مثال مظاہرہ اور بہادری کی آخری حد ہے۔ زمانۂ خیر القرون میں اس کے بعد بھی اس سے ملتے جلتے سرفروشانہ حملوں کی مثالیں موجود ہیں۔ فتویٰ میں قرآن و حدیث، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے آثار، خیر القرون کے سرفروش مجاہدین کے حالات اور کتب فقہ کے دلائل سے استنباط کر کے آفاق شہید کے خوفناک حملہ کو اللہ کی رضا اور اسلام کی سربلندی کے لئے جرات و بہادری کی اعلیٰ ترین روایت قرار دیا ہے۔

جامعہ بنوری ٹاون نے اپنا تاریخی فتوی جامعہ کے دارالافتاء کے سربراہ جناب حضرت مفتی عبد السلام چاٹگامی، جامعہ کے شیخ الحدیث اور نگران تخصص فی الفقہ جناب مفتی نظام الدین شامزئی اور جناب مفتی عبدالمجید دین پوری کے دستخطوں کے ساتھ جاری کیا ہے۔

ایک خواب

ایک نوجوان نے خواب میں حضور اکرم ﷺ کی زیارت کی۔ انہوں نے دیکھا کہ رحمت للعالمین ﷺ نے ان کو کندھوں پر اٹھا رکھا ہے۔ یہ خواب دیکھ کر نوجوان کی عجیب کیفیت ہوگئی اور اسکی تعبیر لینے کے لئے ایک عالم دین کے پاس جا پہنچے۔ ان عالم دین نے تعبیر بتائی کہ اللہ آپ سے کوئی بڑا کام لے گا۔ لہٰذا اب راہِ راست پر آ جائیں۔ چنانچہ وہ نوجوان عشق نبی ﷺ سے سرشار ہو کر میدان جہاد میں کود پڑا۔

یہ وہی نوجوان ہے جسکو دنیائے اسلام کمانڈر بلال شہید رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے جانتی ہے۔ جس نے ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ پیر کے روز سہ پہر ۲ بجکر پچاس منٹ پر (۱۰۰ کلو) ڈھائی من بارود سے لدی کار میں کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے انڈین فوج کے سری نگر میں واقع پندرہویں کور ہیڈ کوارٹر پر قیامت بن کر ٹوٹ پڑے اور بھارتی فوج کے گنجان آباد مقام پر ہولناک دھماکہ کر دیا جس سے درجنوں بھارتی فوجی موقع پر ہی ڈھیر ہو گئے جبکہ متعدد مضبوط بیرکیس زمیں بوس ہوگئیں۔ (ضرب مومن ۵ تا ۱۲ ربیع الاول ۱۴۲۱ھ)

☆☆☆

اعتراض (۲۶)

خودکش اور فدائی حملوں میں بوڑھے مرد، عورتیں اور بچے قتل ہو جاتے ہیں جبکہ احادیث میں انکو قتل کرنے کی صاف طور پر ممانعت وارد ہوئی ہے۔

جواب:

اسمیں شک نہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے بوڑھوں، عورتوں اور بچوں کو جنگ میں قتل کرنے سے منع فرمایا ہے۔ مگر یہ اسوقت ہے جب کہ بوڑھے، عورتیں اور بچے جنگ میں شریک نہ ہوں اور اگر یہ جنگ میں شریک ہوں یا جنگی کافروں کی مدد کرتے ہوں خواہ مشورہ دیں، مالی تعاون کریں، جنگ کرنے پر آمادہ کریں، جاسوسی کریں غرض یہ کہ اگر کسی بھی طریقہ سے یہ کفار کے مددگار ثابت ہوں تو ان کا قتل جائز بلکہ باعثِ اجروثواب ہے۔

وہ طفل ہے کہ ہے پاگل، ضعیف یا زن ہے
جو دشمنوں کا معاون ہے وہ بھی دشمن ہے

امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی نے اپنی معروف کتاب ’’**شرح معانی الاثار**‘‘ میں ایک باب قائم فرمایا ہے۔

بَابُ الشَّيۡخِ الۡكَبِيۡرِ هَلۡ يُقۡتَلُ فِيۡ دَارِالۡحَربِ اَمۡ لَا .

کہ جنگ میں بوڑھے کو قتل کرنا جائز ہے کہ نہیں۔

اور اس کے تحت حدیث نقل فرمائی اور پھر یہ فیصلہ دیا۔

حدیث:

حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کی لڑائی سے فارغ ہونے کے بعد حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ کو لشکر دے کر اوطاس کی طرف روانہ فرمایا تو وہاں پر حضرت ربیع بن رفیع رضی اللہ عنہ نے دُرَید بن صِمّہ کو پالیا اور اسکے اونٹ کی نکیل پکڑ لی۔ پہلے سمجھے کہ شاید یہ کوئی عورت ہے دیکھا تو وہ بوڑھا مرد ہے۔ درید نے حضرت ربیع رضی اللہ عنہ سے کہا تمھارا کیا ارادہ ہے حضرت ربیع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تجھے قتل کرنا چاہتا ہوں۔ تلوار سے درید پر وار کیا مگر اسکو کچھ اثر نہ ہوا تو درید نے کہا

" بِئْسَمَا سَلَحتکَ اُمُّکَ خُذْ سَیْفِیْ هٰذَا مِنْ مُؤْخِرِ الرَّحْلِ ثُمَّ اضْرِبْ وَارْفَعْ عَنِ الْعِظَامِ وَارْفَعْ عَنِ الدَّمَاغِ فَاِنِّی کَذٰلِکَ کُنْتُ اَقْتُلُ الرِّجَالَ.

تیری ماں نے تجھ کو اچھی طرح ہتھیار پکڑنا بھی نہیں سکھایا۔ یہ میری تلوار کجاوے سے لے اور پھر وار کر مگر ہڈیوں اور دماغ سے علیحدہ رکھ کیونکہ میں بھی آدمیوں کو اس طرح قتل کرتا تھا۔

علامہ طحاوی رحمہ اللہ آگے فرماتے ہیں۔

فَلَمَّا قُتِلَ دُرَیْدٌ وَهُوَ شَیْخٌ کَبِیْرٌ فَانٍ لَا یَدْفَعُ عَنْ نَفْسِهٖ فَلَمْ یَعِبْ ذَالِکَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَیْهِمْ دَلَّ اَنَّ الشَّیْخَ الْفَانِیَ یُقْتَلُ فِیْ دَارِالْحَرْبِ وَاَنَّ حُکْمَهٗ فِیْ ذٰلِکَ حُکْمُ الشَّیْبَانِ لَا حُکْمُ النِّسْوَانِ.

جب درید قتل کیا گیا حالانکہ وہ اتنا بوڑھا تھا کہ اپنا دفاع بھی نہ کر سکتا تھا تو حضرت

پاک ﷺ نے اسکو برا نہ منایا تو یہ دلیل ہے اس بات کی کہ دار الحرب میں بوڑھے کو قتل کیا جا سکتا ہے اور اسکا حکم نوجوان مردوں کا ہے نہ کہ عورتوں کا۔

اور وہ احادیث جن میں بوڑھوں کو قتل نہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ جیسے حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی روایت جس میں ہے کہ حضرت پاک ﷺ کا ارشاد فرمایا "**لَا تَقْتُلُوْا شَیْخًا کَبِیْرًا**" کہ بوڑھوں کو قتل نہ کرو۔

کا جواب دیتے ہوئے حضرت علامہ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وَ النَّھْیَ عَنْ رَسُوْلِ اللہِ ﷺ فِیْ قَتْلِ الشُّیُوْخِ فِیْ دَارِ الحَرْبِ ثَابِتٌ فِیْ الشُّیُوْخِ الَّذِیْنَ لَا مَعُوْنَۃَ لَھُمْ عَلٰی شَیْئٍ مِنْ اَمْرِ الْحَرْبِ مِنْ قِتَالٍ وَلَا رَأْیٍ وَحَدِیْثُ رُوَیْدَ عَلٰی الشُّیُوْخِ الَّذِیْنَ لَھُمْ مَعُوْنَۃٌ فِیْ الْحَرْبِ کَمَا کَانَ لِرُوَیْدٍ

دار الحرب میں بوڑھوں کو قتل کرنے کی ممانعت ایسے بوڑھوں کے بارے میں ہے جو جنگ میں کسی بھی طرح تعاون نہ کریں اور رویدان بوڑھوں میں سے تھا جو جنگ میں تعاون کر رہے تھے۔

اور ایسے بوڑھے جو جنگ میں تعاون کریں اگرچہ وہ قتال نہ بھی کریں تو بھی انکو قتل کرنا جائز ہے۔ کیونکہ بسا اوقات جنگ میں مشورہ اور رائے سے تعاون کرنا، جنگ میں شرکت کرنے سے بھی زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

امام طحاوی کے الفاظ یہ ہیں،

فَلَا بَاْسَ بِقَتْلِھِمْ وَاِنْ لَّمْ یَکُوْنُوْا یُقَاتِلُوْنَ لِاَنَّ تِلْکَ الْمَعُوْنَۃَ الَّتِیْ تَکُوْنُ مِنْھُمْ اَشَدَّ فِیْ کَثِیْرٍ مِنَ الْقِتَالِ وَلَعَلَّ الْقِتَالَ لَا یَلْتَئِمُ لِمَنْ یُقَاتِلُ اِلَّا بِھَا فَاِذَا کَانَ کَذَالِکَ قُتِلُوْا.

اور ایسی عورت جو جنگ میں کسی بھی ذریعے سے تعاون کرتی ہو اس کے قتل کے جائز ہونے کے بارے میں علامہ طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

وَفِیْ قَتْلِھِمْ دُرَیْدُ بْنَ الصَّمَّۃَ لِلْعِلَّۃِ الَّتِیْ ذَکَرْنَادَلِیْلٌ عَلٰی اَنَّہٗ لَا بَاْسَ بِقَتْلِ الْمَرْ ءَ ۃِ اِذَا کَانَتْ اَیْضًا ذَاْتَ تَدْبِیْرٍ فِیْ الْحَرْبِ کَالشَّیْخِ الْکَبِیْرِ ذِیْ الرَّائیِ فِیْ الْحَرْبِ

درید بن صمہ بوڑھے کو جنگ میں تعاون کرنے کی وجہ سے قتل کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ ایسی عورت کو بھی قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں جو لڑائی میں تدبیر اور رائے رکھتی ہو۔

اور جس طرح ایسے بوڑھے اور عورت کو قتل کرنا جائز ہے اسی طرح ایسے نا بالغ بچوں کو بھی قتل کرنا جائز ہے۔ جیسا کہ فقہاءِ کرام نے اس بات کی کتب فقہ میں تصریح فرما دی ہے۔ اس کے لئے فقہ کی کوئی بھی چھوٹی سے چھوٹی یا بڑی سے بڑی کتاب دیکھی جا سکتی ہے۔

فائدہ:

درید بن صمہ کو جب قتل کیا گیا تو اسکی عمر ایک سو ساٹھ برس تھی (رمز الحقائق)۔

ملحوظہ:

ممکن ہے کہ کسی شخص کے ذہن میں یہ بات آجائے کہ اب جو شہروں میں کاروائیاں کی جارہی ہیں۔ جیسا کہ مقبوضہ فلسطین میں یا کچھ عرصہ قبل امریکہ، ورلڈ ٹریڈ سنٹر میں ہوئی۔ اسمیں تو بے گناہ بچے اور عورتیں اور بوڑھے قتل ہوتے ہیں۔ تو اس سلسلہ میں عرض یہ ہے کہ اس وقت کی تحقیق کے مطابق دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا مرد یا

عورت آپ کو ملے جو کہ مسلمانوں کے خلاف اپنی حیثیت کے مطابق جنگ میں تعاون نہ کر رہا ہو۔ یہ ہماری صرف غلط فہمی ہے۔ وگرنہ کافروں کا ہر فرد جوان ہو، کہ بوڑھا مرد ہو، کہ عورت بچہ ہو، کہ بچی ہر شخص اپنی اپنی استطاعت کے مطابق تعاون اور پشت پناہی کر رہا ہے۔ اللہ تعالی یہ سوچ مسلمانوں کو بھی نصیب فرمادیں کہ ان کا ہر شخص میدانِ جنگ میں کود پڑے تو انشااللہ کفار کا تیاپانچہ ہونا دنوں کی بات ہے۔

فائدہ:

۱۹ رجب ۱۴۲۲ھ کی رات امارت اسلامی افغانستان پر امریکی حملہ کے بعد امریکی صدر بش نے ایک خطاب کیا جس میں اس نے واضح الفاظ میں کہا کہ ”امریکہ کا ہر فرد فوجی ہے“ (دیکھئے روزنامہ اوصاف ۲۰ رجب ۱۴۲۲ھ ۱۸ اکتوبر ۲۰۰۱، سوموار)۔

اب جب کہ کفار خود ہی اس حقیقت کو تسلیم کر رہے ہیں کہ کفار کا ہر فرد فوجی حیثیت سے مسلمانوں کے خلاف برسرپیکار ہے تو پھر انکی عوام کے قتل کے جواز میں کیا شبہ کیا جا سکتا ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۲۷)

خودکش اور فدائی حملے خصوصاً جو کسی بھی عوامی مقام پر ہوں تو اسمیں مسلمان بھی ہلاک ہوجاتے ہیں جب کہ مسلمان کو ہلاک کرنا تو از روئے شریعت سخت اور بہت بڑا جرم ہے۔

جواب:

اسمیں کوئی شک نہیں کہ مسلمانوں کا قتل بہت بڑا جرم ہے۔ مگر اسوقت جب کہ مسلمان کا ہی قتل کرنا اور ہلاک کرنا مقصود ہو مگر یہاں صورت حال مختلف ہے۔

ہماری بحث اس صورت میں ہے کہ ہم قتل تو کفار کو کرنا چاہتے ہیں اور اسکے لئے عوامی مقامات کا تعین کرنے کی کئی وجہیں اور حکمتیں ہوسکتی ہیں۔ مثلاً وہ کفار کا تجارتی مرکز ہوتا ہے جس سے کفار کی معیشت پر زد پڑسکتی ہے، یا وہ ایسی جگہ ہے جہاں پر ایسے پرزہ جات بنتے یا فروخت ہوتے ہیں جو جنگوں میں انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ یا وہاں بعض بڑے سرخیل اور سرکردہ کفار کے عزیز ہوتے ہیں جن کو قتل کرنے سے سرکردہ افراد کو ذہنی طور پر صدمہ سے دوچار کر کے انکو نفسیاتی دباؤ میں لانا مقصود ہوتا ہے یا کسی عوامی مقام پر حملہ کر کے عوام کو کفار کی حکومت کے خلاف میدان میں لانا مقصود ہوتا ہے، خیر اس طرح کی بے شمار حکمتیں ہر موقع کے مناسب ہوتی ہیں جنکی وجہ سے کسی بھی

عوامی مقام کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

مگر ایسے عوامی مقامات میں ایسے مسلمان بھی ہوتے ہیں اور انکے دل میں دنیا کی محبت رچی ہوتی ہے۔ وہ انہی مقامات پر جو کہ فحاشی وعیاشی کے اڈے یا دولت کی پوجا اور سودی کاروباری مقامات ہوں وہاں پر ہی ان کو قلبی راحت اور روح کو سکون ملتا ہے اور ایسے مسلمانوں کو وہاں سے جدا کرنا مجاہدین کے بس میں نہیں ہوتا۔

خلاصہ: یہ کہ ایسے حملے جس میں کفار کو ہلاک اور قتل کرنا مقصود ہو اور مسلمانوں کا قتل مقصود نہ ہو مگر مسلمانوں کے قتل کے بغیر کفار کا قتل ممکن نہ ہو تو فقہائے کرام نے اس کی اجازت دی ہے ایسے مواقع پر مسلمانوں کے قتل کی پرواہ نہیں کرنی چاہیے اور بنام خدا کاروائی کر گزرنی چاہیے۔

مسئلہ:

اگر آپ کسی قلعہ پر حملہ آور ہوں اور اس کے اندر کوئی مسلم تاجر یا قیدی ہو تو اگرچہ اس قلعہ پر حملہ آور ہونے میں مسلم تاجر اور مسلم قیدی کو قتل کرنے کا نقصان ہوگا، مگر انکی وجہ سے پورے کفار کو اگر قتل نہ کیا جائے تو یہ نقصان اس سے بھی بڑا ہوگا اس لئے یہاں بڑے نفع کی خاطر چھوٹے نقصان کو برداشت کر لیا جائے۔ (الھدایہ)

مسئلہ:

اگر آپ کفار پر حملہ آور ہوں اور وہ مسلمان بچوں کو بطور ڈھال کے استعمال کریں تاکہ مسلمان ان بچوں کی وجہ سے قتل نہ کریں گے تو بھی مسلمان بچوں کو قتل کئے بغیر اگر کفار کی گردن تک پہنچنا ممکن نہ ہو تو مسلمان بچوں کو بھی قتل کرنے سے دریغ نہ کیا جائے۔ (مختصر القدوری)

مسئلہ:

ایسی صورتوں میں جو مسلمان قتل ہوں گے، انکی دیت اور ضمان بھی واجب نہ ہوگی ۔ دیت ایک چٹی اور ضمان ہے اور جہاد فریضہ ہے اور فریضہ کی ادائیگی پر چٹی اور ضمان واجب نہیں ہوا کرتی ۔ (حاشیہ قدوری)

☆☆☆

ضمیمہ مسئلہ خودکش حملہ

اعتراض (۲۸)

مجاہدین کے خودکش حملے کیسے جائز ہیں؟ جب کہ یہ تو خودکشی ہے جو کہ شریعتِ مطہرہ میں حرام ہے۔

جواب:

اس کا جواب اگرچہ بندہ نے کسی قدر اختصار کے ساتھ اس وقت دیا تھا جب کہ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں مقدمہ قتل ۳۰۲ میں بند تھا۔ مگر کتاب شائع نہ ہوئی تھی کہ بندہ رہا ہونے کے ایک سال بعد دوبارہ بلکہ سہ بارہ گرفتار ہو کر ایک ماہ کے لئے نظر بند کر کے سرگودھا جیل میں پہنچا دیا گیا۔ تو آج پھر دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ اس مسئلہ پر مزید بھی کچھ لکھنا چاہیے۔ تو نہایت ہی اختصار کے ساتھ عرض ہے کہ خودکش حملہ پر اعتراض کرنے والے حضرات کے اس بارے میں مندرجہ ذیل شبہات ہیں۔ جن کا جائزہ میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ لے رہا ہوں۔

نمبر (۱) یہ خودکشی ہے۔ جس کا جواب یہ ہے کہ خودکشی نہیں ہے بلکہ کفرکشی ہے۔ کیونکہ بچہ بچہ جانتا ہے یہ حملے اپنی جان دینے کے لئے نہیں بلکہ کفر کی جان لینے کے

لئے ہوتے ہیں۔ اور مقصد صرف یہ ہوتا ہے کہ جس ہدف اور ٹارگٹ تک دشمن تک ویسے پہنچنا ممکن نہ ہو اس آخری حربہ اور داؤ کو استعمال کر کے پہنچا جا سکے۔

بالفاظ دیگر یوں کہہ سکتے ہیں کہ یہ قتلِ نفس نہیں جس کی شریعت میں ممانعت آئی ہے اور جسے حرام قرار دے کر اس پر سخت سے سخت وعیدیں سنائی گئیں ہیں۔ بلکہ یہ فدائے نفس ہے یعنی اپنی سب سے قیمتی چیز جان کو بھی اللہ تعالیٰ کی خوشی کی خاطر اس کے دین پر فدا اور قربان کر دینا اور یہ عمل قابل ملامت نہیں بلکہ قابل تحسین ہے۔

اگر جان لیتے ہوئے جان دے
عداوت نہیں ہے محبت ہے یہ
نہیں خودکشی ہے یہ کافرکشی
ہلاکت نہیں ہے سعادت ہے یہ

نمبر (۲) جس طرح جہاد کے لئے زنا اور شراب نوشی کسی حال میں جائز نہیں اگرچہ اس سے جہاد کو کتنا ہی فائدہ ہو۔ اسی طرح خودکش حملہ بھی جائز نہیں اگرچہ اس سے جہاد کو کتنا ہی نفع ہوتا ہو۔

جواب نمبر ۱:

اس کا ایک جواب تو یہ ہے: یہ اعتراض وہ شخص کرتا ہے جو کہ خودکشی اور خودکش حملہ (فدائی حملہ) میں فرق نہیں کر پاتا۔ کیوں کہ خودکش حملہ اور خودکشی میں اتنا فرق ہے جتنا کہ مردار کے عفونت زدہ جسم اور شہید کے مبارک اور پاک وجود میں ہوتا ہے۔ خود کشی کر کے جان دینے والا اپنی جان سے تنگ، اللہ تعالیٰ سے ناراض اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہوتا ہے۔ جب کہ کفر کش اور فدائی حملہ کر کے جان دینے والا شہادت کا متوالا، حق تعالیٰ کے دیدار کا مشتاق، اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کا طالب ہوتا

ہے۔

جواب نمبر۲:

دوسرا جواب یہ ہے کہ زنا، شراب نوشی اور قتل میں ایک بہت بڑا فرق ہے۔ وہ یہ ہے کہ زنا نہ مسلمان عورت کے ساتھ جائز ہے اور نہ ہی کافرہ عورت کے ساتھ۔ اسی طرح شراب نہ ہی مسلمان کو حلال ہے اور نہ ہی کافر کو۔ جب کہ قتل کرنا مسلمانوں کو تو جائز ہی نہیں۔ البتہ کافروں کو قتل کرنا نہ صرف جائز بلکہ بہت بڑی عبادت ہے۔ لہٰذا ان دونوں میں اتنے بڑے فرق کے ہوتے ہوئے قتل کو زنا یا شراب پر قیاس کرنا بہت بڑی حماقت اور نادانی ہے۔ حق تعالیٰ ہمیں اس فرق کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

نمبر (۳)۔ خودکش اور فدائی حملہ میں بہت سے بے گناہ مارے جاتے ہیں۔

جواب نمبر (۱)

اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ کافر خواہ یہودی ہو یا عیسائی، ہندو ہو یا کوئی اور تمام کے تمام من حیث القوم اس قدر مجرم ہیں کہ کوئی بھی ان میں سے بے گناہ نہیں۔ بلکہ اب تو ان کے اس جرم میں ان کی عورتیں بھی اکثر و بیشتر شریک ہی نظر آتی ہیں۔ لہٰذا کوئی کافر تو براہ راست مجرم ہے اور کوئی معاون۔ بے گناہ ان میں کوئی بھی نہیں ہوتا۔

جواب نمبر (۲)

دوسرا جواب یہ ہے کہ اس قسم کے معاملات میں اصل اعتبار تو مقصود کا ہوتا ہے تبعی اور ضمنی چیزوں کا اعتبار نہیں ہوتا ہے۔ اور خودکش حملوں میں اصلی مقصد تو بڑے سورماؤں کا قتل یا ان کی معیشت کو تباہ و برباد کرنا ہوتا ہے۔ اگرچہ اس میں ضمنی اور تبعی طور پر دوسرے بھی رگڑے میں آ ہی جاتے ہیں۔ لہٰذا ان کو بھی رگڑا لگ ہی جائے تو کیا حرج ہے۔

(۱۰ رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ بمطابق ۶ نومبر ۲۰۰۳ء سیکورٹی وارڈ ، ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا)

☆☆☆

خودکش حملہ کے جواز پر قرآن کریم سے استدلال

حسنِ ترتیب کا تقاضا تو یہ تھا کہ میں اس دلیل کو خودکش حملہ کے جواز پر دیئے جانے والے دلائل میں سب سے پہلے اور مقدم رکھتا۔ مگر چونکہ یہ دلیل سب سے آخر میں مجھے دستیاب ہوئی اس لئے اس کا تذکرہ بھی آخر ہی میں کر رہا ہوں۔ ہوا یوں کہ یکم رمضان المبارک ۱۴۲۵ء بروز ہفتہ گکھڑ منڈی ضلع گوجرانوالہ میں دورہ تفسیر القرآن الکریم کے دوران جہاد کے موضوع پر سبق پڑھانے کی غرض سے حاضری ہوئی تو وہاں طلباء نے جہاد کے موضوع پر مختلف سوالات کئے۔ ان کے جواب بندہ نے اپنی علمی استعداد کے مطابق دینے کی کوشش کی۔ واپسی پر اپنے گاؤں ۸۷ جنوبی ضلع سرگودھا کی مسجد میں حاضر ہوا۔ جہاں شیخ التفسیر حضرت مولانا منیر احمد صاحب دامت برکاتہم دوسرا سالانہ دورہ تفسیر القرآن الکریم پڑھا رہے تھے۔ اور حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کو گکھڑ منڈی میں طلباء کی طرف سے ہونے والے مختلف سوالات اور اپنی طرف سے دیئے گئے مختلف جوابات کا ذکر کیا۔ حضرت نے خصوصی طور پر پوچھا کہ خودکش حملے کے جواز پر آپ کیا دلائل دیتے ہیں۔ تو میں نے اختصار کے ساتھ ایک دو دلیلوں کا تذکرہ کیا۔ تو حضرت نے فرمایا کہ میں خودکش حملے کے جواز پر قرآن

کریم سے یہ دلیل دیا کرتا ہوں۔

اللہ رب العزت قرآن کریم میں ارشاد فرماتے ہیں کہ "وَاَعِدُّوْا لَھُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّن قوۃٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَیْلِ تُرْھِبُوْنَ بِہٖ عَدُوَّ اللّٰہِ وَعَدُوَّکُمْ"

(سورۃ توبہ، آیت نمبر ٦٠)

اور جس قدر ہو سکے تم ہر ایسی قوت اور گھوڑوں کے ذریعے تیاری کرو جس سے تم اللہ کے اور اپنے دشمنوں کو ڈراؤ۔

اس آیت کریمہ میں اللہ رب العزت نے ہر اس ہتھیار کو تیار کرنے کا حکم دیا ہے جس سے کافر ڈرتے ہوں اور ان پر رعب طاری ہوتا ہو اور حقائق بتلا رہے ہیں کہ اس دور میں کفار جس قدر خودکش حملہ سے ڈرتے ہیں، شاید ہی کسی اور چیز سے ڈرتے ہوں۔ لہٰذا خودکش حملہ کو کفار کے خلاف بطور اسلحہ کے استعمال کرنا اس آیت کریمہ سے ثابت ہے۔

ملحوظہ:

طلباء اور علماء کے لئے عرض کروں گا کہ خودکش حملے کا جواز قرآن کریم سے بطور دلالۃ النص ثابت ہے۔

☆☆☆

خودکش حملے کی فقہی حیثیت

امام ابوبکر جصاصؒ نے احکام القرآن میں لکھا ہے کہ امام محمدؒ نے اپنی کتاب ''السیر الکبیر'' میں لکھا ہے کہ اگر اکیلا شخص ایک ہزار کے لشکر پر تنہا حملہ آور ہو جائے تو اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ یا اسے بچ نکلنے کی امید ہو یا فتح کی امید ہو یا کسی قسم کا دینی نفع یا مسلمانوں کے فائدہ کی توقع ہو اور اگر نہ بچنے کی نکلنے کی امید ہو اور نہ ہی غالب آنے کی توقع ہو اور نہ ہی مسلمانوں کا کسی قسم کا فائدہ ہو البتہ ایسی کاروائیوں سے کفار پر رعب طاری ہوتا ہو تو یہ جائز ہے کیونکہ اس میں بھی مسلمانوں کا نفع اور شاندار فتح ہے۔

موجودہ دور میں کفار کے خلاف کئے جانے والے خودکش حملوں سے دشمن پر جو رعب طاری ہوتا ہے وہ کسی صاحب بصیرت پر مخفی نہیں اور دشمنان اسلام کو دہشت زدہ رکھنا مطلوب شریعت ہے لہٰذا ثابت ہوا کہ خودکش حملہ اسلام کی شاندار فتح ہے۔

اعتراض (۲۹)

حضرت پاک ﷺ کی ذاتِ مبارکہ پر العیاذ باللہ یہ الزام عائد کیا جاتا ہے کہ آپ ﷺ نے کبھی بھی کسی کافر کو خود قتل نہیں کیا۔ بلکہ صرف کفار کو دعوت دے کر مسلمان کیا ہے تاکہ یہ سارے کافر جنت میں جانے والے بن جائیں۔

جواب:

شریعت مطہرہ میں بعض ایسے مسائل بھی مسنون ہیں جن کو حضرت پاک ﷺ نے خود نہیں فرمایا بلکہ صرف اس کی ترغیب دی ہے اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان کے کرنے کا حکم ارشاد فرمایا تھا۔ جیسے اذان اور اقامت۔ یہ بھی حضرت پاک ﷺ کی سنت ہے۔ اگرچہ یہ اعمال حضرت پاک ﷺ نے خود نہیں فرمائے۔ دوسرے الفاظ میں یوں سمجھیں کہ بعض اعمال شریعت حضرت پاک ﷺ کی فعلی سنت سے ثابت ہیں اور بعض دوسرے اعمال حضرت پاک ﷺ کی قولی سنت سے ثابت ہیں۔ کفار کا قتل کرنا حضرت پاک ﷺ کی سنت قولی اور سنت فعلی دونوں سے ثابت ہے۔ دونوں کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

کافر کو قتل کرنے کی ترغیب و بشارت

حضرت پاک ﷺ نے کفار کو قتل کرنے کی ترغیب پھر اس پر جنت کی بشارت بھی دی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے فرمایا

اَفْشُوْا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوْا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوْا الْهَامَ تُوْرِثُوا الْجَنَانَ

(مشکوٰۃ کتاب الجہاد)

سلام پھیلاؤ، کھانا کھلاؤ اور کفار کی کھوپڑیاں اڑاؤ اور جنت کے وارث بن جاؤ۔

آقا ﷺ کا حلم و درگزر اپنی جگہ مگر
آقا ﷺ نے کیا قتال کی ترغیب نہیں دی
ثابت نہیں ہے آپ سے کافر کا قتل کیا
کیا لشکروں کی آپ نے ترتیب نہیں دی

حضرت پاک ﷺ نے کفار کے قتل ہونے پر خوشی منائی۔

جنگ بدر میں ابو جہل کے قتل ہونے پر حضرت پاک ﷺ نے نعرہ تکبیر بلند کیا اور سجدہ شکر ادا فرمایا اور بعض روایات کے مطابق حضرت پاک ﷺ نے دو رکعت نفل بطور شکرانے کے ادا فرمائے۔

حضرت عمیر بن عدی رضی اللہ عنہ نابینا صحابی نے گستاخِ رسول ﷺ عصما یہودیہ عورت کو قتل کیا تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا،

اِذَا اَحْبَبْتُمْ اَنْ تَنْظُرُوْا اِلٰی رَجُلٍ نَصَرَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ بِالْغَیْبِ فَانْظُرُوْا اِلٰی عُمَیْرِ بْنِ عَدِیٍّ . (الصارم المسلول علی شاتم الرسول ،ابن تیمیہ)۔

اگر ایسے شخص کو دیکھنا پسند کرو جس نے اللہ تعالی اور اسکے رسول ﷺ کی غائبانہ مدد کی ہو تو عمیر بن عدی کو دیکھ لو۔

اور ایک مرتبہ حضرت عمیر بن عدی بہت بیمار ہوئے تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

اِنْطَلِقُوْا بِنَا اِلٰی الْبَصِیْرِ الَّذِیْ فِیْ بَنِیْ وَاقِفٍ نَعُوْدُہٗ(اصابہ)

ہم کو اس بینا اور آنکھوں والے کے پاس لے چلو جو بنی واقف میں رہتا ہے تا کہ اسکی بیمار پرسی کریں۔

اب غور کریں کہ آپ ﷺ ان کو بینا اور آنکھوں والا قرار دے رہے ہیں۔ حالانکہ وہ نابینا تھے۔ کیونکہ انہوں نے دل کی آنکھ سے حق کو دیکھا، یا یہ کہیں کہ انہوں نے وہ کام کیا جو آنکھوں والا ہی کرسکتا ہے۔

کافر کو قتل کرنے پر انعام :

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ نے جب خالد بن سفیان دشمن رسول ﷺ کو قتل کر کے اس ملعون کا سر آپ ﷺ کے قدموں میں لا کر رکھا تو آپ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو انعام میں ایک عصا (ڈنڈا) عنایت فرمایا اور ارشاد فرمایا۔

تَخَصَّرْبِہٖ فِی الْجَنَّۃِ فَاِنَّ الْمُتَخَصِّرِیْنَ فِیْ الْجَنَّۃِ قَلِیْلٌ(البدایہ و النہایہ)

اس عصا کو پکڑ کر جنت میں چلنا۔ کیونکہ عصا لے کر جنت میں چلنے والا شاذ و نادر ہی ہوگا۔

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ ساری عمر اسکی حفاظت فرماتے رہے اور مرتے وقت وصیت فرمائی کہ اسکو میرے کفن میں رکھ دینا چنانچہ ایسا ہی کیا گیا(زاد المعاد)

حضرت پاک ﷺ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے کافر کو قتل کیا

ابی بن خلف نے ایک گھوڑا پالا اور دانہ کھلا کر خوب موٹا کیا اور کہا کرتا تھا کہ میں

اس پر سوار ہو کر محمد (ﷺ) کو (نعوذ باللہ) قتل کروں گا۔ جب حضرت پاک ﷺ کو اسکی اطلاع ملی تو آپ ﷺ نے فرمایا انشااللہ میں ہی اسکو قتل کروں گا۔ جنگ احد میں وہ حضرت پاک ﷺ کی طرف بڑھا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اجازت چاہی کہ اس کا کام تمام کردیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسکو قریب آنے دو۔ جب قریب آ گیا تو آپ ﷺ نے حارث بن صمیہ رضی اللہ عنہ سے نیزہ لے کر اسکی گردن پر مارا جس سے اسکو ہلکی سی خراش آئی اور چلاّتا ہوا واپس دوڑا اور کہنے لگا کہ خدا کی قسم مجھ کو محمد (ﷺ) نے مار ڈالا۔ لوگوں نے غیرت دلائی کہ معمولی سی کھرچی پر بیل کی طرح چلاّتا ہے۔ تو کہنے لگا کہ یہ محمد (ﷺ) کی مار ہے۔ انہوں نے مجھے مکہ میں ہی کہا تھا کہ میں تجھ کو ماروں گا خدا کی قسم، اگر وہ مجھ پر تھوک بھی دیتے تو میں مر جاتا۔

اگر اس زخم کی تکلیف کو سارے مکہ کے لوگوں پر تقسیم کردیں تو سب کی ہلاکت کے لئے کافی ہو جائے وہ اسی حالت میں مقام سرف پر مر گیا اور حضرت پاک ﷺ کے مبارک ہاتھوں سے قتل ہو کر جہنم میں چلا گیا۔ (البدایہ والنہایہ)

اس لئے گیدڑو! خدا سے ڈرو اور حضرت پاک ﷺ جیسے بہادر رسول ﷺ پر الزام نہ لگاؤ۔ بلکہ اپنی بزدلی کا علاج کرو اور عقل سے کام لو اور دین کو سمجھنے کی کوشش کرو۔ اللہ تعالی ہم کو دین سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں، آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

☆☆☆

اعتراض (۳۰)

کفار کو قتل کرنا تو درکنار حضرت پاک ﷺ نے تو کبھی کسی کافر کو بددعا تک نہیں دی بلکہ طائف کے دعوتی سفر میں جب کفار نے حضرت پاک ﷺ کو پتھر مارے، جس سے پاؤں مبارک سے خون جاری ہو گیا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حاضر ہو کر عرض کیا کہ اللہ تعالی نے آپ کی قوم کی جو گفتگو ہوئی وہ سنی اور انکے جوابات بھی سنے اور ایک فرشتہ کو بھیجا جو پہاڑوں پر مامور ہے۔ آپ جو چاہیں اسکو حکم فرما دیں۔ وہ فرشتہ حاضر ہوا اور سلام عرض کیا اور کہا کہ آپ جو ارشاد فرمائیں میں اسکی تعمیل کروں گا۔ اگر ارشاد ہو تو دونوں جانب کے پہاڑوں کو ملا دوں جس سے یہ سب درمیان میں کچل جائیں۔ یا جو آپ تجویز فرمائیں۔ حضرت پاک ﷺ کی کریم ذات نے جواب دیا کہ میں اللہ سے اسکی دعا کرتا ہوں کہ اگر یہ مسلمان نہیں ہوتے تو انکی اولاد میں سے ایسے لوگ پیدا ہوں جو اللہ کی پرستش کریں اور اسکی عبادت کریں۔

جواب:

ایسی باتیں کرنا اصل میں دین سے ناواقفیت اور حضرت پاک ﷺ کی سیرت مبارکہ سے دوری اور بے تکی اور کفار کی محبت کی وجہ سے ہے۔ مانا کہ بہت سے مقامات

پر حضرت پاک ﷺ نے ظلم و ستم برداشت کر کے بھی کفار کو بد دعا نہیں دی مگر یہ بھی درست ہے کہ حضرت پاک ﷺ نے بہت سے مقامات پر بد دعا بھی فرمائی ہے۔ کہیں تو کفار کا نام لے کر اور کہیں بغیر نام کے۔

(۱) حضرت پاک ﷺ کی بڑی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا ابولہب کے بیٹے عتبہ کے نکاح اور چھوٹی بیٹی حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ابولہب کے بیٹے عتیبہ کے نکاح میں تھیں، جب سورۃ اللّٰھب نازل ہوئی تو ابولہب نے قسم کھائی کہ جب تک تم دونوں محمد (ﷺ) کی بیٹیوں کو طلاق نہ دو گے میں تم سے بات نہ کروں گا۔ تو دونوں نے طلاق دے دی۔ مگر حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر عتیبہ نے طلاق بھی دے دی اور ساتھ حضرت پاک ﷺ کو نازیبا کلمات بھی بکے۔ تو حضرت پاک ﷺ نے عتیبہ کے حق میں بد دعا دی کہ ''اے اللہ! اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط فرما دے۔'' چنانچہ بعد میں وہ خبیث اسی طرح برباد ہوا۔

نیز تفصیل کے لئے دیکھئے **(اسد الغابہ)**

نمبر (۲) شوال ۴ھ غزوہ خندق کے موقع پر جب جنگ میں مشغولیت کی وجہ سے حضرت پاک ﷺ کی عصر کی نماز قضاء ہوگئی تو حضرت علی ؓ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک ﷺ نے کفار کے لئے بد دعا فرمائی۔

مَلَأَ اللّٰہُ قُبُوْرَھُمْ وَبُیُوْتَھُمْ نَارًا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی

اے اللہ! ان کافروں کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے۔ انہوں نے ہمیں عصر کی نماز سے روک دیا ہے۔

نمبر (۳) صفر ۴ھ کو حضرت منذر بن عمرو ؓ کو ستر صحابہ کے ہمراہ رعل، ذکوان وغیرہ کی طرف دعوت و تبلیغ کے لئے روانہ فرمایا تو ان ستر صحابہ کرام رضی اللہ

تعالیٰ عنہم، جو کہ اصحاب صفہ اور قرآن کے قاری تھے کو کفار نے شہید کر دیا۔ صرف ایک صحابی عمر بن امیر ؓ بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔

ان کفار پر حضرت پاک ﷺ بہت غضب ناک ہوئے اور مسلسل ایک مہینہ تک نمازِ فجر میں قنوت نازلہ پڑھتے رہے یعنی ان پر بدعا فرماتے رہے۔

نمبر (۴) یکم صفر ۹ھ کو حضرت عبداللہ بن عوسجہ ؓ کو کچھ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ہمراہ بنو حارثہ کی طرف بھیجا مگر انہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تو آپ ﷺ نے ان کے حق میں بددعا فرمائی کہ انکی عقل ماری جائے۔ چنانچہ بدحواسی اور رعشہ کی بیماری آج تک مسلط ہے۔ ایسے بہت سے واقعات ہیں کہ جو سیرت کی کتابوں میں مذکور ہیں۔ بلکہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی کفار بلکہ بعض ایسے مسلمانوں کو بددعا دینا ثابت ہے جنہوں نے ان کو دکھ دیا اور ستایا اور اللہ تعالیٰ نے انکی دعاوں کو قبول بھی فرمایا۔

کچھ شک نہیں کہ آقا ﷺ حلیم و کریم تھے
کی بددعا نہ اپنی کبھی ذات کے لئے
کفار کے مقابلے میں تھے جری مگر
ہاں مستعد تھے خوب مہمات کے لئے
اور فتنہ پروروں کے لئے بدعا بھی کی
جب گڑگڑائے رب سے فتوحات کے لئے

جیسے حضرت عثمان ؓ کی بددعا محمد بن ابی بکر کے لئے اور حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ کی بددعا اس شخص کے لئے جس نے ان کے کوفہ کی گورنری کے دوران الزامات لگائے تھے۔ مزید ایسے واقعات کو اختصار کے پیشِ نظر ذکر نہیں کرتا۔ حق تعالی

صحیح فہم اور پورے دین کو سمجھنے کی توفیق دے، آمین۔

☆☆☆

اعتراض (۳۱)

بہت سے لوگ جو دین کے دیگر کاموں میں مشغول ہیں۔ مگر بزدلی، کم ہمتی اور موت کے خوف کی وجہ سے جہاد میں نہیں جاتے، وہ ایک شوشہ چھوڑتے ہیں کہ بھائی اس دور میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے جہاد جیسا جہاد نہیں اس لئے ہم جہاد نہیں کرتے۔

جواب نمبر ۱:

اب ان کم عقلوں اور بد دماغوں سے کوئی پوچھے کہ کیا باقی سارے اعمال ہمارے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جیسے ہیں۔ کیا ہماری نمازیں، ہمارے روزے، ہمارے حج، ہماری زکوٰۃ اور صدقہ اور دیگر ہمارے اعمال صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اعمال جیسے ہیں؟ کیا اس کا معنی یہ ہوا کہ ہم تمام اعمالِ شریعت ہی کو چھوڑ دیں کیونکہ ہمارے اعمال صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اعمال جیسے نہیں ہیں؟

اور کیا ہماری شادیاں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شادیوں کی طرح ہوتی ہیں؟ پھر پوری زندگی انڈیا کے وزیر اعظم واجپائی کی طرح کنوارے بن کر گزارو گے۔ جنازے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے جنازوں کی طرح ہیں؟ پھر

مُردوں کو بھی بغیر جنازوں کو دفناؤ، کھانا پینا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کھانے پینے جیسا نہیں۔ لہٰذا اپنے پیٹ کو کنٹرول کرو اور اوڑھنا اور بچھونا چونکہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اوڑھنے بچھونے جیسا نہیں، لہٰذا یونہی راتیں بسر کرو۔

غرضیکہ کون سا عمل ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عمل کی طرح ہے تو پھر ساری زندگی کے تمام اعمال ہی چھوڑ دو اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھو۔

دعوت وتبلیغ کے کام کو بھی چھوڑ دو۔ کیونکہ ہماری دعوت وتبلیغ بھی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے دعوت وتبلیغ جیسی نہیں کیونکہ وہ تو کافروں کو دعوت دیتے تھے ایمان لانے کے لئے اور ہم مسلمانوں کو دعوت دیتے ہیں اعمال ٹھیک کرنے کی۔ اس درجہ کا اخلاص بھی نہیں۔

تعلیم وتدریس بھی روک دو اور دین کے سیکھنے سے بھی انکار کر دو۔ کیونکہ ہمارے مدارس صفہ کے مدرسے کی طرح نہیں ہیں۔ مساجد کو گرا دو اس لئے کہ یہ مساجد بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی مساجد کی طرح اخلاص سے قائم نہیں کی گئیں۔ بلکہ ایمان ہی سے انکار کر دو۔ کیونکہ ہم جتنا بھی زور لگائیں ہمارا ایمان صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ایمان جیسا تو ہرگز ہو ہی نہیں سکتا۔ نعوذ باللہ اس ایک جملہ نے پورے دین کی بنیاد ہلا کر رکھ دی ہے۔ یہ بات سمجھ سے باہر ہے کہ جب باقی سارے دین کے کام ضروری ہیں باوجود یہ کہ ان میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جیسا اخلاص نہیں پھر ایک جہاد ہی کے ساتھ یہ ضد کیوں ہے؟

کیا بھلا ذکر و تلاوت ہے سلف کی مانند
اور کیا اپنی نمازیں ہیں صحابہ جیسی
پھر یہ حیلہ ہے فقط راہِ خدا میں کیوں کر

ہے کہاں جہد کی صورت میرے آباء جیسی

وجہ صاف ظاہر ہے کہ دل میں نفاق ہے، جہاد کرنا نہیں۔ کیونکہ موت سے ڈر لگتا ہے۔ باقی سارے بہانے ہیں اس لئے میرے دوستو اور بزرگو میرا مشورہ ہے کہ آپ مہربانی کریں ایک مرتبہ نہ چاہتے ہوئے بھی اس میدان میں نکلیں۔ ان شا اللہ ایمان بھی بنے گا اعمال بھی درست ہوں گے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے شوق میں موت سے محبت پیدا ہوگی اور ایک آدھ خون کا قطرہ گرنے سے دماغ بھی درست ہوگا اور صاف بھی۔

ملحوظہ:

تمام احکامِ شریعت میں دو چیزیں ہیں۔ کمیّت اور کیفیّت ۔ کمیت یعنی مقدار مثلاً نمازیں، کتنی فرض ہیں ہر نماز میں کتنی رکعتیں ہیں اور نماز کے فرائض کتنے ہیں واجبات کتنے ہیں، سنتیں کتنی ہیں اور مستحبات کتنے ہیں۔ وضو کے فرائض سنتیں، مستحبات وغیرہ اسی طرح روزہ، حج اور زکوٰۃ وغیرہ میں غور فرمالیں۔

دوسری چیز ہے کیفیت یعنی اخلاص اور للّٰہیت کس درجہ کی ہے۔ جسکا اعلیٰ درجہ تو ہر عبادت میں وہ ہے جسکا ذکر حدیث جبرئیلؑ میں ہے

اَنْ تَعْبُدَاللہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ

کہ اللہ تعالی کی عبادت ایسے کرو گویا کہ اسکو دیکھ رہے ہو اگر یہ درجہ حاصل نہ ہو تو یہ تصور کرو کہ اللہ تعالی تمہیں دیکھ رہا ہے۔

اب ظاہر ہے کہ یہ کیفیت تو اتنی جلدی حاصل نہ ہوگی۔ اسکے لئے کسی ولی کامل کی صحبت اور مسلسل استحضار کے ساتھ اللہ تعالی کی عبادت شرط ہے۔ اور یہ درجہ جس طرح کا حضرت پاک ﷺ کی صحبت کی برکت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو نصیب

تھا وہ بعد والوں کو کہاں مل سکتا ہے۔

اس لئے حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ میرا صحابی (رضی اللہ عنہ) اگر ایک مٹھی بھی جَو خرچ کرے اور بعد کے لوگ احد پہاڑ کے برابر سونا بھی خرچ کریں تو برابر نہیں ہو سکتے، یہ کیا ہے؟ یہ اخلاص اور کیفیت ہے۔

ہم اصحابِ رسول ﷺ کی طرف سے پہنچنے والی عبادت میں کمیت کے مکلّف ہیں۔ یعنی رکعات، تعداد میں کمی بیشی کر سکتے ہیں مگر کیفیت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین والی کے نہ مکلّف ہیں اور نہ ہی وہ کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔

تمام عبادات کی طرح یہی حال جہاد فی سبیل اللہ کا بھی ہے کہ ہم اس بات کے مکلّف ہیں کہ شرائطِ جہاد کو مدنظر رکھتے ہوئے کفر کی کھوپڑیاں اُڑائیں۔ کسی مسلمان کے اوپر ہاتھ نہ اٹھائیں مگر اسمیں اخلاص اس درجہ کا ہو جس درجہ کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں تھا، یہ ممکن ہی نہیں ہے۔ جب ممکن ہی نہیں تو اسکے مکلّف بھی نہیں ہیں لہٰذا اس پر اعتراضات بھی فضول اور بے کار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

”میرے صحابہ! اگر تم دین کے دس فیصد حصہ کو چھوڑ کر نوے فیصد پر عمل کرو گے تو ناکام ہو جاؤ گے جب کہ بعد والے لوگ اگر نوے فیصد کو چھوڑ کر دس فیصد پر عمل کریں گے تو بھی کامیاب ہو جائیں گے کیونکہ تم لوگوں نے مجھے دیکھ کر ایمان قبول کیا ہے اور بعد والے لوگ بن دیکھے مجھ پر ایمان لائیں گے۔“ **(احیاء العلوم . امام غزالی)**

☆☆☆

اعتراض (۳۲)

کفار کو برا نہیں کہنا چاہیے اور نہ ہی ان کو جانوروں کے ناموں سے پکارنا چاہیے۔ مثلاً کتا، خنزیر وغیرہ نہیں کہنا چاہیے کیوں کہ یہ اگرچہ کافر ہیں مگر پھر بھی انسان تو ہیں اور انسان کی ذات کی بحیثیتِ انسان تذلیل کرنا درست نہیں۔ اور نہ ہی کافروں کو کافر کہنا چاہئے اور نہ ہی انکو گالی دینی چاہیے۔ کیونکہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں ''وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَیَسُبُّوا اللّٰہَ عَدْوًا بِغَیْرِ عِلْمٍ'' (الانعام، آیت نمبر ۱۰۸) ''کہ تم مشرکین کو گالیاں نہ دو، ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کو گالیاں دیں گے جہالت کی وجہ سے''۔ بلکہ ان کے ساتھ نرم لہجہ اور اخلاق کے ساتھ گفتگو کرنی چاہئے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کو فرعون کی طرف بھیجا تو حکم دیا ''فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا'' (سورۃ طٰہٰ، آیت نمبر ۴۴) کہ اس سے بات نرمی سے کرنا۔ جبکہ مجاہدین تو اس کے برخلاف کرتے ہیں۔

جواب نمبر ا:

آیئے ہم سب سے پہلے قرآن کریم پر غور کریں کہ قرآن کریم کفار اور مشرکین کو کن الفاظ سے یاد کرتا ہے تاکہ بات سمجھنے میں آسانی ہو۔

(۱) **صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ**(سوره بقره، آیت نمبر ۱۸)

یہ کفار بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں۔

تو کیا ان کفار کے کان، زبان اور آنکھیں کام نہیں کرتیں؟ نہیں نہیں۔ کرتی ہیں مگر مطلب یہ ہے کہ زبان، آنکھ، کان تو ہیں مگر یہ صرف ان کو فانی زندگی کے لئے استعمال کرتے تھے اور آخرت کے کام میں نہیں لاتے تو گویا یہ گونگے بہرے اور اندھے ہیں کہ ان آنکھوں کانوں اور زبانوں کا کیا فائدہ ہے۔

(۲) **فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ** (سوره اعراف، آیت نمبر ۷۶)

بلعم بن باعورا اسرائیلی عابد تھا مگر ایک عورت کے چکر میں آ کر گمراہ ہو گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ پر اتر آیا تو اسکے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ ''اسکی حالت کتے کی طرح ہے کہ ہر وقت ہانپتا رہتا ہے، کہتے ہیں کہ اسکی زبان بھی کتے کی طرح باہر لٹک گئی تھی''۔

(۳) **اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ**۔ (سوره نمل، آیت نمبر ۸۰)

کہ تو ان مُردوں اور بہروں کو نہیں سنا سکتا۔

اس آیت کریمہ میں کفار کو مردے کہا حالانکہ وہ تو زندہ تھے۔ مگر مطلب یہ ہے کہ جس طرح مردہ سنتا ہے مگر فائدہ کچھ حاصل نہیں کر سکتا اسی طرح ان کا حال ہے۔

(۴) **مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا**(سورة جمعه، آیت نمبر ۵)

ان بدعمل اور بدکردار یہودی وعیسائی علماء کی مثال ایسی ہے جیسا کہ گدھے کی پیٹھ پر کتابیں لاد دی جائیں۔

(۵) **کَاَنَّھُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَۃٌ** (سورہ مدثر، آیت نمبر ۵۰)

یہ مشرکین ایسے ہیں جیسے گدھے (جو حق کے شیروں کی آواز سے ڈر کر) دوڑتے ہیں۔

(٦) اور ان سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کفار اور مشرکین کے بارے میں ایک اصولی بات ارشاد فرمادی ہے "**اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ**"۔ (سورۃ اعراف، آیت نمبر ۱۷۹)

یہ کفار تو جانوروں اور چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر اور گمراہ ہیں (اور جانوروں میں تو کتا خنزیر اور لومڑ اور گیدڑ سب شامل ہیں)۔ اب غور فرمائیں کہ قرآن کریم نے کفار کے لئے کیسے کیسے القاب اور الفاظ استعمال کئے ہیں۔ لہٰذا کسی کم عقل کافر کو گدھا کہنا، یا چالاک کافر کو لومڑ کہنا یا کمینے صفت کو خنزیر کہنا کون سی کفار کی توہین ہے، انسان کی عظمت تو تب ہے جب انسان انسان رہے، ورنہ تو جانوروں سے بھی بدتر ہے اور انسان انسان بنتا ہے ایمان کی دولت سے، اگر ایمان نہ ہو تو پھر ایسے انسان سے جانور صدہا درجہ بہتر ہیں۔

اس میں مخفی تو نہیں دیکھو جراثیمِ نفاق
جس کو کفار کی تضحیک بری لگتی ہے
لفظ اَنعام کا اِنعام دیا رب نے جنہیں
ان شقیّوں کی ادا کیسے بھلا لگتی ہے

جواب نمبر۲:

ملا جیون رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیرات احمدیہ فی تفسیر آیت الشرعیہ میں لکھا ہے کہ یہ

آیت (وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللہِ فَیَسُبُّوا اللہَ عَدْوًا بِغَیْرِ عِلْمٍ) ان آیات سے منسوخ ہے۔ آیت ”ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ“ (سورۃ الحج، آیت نمبر ۷۳) کمزور ہے طلب کرنے والا (مشرک) اور جس (بت) سے طلب کر رہا ہے۔ اور آیت ”اِنَّکُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللہِ حَصَبُ جَهَنَّمَ“ (سورہ الانبیاء، آیت نمبر ۹۸)

بے شک تم (مشرکو) اور جن (بتوں) کی تم عبادت کرتے ہو سب جہنم کا ایندھن ہیں۔

جواب نمبر۳:

اب آیئے کفار کے بارے میں احادیث پر غور کریں کہ حضرت پاک ﷺ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

عَنْ اَنَسٍ ؓ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ جَاهِدُوا الْمُشْرِکِیْنَ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَاَلْسِنَتِکُمْ (مشکوۃ کتاب الجهاد)

حضرت انس ؓ فرماتے ہیں حضرت پاک ﷺ نے فرمایا کہ مشرکین سے جہاد کرو اپنے مالوں کے ساتھ، جانوں کے ساتھ اور اپنی زبانوں کے ساتھ۔ اور جہاد باللّسان کی جو صورتیں صاحبِ لمعات نے بیان فرمائی ہیں، وہ بھی سنیں۔

”بِاَنْ تُخَوِّفُوْاهُمْ وَتُوْعِدُوْاهُمْ بِالْقَتْلِ وَالْاَخْذِ وَالنَّهْبِ وَنَحْوِ ذٰلِکَ“

کافروں کو ڈراؤ اور دھمکاؤ کہ تمہیں قتل کر دیں گے، پکڑ لیں گے اور برباد کر دیں گے۔

وَبِاَنْ تَذُمُّوْاهُمْ وَ تَسُبُّوْاهُمْ اِذَا لَمْ یُؤَدِّ ذٰلِکَ اِلٰی سَبِّ اللہِ سُبْحَانَهٗ

اور یہ کہ ان کی مذمت کرو، ان کو گالیاں دو مگر اس قدر کے وہ اللہ تعالیٰ کو گالیاں نہ دینے لگیں۔

وَبِاَنْ تَدْعُوْا عَلَيْهِمْ بِالْخِذْلَانِ وَالْهَزِيْمَةِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ بِالنَّصْرِ وَالْغَنِيْمَةِ

اور یہ کہ ان کے حق میں رسوائی اور شکست کی بددعا کرو اور مسلمانوں کے حق میں مدد اور غنیمت کی دعا کرو

وَبِاَنْ تُحَرِّضُوْا النَّاسَ عَلٰى الْغَزْوِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ. (لمعات شرح مشکوٰۃ)

اور یہ کہ لوگوں کو جہاد پر برانگیختہ کرو۔

اب بنظرِ انصاف غور فرمائیں کہ حضراتِ محدثین کی وضاحت اور تشریح کے مطابق تو کفار کو کھری کھری سنانے اور ٹکور کرنے کا حکم لسان نبوت سے جاری ہوا ہے۔ اور ہمارے نادان دوست خواہ مخواہ فکرمند ہیں کہ مجاہدین کفار کی دماغی ٹکور کیوں کرتے ہیں۔

جواب نمبر۴:

اب آیئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل مبارک دیکھئے۔

نمبر(۱) صلح حدیبیہ کے موقع پر جب عروہ بن مسعود ثقفی جو کہ کافروں کی طرف سے بطور نمائندہ بن کر آیا تھا جب اسکے ساتھ گفتگو میں کچھ گرمی سردی ہوئی تو سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسکو ایک ایسی گالی سنائی کہ عروہ کے چودہ طبق روشن کردیے۔

فرمایا

”اُمْصُصْ بَظْرَ اللَّاتِ“

(اَلصَّوَاعِقُ الْمُحْرِقَةُ فِیْ الرَّدِّعَلٰی الْبِدَعِ وَالزَّنْدَقَةِ. ابن حجر مکی)

جا دفع ہو اور اپنے معبود، لات کی شرم گاہ کو چاٹ۔

ممکن ہے کہ کوئی بزرگ یہ فرما دیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے گالی نہیں دی تھی بلکہ ذرا سخت الفاظ کہہ دیئے تھے۔ اسکے لئے میں حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ نقل کرتا ہوں کہ حضرت مولانا کاندھلوی صاحب کیا فرماتے ہیں۔

عروہ نے کہا اے محمد (ﷺ) تم نے سنا بھی ہے کہ کسی قوم نے اپنی قوم کو خود ہلاک اور برباد کیا ہو۔ علاوہ ازیں اگر دوسری صورت پیش آئی (یعنی قریش کو غلبہ ہوا) تو میں دیکھتا ہوں کہ یہ جو مختلف قوموں کے لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ اس وقت آپ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے عروہ کو گالی دے کر فرمایا کیا ہم آپ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔ عروہ نے کہا کہ یہ کون شخص ہے؟ لوگوں نے کہا ابوبکر (رضی اللہ عنہ) ہیں عروہ نے کہا کہ خدا کی قسم! اگر ان کا مجھ پر احسان نہ ہوتا جسکا اب تک میں بدلہ نہیں دے سکا تو ضرور جواب دیتا۔

محترم قارئین! آپ غور فرمائیں کہ حضرت پاک ﷺ کی موجودگی میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا کافروں کو گالی دینا اور حضرت پاک ﷺ کا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نہ روکنا کافروں کو گالی دینے کے جائز ہونے کی بہت بڑی دلیل ہے۔

نمبر (۳) رومیوں نے جب دیکھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان جنگ گرم ہے تو انہوں نے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی انکو خط لکھا کہ ہم نے سنا ہے تم حق پر ہو اور اسکے باوجود علی (رضی اللہ عنہ) نے تمھیں پریشان کر رکھا ہے اور تمھارے ساتھ زیادتی کر رہا ہے ہم علی (رضی اللہ عنہ) کے مقابلہ کے لئے تمھاری مدد کے لئے تیار ہیں۔ تمھارا پیغام ملنے کی

دیر ہے ہم اپنا لشکر تمہاری مدد کے لئے فوراً روانہ کر دیں گے۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے رومی بادشاہ کے خط کے جواب میں لکھا،

وَاللہِ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَہِ وَتَرْجِعْ اِلٰی بِلَادِکَ یَالَعِیْنُ لَاَصْلُحَنَّ اَنَا وَابْنُ عَمِّیْ عَلَیْکَ وَلَاُخْرِجَنَّکَ مِنْ جَمِیْعِ بِلَادِکَ وَلَاُ ضَیِّقَنَّ عَلَیْکَ الْاَرْضَ بِمَا رَحُبَتْ .

خدا کی قسم ! اگر تو باز نہ آیا اور واپس اپنے ملکوں کی طرف نہ لوٹا تو اے ملعون ! سن، میں اور میرا بھائی علی رضی اللہ عنہ تیرے خلاف صلح کر کے اکٹھے ہو جائیں گے اور تجھے تیرے ملکوں سے نکال دیں گے اور تجھ پر زمین باوجود اس کی وسعتوں کے تنگ کر دیں گے۔

اس عبارت میں خط کشیدہ لفظ یَالَعِیْنُ (اے ملعون) پر غور کریں کہ یہ لفظ کتنا سخت ہے۔ اور دوسری روایت میں الفاظ یوں ہیں۔

او، رومی کتے! ہمارے اختلافات سے دھوکہ نہ کھاؤ اگر تم نے مسلمانوں کی طرف رخ کیا تو علی کے لشکر کا پہلا سپاہی جو تمہارے مقابلہ کے لئے نکلے گا وہ معاویہ ہوگا۔

ان الفاظ پر غور کریں گے تو امید ہے کہ بات سمجھ آ جائے گی۔ انشاءاللہ۔

جواب نمبر ۵ :

باقی رہیں اس مسئلہ پر قرآن کریم کی دونوں آیات تو ان کے بارے میں ایک بات ذہن نشین فرمالیں۔ قرآن کریم حضرت پاک ﷺ پر نازل ہوا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی موجودگی میں نازل ہوا اور پھر اس قرآن کریم کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے براہِ راست حضرت پاک ﷺ سے سنا اور سیکھا اور سمجھا تو قرآن کریم

کی علمی تفسیر اور عملی تصویر تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ہی ہیں۔ اگر چہ ہم کو قرآن کریم کی آیت سمجھ نہ آئے مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین چونکہ امت مسلمہ کے فیصلے کے مطابق معیار حق ہیں۔ جس کا معنی یہ ہے کہ ان کا ہر عمل اور قول ہمارے لئے حجت ہے اس لئے اگر ہم قرآن کریم کو ان حضرات کی عملی زندگی اور علمی تفسیر اور تشریح سے سمجھیں گے تو سمجھ آئے گا ورنہ نہیں، تاہم پھر بھی مزید توضیح اور تسلی کے لئے میں ان آیات کا صحیح مطلب بیان کرتا ہوں۔

جواب نمبر٦ :

قرآن کریم کی آیت ”فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا“ یعنی فرعون کے ساتھ گفتگو نرمی کے ساتھ کرو۔ یہ بات درست ہے، ہم بھی تسلیم کرتے ہیں۔ مگر اس کا تعلق دعوت وتبلیغ کے ساتھ ہے۔ دیکھئے اس آیت کریمہ کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر عثمانی میں لکھتے ہیں ”یعنی دعوت وتبلیغ اور وعظ ونصیحت کے وقت نرم، آسان، رقت انگیز اور بلند بات کہو۔ گو اسکے تمرد اور طغیان کو دیکھتے ہوئے قبول کی امید نہیں۔ تاہم یہ خیال کر کے کہ ممکن ہے کہ وہ کچھ سوچ سمجھ کر نصیحت حاصل کر لے یا اللہ کے جلال و جبروت کو سن کر ڈر جائے اور فرمانبرداری کی طرف جھک پڑے۔ گفتگو نرمی سے کرو اس سے دُعاۃ اور مبلغین کے لئے بہت بڑا دستور العمل معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ صاف ارشاد ہے ”اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَ الْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِی هِیَ اَحْسَنُ“

(النحل ، آیت نمبر ۱۲۵)

ترجمہ:

تم بلاؤ اپنے رب کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ اور مباحثہ کرو ان کے

ساتھ بہتر طریقے سے۔

اس آیت کا تعلق وعظ و نصیحت کے ساتھ ہے اور ہماری گفتگو میدان جنگ کے لحاظ سے ہے۔ اور دونوں کا لہجہ الگ الگ ہوتا ہے۔ وعظ و نصیحت میں تو مخاطب کو یہ باور کرانا ہوتا ہے کہ میں تیرا خیر خواہ ہوں، مجھے تجھ سے محبت ہے۔ اور محبت کا اظہار تو سخت زبان سے نہیں ہوتا۔

یہی وجہ ہے وعظ و نصیحت کا طریقہ ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

”اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ“

(سورۃ النحل، آیت نمبر ۱۲۵)

تم بلاؤ اپنے رب کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ۔

قُلْ ھٰذِہٖ سَبِیْلِیْ اَدْعُوْ اِلَی اللّٰہِ عَلٰی بَصِیْرَۃٍ (سورۃ یوسف، آیت نمبر ۱۰۸)

آپ کہہ دیجئے یہ میرا راستہ ہے میں بلاتا ہوں اللہ کی طرف بصیرت کے ساتھ

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ (سورۃ حم سجدۃ، آیت نمبر ۳۴)

مگر میدان جنگ میں حکم ہے کہ **”وَاغْلُظْ عَلَیْھِمْ“** (سورۃ توبہ، آیت نمبر ۷۳) ان پر سختی کرو۔

فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْھُمْ کُلَّ بَنَانٍ (سورۃ الانفال، آیت نمبر ۱۲)

یعنی ان کافروں کی گردنیں کاٹو اور ان کے جوڑ، جوڑ کو توڑ کے رکھ دو۔

فَاِمَّا تَثْقَفَنَّھُمْ فِی الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِھِمْ مَنْ خَلْفَھُمْ لَعَلَّھُمْ یَذَّکَّرُوْنَ (سورۃ توبہ، آیت نمبر ۵۷)

(اے محمد ﷺ) اگر ان کفار کے ساتھ جنگ میں واسطہ پڑے تو ان کو ایسی مار مارو کہ ان کی آنے والی نسلیں بھی اس سے نصیحت اور عبرت حاصل کریں۔

میں نے بطور نمونہ صرف دو چار آیات نقل کیں ہیں۔ تا کہ بات لمبی نہ ہو۔ ورنہ ایسی بہت سی آیات اور احادیث کا ذخیرہ ہے۔ اس لئے میرے دوستو، بھائیو اور بزرگو! ہر موقع کے مطابق وہاں کی آیات پڑھو اور اس پر عمل کرو تو یہ غلط فہمیاں پیدا نہ ہوں گی۔ اللہ تعالی ہم سب کو سمجھ دیں، آمین۔

جواب نمبر ۷:

اور آیت کریمہ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ فَيَسُبُّوا اللهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْم(کہ تم مشرکین کو گالیاں نہ دو ورنہ وہ اللہ تعالی کو گالیاں دیں گے جہالت کہ وجہ سے) کے جواب کے بارے میں پہلے تو یہ بات ذہن نشین فرما لیں کہ اس آیت میں مطلقاً مشرکین اور کفار کو تبرا سنانے سے منع نہیں کیا گیا۔ بلکہ اس آیت میں منع کیا گیا ہے کہ ان کفار اور مشرکین کے بتوں کو برا نہ کہو جسکی دلیل یہ ہے کہ اسمیں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ وہ تمھارے خدا کو گالی دیں گے۔ اس لئے کہ معبود کا مقابلہ معبود سے کیا گیا۔

اور اگر ایسے ہی کفار کو گالیوں سے روکا جاتا تو یوں ارشاد ہوتا کہ تم کفار اور مشرکین کو گالیاں نہ دو۔ ورنہ وہ تمھیں گالیاں دیں گے۔ جیسا کہ حدیث میں آتا ہے کہ ماں باپ کو گالیاں نہ دیا کرو، تو صحابہ کرام کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کوئی شخص اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے تو حضرت پاک ﷺ نے فرمایا کہ جب تم کسی کے والدین کو گالیاں دو گے تو وہ تمھارے والدین کو گالیاں دے گا۔ گویا تم نے خود ہی اپنے والدین کو گالیاں دی ہیں۔

آیت کا جواب (۲):

دوسری بات یہ ہے کہ آیتِ کریمہ میں بتوں کو بھی گالیاں نہ دینے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ مشرکین تمھارے خدا برحق کو گالیاں دیں گے۔ مگر آج تو معاملہ بالکل برعکس ہے۔ کہ کفار اور مشرکین تو صرف یہ کہ اللہ تعالی اور حضرات انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو گالیاں ہی نہیں دے رہے، بلکہ العیاذ باللہ، اللہ تعالی کا بت سفید ریش انسان کی صورت میں بنا کر اسکو فضاء میں لے جا کر فائر کر کے مسلمانوں کے رب کے جنازے کو نکالنے کی باتیں کی جاتیں ہیں۔ جیسا کہ کمیونسٹوں نے روس میں کیا اور العیاذ باللہ حضرات انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین خصوصا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پتلے بنا کر جلائے جا رہے ہیں۔ حضرت ام المومنین میری امی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام لکھ کر (العیاذ باللہ نقلِ کفر کفر نباشد) کتیا کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اور حضرات صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کو اس قدر غلیظ اور گندی گالیاں بکی جا رہی ہیں۔ جو تحریر نہیں کی جاسکتیں۔ کفار اور مشرکین سے جو گالیاں دی جاسکتی ہیں وہ تو آپ کی خاموشی کے باوجود بک رہے ہیں۔ اس لئے اب یہ کہنا کہ ہم کافروں کو برا نہیں کہیں گے ایک مضحکہ خیز بات معلوم ہوتی ہے۔

بلکہ اب تو جو لوگ کفار کو یا ان کے مقتداؤں کو گالیاں دیتے ہیں۔ گویا وہ جہاد باللّسان کرتے ہوئے اپنا مذہبی انتقام لے رہے ہیں۔ اور وہ ان کا حق ہے کیونکہ جب کسی شخص کی ذات کے بارے میں نازیبا الفاظ کے بدلہ میں نازیبا الفاظ نازیبا لہجے میں کہے جاسکتے ہیں تو مذہبی شخصیات پر ہونے والے تبرے کا جواب کیوں کر زبانی لہجہ میں استعمال کی اجازت نہ ہوگی۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ ہم کفار اور مشرکین کی طرف

سے ہونے والے سب ستم کا جواب بھی تا حال نہیں دے سکے۔ ہمارے ذمہ یہ قرض ہے اس لئے اس کا ادا کرنا بھی ضروری ہے۔ اللہ ہمیں اپنے جملہ فرائض کو ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن.

☆☆☆

اعتراض (۳۴)

بعض مدارس عربیہ اور دینی حلقوں اور دین کا درد رکھنے والوں میں ایک بات زوروں پر رہتی ہے کہ علماء اور دینی مدارس کے ذہین طلبہ کو جہاد میں شریک نہ ہونا چاہئے کیونکہ اگر علماء اور ذہین طلبہ میدان جہاد میں چلے گئے اور وہاں جا کر شہید ہونا شروع ہو گئے تو پھر پیچھے دین کا کام کون کرے گا؟ طرح طرح کے فتنے برپا ہیں جن کا مقابلہ علمی تحقیق کے ساتھ بہت ضروری ہے اس لئے علماء کو میدان جنگ میں جانے کی بجائے علمی میدان میں فتنوں کا مقابلہ اور امت کی راہنمائی کرنی چاہئے۔

واقعہ:

خود میرے ساتھ زمانہ طالبعلمی میں یہ واقعہ پیش آیا کہ جب میں نے جہاد میں شرکت کے لئے افغانستان جانے کا ارادہ کیا تو پاکستان کی ایک بہت بڑی علمی و روحانی تربیت گاہ میں حاضری دی مشورہ کے لئے جو جواب مجھے ملا وہ یہ تھا کہ تیرے لئے جہاد افغانستان میں شرکت حرام ہے کیونکہ یہاں پر علمی فتنوں کے مقابلہ کے لئے علمی اشخاص کی ضرورت ہے اور (بقول حضرت دامت برکاتہم کے) تمہیں اللہ تعالی نے علمی صلاحیت عطا فرمائی ہے۔

میں نے عرض کیا کہ کیا میدانِ جہاد میں علمی اشخاص کی ضرورت نہیں؟ کیا وہ اہم

فریضہ اور حکمِ شرعی نہیں؟ وہاں پر بھی پل پل اور قدم قدم پر بھی علماء کی ضرورت پڑتی ہے اگر میدان جہاد میں علماء نہیں ہوں گے تو یہ جہاد تو فساد بن جائے گا اور شریعت کا اہم ترین فریضہ غلط رخ اختیار کر جائے گا جسکا نقصان ناقابل تلافی ہوگا۔

تو مجھے جواب ملا کہ حدیث شریف میں آتا ہے ”اَلْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ“ کہ جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہوتا ہے تو ہم نے جو مناسب سمجھا وہ مشورہ تمہیں دے دیا ہے۔

مگر بعد میں جب وہی علمی اور روحانی مرکز اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جہاد سے منسلک ہوا تو پھر ان کے ذہن میں کیسے تبدیلی آئی۔ اس بات کا اس سے اندازہ کریں کہ جب میں جامعہ علوم شرعیہ ساہیوال میں حدیث شریف کی کتاب مشکوۃ شریف پڑھ رہا تھا تو انہوں نے کراچی سے بذریعہ ٹیلیفون مجھ سے رابطہ فرمایا اور حکم دیا کہ تم جنداللہ (کمانڈو ٹریننگ) کرنے کے لئے افغانستان چلے جاؤ۔ اب میں نے عرض کیا کہ میں تو حدیث شریف پڑھ رہا ہوں تو فرمانے لگے کہ تعلیم بعد میں مکمل ہو جائے گی۔

جواب:

دین کی بنیاد نبی اور نبوت، رسول اور رسالت ہے مگر اس بارے میں سب سے پہلے تو انبیاء علیہ السلام کا عمل مبارک دیکھیں کیونکہ قرآن کریم کا رشاد ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ (سورة ممتحنه)

”کہ اہل ایمان کے لئے جو اللہ تعالیٰ کی ذات اور قیامت کے دن پر ایمان لائے انہیں انبیاء علیہ السلام کے طریقہ کے اندر ہی اسوہ حسنہ ہے۔“

انبیاءؑ کی سیرت:

حضرات انبیاء علیہ السلام کا عمل تو یہ ہے کہ وہ خود میدان جنگ میں نظر آتے ہیں دیکھئے حضرت حزقیلؑ ، حضرت شموئیلؑ ، حضرت داؤدؑ ، حضرت سلیمانؑ ، حضرت موسیٰؑ ، حضرت ھارونؑ اور خاتم الانبیاء حضرت پاک ﷺ کی سنت تو میدان جنگ میں شریک ہوکر جہاد کرنے کی ہے۔

کسی نبی کے ذہن میں تو یہ بات نہیں آئی کہ اگر ہم ہی شہید ہو گئے تو دین کا کیا بنے گا اور دین کا کام کون کرے گا۔ بلکہ حضرت پاک ﷺ تو ہر خطرے کے وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے آگے ہوتے تھے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب گھمسان کی جنگ ہوتی تو ہم حضرت پاک ﷺ کی آڑ میں پناہ لیتے تھے۔ (اللہ اکبر)۔ یہ انبیاء علیہم السلام کا طریقہ ہے۔ تو آپ خود غور فرمائیں کے ان کے ورثاء کا کیا طریقہ ہونا چاہیے؟

صحابہ رضی اللہ عنھم کا عمل

اس کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا مبارک عمل دیکھیں تو کوئی ادنی سے ادنی صحابی رضی اللہ عنہ (ادنی اور اعلی وہ آپس میں ایک دوسرے کے اعتبار سے تھے ورنہ ہمارے لئے تو سارے ہی اعلی ہیں) بھی کسی معرکہ میں پیچھے نہ رہتے تھے بلکہ ان کے ہاں تو جہاد سے پیچھے رہنا منافقین کا کام تھا۔ اور بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جن کی حیثیت دین اسلام میں اساس اور بنیاد کی ہے ان کو دیکھئے تو ہمیں نظر آتا ہے۔

حضرت پاک ﷺ کے سسر خلیفہ اول بلا فصل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
حضرت پاک ﷺ کے سسر خلیفہ ثانی امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت پاک ﷺ کے داماد خلیفہ ثالث امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

حضرت پاک ﷺ کے داماد خلیفہ رابع امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ جیسے امین الامہ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ جیسے مفسر

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جیسے محدث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ جیسے مجتہد

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسے فقیہ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے قاریِ قرآن

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جیسے کاتبِ وحی

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ جیسے ہادی ومہدی، کاتب وحی

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ جیسے حضرت پاک ﷺ کے راز دان اور دوسرے اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین تو میدانِ جہاد میں تلوار لہراتے، تلوار چلاتے اور اپنی جان اور اس بات کی پرواہ کئے بغیر کہ اگر ہم مٹ گئے تو دین کا کیا بنے گا کفار کی کھوپڑیاں اڑاتے نظر آتے ہیں۔

تابعین کا عمل

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے بعد تابعین سے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ جو مفسر ہیں اور محدث بھی، فقیہ بھی ہیں اور صوفی بھی مگر کابل کی فتوحات میں شریک ہونے سے حکیم اور طبیب روک رہے ہیں کہ صحت کے لئے مضر اور نقصان دہ ہے مگر جہاد کا نشہ تھا کہ حضرت کو میدان جہاد کے بغیر سکون نہیں آیا۔

تبع تابعین کا عمل

تبع تابعین میں حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ جیسے محدث کو دیکھئے کہ جن کے شاگردوں کی تعداد ہزاروں سے متجاوز ہے مگر وہ ایک سال تدریس میں اور ایک سال جہاد میں رہتے ہیں۔ اور خطِ اول اور دشمن کے دو بدو کی جنگ لڑنے میں کیسی لذت محسوس فرماتے ہیں۔ اس کا اندازہ آپ ایک واقعہ سے کریں۔

جب حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے حرمِ کعبہ سے ایک شخص کے ہاتھ حضرت عبداللہ بن مبارک کو (جو کہ اس وقت میدان جنگ میں لڑ رہے تھے) ایک خط لکھا جس کا مفہوم کچھ اس طرح ہے کہ آپ جیسے عالم اور محدث کے منصب کا تقاضا یہ تھا کہ آپ مسند درس کو سجا کر طالبانِ علوم نبوت کی پیاس کو بجھاتے۔ اور علومِ نبوت کی خدمت کر کے حق تعالیٰ کی عبادت کا حق ادا کرتے۔ تو ان کے جواب میں حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا

یَاعَابِدَ الْحَرَمَیْنِ لَوْاَبْصَرْتَنَا
لَعَلِمْتَ اَنَّکَ فِی الْعِبَادَۃِ تَلْعَبُ
مَنْ کَانَ یَخْضِبُ خَدَّہٗ بِدُمُوْعِہٖ
فَنُحُوْرُنَا بِدِمَائِنَا تَتَخَضَّبُ
اَوْکَانَ یُتْعِبُ خَیْلَہٗ فِیْ بَاطِلٍ
فَخُیُوْلُنَا یَوْمَ الصَّبِیْحَۃِ تَتْعَبُ
رِیْحُ الْعَبِیْرِ لَکُمْ وَنَحْنُ عَبِیْرُنَا
وَھَجُ السَّنَابِکِ وَالْغُبَارُ الْاَطْیَبُ

لَا یَسْتَوِیْ غُبَارُ خَیْلِ اللّٰہِ فِیْ
اَنْفِ امْرِءٍ وَّدُخَانُ نَارٍ تَلْھَبُ
ھٰذَاْ کِتَابُ اللّٰہِ یَنْطِقُ بَیْنَنَا
لَیْسَ الشَّھِیْدُ بِمَیِّتٍ لَایَکْذِبُ

حضرت امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ جیسے محدث اور مجتہد کو دیکھئے کہ وہ علمی میدان کو سنبھالتے ہیں اور عسکری میدان میں بھی پیچھے نہیں رہتے۔

اکابر دیو بند کا عمل

لمبی اور دور کی بات چھوڑیئے آئیں ماضی قریب میں اپنے اکابرین دیو بند کو دیکھیں جنکی نسبت ہی آج حق کی پہچان ہے اور اس دور میں دین کو تحفظ ملا ہے تو انکی ذات سے، مسلمانوں کو علم ملا ہے تو ان سے اور کفر کے دانت بھی کھٹے کئے ہیں تو انہوں نے۔ ان حضرات نے برصغیر میں تصوف کے امام سید الطائفہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی ہوں یا فقیہ النفس ثانیِ امام اعظم ابو حنیفہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی، حضرت حجۃ الاسلام قاسم العلوم والخیرات مولانا محمد قاسم نانوتوی ہوں یا برکت العصر حضرت حافظ ضامن شہید سب کے سب میدان جہاد میں نظر آتے ہیں۔

انکے ذہن میں تو کبھی یہ وسوسہ تک بھی نہیں آیا کہ خدانخواستہ ہمارے مرجانے سے دین کو نقصان ہوگا بلکہ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کو جب ایک بار عرض کیا گیا کہ حضرت اگر اس طرح ہم انگریز کے خلاف تحریک میں لگے رہے تو دارلعلوم دیو بند تو ختم ہو جائے گا تو حضرت نے فرمایا کہ ”دارلعلوم دیو بند کی اینٹ سے اینٹ بج جائے میں برداشت کرلوں گا مگر انگریز کے خلاف جہاد نہیں چھوڑوں گا۔“

دیو بندیت کی روح اور بنیاد اسیر مالٹا شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن عثمانی دیو بندی رحمۃ اللہ علیہ کو کسی نے کہا کہ ”آپ اپنی قبر کی جگہ اپنے اساتذہ اور اکابر کی قبروں کے پاس متعین فرما دیں“۔ آپ نے فرمایا ”کیا کہہ رہے ہو میں تو چاہتا ہوں کہ اللہ کی راہ میں میرے جسم کے اتنے ٹکڑے ہو جائیں کہ ان کو جمع نہ کیا جا سکے اور دفن کی ضرورت نہ رہے“۔ (محبت الہیہ، ص ۳۵۰، از مفتی رشید احمد صاحب لدھیانویؒ)

کیونکہ وہاں تو مدارس کی بنیاد ہی جہاد تھی مدارس تو جہاد اور مجاہدین کی چھاونیاں ہیں اگر چھاونیوں میں موجود فوجی اور کمانڈر ہی جنگ چھوڑ دیں تو کیا جنگیں لڑی جا سکتی ہیں، نہیں نہیں ہرگز نہیں۔

اس لئے گزارش ہے کہ میدان جہاد میں شریک ہو کر علماء کے جہاد کرنے، زخمی ہونے اور شہید ہونے سے دین مٹا ہے نا ہی مٹے گا اور علم کم ہوا ہے نہ ہو گا انشاء اللہ بلکہ علم بھی بڑھے گا، مدارس بھی ترقی کریں گے اور دین بھی خوب پھیلے گا کیونکہ جتنا قیمتی خون گرتا ہے اتنا ہی اچھا نتیجہ بھی نکلتا ہے۔

بہت سے لعل گرچہ مر مٹیں گے
خدا کا دین چمکتا ہی رہے گا
نہیں محتاج ہے خود اپنے گُل کا
سو یہ گلشن مہکتا ہی رہے گا

ہمارے سامنے مثال ہے کہ جب تاشقند، ثمر قند، ترمذ، اور بخارا کے علماء میدان میں نہیں نکلے تو مدارس اصطبلوں میں تبدیل ہو گئے، مساجد کو شراب خانوں سے بدل دیا گیا بلکہ مساجد تو زنا کے اڈے بنا دیئے گئے اور علماء ایک ایک دن میں کئی ہزار کی تعداد میں شہید کر دیئے گئے مگر یہ چونکہ جہاد کے بغیر تھا اس لئے قربانیاں بہت لگیں مگر

نتیجہ بر آمد نہ ہوا۔

علماء افغان:

افغانستان میں جب علماء میدان میں نکلے اور جہاد کیا اپنے جسموں پر زخم کھائے اور میدان جنگ میں لڑتے ہوئے جام شہادت نوش فرماتے رہے تو اس کا سبحان اللہ کیا ہی اچھا نتیجہ نکلا کہ روس کی سپر طاقت کو مٹی چاٹنے پر مجبور کر دیا گیا، جو دنیا پہ غلبہ اور حکومت کے خواب دیکھ رہے تھے انکے لئے اپنی حکومت بچانا مشکل ہو گیا اور کئی سو سال بعد خلافت کو زندہ کر دیا گیا۔ مدارس کی تعداد میں کئی سو فیصد اضافہ ہوا، علماء کی حکومت قائم ہو گئی اور دینی مدارس کے طلبہ کو وقار مل گیا اور قرآن وسنت کا نظام قائم ہو گیا۔

اس لئے اس وسوسہ کو دل سے جھٹک دیجئے اور بزدلی سے پناہ مانگئے جو کہ اس وسوسے کا اصل سبب ہے اور اللہ کا نام لے کر میدان جہاد میں کود پڑیں اور لیلی شہادت کو سینے سے لگائیں، اللہ تعالی ہم سب کو یہ نعمت عظمی عطا فرمائے۔ آمین **یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن**۔

اعتراض (۳۴)

آج بڑے زور وشور، شدّ ومد اور بڑی ڈھٹائی کے ساتھ کہا جا رہا ہے کہ اسلام اخلاق سے پھیلا ہے نہ کہ تلوار سے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے کبھی بھی کفار سے لڑنے کے لئے تلوار نہیں اٹھائی بلکہ وہ تو ڈاکوؤں سے حفاظت کے لئے تلواریں اٹھایا کرتے تھے اگر ہماری دعوت صحیح نہج پر چل پڑے تو کفار خود بخود مسلمان ہو جائیں گے ہمیں کسی کو قتل کرنے اور قتل ہونے کی ضرورت ہی نہ پڑے گی آج کفار اس وجہ سے مسلمان نہیں ہوئے کہ ہمارے اعمال ٹھیک نہیں ہیں اگر ہمارے اعمال ٹھیک ہو جائیں اور اخلاق درست ہو جائیں تو کفار خود بخود مسلمان ہو جائیں گے۔

جواب نمبر ۱:

آیئے ہم سب سے پہلے تو یہ دیکھیں کہ اخلاق کسے کہتے ہیں

(۱) قرآن کریم نے حضرت پاک ﷺ کی تعریف اور شان بیان کرتے ہوئے فرمایا **اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیۡمٍ** (سورۃ نون)

کہ آپ اعلیٰ اخلاق کے نمونہ پر فائز ہیں۔

(۲) حضرت ام المومنین میری امی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کسی شخص نے

سوال کیا کہ حضرت پاک ﷺ کے اخلاق کیا تھے؟ تو حضرت ام المومنین میری امی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا

کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنَ

کہ حضرت پاک ﷺ کا اخلاق تو پورا قرآن ہے جو پڑھو گے وہی حضرت پاک ﷺ کے اخلاق ہیں۔

تو غور فرمائیں کہ قرآن کریم میں سینکڑوں آیات کریمہ جہاد کے بارے میں ہیں تو وہ بھی اس روایت کے مطابق حضرت پاک ﷺ کے اخلاق کا حصہ بنیں یا کہ نہیں۔

لہذا تلوار کو اخلاق سے الگ کرنا یا اخلاق اور تلوار کو آپس میں ضد قرار دینا کیا یہ قرآن کریم سے دوری نہیں ہے۔

(۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت پاک ﷺ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ کا طریقہ کیا ہے؟ تو حضرت پاک ﷺ نے جواب میں سترہ چیزیں ذکر فرمائیں

اَلْمَعْرِفَةُ رَاْسُ مَالِیْ	میرا سرمایہ اصل معرفت ہے
وَالْعَقْلُ اَصْلُ دِیْنِیْ	میرے دین کی جڑ عقل ہے
وَالْحُبُّ اَسَاسِیْ	میری بنیاد محبت ہے۔
وَالشَّوْقُ مَرْكَبِیْ	میری سواری میرا شوق ہے
وَذِكْرُ اللهِ اَنِیْسِیْ	میرا انیس اللہ کا ذکر ہے
وَالثِّقَةُ كَنْزِیْ	میرا خزانہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد ہے۔
وَالْحُزْنُ رَفِیْقِیْ	میرا ساتھی میرا غم ہے۔
وَالْعِلْمُ سَلَاحِیْ	میرا ہتھیار میرا علم ہے۔

وَالصَّبْرُ رِدَائِیْ	میرا لباس صبر ہے
وَالرَّضَاءُ غَنِیْمَتِیْ	میرا مال غنیمت اللہ تعالیٰ کی رضا ہے
وَالْعِجْزُ فَخْرِیْ	میرا فخر میری عاجزی ہے۔
وَالزُّهْدُ حِرْفَتِیْ	میرا پیشہ میرا زھد ہے۔
وَالْیَقِیْنُ قُوْتِیْ	میری خوراک میرا یقین ہے۔
وَالصِّدْقُ شَفِیْعِیْ	میرا سفارشی میری صداقت ہے۔
وَالطَّاعَةُ حُبّی	میری محبت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔
وَالْجِهَادُ خُلُقِیْ	میرے اخلاق میرا جہاد ہے
وَقُرَّةُ عَیْنِیْ فِیْ الصَّلٰوةِ	میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

یہ پوری روایت تو برکت کے لئے نقل کی گئی ہے اصل استدلال کے لئے حدیث مبارک کا وہ جز ہے جس میں حضرت پاک ﷺ نے اپنے اخلاق کی تشریح فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میرے اخلاق تو میرا جہاد ہے۔

جواب نمبر۲:

حضرت پاک ﷺ کے اسماء مبارکہ پر غور کریں تو ہمیں جہاں پر ''نَبِیُّ الرَّحْمَةِ'' (رحمت والے نبی) ''نَبِیُّ التَّوْبَةِ'' (توبہ والے نبی) جیسے نام ہیں وہیں واضح طور پر ''نَبِیُّ الْمَلَاحِمِ'' (جنگوں والا نبی) اور ''صَاحِبُ السَّیْفِ'' (یعنی تلوار والا نبی) بھی ہیں۔ تو کیا العیاذ باللہ حضرت پاک ﷺ کے مبارک نام ایسے ہو سکتے ہیں جن میں بداخلاقی کا شبہ بھی ہو۔

جواب نمبر۳:

جب تک تلوار چلتی ہے تو کفار کو تلوار کے زور پر غلام بنایا جاتا ہے، جس سے کفار کو

مسلمانوں کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملتا ہے اور پھر وہ مسلمانوں کے اخلاق دیکھ کر اسلام قبول کر لیتے ہیں۔ یا دوسرے الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ جب کفار کے شہسوار اور جرنیل جن کو اپنی طاقت پر ناز ہوتا ہے اور اپنی قوت پر گھمنڈ ہوتا ہے تلوار ان کے غرور اور طاقت کو توڑ کر انکے غرور کو خاک میں ملا دیتی ہے اور انکو اپنی اوقات دیکھنے کا موقع ملتا ہے اور سارے وسائل کے ہوتے ہوئے کمزور مسلمانوں کے سامنے ذلت اٹھانے کے بعد اللہ تعالی کی توحید کا اعتراف کئے بغیر کوئی چارہ نہیں ہوتا تو وہ اللہ تعالی کی وحدانیت اور حضرت پاک ﷺ کی رسالت پر ایمان لانے میں ہی عافیت جانتے ہیں جیسا کہ ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ بعض لوگ جنت میں نہیں جانا چاہتے مگر انکو زنجیر میں جکڑ کر جنت میں لے جایا جائے گا۔

جواب نمبر۴:

حضرت پاک ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ ''مَنْ سَلَ سَیْفَهٗ فَقَدْ بَایَعَ اللهَ'' جس نے تلوار سونت لی گویا کہ اس نے اللہ تعالی سے بیعت کر لی''۔ دنیا کے پیر تو بیعت کرتے ہیں اعلیٰ اخلاق کی تربیت کے لئے اور العیاذ باللہ کیا اللہ تعالی بداخلاقی پر بیعت لے رہے ہیں۔

جواب نمبر۵:

مسواک کے ساتھ نماز پڑھنے پر ستر نمازوں کا اجر اور عمامہ باندھ کر پڑھنے پر ستر نمازوں کا اجر (ابن اسحاق دیلمی)

تو یہ اخلاق ہیں اور قابل اتباع سنت ہیں تو پھر اسلحہ لگا کر نماز پڑھنے پر بھی ستر نمازوں کے اجر و ثواب کا وعدہ ہے (مشارع الاشواق)، تو کیا یہ اخلاق اور قابل اتباع نہ ہوگا؟

جب یہ تینوں حضرت پاک ﷺ کے ارشادات ہیں تو پھر ان میں سے دو اخلاق اور ایک اخلاق سے خارج۔ قادیانی اور دجال ہی کی پالیسی ہوسکتی ہے مسلمانوں کی نہیں، اللہ تعالیٰ ہی سمجھ عطا فرمائیں۔

جواب نمبر ۶:

حضرت پاک ﷺ کی بعثت کا مقصد عام طور پر تو اس طرح بیان کیا جاتا ہے۔

"اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُ تَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ" کہ مجھے حق تعالیٰ نے بھیجا ہے تا کہ میں انسانیت کے اخلاق کی اصلاح کروں یا پھر اس طرح بیان کیا جاتا ہے "اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا" کہ مجھے انسانیت کا معلم بنا کر بھیجا گیا ہے مگر ایک اور حدیث شریف بھی ہے نامعلوم اس کو بیان کرنے سے کیوں ڈر لگتا ہے۔ حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا "بُعِثْتُ بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَةِ بِالسَّیْفِ" (**صحیح بخاری مسند احمد**) (کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے قیامت تک کے لئے تلوار دے کر مبعوث فرمایا ہے)۔

حضرت پاک ﷺ کی تعلیم بھی اخلاق، اصلاح احوال بھی اخلاق تو پھر تلوار بھی اخلاق ہے کیونکہ یہ بھی حضرت پاک ﷺ کو دی گئی ہے اور جو چیز حضرت پاک ﷺ کو عطا ہوئی وہ اخلاق ہی اخلاق ہے۔

لہذا حضرت پاک ﷺ کے ۲۷ غزوات اور گیارہ تلواریں، سات زرہیں، چھ کمانیں، دو ترکش، چار ڈھالیں، دو خود یعنی جنگی ٹوپیاں اور منجنیق کا استعمال کرنا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو مسلمان کرنا اور اپنے ہاتھ سے ابی بن خلف کو قتل کر کے جہنم رسید کرنا، سب اخلاق ہی اخلاق اور رحمت ہی رحمت ہیں۔ کیونکہ حضرت پاک ﷺ کے بارے میں اعلان ہے۔

اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ (سورة القلم)

کے آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبہ پر ہیں۔

وَمَا اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ (سورۃ الانبیأ)

اور ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔

اور ہمیں بھی حکم ہے۔

وَمَاۤ اٰتٰکُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡهُ وَمَا نَهٰکُمۡ عَنۡهُ فَانۡتَهُوۡا (سورہ الحشر)

کہ حضرت پاک ﷺ نے تم کو جو دیا اسکو پکڑ و اور جس سے منع فرمایا اس سے باز آ جاو۔

اور **لَقَدۡ کَانَ لَکُمۡ فِیۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ اُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ** (سورہ احزاب)

کہ تمہارے لئے حضرت پاک ﷺ کا طرز عمل ہی بہترین نمونہ ہے۔

لہذا ہمارا کفار کو دعوت دے کر مسلمان کرنا بھی اخلاق اور کفار کو قتل کر کے معاشرے کو کفر کی غلاظت اور نجاست سے پاک کرنا بھی اخلاق ہے۔

موزیوں کو قتل کرنا چاہیے
جب تقاضا ہے یہی اخلاق کا
کس لئے ہے پھر جہد سے اختلاف
دارِ فانی کے تمام عشاق کا

جواب نمبر ۷:

اگر بچہ کے ختنہ کے لئے جسم کے نازک حصہ کو کاٹنا، انسان کے جسم سے کینسر زدہ حصہ الگ کرنا، چور کا ہاتھ کاٹنا، ڈاکو کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے کاٹنا، شرابی اور کنوارے زانی کو کوڑے مارنا، شادی شدہ زانی کو سنگسار کرنا۔

قاتل عمد کو قصاص میں قتل کرنا اخلاق اور رحمت ہے تو پھر فسادی اور شرارتی کافر کو

قتل کرنا کیسے بداخلاقی ہے؟

جواب نمبر ۸:

قابل غور بات یہ ہے کہ ہم اگر اپنی ماں اور بہن کو گالی برداشت نہیں کرتے اپنے مال گھر اور جائیداد کی حفاظت کی خاطر ہر اقدام کر گزرتے ہیں عدالت میں مقدمہ بازی کرنا، زبان اور ہاتھ کو استعمال کرنا جو بس میں ہو کر گزرنا مگر جب اللہ کے دین کی باری آئے مساجد کو گرا دیا جائے مدارس کو شہید کیا جائے مسلمان بچیوں کی عزت کو داغدار کیا جانے لگے اسلامی شعائر اور احکام کا مذاق اڑایا جاتا ہو انبیاء علیہم السلام ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن، اصحاب رسول ﷺ اور قرآن کی توہین کی جاتی ہو تو ایسے بد بخت کافروں کے خلاف نہ لڑنے کی ہمت اور نہ ہی لڑتے ہوئے مجاہدین کو دیکھنے کی ہمت، تو کیا یہ اخلاق ہیں؟ اور کیا وسعت ظرفی اسی کا نام ہے؟

جواب نمبر ۹:

باقی رہی یہ بات کہ اسلام اخلاق سے پھیلا ہے نہ کہ تلوار سے تو یہ بات بے معنی سی لگتی ہے کیونکہ ہم پہلے ہی عرض کر چکے ہیں کہ تلوار کوئی اخلاق سے الگ چیز نہیں بلکہ اخلاق ہی کا حصہ ہے تلوار کا کام ہے کہ سرکش اور شرارتی وضدی کافروں کا دماغ ٹھیک کرنا جو راستہ کی رکاوٹ ہو اس کو دور کرنا مگر تلوار کے زور سے کلمہ پڑھانا تو شریعت کا حکم نہیں ہے بلکہ کفار اس بارے میں آزاد ہیں کلمہ پڑھیں یا کفر پر مریں اور جہنم کا ایندھن بنیں۔

اسلام تو یہ چاہتا ہے کہ کفار کا زور ٹوٹ جائے اور شوکت وغلبہ باقی نہ رہے اگر کفار زندہ رہیں تو جزیہ دے کر مسلمانوں سے زندگی کی بھیک مانگ کر ذلت کے ساتھ زندہ رہیں اس لئے یہ بات فضول ہے کہ کفار کو کلمہ پڑھنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔

اسکی تفصیل آگے اعتراض...... کے تحت آ رہی ہے وہاں ملاحظہ کریں۔

جواب نمبر ۱۰ :

اور یہ اعتراض کرنا کہ ہمارے اعمال ٹھیک نہیں اس لئے کفار کلمہ پڑھ کر مسلمان نہیں ہوتے تو یہ بات درست ہے اسکو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں مگر اعمال کن چیزوں کا نام ہے کیا صرف نماز، روزہ، حج، زکوۃ کا نام ہی عمل ہے، نہیں نہیں میرے دوستو اور بزرگو یہ بھی اعمال ہیں اور اسلام کے رکن ہیں مگر جن اعمال سے کفر کو اسلام کے قریب کرنا ہے یہ وہ اعمال نہیں ہیں۔

اصل چیز ہے مسلمانوں کا اتحاد و اتفاق، عزت، حکومت، شان و شوکت۔ ظاہر ہے کہ جب مسلمانوں کی عزتیں محفوظ نہ ہوں مسلمان غلامی کی زندگی گزار رہے ہوں جان اور مال کفار کے رحم و کرم پر ہوں تو کفار ایسے غلاموں کو دیکھ کر تو کلمہ نہیں پڑھیں گے کیونکہ یہ بات تو مسلم ہے۔

اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ

کہ لوگ بادشاہوں کے دین پر ہی ہوتے ہیں نہ کہ غلاموں کے دین پر۔

آج تک انفرادی طور پر تو اگرچہ بعض بزرگوں کی دعوت پر کافروں نے کلمہ پڑھ کر اسلام قبول کیا ہو مگر اجتماعی طور پر بحیثیت قوم اسلام اسی وقت ہی قبول کیا گیا جب اسلام کو تسلط اور غلبہ ہوا۔

صرف عہدِ رسالت ہی کو دیکھ لیں، قرآن کہتا ہے،

اِذَاجَآ ءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللهِ اَفْوَاجًا(

سورۃ النصر)

کہ جب اللہ تعالی کی مدد آ گئی اور مکہ فتح ہو گیا اور اسلام کو غلبہ اور قوت حاصل ہو گئی

تو لوگ قبیلہ در قبیلہ اور گروہ در گروہ اسلام میں داخل ہونے لگے ورنہ تو ایک ایک کر کے ہی کلمہ پڑھا کرتے تھے۔ اس لئے میرے دوستو بزرگو جہاں دوسرے اعمال کی ضرورت ہے وہاں جہاد فی سبیل اللہ اور خلافت کے قیام جیسے اعمال کی بھی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ اور اس پر بطور خاص توجہ دیں تاکہ اسلام پھیل سکے اور اسلام صحیح معنوں میں اصل شکل وصورت کے ساتھ زندہ رہ سکے۔

اے اللہ تعالیٰ تو ہمیں اس کا ذریعہ بنادے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

جواب نمبر ۱۱:

ایک اہم مسئلہ اسلام کے قبول کرنے اور اسلام کے نافذ ہونے کا فرق ہے جہاں تک اسلام قبول کرنے کا مسئلہ ہے تو اس پر اہل اسلام کا اجماع ہے کہ کسی سے بھی جبر واکراہ کا معاملہ نہیں کیا جائے گا۔ یعنی کسی کے گلے پر تلوار کی نوک رکھ کر کلمہ پڑھنے کی تلقین نہیں کی جائے گی اور یہی مفہوم ہے قرآن مجید کی آیت لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ (سورۃ بقرۃ) (ترجمہ: دین میں کوئی جبر نہیں) مگر جہاں تک اسلام کے نافذ کرنے اور اس کی ترویج واشاعت کا مسئلہ ہے تو اس سلسلے میں جو بھی رکاوٹ ڈالے گا تو سختی کے ساتھ اس رکاوٹ کو دور کیا جائے گا۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صرف زکوٰۃ دینے سے انکار کرنے والوں کے ساتھ قتال فرما کر اس مسئلے کو قیامت تک کے لئے واضح فرمادیا کہ نظام اسلام میں کسی قسم کی رخنہ اندازی اور کتر وبیونت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اس لئے ان دونوں مسئلوں کو خلط ملط کرنے کی بجائے مکمل تفصیل کے ساتھ سمجھنا چاہیے۔ کیونکہ اسلام کے مزاج میں کسی تبدیلی کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر ہم اس کے پھیلنے میں تلوار کو نظر انداز کر دیں تو نعوذ باللہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی قربانیاں

فضول قرار دی جائیں گی کہ اسلام کی ترویج واشاعت میں تو تلوار کی اجازت نہیں تھی۔ جبکہ ان حضرات نے تلوار کو استعمال کیا اور اکثر علاقے تلوار کی نوک پر فتح کئے اور تلوار ہی کے ذریعے سے گندے مواد کو صاف فرمایا۔ جب مطلع صاف ہو جاتا اور مسلمان ایک باعزت حیثیت کے ساتھ کسی ملک میں داخل ہوتے تو اب لوگوں کو ان کے اخلاق دیکھنے کا موقع ملتا اور وہ گروہ در گروہ دین میں داخل ہوتے۔ اور حالات نے واضح کر دیا ہے کہ وہ داعی زیادہ کامیاب رہے جن کی دعوت کے پیچھے تلوار ہوا کرتی تھی خود حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ نے تفسیر معارف القرآن میں مندرجہ ذیل آیت کریمہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ

”کُنتُم خَیرَ اُمَةٍ اُخرِجَتُ لِلنَّا س ِتَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكِر“(آل عمران ، آیت نمبر ۱۰)

تم بہترین امت ہو جسے لوگوں کے لئے نکالا گیا تم نیکیوں کا حکم کرتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو۔

امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام کے خیر امت ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان کی دعوت کو کوئی ٹھکرا نہیں سکتا۔ کیونکہ ان کی دعوت کے پیچھے جہاد کا عمل موجود ہے۔ جو ان کی دعوت کو نہیں مانے گا جہاد کے ذریعے اس کا خاتمہ کیا جائے گا۔ جبکہ پہلی امتوں میں دعوت کا عمل تو موجود تھا مگر ان کی دعوت کے پیچھے جہاد کی پاور نہیں تھی۔ (یہ، خلاصہ ہے اس تقریر کا جو حضرت صاحب نے آیت کریمہ کے ذیل میں فرمائی ہے۔)

عقل والے اس حقیقت سے تو واقف ہیں جناب
تابع کرگس کبھی شاہین ہو سکتا نہیں
لازمی قوت و طاقت کا استعمال بھی

زہد و تقویٰ سے نفاذ دین ہو سکتا نہیں

آخری گزارش

بہت ساری احادیث کریمہ میں اسلحے کی مختلف فضیلتیں آئی ہیں۔ مثلاً ایک حدیث شریف میں ہے کہ رسول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ رب العزت تلوار اٹھانے والے پر اپنے ملائکہ کے سامنے فخر فرماتے ہیں۔ ایک حدیث شریف میں فرمایا تلوار اٹھا کر نماز پڑھنے والے کی نماز دوسرے لوگوں کی نماز سے ستر گناہ زیادہ افضل ہے بعض احادیث میں دشمن کو تیر مارنے کی فضیلت آئی ہے۔ بہر حال اس قسم کی احادیث بہت زیادہ ہیں تو اخلاق کے وہ شارحین جو اخلاق کو تلوار کی ضد بتاتے ہیں ان کی احادیث کریمہ کے متعلق کیا کہیں گے؟ کیا خدانخواستہ یہ بداخلاقی کی دعوت ہے؟ ہرگز نہیں، ہرگز نہیں۔ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود ''**نبی السیف**'' (تلوار والے نبی) تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ''**نبی الملاحم**'' (جنگوں والے نبی) تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجسم اخلاق تھے۔

اللہ رب العزت امت محمدیہ کو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق عالیہ کی اتباع کی توفیق، عطا فرمائے۔ آمین

آخرش یہ بھی تو شفقت کا تقاضا ہے جناب
کی حدیں جاری نبی ﷺ نے شفقتوں کے باوجود
اور پھر میدان میں تلوار کے جوہر دکھائے
رحمت اللعالمین ﷺ نے رحمتوں کے باوجود
زرہ باندھی خود پہنی ڈھال اور تلوار لی

حلم اور عفو و کرم کی خصلتوں کے باوجود

☆☆☆

اعتراض (۳۵)

عام طور پر بہت سے لوگ اور وہ بھی اپنے آپ کو دین کے ٹھیکیدار کہلانے والے کہتے ہیں کہ جو علاقے اخلاق اور دعوت کے ساتھ فتح ہوئے ان میں آج تک اسلام قائم ہے مگر جن علاقوں کو تلوار اور جہاد کے زور پر فتح کیا گیا وہ بعد میں پھر کفر کی طرف لوٹ گئے جیسے ایران، ثمرقند، بخارا وغیرہ۔

جواب نمبر ۱:

دراصل اس اعتراض کے پیچھے بھی وہ گندی ذہنیت کارفرما ہے جسمیں تلوار کو اخلاق کی ضد اور اخلاق کے خلاف سمجھا گیا ہے حالانکہ یہ کھلی ہوئی جہالت کی بات ہے دین سے دوری کی علامت اور سیرت سے ناواقفیت ہے۔

جواب نمبر ۲:

یہ بات بھی سراسر غلط ہے کہ جو علاقے جہاد اور تلوار کے زور پر فتح ہوئے وہاں بعد میں کفر پھیل گیا۔ چند ایک ملکوں میں ایسا ہونا الگ بات ہے مگر اس کو کلی اور اصول کے طور پر پیش کرنا قطعاً غلط ہے۔ دیکھئے مدینہ منورہ کے اطراف میں بنو قریضہ اور بنو نضیر کے علاقے اور خیبر بلکہ خود مکہ مکرمہ بھی تو جہاد اور تلوار کی طاقت سے فتح ہوا تھا دس ہزار

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا لشکر جو مسلح ہو کر گیا تھا، وہ کیا (العیاذ باللہ) جی جی کر کے کفر کے قدموں کو پکڑ کر اللہ کی توحید کی طرف بلا رہا تھا یا تکبیر اور جہاد کے نعروں کو بلند کرتا ہوا مکہ میں فاتحانہ شان سے داخل ہوا تھا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی قیادت میں ایک لشکر فارس اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی کمان پر ایک لشکر ملک شام اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی امارت میں ایک لشکر مصر کی طرف روانہ فرمایا اور ان بہادروں اور اسلام کے شہسواروں نے کفار کی کھوپڑیوں سے کھیلتے ہوئے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور میں ان ممالک کو فتح کیا اور خزانوں کی کنجیاں حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے قدموں میں لا کر ڈال دیں۔

اور ابھی تک الحمدللہ مکہ، خیبر، حنین، شام اور مصر وغیرہ تمام علاقے اسلام پر ہی قائم ہیں۔

جواب نمبر ۳:

اگر اس بات سے یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ جہاد کے ساتھ جو علاقے فتح ہوئے العیاذ باللہ یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی غلطی تھی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جملہ تو کفر اور ارتداد کی نئی راہیں کھول رہا ہے کیونکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے حضرت پاک ﷺ کے حکم کی تعمیل فرمائی۔ حضرت پاک ﷺ نے ملک شام سے جہاد کرنے کی غرض سے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو لشکر کا امیر بنا کر زندگی کے آخری دنوں میں روانہ فرمایا تھا مگر حضرت پاک ﷺ دنیا سے رخصت ہو گئے تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضرت پاک ﷺ کے روانہ کئے ہوئے قافلہ کو ہی روانہ فرمایا تھا۔ تو یہ اعتراض تو حضرت پاک ﷺ کی ذات بابرکات پر ہوا۔

اسی طرح حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے پوری زمین کے مشارق و مغارب سمیٹ کر دکھا دیئے گئے اور میری حکومت ان تمام علاقوں تک پہنچے گی جو مجھے دکھائے گئے اور یہ وعدہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مبارک دور میں پورا ہوا۔

اب غور فرمائیں کہ جن علاقوں کو جنگ و جہاد اور تلوار کے زور پر فتح کیا یہ تو حضرت پاک ﷺ کی بشارات اور احکامات تھے مگر آج اسی کو عیب بنا کر پیش کرنا اور اس پر اعتراض کرنا یہ دین کی خدمت ہے اور اس سے ایمان بنے گا یا جو تھوڑا بہت ہے وہ بھی ختم ہو جائے گا۔

جواب نمبر۴:

یہ بات ذہن نشین فرما لیں کہ جہاد کا مقصد کافروں کو مسلمان کرنا نہیں بلکہ اللہ تعالی کے دین اور کلمہ کو بلند کرنا ہے کلمہ پڑھنے اور نہ پڑھنے کا کفار کو مکمل اختیار اور آزادی ہے کسی کو جبرًا مسلمان نہیں کیا جا سکتا بلکہ جہاد کا مقصد صرف یہ ہے کہ مسلمانوں کو عزت اور شوکت نصیب ہو اور کفار دب کر رہیں۔

ظاہر ہے کہ جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے بلاد کفر کو فتح کیا تو وہاں لوگوں کو مجبور تو نہیں کیا کہ وہ کلمہ پڑھ لیں۔ جنہوں نے خوشی سے چاہا اسلام قبول کر لیا باقی جزیہ دے کر اپنی جان کو محفوظ کر گئے۔

اب بعد کے لوگوں کی یہ ذمہ داری تھی کہ وہاں جہاد کو جاری رکھتے اور ان علاقوں پر اپنے تسلط کو ختم نہ ہونے دیتے مگر یہ جرم تو بعد والوں کا ہے نہ کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا جنہوں نے احسان کیا کہ اسلام کی اشاعت کی راہیں کھول دیں اور کفر کو خاک چاٹنے پر مجبور کر دیا۔ سبحان اللہ اپنے گناہوں کو ان اکابر کے سر تھوپنا کس قدر حماقت اور نادانی بلکہ بے ادبی اور گستاخی کی بات ہے۔

فقہاء نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ جو علاقے جہاد سے فتح ہوئے وہاں خطیب اپنے ہاتھ میں تلوار لے کر خطبہ دے لوگوں کو یہ جتانے کے لئے کہ یہ علاقہ تلوار سے فتح کیا ہے اگر لوگ اسلام سے پھرتے ہیں تو یہ سوچ لیں کہ ابھی تک مسلمانوں کے ہاتھ میں یہ تلوار موجود ہے جو اسلام سے انحراف کرنے والوں کا دماغ درست کر دے گی۔ تفصیلات کے لئے دیکھئے **(فتاوی ہندیہ ج ا)**

اب اگر علماء و صلحاء بجائے ہاتھ میں تلوار لے کر خطبہ دینے کے تلوار کو ہی علم کی توہین سمجھنے بلکہ بیان کرنے لگیں اور تلوار کو اخلاق اور زہد و تقویٰ کو ضد قرار دیں اور اسلام کے راستہ کی رکاوٹ سمجھنے لگیں تو پھر کفر نہیں پھیلے گا تو کیا پھیلے گا؟

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جن علاقوں میں دوبارہ کفر پھیل گیا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ وہاں مسلمانوں نے جہاد کرنا چھوڑ دیا ہے۔

تو یہ وبال بھی جہاد چھوڑنے کا ہے نہ کہ جہاد کرنے کا۔ اللہ تعالی ہم سب کو فہم سلیم عطا فرمائے۔ آمین **یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن**۔

قانونِ فاروقی

اگر حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قانون کو بعد کے حکمران بھی نافذ کرتے رہتے اور مسلمان اس پر عمل کرتے رہتے تو پھر کفر کے پنپنے کی کوئی وجہ نہ تھی۔

دیکھئے قانونِ فاروقی، جسکے ہاں بچہ پیدا ہو وہ دفتر میں اندراج کرائے اور اس بچے کی تنخواہ وصول کرے جب یہ بچہ پندرہ سال کا ہو جائے اور اسکے بغلوں میں بال آ جائیں تو جنگ پر جائے گا۔ (اسلامی تہذیب، مولانا عبدلکریم قریشی، بیر شریف)

☆☆☆

اعتراض (۳۶)

امارتِ اسلامیہ افغانستان کے سقوط کے بعد بہت سے حضرات کی زبانوں سے یہ اعتراض بھی کیا جا رہا ہے کہ طالبان نے چونکہ جبراً لوگوں کو داڑھیاں رکھوائی ہوئی تھی اور عورتوں کو جبراً برقعے پہنائے ہوئے تھے اور جو لوگ ان کے ساتھ مل کر جہاد کر رہے تھے ان کے ایمان پر بھی پہلے محنت نہ ہوئی تھی۔ بلکہ وہ بغیر ایمان کی محنت کئے ہی میدانِ جنگ میں اتر گئے تھے۔ اس لئے جب امریکہ نے حملہ کیا تو لوگوں نے داڑھیاں منڈوا دیں اور عورتوں نے برقعے اتار دیئے اور دوسرے ان کے مجاہدین اور کمانڈر حضرات بھی بک گئے اور امیر المومنین ملا محمد عمر کے خلاف بغاوت کر دی۔ جس کی وجہ سے طالبان کی حکومت ختم ہوگئی۔

جواب:

اس اعتراض کا اصل منشاء تو وہی جہاد سے دوری اور دل میں نفاق ہے جو کہ مختلف انداز میں زبان سے ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ اگر جہاد اور مجاہدین سے محبت ہوتی تو کبھی بھی ایسے جملے زبان پر نہ لائے جاتے اور اگر تاریخی حقائق سامنے ہوتے تو اس بات کا کبھی دل میں وسوسہ بھی پیدا نہ ہوتا۔ کیونکہ ایسے واقعات تاریخِ اسلام میں پہلے بھی گزرے

ہیں کہ بعض لوگ جو دل سے ایمان نہ لائے تھے بلکہ دنیاوی اغراض حاصل کرنے کی خاطر صرف ظاہری طور پر زبان سے ایمان کا اظہار کرتے جب ان کی اغراض پر چوٹ پڑی اور دین کی خاطر قربانی کی باری آئی تو فوراً اندر کا چھپا ہوا نفاق اور خبث زبان پر ظاہر ہو جاتا ہے۔

میں اس کی صرف ایک مثال عہدِ نبوت علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ السلام سے عرض کرتا ہوں غزوہ احد کے موقع پر جب حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہزار انسانوں کو لے کر تشریف لے گئے تو تین سو منافقین یہ بہانہ بنا کر واپس مدینہ منورہ کو لوٹ آئے کہ ہمارا مشورہ یہ تھا کہ جنگ مدینہ منورہ میں رہ کر لڑی جاتی۔ اور ہمارا مشورہ نہیں مانا گیا اور جس طریقہ پر آپ جنگ کرنا چاہتے ہو یہ جنگی اصولوں کے مطابق جنگ ہی نہیں ہے۔

اب آپ غور فرمایئے کہ اس جنگ میں جانے والوں کی تعداد ایک ہزار تھی مگر مخلص اور سچے جانثار صرف سات سو تھے اور وہ آخری دم تک حضرت پاک ﷺ کے ساتھ رہے۔ اور واپس لوٹ آنے والے تین سو منافقین تھے۔ مگر کوئی بھی صاحب ایمان ان تین سو منافقین کی وجہ سے حضرت پاک ﷺ کی ذات پر الزام نہیں لگاتا کہ حضرت پاک ﷺ نے ان کے ایمان پر محنت نہ فرمائی تھی اور بغیر ایمان پر محنت فرمائے ہی لوگوں کو میدان جنگ میں لے گئے تھے اس واقعہ کے بارے میں صرف یہی کہا جاتا ہے کہ منافقین تو دوڑ گئے تھے البتہ مخلصین نے جان کی پرواہ کئے بغیر حضرت پاک ﷺ کا ساتھ دیا تھا۔ اور اس جنگ میں اگرچہ ظاہراً مسلمانوں کو شکست بھی ہوئی مگر مخلص اور سچے جانثار تو ساتھ ہی رہے۔

اسی تناظر میں طالبان اور امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد دامت برکاتہم کے ساتھیوں کو بھی دیکھئے کہ جب مشکل وقت آیا تو منافقین بک گئے داڑھیاں منڈوا ڈالیں اور کفار کا

ساتھ دینے لگے مگر مخلص تو آج بھی حضرت امیر المومنین دامت برکاتہم کا ساتھ دے رہے ہیں۔ لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم جس طرح ان دوڑ جانے والے منافقین کی بزدلی اور نفاق کا تذکرہ کرتے ہیں حضرت امیر المومنین دامت برکاتہم اور ان کے مخلص جانثار ساتھیوں کی وفاداری، جانثاری اور شجاعت و ثابت قدمی کا تذکرہ بھی کریں۔ یہ عجیب بات ہے کہ میدان جنگ سے دوڑ جانے والے منافقین کا تذکرہ تو ہزاروں کے اجتماع میں کیا جاتا ہے مگر ثابت قدم رہنے والے مخلص مجاہدین کی داستان شجاعت کو بالکل ہی چھوڑ دیا جاتا ہے۔ فیا للعجب

اس لئے میرے دوستو اور بزرگو! ہمیں اس دور میں یوں کہنا چاہیے کہ ہم اپنا ایمان ایسا بنائیں جیسا کہ حضرت امیر المومنین ملا محمد عمر مجاہد دامت برکاتہم، فضیلۃ الشیخ حضرت اسامہ بن لادن دامت برکاتہم اور ان کے ساتھیوں کا ہے کہ بڑے بڑے طاقت ور حکمران امریکہ کے سامنے گھٹنے ٹیک گئے، اپنے بیگانے ہو گئے، حالات کا رخ بدل گیا، حکومت چھن گئی، گھر سے بے گھر ہو گئے، اپنے ساتھیوں سے بچھڑ گئے، وسائل کا سہارا چھن گیا، غیر تو کیا اپنوں کے زہریلے تیروں کا بھی سامنا کرنا پڑا مگر اللہ وحدہ لا شریک لہ، پر ایسا غیر متزلزل ایمان کہ ابھی تک بحمد للہ تعالیٰ نہ ہی ایمان بیچا اور نہ ہی جہاد فی سبیل اللہ جیسا اونچا راستہ چھوڑا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

اعتراض (۳۷)

کشمیر، فلسطین، بوسنیا وغیرہ میں جہاد نہیں بلکہ یہ ان کے اعمال بد کی وجہ سے عذاب ہے جب ان کے اعمال درست ہو جائیں گے تو یہ عذاب خود بخود دفع وہ جائے گا۔

جواب نمبر ۱:

کشمیر، فلسطین اور بوسنیا وغیرہ ممالک کے مسلمانوں پر یہ کفر کی طرف سے مصائب آلام کا سلسلہ اس وقت شروع ہوا ہے جب ان مسلمانوں نے کفر سے بغاوت کی ہے اور کفار کے خلاف اعلان جنگ کیا ہے اگر یہ مسلمان ہماری طرح آج ہی کفار کے ساتھ مصالحت کر لیں تو ان پر سے بھی یہ مصائب و آلام ختم ہو جائیں گے بلکہ کفار کی طرف سے ان کو دنیاوی فراوانی بھی ہو جائے گی۔

تو میرے بھائیو دوستو بزرگو یہ کیسا عذاب ہے کہ کفر کے ساتھ صلح کرو۔ کفر کے نظام کو، قانون کو قبول کرو اور ساتھ ہر قسم کی فحاشی، بدمعاشی اور بے غیرتی کے مظاہرے بھی کرو تو اللہ تعالی خوش ہو کر العیاذ باللہ اپنے عذاب کو اٹھا لیں اور جب کفر کے نظام اور قانون کے خلاف بغاوت کر لو تو اللہ تعالی ناراض ہو کر العیاذ باللہ مسلمانوں پر عذاب کو نازل فرما دیں؟

جواب نمبر۲:

اگر دین کے حکم شرعی کو زندہ کرنے سے آنے والے مصائب اور آلام کا نام عذاب ہے تو پھر حضرات انبیاء علیہم السلام، انکے حواریوں اور حضرت پاک ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین پر جو مصائب آئے انکو کس نام سے پکارا جائے گا۔

جب حضرت پاک ﷺ پر وحی نازل نہیں ہوئی تھی اور آپ نے توحید کا اعلان نہیں فرمایا کفار نے بھی کچھ نہیں کہا مگر جونہی وحی نازل ہوئی اور نبوت ملنے کے بعد توحید کا اعلان فرمایا تو کفار کی طرف سے نہ ختم ہونے والے ایسے مصائب و آلام کا دور شروع ہوا۔ کہ الامان والحفیظ۔

جواب نمبر۳:

مسلمان پر جب کوئی تکلیف آتی ہے وہ بڑی سے بڑی ہو یا چھوٹی سے چھوٹی ہو وہ عذاب ہے یا کفارہ سیئات یا رفع درجات اور بلندی درجات کا ذریعہ اس کے لئے دو اصول ذہن نشین فرمالیں۔

پہلا اصول: اگر تو کوئی شخص الحمد للہ پہلے سے گناہوں سے دور ہو اور اللہ تعالی سے تعلق مضبوط ہو دین پر عمل پیرا ہو اور پھر یہ تکلیف آئے خواہ دین کی وجہ سے یا دنیا کی وجہ سے تو یہ مصیبت اور تکلیف اللہ تعالی کی طرف سے نعمت ہوتی ہے اور بلندی درجات اور اللہ تعالی سے قرب کا ذریعہ ہوتی ہے، جیسے حضرات انبیاء کرام علیہ السلام، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اور اولیاء اللہ۔ اور اگر پہلے گناہ کر رہا ہو اور کسی تکلیف یا مصیبت کے آنے کے بعد گناہوں سے توبہ کرلے تو یہ مصیبت بھی اللہ تعالی کی نعمت ہوتی ہے کیونکہ یہ گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے، جیسے عام گناہ گار بندے جو مصیبت کے بعد توبہ کر لیتے ہیں اور اگر پہلے سے گناہوں میں مبتلا ہوں اور مصیبت کے بعد بھی

گناہوں میں مبتلا رہے تو یہ مصیبت یقیناً اللہ تعالی کی طرف سے دنیا میں عذاب ہے اور اصل عذاب تو آخرت میں ہوگا۔ اللہ تعالی ہم سب کی حفاظت فرمائے۔

دوسرا اصول:

ذہن نشین فرمالیں کہ اجتماعی فریضہ میں سستی کی وجہ سے سزا اجتماعی اور انفرادی عمل میں کوتاہی کی وجہ سے نقصان بھی انفرادی ہوتا ہے اور جہاد فی سبیل اللہ اجتماعی فریضہ ہے لہٰذا اسکو چھوڑنے کے نقصانات اجتماعی اور اسکو کرنے کے فوائد بھی اجتماعی ہوں گے اور ہوئے ہیں۔

ان دو اصولوں کے بعد غور کریں کہ جن ممالک میں جہاد شروع ہوا ہے کیا وہاں اجتماعی طور پر تبدیلیاں آئی ہیں یا کہ نہیں؟

سب سے پہلے مثال تو افغانستان کی ہے جو کہ روس دور میں پوری دنیا میں ہونے والے جہاد کے لئے بنیادی اور اساسی حیثیت رکھتا ہے اور یہ کہنا بالکل بجا ہوگا کہ اس وقت پوری دنیا میں جتنی بھی جہادی تحریکیں سر اٹھا رہی ہیں یہ سب افغان جہاد ہی کی برکت ہے۔

افغانستان میں تو اب خلافت اسلامیہ قائم ہے، قرآن و سنت کا نظام قائم ہے، پورے ملک میں ایک عورت بے پردہ، اور ایک مرد بھی داڑھی منڈھا نہیں، کوئی سینما کوئی ٹی وی نہیں کوئی تصویر حتی کہ جانور کی بھی نظر نہ آئے گی۔

سود کا نظام ختم ہوگیا ہے، خلاصہ یہ کہ پورا دین زندہ ہوگیا ہے الحمد للہ۔

اسکے علاوہ مقبوضہ کشمیر میں غور کریں تو اجتماعی اور مخلوط نظام تعلیم پر پابندی سینما ویران، فحاشی ختم، شراب کے اڈوں کا وجود غائب اور نوجوان مسلمانوں کے چہروں پر مبارک سنت کا نور وغیرہ بالکل نمایاں ہے۔

اس طرح دیگر ممالک بوسنیا اور چیچنیا وغیرہ میں بھی تبدیلیاں آ رہی ہیں میں نے صرف اشارہ کیا ہے۔ اس لئے اس اللہ تعالی کی رحمت کو زحمت اور نعمت کو عذاب کا نام دینا حماقت اور دین سے دوری کی علامت ہے۔ اللہ تعالی ہم کو حق لکھنے حق کہنے اور حق پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆

اعتراض (۳۸)

کشمیر، فلسطین اور چیچنیا وغیرہ دیگر ممالک کی جنگیں کمانڈو اور زیرزمین کاروائیاں ہیں جو کہ مزاج نبوت اور مزاج صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے خلاف ہیں کیونکہ مزاج نبوت تو یہ ہے کہ پہلے کفار کو دعوت دی جائے پھر جزیہ کا مطالبہ کیا جائے اور تیسرے نمبر پر قتال کی باری آتی ہے، مگر یہاں تو نہ ایمان کی دعوت نہ جزیہ کا مطالبہ نہ کھلی آمنے سامنے اور دو بدو جنگ ہے؟

جواب نمبر ۱:

یہ شبہ پیدا ہی اس وجہ سے ہوا کہ میرا نادان معترض دوست مزاجِ شریعت اور مزاجِ نبوت سے واقف ہی نہیں بلکہ اپنی ذہنی اختراع ہی کو مزاجِ نبوت کا نام دینے پر مصر ہے اللہ تعالی اس کج روی سے محفوظ رکھے۔

جہاں تک قتال سے پہلے ایمان کی دعوت جزیہ اور پھر قتال کی بات ہے تو یہ اپنی جگہ پر بحث آ رہی ہے اسکو وہاں دیکھا جائے گا اس مقام پر میں صرف کمانڈو اور زیرِ زمین اور چھاپہ مار کاروائیوں کا ذکر کرتا ہوں۔ اور تمام کاروائیوں میں قتال کے وقت حضرت پاک ﷺ نے ایمان کی دعوت دی نہ جزیہ کی بات کی بلکہ براہ راست کفر کے

سر کو دبوچنے کی فکر فرمائی۔ اس لئے چھاپہ مار کارروائیوں میں جنگ ہی جنگ ہوتی ہے اور بس۔ اور اسی جنگ سے ہی اصل ہدف کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

اصطلاحاً جس کو کہئے کاروائی چھاپہ مار
اس میں تو اعلان اوررخوت ضروری ہی نہیں
کیا خبر اس کو نہیں ہے کس لئے لڑتا ہے وہ
حربی کافر کے لئے دعوت ضروری ہی نہیں

حضرت پاک ﷺ نے مدینہ کے داخلی وخارجی حالات کو درست کرنے کے بعد اپنے جہاد کا آغاز ہی چھاپہ مار کارروائیوں سے فرمایا۔ سب سے پہلے تو آپ ﷺ نے قریش کے تجارتی قافلوں پر حملے کئے تاکہ قریش کی معاشی قوت کو توڑا جا سکے اور اسکو جنگ سے پہلے ایک بہت بڑے نقصان سے دوچار کر دیا جائے۔ اسکے لئے حضرت پاک ﷺ نے باقاعدہ بڑی بڑی جنگوں کو شروع فرمایا تھا۔

اب دیکھئے حضرت پاک ﷺ کے چھاپہ مار دستے ان میں سے بعض پہلے وہ نقل کئے جاتے ہیں جنکی کمان حضرت پاک ﷺ نے خود فرمائی۔

(۱) غزوہ ابواء صفر ۲ھ ساٹھ مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو لے کر حضرت پاک ﷺ نے قریش کے قافلہ اور بنوضمرہ پر حملہ کرنے کے لئے ابواء کی طرف سفر فرمایا۔ پرچم حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا اور مدینہ منورہ میں حضرت پاک ﷺ کے جانشین حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ تھے۔

(۲) غزوہ بواط۔ ربیع الاول یا ربیع الثانی ۲ھ کو دوسو مہاجرین و انصار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو ساتھ لے کر آپ ﷺ بواط مقام کی طرف تشریف لے گئے مدینہ منورہ میں حضرت پاک ﷺ نے حضرت سائب بن عثمان رضی اللہ عنہ کو

اپنا جانشین مقرر فرمایا۔

(۳) غزوہ عشیرۃ: جمادی الاولیٰ ۲ھ میں دو سو مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو ہمراہ لے کر حضرت پاک ﷺ نے قافلہ قریش پر حملہ کرنے کے لئے عشیرہ کی طرف کوچ فرمایا اور مدینہ منورہ میں حضرت ابو اسامہ بن عبد الاسد ؓ کو اپنا نائب مقرر فرمایا تھا۔

(۴) غزوہ صفوان: ۲ھ میں ہی حضرت پاک ﷺ نے کرز بن جابر فہری کے تعاقب میں صفوان کا سفر فرمایا اور مدینہ منورہ میں حضرت زید بن حارثہ ؓ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

اور چند دستے ایسے ہیں جن کو حضرت پاک ﷺ نے اپنے ہاتھوں سے روانہ فرمایا مگر خود مدینہ میں رہے۔

(۱) سریہ حمزۃ بن عبد المطلب: ربیع الاول یا ربیع الثانی ۲ھ کو تیس مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ سفید جھنڈا دے کر ابو جہل کے تجارتی قافلہ پر حملہ کے لئے تاریخ اسلامی کا پہلا امیر لشکر بنا کر مقام عیس کی طرف روانہ فرمایا۔

(۲) سریہ عبیدہ بن حارث بن عبد المطلب: شوال ۲ھ کو حضرت عبیدہ ؓ کے ساتھ ساٹھ یا اسی مہاجرین صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو ابو سفیان کی زیر کمان قریش کے تجارتی قافلہ پر حملہ کرنے کے لئے مقام بطن رابغ کی طرف بھیجا۔

(۳) سریہ سعد بن ابی وقاص: ذو العقدہ ۲ھ میں حضرت سعد ؓ کو بیس مہاجرین صحابہ کے ساتھ قریش کے ایک تجارتی قافلہ پر حملہ کرنے کے لئے روانہ فرمایا۔

(۴) سریہ زید بن حارثہ: جمادی الاخریٰ ۲ھ میں ایک سو صحابہ کے ساتھ

قریش کے تجارتی قافلہ پر حملہ کے لئے کردہ کی جانب روانہ فرمایا۔

جواب نمبر۲:

اس کے علاوہ حضرت پاک ﷺ نے انفرادی طور پر بھی بعض کفار کے سرغنوں اور بعض انتہائی بدفطرت قسم کے شیطانوں حتی کے بعض غلیظ قسم کے بدبودار بوڑھوں اور بعض خبیث الفطرۃ عورتوں کو بھی قتل کروادیا مگر یہ کاروائیاں بھی زیر زمین اور کمانڈو ایکشن کے تحت ہی ہوئیں۔

(۱) ۲۶ رمضان ۲ھ کو حضرت عمیر بن عدی رضی اللہ عنہ نابینا صحابی نے رات کی تاریکی میں عصما بنت مروان زوجہ یزید بن زید یہودیہ عورت کو قتل کیا اور دربارِ نبوت سے بشارت حاصل کی۔

(۲) شوال ۲ھ میں حضرت سالم بن عمیر رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں ۱۲۰ سالہ بوڑھے ابوعفک یہودی کو قتل کروایا۔

(۳) ۱۴ ربیع الاول ۳ھ کو حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے حضرت پاک ﷺ کے حکم مبارک سے ابورافع عبداللہ بن ابی الحقیق یہودی کو قتل کروایا۔

(۴) ۱۴ ربیع الاول ۳ھ کو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں مدینہ منورہ میں یہودیوں کے سردار کعب بن اشرف کو قتل کرایا۔

(۵) ۵ محرم ۴ھ کو حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو خالد بن سفیان ھزلی کو قتل کے لئے حضرت پاک ﷺ نے روانہ فرمایا اور ان کے کامیاب لوٹنے پر ان کو جنت کی بشارت دی اور بطور انعام کے عصا مبارک عنائت فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اسکو پکڑ کر جنت میں چلنا۔

جواب نمبر۳:

حضرت پاک ﷺ کے زمانہ میں ہی ۱۰ھ میں یمن میں اسود عنسی نے نبوت کا دعوی کر دیا۔ نجران پر قبضہ کرلیا پھر صنعاء کی طرف بڑھا اور وہاں کے گورنر حضرت شہر بن باذام رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا اور صنعا پر بھی قبضہ کرلیا اور حضرت شہر بن باذام رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت ازاذ رضی اللہ تعالی عنہا کو زبردستی اپنے حرم میں شامل کرلیا اور اسود عنسی کذاب نے پورے یمن پر قبضہ کرلیا تو حضرت پاک ﷺ کو جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو حضرت پاک ﷺ نے یمن کے اطراف میں ۳ مسلمان تھے ان سب کے نام ایک خط دے کر حضرت وبر بن یحنس رضی اللہ عنہ کو بھیجا جس کا مضمون یہ تھا کہ

''سب مسلمان اپنے دین پر قائم رہیں اور سب مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اسود عنسی کے قتل کے لئے کھڑے ہو جائیں چاہے میدانِ مقابلہ میں اسکو قتل کریں یا چاہے خفیہ طور پر۔''

ان خط کشیدہ الفاظ پر غور فرمائیں گے تو مزاجِ نبوت سمجھنے میں دشواری نہ ہوگی۔

بالآخر حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے اپنی چچا زاد بہن (جو کہ اسود عنسی نے جبرًا اپنے حرم میں رکھی ہوئی تھیں) ازاذ۔ قیس بن بغوث، اور جشیش بن دیلمی کے ساتھ مل کر گوریلا شب خون مارا کہ اسود عنسی کو قتل کر دیا جس سے اسکی حکومت ختم ہوگئی اور مسلمانوں کا اقتدار بحال ہوگیا۔

اس لئے اب بھی ایسی صورت میں کافروں کے تسلط کا شکار ہونے والے مسلمانوں کے لئے شرعی مسئلہ یہی ہے کہ وہ اس تسلط کو قبول نہ کریں بلکہ اس کے خاتمہ کے لئے جو ان کے بس میں ہو کر گزریں اور اس سلسلہ میں انکی جدو جہد کو شرعی جہاد کا درجہ حاصل ہوگا۔

☆☆☆

اعتراض (۳۹)

کشمیر کے جہاد پر عام طور پر ایک یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ کشمیر کے جہاد میں شریک تنظیموں پر ایجنسیوں کا کنٹرول ہے اور وہاں پر عملا پالیسی وہی ہوتی ہے جو ایجنسیاں چاہیں اور ایجنسیاں تو کشمیر کے جہاد میں مخلص نہیں بلکہ یہ چاہتی ہیں کہ یہ کام لگا رہے، مجاہدین مرتے رہیں اور یہ لوگ اپنی تنخواہ کھری کرتے رہیں کیونکہ پاکستان کا ہر حکمران کشمیر کے نام پر اپنی سیاست چمکاتا ہے اگر یہ گورکھ دھندہ ختم ہوگیا تو انکی سیاست بھی ختم ہوجائے گی اور نہ ہی کشمیر کا جہاد علماء کے فتوؤں کی بنیاد پر شروع کیا گیا ہے بلکہ یہ تو ایجنسیوں کی کارستانی ہے۔

جواب:

میں اس اعتراض کے جواب کے لئے اپنے استاد محترم حضرت مولانا زاہد الراشدی صاحب دامت برکاتہم کی من وعن لفظ بلفظ عبارت نقل کرتا ہوں جو کہ اوصاف اخبار کے کالم ''نوائے قلم'' میں شائع ہوئی تھی،

''پاکستان کے بعض علمی حلقوں اور شخصیات کو اشکال ہے کہ کشمیر کا جہاد افغانستان کی طرح نہیں ہے اس لئے کہ افغانستان میں جہاد کا فتوی علماء نے دیا تھا جہادی

گروپ اسکی بنیاد پر روسی استعمار کے خلاف جہاد کر رہے تھے وہ اپنے عمل اور فیصلوں میں آزاد تھے۔

جبکہ کشمیر کا جہاد اس سے قطعی مختلف ہے یہ لوگ اپنے عمل اور فیصلوں میں آزاد نہیں ہیں بلکہ ایجنسیوں کا کنٹرول ان پر حاوی ہے اور کنٹرولر قوت نے خود جہاد کا کوئی اعلان نہیں کیا اس لئے جہاد کشمیر کو افغانستان کی طرح شرعی جہاد کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔

لیکن میرے نزدیک اس کی حیثیت ایک مغالطہ کے سوا کچھ نہیں اس لئے کہ مفروضہ صرف اس وقت قبول کیا جا سکتا ہے جب جہاد کشمیر کا نقطہ آغاز موجودہ جہادی گروپوں کی حالیہ جدو جہد کو قرار دیا جائے جبکہ فی الواقع صورت حال یہ نہیں ہے بلکہ اصل تاریخی تناظر یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کے بعد کشمیری علما نے جن میں امیر شریعت مولانا سید عطا اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبداللہ کفل گڑھی ، مولانا غلام حیدر جنڈالوی، مولانا یوسف خان آف پلندری ، مولانا عبدالحمید قاسمی ، مولانا محمد عبداللہ سیاکھوی، مولانا مظفر حسین ندوی اور دیگر سرکردہ علماء شامل تھے ڈوگرہ حکمران کے تسلط کے خلاف جہاد کا فتوی جاری کیا اور اسکی بنیاد پر خود میدان میں نکل کر آزادی کشمیر کے لئے جہاد کا آغاز کر دیا جس کے نتیجے میں آزاد کشمیر کی موجودہ ریاست قائم ہوئی اسکے بعد نہ ان علماء نے یہ فتوی واپس لیا اور نہ ہی کشمیری عوام آزادی کے مطالبہ اور جدو جہد سے دست بردار ہوئے۔ اس لئے جہاد کشمیر کا موجودہ راؤنڈ اُسی تسلسل کا حصہ ہے اور اس کی شرعی اساس بھی مذکورہ علماء کرام کے اس فتوی پر ہے جس کے ذریعے ڈوگرہ استعمار سے جنگ لڑ کر آزاد کشمیر کا خطہ آزاد کرایا تھا۔

یہی وجہ ہے کہ آج بھی جہاد کشمیر میں زیادہ تر حصہ دینی جماعتوں، دینی مدارس کے طلبہ اور علماء کا ہے جو اصل فریق ہیں اور حکومت پاکستان اور ایجنسیوں کی حیثیت آج

بھی اسی طرح کے معاون کی ہے جس طرح کی معاونت ان کی طرف سے جہاد افغانستان کو حاصل رہی ہے۔ البتہ سرحدی حالات اور علاقائی مجبوریوں کا دائرہ اس سے قطعی مختلف ہے اور وہی فرق بعض ذہنوں کو بلاوجہ الجھن میں ڈالے ہوئے ہے۔

میرا خیال ہے کہ جہاد کشمیر کے بارے میں تحفظات کا اظہار کرنے والے حضرات اس مسئلہ کو وقتی حالات کی بجائے تاریخی تناظر کے وسیع دائرہ میں دیکھیں گے تو ان کا اشکال خود بخود درفع ہو جائے گا۔ اور وہ بھی اس بات کو تسلیم کریں گے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد شرعی جہاد کا درجہ رکھتی ہے۔ جسکی حمایت و امداد ہماری دینی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔

یارو سنی سنائی پہ ہرگز نہ جایئے
کس نے کہا یہ صرف سیاسی فساد ہے
یہ معرکہ ہے کفر اور اسلام کا جناب
کشمیر کا جہاد یقیناً جہاد ہے

☆☆☆

اعتراض (۴۰)

کشمیر کی جنگ تو خالص زمین کی جنگ ہے نہ کہ اسلام کی جب کہ بعض تنظیمیں جے کے ایل ایف اور نیشنل ڈیموکریٹک فرنٹ وغیرہ تو اس کا برملا اعلان بھی کر چکی ہیں کہ ہمیں صرف ہندوستان سے آزادی چاہئے اور بس اور کشمیر پر حکومت صرف کشمیریوں کا حق ہے خواہ کشمیری مسلمان ہو یا ہندو سکھ ہو یا عیسائی۔ تو گویا انکی جنگ کی بنیاد صرف یہ ہے کہ کشمیر پر غیر کشمیری حکمران نہ رہیں تو ان کا جہاد بھی ختم ہو جاے تو آپ بتائیں کہ کیا یہ جہاد اسلامی جہاد ہے؟

جواب نمبرا:

سب سے پہلے تو ہم نہایت اختصار کے ساتھ کشمیر کی تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں اسکے بغیر جہاد کشمیر کو سمجھنا دشوار ہے۔

کشمیر میں مسلمان تاجروں کی آمد ۸۰۰ ء سے شروع ہو چکی تھی لیکن ۱۲۹۵ء میں شیخ شرف الدین عبدالرحمٰن عرف بلبل شاہ تبت کے راستے ۹۰۰ مریدین کے ہمراہ تشریف لائے اور ہزاروں لوگوں نے حضرت کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا تو اس دوران ۱۳۲۵ء میں راجہ رینچن نے اپنی بیوی کوٹا رانی کے ہمراہ حضرت بلبل شاہ کے ہاتھ پر اسلام قبول

کر لیا تو اس کا نام حضرت بلبل شاہ نے صدر الدین رکھ دیا۔

اس طرح ۱۳۲۵ء سے ۱۸۱۸ء تک کشمیر پر اسلام کی حکومت قائم رہی۔ ۱۸۱۹ء میں رنجیت سنگھ نے حملہ کر کے پورے جموں و کشمیر پر قبضہ کر لیا اسی راجہ رنجیت سنگھ کے خلاف حضرت امیر المومنین سید احمد شہید اور حضرت سید اسماعیل شہید رحمتہ اللہ علیہما نے جہاد شروع فرمایا تھا۔

۱۸۱۹ء سے ۱۸۴۵ء تک رنجیت سنگھ، کھڑک سنگھ، رانی چند، کور شیر سنگھ، دلیپ سنگھ حکمران بنے۔ حکومت کے اس آخری دور میں انگریزوں کے خلاف جنگ میں راجہ کو شکست ہوئی اور سکھوں پر باون لاکھ تاوانِ جنگ لازم آیا۔ راجہ رنجیت سنگھ نے اس تاوان جنگ کے بدلہ میں کوہ نور ہیرا اور ریاست جموں و کشمیر انگریز کے حوالے کر دی۔

پھر انگریزوں نے عرصہ بعد راجہ گلاب سنگھ کے ہاتھوں ریاست جموں و کشمیر ۷۵ لاکھ کے عوض فروخت کر دی اور بزور شمشیر گلاب سنگھ کو قبضہ دلوا دیا گیا۔

اسکے بعد مسلمانوں نے ۱۳ جولائی ۱۹۳۱ء کو راجہ ہری سنگھ کے خلاف بغاوت کر دی تو راجہ ہری سنگھ نے ریاست جموں و کشمیر کو انگریز کی امن فوج کے حوالے کر دیا۔ مگر ۱۹۴۰ء سے راجہ کے خلاف بغاوت میں تیزی آگئی اور زیر زمین اور پھر بالائے زمین جہاد شروع ہو گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے مجاہدین نے گلگت، بلتستان اور چلاس کے علاقوں پر قبضہ کر لیا۔

پھر ۱۶ اگست ۱۹۴۷ء کو بارہ مولہ مظفر آباد، میر پور، کوٹلی، پونچھ، راجوری کے مسلمانوں نے اعلان جہاد کر دیا جس سے ڈوگرہ فوج کے پاؤں اکھڑ گئے اس کے ہزاروں فوجی بھی مارے گئے اور بقیہ جموں کی طرف دوڑ گئے۔

بالاخر راجہ ہری سنگھ نے بھارت کے وزیر اعظم مسٹر نہرو کے ساتھ ساز باز کی اور

اپنے بیٹے کرن سنگھ کو حکومت میں ایک عہدہ کی شرط کے ساتھ پورا جموں و کشمیر ہندوستان کی حکومت کے حوالہ کر دیا۔ اور یوں ہندوستان کی کافر حکومت نے اس کشمیر پر قبضہ کر لیا۔

اس تاریخ کا خلاصہ یہ ہے کہ ۱۳۲۵ء سے لے کر ۱۸۱۸ء تک تقریبا پانچ سو سال تک کشمیر پر مسلمانوں کی حکمرانی رہی ہے اور اسکے بعد کفار نے قبضہ کر لیا ہے جسکے خلاف سب سے پہلے حضرت امیر المومنین سید احمد شہید اور انکے خلیفہ اجل حضرت مولانا سید اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہما نے جہاد شروع کیا جو کہ آج تک کسی نہ کسی طرح جاری و ساری رہا اور رہے گا انشااللہ تاوقت یہ کہ کشمیر پر دوبارہ اسلامی حکومت کا پرچم لہرانے لگے۔

اب اس تمہید کے بعد گزارش ہے کہ فقہ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی، کے فقہائے کرام اس بات پر متفق ہیں کہ اگر مسلمانوں کے ملک پر کافر حملہ آور ہوں تو وہاں کے مسلمانوں پر ان سے جنگ لڑنا فرض عین ہے اور اگر وہاں کے مسلمان جنگ نہ لڑیں یا کمزور ہوں اور لڑ نہ سکتے ہوں تو دونوں صورتوں میں ساتھ والے مسلمانوں پر جہاد فرض عین ہو جاتا ہے حتی کہ یہ سلسلہ چلتا ہوا پوری دنیا کے مسلمانوں تک جا پہنچتا ہے۔ اس کے لئے فتاویٰ جات کی بھی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ میرا موضوع نہیں ہے اور یہ فتاوی جات اب عام ہیں۔

جواب نمبر۲:

اور اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ وہاں کے مسلمان تو اپنی زمین کی خاطر لڑ رہے ہیں تو میرا سوال یہ ہے کہ کیا شریعت مطہرہ اسکی اجازت دیتی ہے کہ کافر ہمارے مال و جان اور عزتوں سے کھیلتے رہیں اور ہم بے حس ہو کر بیٹھے رہیں نہیں نہیں بلکہ شریعت

دفاع کا پورا حق دیتی ہے۔ اور اپنی جان، عزت اور مال کی حفاظت کی خاطر لڑتے ہوئے قتل ہو جانے کو شہادت کا درجہ دیتی ہے۔ دیکھیں حدیث شریف میں ہے،

مَنْ قُتِلَ دُوْنَ نَفْسِہٖ فَھُوَ شَہِیْدٌ

جو شخص اپنی جان کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ شہید ہے۔

وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ اَھْلِہٖ فَھُوَ شَھَیْدٌ

اور جو شخص اپنے گھر والوں کی حفاظت کرتا ہوا مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِہٖ فَھُوَ شَہِیْدٌ

اور جو شخص اپنے مال کی حفاظت کی خاطر مارا جائے وہ بھی شہید ہے۔

(احکام القران للجصاص ج ۲)

جواب نمبر ۳:

کشمیر کی تحریک ایک خالص شرعی تحریک ہے اور وہاں کا جہاد خالص شرعی جہاد ہے باقی رہا اعتراض کہ اس میں شامل کئی جماعتیں خود مختاری کی آڑ میں صرف کشمیریوں کی کشمیر پر حکومت کا نعرہ لگاتی ہیں خواہ کشمیر پر ھندو، سکھ، عیسائی ہی کیوں نہ ہو۔ ایک تو الحمدللہ کشمیر میں ان کی بات کا وزن نہیں لوگ اب جہاد کو سمجھ چکے ہیں۔ اور دوسری اہم بات یہ ہے کہ چند لوگوں کے غلط نعرے کی وجہ سے کیا ہم صحیح نعرہ بھی ترک کر دیں گے اگر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ کہ مرزا قادیانی نے چونکہ جھوٹی نبوت کا دعوی کیا ہے لہٰذا میں حضرت پاک ﷺ کی سچی نبوت بھی نہیں مانتا تو کیا یہ بات درست ہوگی اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر چند لوگوں کے غلط نعرے سے ہم سچے لوگوں کے سچے نعروں کا کیسے انکار کر دیں۔

کچھ اس طرح ہے وادیٔ کشمیر کی مثال

جنت اتر کے آئی ہو جیسے زمین پر
شہہ رگ ہماری ہم سے جدا مدتوں سے ہے
پھر بھی تو بل نہیں ہے ہماری جبین پر
جو زمین قبضۂ مسلم میں تھی کبھی
اس کا حصول لازمی ہے مسلمین پر

جواب نمبر۴:

اگر یہ بات طے شدہ ہے کہ کشمیر پر پانچ سو سال تک اسلامی حکومت رہی ہے پھر کفار نے قبضہ کرلیا جس سے کشمیر کو آزاد کرانا ہم سب کا فرض تھا اور ہے تو پھر ہماری کوتاہی کی وجہ سے چند غلط لوگ آگے بڑھ گئے اگر ہم آگے ہوتے تو انکو یہ موقع نہ ملتا یہ بھی تو ہمارا ہی جرم ہے۔

لہٰذا ایسے لوگوں کے لئے میدان خالی چھوڑنے کی بجائے ہمیں آگے بڑھ کر تحریک کو اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش کرنی چاہیے تا کہ یہ تحریک خالص اسلامی تحریک ہی رہے اور یہ جہاد خالص جہاد شرعی ہی رہے اگر چہ وہ پہلے بھی شرعی اور اسلامی ہے مگر میں یہ بات اپنے معترض دوست کی فکر اور سوچ کے مطابق عرض کر رہا ہوں۔

’’عظیم خوشخبری‘‘

اس وقت بحمد اللہ تعالی تقریبا دنیا کے ہر کونے میں جہاد کی آواز لگ رہی ہے مگر میں بطور خاص اس وقت کشمیر میں برسرِ پیکار مجاہدین کو جو کہ عملا غزوہ ہند میں شریک ہیں کو ایک ایسی بشارت سنانا چاہتا ہوں جو کہ عام طور پر کتبِ جہاد میں ذکر نہیں کی جاتی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ھندوستان کا ذکر

فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا

”قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَذَکَرَ الْھِنْدَ یَغْزُوالْھِنْدَ بِکُمْ جَیْشٌ یَفْتَحُ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ حَتّٰی یَاْتُوْ ابِمُلُوْکِھِمْ مُغَلَّلِیْنَ بِالسَّلَاسِلِ یَغْفِرُاللّٰہُ ذُنُوْبَھُمْ فَیَنْصَرِفُوْنَ حِیْنَ یَنْصَرِفُوْنَ فَیَجِدُوْنَ ابْنَ مَرْیَمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِالشَّامِ“

”ایک لشکر تمہیں ساتھ لے کر ہندوستان کے خلاف جہاد کرے گا اور اللہ تعالی اس لشکر کو فتح دے گا حتی کہ یہ لشکر ہندوستان کے بادشاہوں کو (یعنی برسر اقتدار طبقہ کو) ہتھکڑیوں میں جکڑ کر لائیں گے اللہ تعالی ان مجاہدین کے گناہ معاف فرمادے گا اور جب وہ جہاد ہندوستان کی فتح سے فارغ ہوں گے تو وہ مجاہدین حضرت عیسی بن مریم علیہ السلام کو شام میں پائیں گے“۔

بہت سی علامات سے تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ اب عیسی علیہ السلام کے نزول کا وقت بہت قریب ہے اور ہندوستان کا جہاد تو شروع ہے اللہ تعالی ہمیں بھی اسی قافلہ میں شریک فرمادے۔ آمین **یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ**۔

☆☆☆

اعتراض (۴۱)

مجاہدین اپنے ملک کو چھوڑ کر دوسرے ملک میں جا کر جہاد کرتے ہیں تو کیا اپنے ملک میں کفر وشرک اور ظلم وتعدی، فسق وفجور، فحاشی وعریانی اور دوسرے وہ تمام مفاسد ختم ہو گئے ہیں جن کے لئے جہاد شروع ہے، جب اپنے ہی ملک میں جہاد کے اسباب ودواعی موجود ہیں تو پھر اپنے ملک میں پہلے جہاد کرنا چاہیے بعد میں دوسرے ملک میں؟

جواب نمبر ا:

اگر یہ اصول تسلیم کر لیا جائے کہ جب تک اپنے ملک میں کفر وشرک اور دیگر مفاسد ختم نہ ہو جائیں تو دوسرے ممالک میں جہاد نہیں کرنا چاہیے تو یہ اصول صرف جہاد اور مجاہدین کے لئے ہے یا دین کے دوسرے شعبوں اور اسمیں کام کرنے والے صلحاء وعلماء مبلغین وداعیین کے لئے بھی ہے اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو پھر صرف مجاہدین ہی اس کا ہدف کیوں ہیں۔

معذرت کے ساتھ: اپنوں سے جفا اچھا نہیں
دوستو تنقید کا یہ راستہ اچھا نہیں

سار ی ہی دنیامیں کرنا چاہیے احیائے دیں
صرف اپنے ملک پر ہی اکتفا اچھا نہیں

جواب نمبر۲:

میرے خیال کے مطابق ہمارے علماء میں سے تقریباً ۹۵ فی صد علماء وہ ہیں جو اپنے علاقوں کے علاوہ دوسرے علاقوں میں دین کا کام کررہے ہیں تو کیا انکے آبائی علاقوں میں دین کی خدمت ختم ہوگئی ہے یا پھر انکی یہ دینی خدمات خدانخواستہ رائیگاں چلی جائیں گی۔ اس طرح دین کی دعوت وتبلیغ کے لئے دوسرے ملک میں جماعتیں جاتی ہیں یا علما مبلغین باہر تشریف لے جاتے ہیں تو کیا انکے یہ سارے اسفار وغیرہ شرعی اور ناجائز یا خدانخواستہ فضول اور رائیگاں ہیں۔

جواب نمبر۳:

ایک اہم بات یہ ہے کہ ہمارے ملک پاکستان کے حالات تو دوسرے ممالک سے بہت مختلف ہیں، دینی مدارس کو آزادی ہے۔ جہاد کی بات بلکہ ٹریننگ تک کھلے عام ہو رہی ہے، جہاد کے مراکز کھلے ہوئے ہیں اور اس کے علاوہ بلا روک ٹوک دین کے ہر کام کو کیا جارہا ہے اگرچہ کبھی کبھی حکومت کی طرف سے مشکلات بھی کھڑی کردی جاتی ہیں مگر عمومی طور پر حالات ایسے ہیں کہ پاکستان میں مسلح جہاد کے نقصانات زیادہ اور فائدے کم مرتب ہوں گے۔

سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان اس وقت تقریباً پوری دنیا کے اسلامی جہاد کے لئے بیس کیمپ کا کردار ادا کررہا ہے روس جیسی سپر طاقت کو ریزہ ریزہ کردیا گیا اور اسوقت انڈیا کے ٹکڑے ٹکڑے ہونے کو ہیں اور سب کا سب پاکستان کی وجہ سے درجہ اسباب میں ہوا ہے۔

اگر اس وقت پاکستان میں عسکری کاروائیاں شروع ہو جائیں تو اس سے جہاد کشمیر کی تحریک پر بہت منفی اثرات مرتب ہوں گے اور اسلامی امارت افغانستان کے استحکام کو شدید خطرات لاحق ہوں گے اسی قسم کے دیگر خدشات کے پیش نظر پاکستان میں جہاد کی بجائے صرف جہاد کی دعوت اور اسلحہ وغیرہ کی تربیت پر زور دیا جا رہا ہے۔

جواب نمبر۴:

لہذا اگر کسی مصلحت شرعیہ کی بناء پر کسی بھی ملک کے حالات کے مطابق اس ملک میں جہاد نہ کیا جا سکتا ہو تو کیا اس کا یہ مطلب ہے کہ پھر کسی دوسرے ملک میں جہاں ضرورت ہو اور ہم اس ضرورت کو پورا بھی کر سکتے ہوں تو وہاں بھی جہاد نہ کیا جائے۔

یہ اصول، دین تو کیا دنیا کے بارے میں بھی کوئی ذی شعور شخص اپنانے کے لئے تیار نہیں ہے کیا آج تک آپ نے سنا یا دیکھا ہے کہ کوئی شخص مزدوری کرنے کے لئے کسی بھی دوسرے ملک یا علاقہ کا سفر اس وجہ سے نہ کرے کہ میرے اپنے علاقہ اور ملک میں مزدوری نہیں تو دوسرے ملک میں کیوں جائیں۔ یہ اصول نہ تو دنیا کے لئے بیان کیا جاتا ہے اور نہ ہی جہاد کے علاوہ دین کے کسی شعبے کے لئے بیان کیا جاتا ہے مگر جہاد سے چونکہ عداوت اور نفرت ہے لہذا اس کا اظہار تو کسی نہ کسی طرح سے کرنا ہی ہے۔

ملحوظہ:

کفار اگر چہ جہاد کے سخت مخالف ہیں اور سب سے زیادہ کفار کو خطرہ بھی جہاد سے ہے مگر یہ تو انکی بھی خواہش ہے کہ پاکستان کے مجاہدین، پاکستان حکومت کے خلاف اعلان جنگ کریں جس کی وجہ دین سے محبت نہیں بلکہ وجہ صرف یہ ہے کہ اس سے

مجاہدین اپنے ہی ملک میں الجھ جائیں اور دوطرفہ نقصان بھی مسلمانوں کا ہو اور مسلمانوں کا ملک برباد ہو اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مجاہدین اپنے ملک تک محدود ہو جائیں اور دوسرے کفریہ ممالک کے خلاف جنگی طاقت استعمال نہ کرسکیں۔

جواب نمبر۵:

اصل بات تو یہ ہے کہ شریعت مطہرہ کا مزاج یہ ہے کہ انسان موت تک دین میں لگا رہے اور آخرت کی تیاری میں مصروف رہے اور حالات جیسے کیسے بھی ہوں دین کے اعمال اور دین کی فکر سے غافل نہ ہو۔ لہٰذا اس کے لئے جس قدر ہو سکے سرتوڑ کوشش جاری رکھے اور اپنے گھر، خاندان اپنے علاقہ، ملک سے کام شروع کرے اور جہاں اپنے گھر، خاندان علاقہ، ملک میں ممکن ہو محنت کرے اور اگر کوئی صورت اپنے علاقوں میں ممکن نظر نہ آئے تو پھر دوسرے لوگوں، علاقوں اور ملکوں کا رخ کرے اور مناسب حالات کا انتظار کرے۔ یہ ہی مزاج نبوت ہے اور یہی مزاجِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین ہے اور یہی مزاجِ شریعت ہے آپ تاریخِ اسلام اور عہدِ رسالت پر غور کریں گے تو یہ بات کھل کر سامنے آجائے گی۔ خواہ حضرت پاک ﷺ کی مکی زندگی ہو یا مدنی زندگی ہو۔

جواب نمبر۶:

اگر اپنے ملک کی اتنی ہی فکر دامن گیر ہے اور جہاد کا بھی شوق ہے تو پھر میرے دوست یہ کام خود ہی کیوں سرانجام نہیں دے لیتے ہمت کریں شاباش، بڑا مزہ آئے گا، آزمائش شرط ہے، اللہ کریم ہمیں سمجھ دے آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

☆☆☆

اعتراض (۴۲)

بسا اوقات کوئی مجاھد اپنی ہی گولی یا اپنے ہی کسی مجاہد کی غفلت سے اسکے ہاتھوں یا دوران ٹرینگ ہی اپنے گرنیڈ پھٹنے یا گولی لگنے سے قتل ہو جاتا ہے تو مجاہدین اپنی تنظیم کے شہداء میں اضافہ کرنے کے لئے اسکو بھی شہداء کی فہرست میں شمار کرتے ہیں حالانکہ شہید تو وہ ہوتا ہے جو کافروں سے لڑتا ہوا کافروں کے ہاتھ سے قتل ہو۔

جواب:

یہ بات بھی سراسر جہالت پر مبنی ہے۔ روایات میں ایسے واقعات ملتے ہیں کہ کوئی صحابی ؓ اپنی تلوار سے شہید ہو گئے یا کسی اپنے ساتھی کے اسلحہ سے شہید ہو گئے مگر اسکو حضرت پاک ﷺ نے شہداء میں ہی شمار فرمایا اب وہ واقعۃً شہید تھا۔ یا العیاذ باللہ بقول میرے نادان دوستوں کے صرف شہداء کی فہرست میں اضافہ کرنا مقصود تھا اس کا فیصلہ تو آپ اپنے ضمیر سے لیں میرے لئے حضرت پاک ﷺ کا عمل مبارک حجت، دلیل اور سند ہے بلکہ سب سے بڑی سند ہے۔

(۱) غزوہ بدر میں ایک صحابی ؓ شہید ہو گئے تو انکی والدہ حضرت ام حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یا رسول

اللہ ﷺ میرا بیٹا شہید ہوا لیکن ''اَصَابَہٗ سَھْمٌ غَرْبٌ'' اسے نامعلوم سمت سے تیر لگا پتہ نہیں وہ تیر کافر کا تھا یا کسی مسلمان کا اگر وہ جنت میں ہے تو میں صبر کرلوں اور اگر وہ جنت میں نہیں تو پھر میں روؤں۔

حضرت پاک ﷺ نے فرمایا کہ کیسی باتیں کرتی ہو؟

جنت میں تو بڑے درجات ہیں

وَاِنَّ ابْنَکَ اَصَابَ جَنَّتَ الْفِرْدَوْس

تیرا بیٹا تو (سب سے اعلیٰ درجہ) جنت الفردوس میں ہے۔ (صحیح بخاری)۔

(۲) غزوہ خیبر کے موقع پر مرحب یہودیوں کا سردار اور پہلوان میدان میں بلند آواز سے یہ اشعار پڑھتا ہوا نکلا،

قَدْ عَلِمَتْ خَیْبَرُ اَنِّیْ مَرْحَبٗ
شَاکِی السَّلَاحِ بَطَلٌ مُّجَرَّبٗ
اِذَالْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَھَّب

خیبر والے جانتے ہیں میرا نام مرحب ہے میں مسلح ہوں اور تجربہ کار پہلوان ہوں بڑھکتی ہوئی جنگوں کے وقت۔

حضرت عامر رضی اللہ عنہ اسکے مدمقابل یہ اشعار پڑھتے ہوئے نکلے

قَدْ عَلِمَتْ خَیْبَرُ اَنِّیْ عَامِرٌ
شَاکِی السَّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرٌ

خیبر والے جانتے ہیں کہ میرا نام عامر ہے میں مسلح بھی ہوں اور تجربہ کار بھی ہوں۔

حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے مرحب پر وار کیا تو وہ پیچھے ہٹ کر وار بچا گیا مگر حضرت

عامر رضی اللہ عنہ کی تلوار چھوٹی تھی انکے ہی گھٹنے پر آ لگی جس سے حضرت عامر رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے تو بعض لوگوں کی زبان سے نکلا کہ کتنی عجیب بات ہے اپنی تلوار سے مارے گئے مزہ تب ہی آتا جب کسی کافر کی تلوار سے شہید ہو جاتے۔

تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے بھانجے فرماتے ہیں کہ میں بڑا غمزدہ ہوا کہ لوگ میرے ماموں کے بارے میں کیسی باتیں کرتے ہیں شاید واقعۃً ان کے مقام میں کوئی کمی ہو گئی ہو تو حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میرے ماموں اس حالت میں شہید ہوئے ہیں لوگ ایسی باتیں کرتے ہیں تو حضرت پاک ﷺ نے فرمایا، کہ انکو عام شہداء سے دوگنا اجر ملے گا (ایک تو شہادت کا دوسرا انکی شہادت پر لوگوں کی باتیں کرنے کا)۔ (صحیح بخاری)

جو شہادت پا گیا خود اپنے ہی ہتھیار سے
اس کو دگنا اجر بخشا جاتا ہے دربار سے

(۳): غزوہ احد میں مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے وہ چونکہ حضرت پاک ﷺ کے مشابہ تھے اس لئے شیطان نے حضرت پاک ﷺ کی شہادت کی جھوٹی خبر اڑا دی تو مسلمانوں میں اضطراب پھیل گیا اور بدحواس ہو گئے اس بدحواسی میں دشمن دوست کی تمیز بھی ختم ہو گئی حضرت یمان رضی اللہ عنہ بھی اسی کشمکش میں آ گئے اور مسلمانوں ہی کے ہاتھ سے شہید ہو گئے تو مسلمان بہت نادم اور شرمندہ ہوئے اور حضرت یمان رضی اللہ عنہ کے لئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خدا کی قسم ہم نے پہچانا نہیں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ.

اللہ تعالیٰ تم کو معاف کرے وہ سب سے زیادہ مہربان ہے۔

حضرت پاک ﷺ نے دیت دینے کا ارادہ فرمایا مگر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا جسکی وجہ حضرت پاک ﷺ کے دل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی قدر و منزلت بڑھ گئی۔ (فتح الباری ج۷)۔

(۴) افغانستان میں مجاہدین کے معسکر خالد بن ولید، ژاور میں ایک استاد بھائی جمیل عمران سکنہ بن باجوہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے مجاھدین کو گرنیڈ کی ٹرینگ دے رہے تھے کہ گرنیڈ پھٹنے سے شہید ہو گئے عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ شہید ہونے کے فوراً بعد معسکر میں سے عجیب قسم کی بہت خوشگوار خوشبو پھیل گئی اور انکو معسکر ہی میں پہاڑی کے دامن میں معسکر کی مسجد میں جنوب مغرب کی سمت دفن کر دیا گیا اور کئی روز تک آسمان سے انکی قبر تک روشنیوں کی ایک لمبی قطار سی آتی تھی اور پھر اوپر کو چلی جاتی۔

یہ ایسے شہید کی کرامت ہے جو کہ اپنے ہی گرنیڈ سے دنیائے فانی سے رخصت ہوا۔ اللہ تعالیٰ انکے مزید درجات بلند فرمائے۔

یہ کرامت اس بات کی دلیل نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں یہ شہید ہی شمار ہو گا۔ کیونکہ اسمیں اسکے فعل کو دخل نہیں ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۴۳)

مجاہدین جو کہ دین کی حفاظت اور غلبہ اور احکام شریعت کے نفاذ کے لئے جہاد کرتے ہیں مگر جب خود مشکلات میں گھرتے ہیں تو دشمن کے خوف سے اپنی داڑھیاں منڈا لیتے ہیں۔ جب دین کا محافظ دین کی خاطر جان دینے والا ہی ایک سنت کی خاطر جان نہ دے سکے تو پھر دوسرے لوگوں سے کیا توقع کی جا سکتی ہے؟

جواب نمبر ا:

احکامِ شریعت میں سب سے بڑا حکمِ شرعی اللہ تعالیٰ کی ذات پر غیر متزلزل ایمان ہے اور شریعت کی نگاہ میں سب سے بڑا اجرم کفر ہے اور جب جان کے چلے جانے کا خدشہ ہو یا جسم کے کسی عضو کی ہلاکت کا خطرہ ہو تو زبان سے کفر کا اظہار کرنا جائز ہے، بشرطیکہ دل میں ایمان موجود ہو اور دل مطمئن ہو۔

اس طرح شریعت کی نگاہ میں ناقابل معافی جرم حضرت پاک ﷺ پر سبّ وشتم اور گالی گلوچ کرنا یہ اتنا بڑا اجرم ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر حضرت پاک ﷺ نے سب کے لئے عام معافی کا اعلان فرمایا تھا مگر پندرہ آدمیوں کے بارے میں حکم تھا کہ جہاں

ملیں قتل کر دئے جائیں ۔ جبکہ ان میں بعض عورتیں بھی شامل تھیں اور ان میں سے عبداللہ بن خطل کو اس حالت میں قتل کرنے کا حکم صادر فرمایا جب وہ بیت اللہ کا غلاف پکڑے گڑگڑا کر رو رہا تھا۔

مگر اپنی جان یا کسی عضو کے ہلاکت کا خطرہ ہو اور کفار مجبور کریں تو اس کی شریعت نے اجازت دی ہے۔

دلیل نمبر ا:

اسکے لئے واقعہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ انکے صاحبزادے حضرت محمد بن عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو مشرکین نے پکڑ لیا،

فَلَمْ یَتْرُکُوْہُ حَتّٰی سَبَّ النَّبِیَّ ﷺ وَ ذَکَرَ اٰلِھَتَھُمْ بِالْخَیْرِ ثُمَّ تَرَکُوْہُ.

یعنی اس وقت تک نہیں چھوڑا جب تک کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت پاک ﷺ کے خلاف نازیبا کلمات اور بتوں کی تعریف نہ کی حضرت پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا قصہ سنایا تو حضرت پاک ﷺ نے فرمایا۔

فَکَیْفَ تَجِدُ قَلْبَکَ کہ تمہارے دل کی حالت کیسی تھی، تو انہوں نے عرض کیا **مُطْمَئِنًّا بِالْاِیْمَانِ** کہ دل تو ایمان ہی کے ساتھ مطمئن تھا تو حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا **فَاِنْ عَادُوْا فَعُدْ** اگر کفار دوبارہ تمہیں گرفتار کریں تو تم بھی دوبارہ اسی طرح کے کلمات کہہ کر جان بچا لینا۔ (الجوھرة النیرة)۔

اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی۔

مَنْ کَفَرَ بِاللّٰہِ مِنْ بَعْدِ اِیْمَانِہٖ اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ وَقَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ وَ لٰکِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْکُفْرِ صَدْرًا فَعَلَیْھِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰہِ وَلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ

(سورة النحل)

جو کوئی منکر ہوا اللہ کا اس پر یقین لانے کے بعد مگر وہ نہیں جس پر زبردستی کی گئی اور اس کا دل برقرار ہے ایمان پر لیکن جو کوئی دل کھول کر منکر ہوا سو ان پر غضب ہے اللہ کا اور انکو بڑا عذاب ہے۔

دلیل ٢:

اسی طرح حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی جب تشکیل ہوئی کہ وہ کعب بن اشرف یہودی کو خفیہ طور پر قتل کر دیں تو انہوں نے حضرت پاک ﷺ سے عرض کیا حضرت اس بدبخت کو اپنے شکار میں پھنسانے کے لئے اگر آپ ﷺ کی ذات بابرکت کی شان کے خلاف نازیبا الفاظ کہنے پڑیں تو اجازت ہے حضرت پاک ﷺ نے فرمایا ہاں اجازت ہے۔

دلیل نمبر ٣:

اسی طرح دیکھئے ایمان کے بعد ارکان اسلام میں فرائض میں سب سے اہم رکن اور فریضہ نماز ہے مگر جہاد کے موقع پر اگر ایسا موقع پیش آجائے کہ مجاہد سواری سے نیچے اتر کر نماز نہ پڑھ سکتا ہو تو اجازت ہے کہ سواری پر پڑھ لے اور سواری سے اتر کر اگر خدشہ ہو کہ قبلہ رو ہو کر نماز پڑھی تو دشمن عقب سے حملہ آور ہو سکتا ہے تو اجازت ہے کہ قبلہ سے رخ پھیر لو۔

اور تو اور اگر یہ خدشہ ہو کہ نماز پڑھیں گے تو دشمن حملہ آور ہو کر کام تمام کر دے گا تو شریعت نے اس بات کی بھی اجازت دی ہے کہ نماز کو قضا کر دو مگر جہاد کو موخر نہ کرو۔

جیسا کہ غزوہ خندق میں حضرت پاک ﷺ کی ایک نمازِ عصر یا بعض روایات کے مطابق چار نمازیں قضاء ہوگئیں۔

اسی طرح رمضان مبارک کے روزے جو کہ نماز کے بعد سب سے اہم رکن ہیں کے بارے میں حکم ہے کہ اگر روزہ کی وجہ سے ضعف پیدا ہو اور دشمن کے مقابلہ کی سکت نہ ہو تو روزے قضاء کرنے کی اجازت ہے مگر جہاد کو موخر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

جب جانی ہلاکت کے خوف سے زبان سے کلمہ کفر اور حضرت پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے اور جہاد پر مشکلات کی بنا پر نماز اور روزہ کے چھوڑنے یعنی موخر کرنے اور قضاء کرنے کی اجازت ہے تو پھر اگر جان کا خطرہ ہو تو اس داڑھی کو ختم کرانے میں جس کی وجہ سے شناخت ہو کر پکڑا جانے کا خطرہ ہو کی اجازت ہونے میں کیا تردد ہو سکتا ہے۔

گرم ہو جس وقت میدانِ جہاد
تو نمازوں کا قضا کرنا روا
حضرت محبوبِ حق کی شان میں
جب بظاہر ہو جفا کرنا روا
کیوں نہ ہوتا جان کے پھر خوف سے
ریش نذرِ استرا کرنا روا

ایک قابل غور پہلو یہ ہے کہ کلمہ کفر جان یا جس کے کسی ایک حصہ کی ہلاکت کی وجہ سے عام آدمی کے لئے جائز ہے حالانکہ یہ تو اسکی ذات کا مسئلہ ہے جب کہ مجاہد کا معاملہ تو اس سے بہت مختلف ہے کیونکہ مجاہد کی ذات کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کی زندگی سے ہزاروں زندگیاں وابستہ ہیں اس لئے اسکے لئے اسمیں تردد اور شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔

ہاں اس کا فیصلہ تو مجاہد ہی کر سکتا ہے کہ اسکو کیسے حالات در پیش ہیں مگر دل کی کیفیت کا خیال کرنا چاہیے دل میں حضرت پاک ﷺ کی سنتِ مبارکہ سے محبت ہو اور اسکے صاف کرنے کا غم اور دکھ ہو۔

جیسا کہ بعض عرب مجاہدین کو دیکھا گیا ہے جب افغان جہاد کے بعد واپس اپنے ملکوں کو جانے لگے خصوصا مصر کے عرب تو اپنی ایک مٹھی بھر داڑھی جو کہ چہرے کی زینت اور باغ نبوت کے پھول تھے کراچی میں صاف بھی کروا رہے تھے اور آنکھوں سے آنسو بھی جاری تھے۔ انشااللہ یہ آنسو بھی صدر حسنی مبارک کے لئے سیلاب بن جائیں گے۔ اللہ تعالی ہمارے دین کی حفاظت فرمائے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

تنبیہ:

داڑھی کے بارے میں عام تاثر یہ ہے کہ یہ سنت ہے اور بالوں کی اتنی لمبائی کافی ہے جس سے دیکھنے والا یہ کہہ سکے کہ فلاں شخص نے داڑھی رکھی ہوئی ہے جیسے کہ مودودی کا نظریہ تھا۔

مگر یہ بات درست نہیں پہلی بات تو یہ کہ داڑھی واجب ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ داڑھی کی مقدار جو مٹھی سے بھی کم ہو یہ استرے کے حکم میں ہے استرے کے ساتھ مونڈی ہوئی یا اپنی مٹھی سے کم کرائی اور تراشی ہوئی داڑھی کے جرم اور گناہ ہونے میں کوئی فرق نہیں۔ بلکہ مٹھی سے کم داڑھی رکھنا اور سنت سمجھنا یہ تو استرے کے ساتھ مونڈی ہوئی داڑھی سے بڑا جرم ہے کیونکہ یہ ظالم ایسی داڑھی کو داڑھی سمجھ رہا ہے جس کو شریعت داڑھی نہیں مانتی اور یہ ظالم حکمِ شرعی کو تبدیل کر رہا ہے ایسے شخص کے تو ایمان میں خطرہ محسوس ہوتا ہے۔

لہذا جب یہ اپنے جرم کو جرم نہیں سمجھ رہا تو یہ توبہ بھی نہیں کرے گا اور زندگی بھر اللہ

تعالیٰ کی نافرمانی کرتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین کی صحیح فہم اور عمل کی توفیق عنایت فرمائیں۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

☆☆☆

اعتراض (۴۴)

مجاہدین مہمانوں کی آمد پر اسلحہ سے استقبال کرتے ہیں کیا شریعت سے اس کا ثبوت ہے؟

جواب نمبرا:

ہاں ہاں بالکل ثبوت ہے دیکھئے حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں،

لَمَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الْمَدِیْنَةَ لَعِبَتِ الْحَبْشَةُ لِقُدُوْمِہٖ فَرُحاً بِذٰلِکَ لَعِبُوا بِحَرَابِھِمْ (سنن ابی داود ج۶ ص ۱۹۳)

جب حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو حبشہ کے لوگوں نے اس خوشی میں (اس وقت کے اسلحہ) نیزہ بازی کے جوہر دکھائے۔

جواب نمبر۲:

ویسے بھی یہ اصول اور مشاہدہ ہے کہ مہمان کی آمد پر تمام لوگ اپنے اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں اگر کسی مدرسہ میں کوئی مہمان آئے گا تو اہل مدرسہ بچوں سے قرآن سنوائیں گے، اگر کسی کلب میں جائے گا تو مہمانوں کے سامنے وہاں کا کھیل پیش کیا جائے گا اگر کسی ہوٹل میں جائے گا تو وہاں ہوٹل کی معیاری ڈشیں پیش ہوں گی اسی

طرح مجاہدین اپنے فن حرب وضرب سے مظاہرہ کرتے ہیں تو یہ عام معاشرہ کے دستور کے مطابق ہے اور طبائع کے موافق بھی۔

جواب نمبر۳:

اسلحہ کے استقبال سے جہاں مجاہدین کو خوشی ہوتی ہے وہاں کفر پر رعب پڑتا ہے کیونکہ کفر اگر چہ براہ راست یہ کاروائی نہ دیکھے تو بھی اسکے ایجنٹ خبریں تو دیتے ہیں اور مجاہدین کی خوشی پر کفر جل مرتا ہے۔

جواب نمبر۴:

اسی طرح بہت سے لوگ اسلحہ سے مانوس ہوتے ہیں اور نئے حضرات جو اسلحہ سے دور رہنے کی وجہ سے خوف و ہراس کا شکار ہو جاتے ہیں یہ اسلحہ کے ساتھ استقبال کرنا انکی ہمت بڑھاتا ہے اور دل کے روگ بزدلی کو بھی دور کرتا ہے۔ اسکے علاوہ اس میں اور بہت سی حکمتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اسلحہ کے ساتھ محبت عطاء فرمائیں۔ آمین، یا رب العالمین۔

جن کے دل خائف رہیں ہتھیار سے
جانے پھر اس قوم کا کیا حال ہو
جب کہ مہماں بن کے آئے مردِ حق
اسلحے سے کیوں نہ استقبال ہو

☆☆☆

اعتراض (۴۵)

اگر اپنی جان، مال کا دفاع کرنا واجب ہے تو پھر حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے ھابیل نے اپنا دفاع کیوں نہ کیا کیونکہ انکے بھائی قابیل نے انکو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو ھابیل نے فرمایا تھا۔

لَئِنْ بَسَطتَّ اِلَیَّ یَدَکَ لِتَقْتُلَنِیْ مَااَنَا بِبَاسِطٍ یَدِیَ اِلَیْکَ لِاَ قْتُلَکَ

اگر تو ہاتھ چلائے گا مجھ پر مارنے کو میں نہ ہاتھ چلاوں گا تجھ پر مارنے کو۔

جواب نمبر ۱:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ مفسر قرآن فرماتے ہیں کہ حضرت ھابیل کا اس کلام کا مقصد یہ ہے کہ تمھارے دل میں میرے قتل کا ارادہ ہو تو بھی میں تمھارے قتل کا ارادہ نہیں رکھتا۔ اس کا یہ مطلب لینا کہ اگر تم مجھے قتل کروگے تو میں دفاع بھی نہ کروں گا سراسر غلط ہے۔

جواب نمبر ۲:

اور اگر یہ مطلب بھی لیا جائے کہ تم مجھے قتل کرو تو میں دفاع بھی نہ کروں گا تو ہم یہ کہیں گے یہ حکم اور مسئلہ پہلی شریعتوں میں ہوگا جو کہ اب منسوخ ہوگیا۔

فائدہ:

حضرت ہابیل کو ایسی حالت میں قتل کیا گیا کہ وہ سوئے ہوئے تھے۔

☆☆☆

اعتراض (۴۶)

بسا اوقات کسی علاقہ میں کوئی شہید آتا ہے اور اسکے بدن سے خوشبو نہیں آتی تو لوگ اس پر اعتراض کرتے ہیں کہ یہ شہید نہیں ہے کیونکہ اگر یہ حقیقی شہید ہوتا تو اس کے جسم سے خوشبو بھی آتی۔

جواب نمبر ا:

پہلی بات تو یہ ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ شہید کے جسم سے جو خوشبو آتی ہے وہ شہید کی کرامت ہے اور کرامت تو اللہ تعالی کا فعل ہوتا ہے جو کہ بندہ کے ہاتھ پر ظاہر ہوتا ہے اور اسمیں بندے کا کوئی دخل نہیں ہوتا اسلئے کسی شہید کے جسم سے خوشبو کا نہ آنا اسکی شہادت میں نقص کی علامت نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ کرامت اس شہید پر ظاہر نہیں ہوئی۔

جواب نمبر ۲:

دوسری بات یہ کہ شہید کے جسم سے خوشبو کا لازمی طور پر آنا نہ تو شہادت کی قبولیت کی علامت ہے نہ ضروری اور نہ ہی کسی حدیث سے شہادت کے فضائل میں یہ وارد ہے کہ شہید کے جسم سے ضرور خوشبو آئے گی۔

جواب نمبر۳:

تیسری بات یہ ہے کہ شہید کے جسم سے خوشبو تو کجا شہید کے بدن کا سالم رہنا بھی ضروری نہیں کیونکہ بدن کا سالم رہنا اور اسکو مٹی کا نہ کھانا یہ صرف اور صرف انبیاء علیہم السلام کی خصوصیت ہے اس لئے انبیاء کے علاوہ کسی اور کے (خواہ وہ شہید ہو یا صالح شخص) بدن سے خوشبو کا نہ آنا یا اسکے جسم کا مٹی میں مل جانا اور خاک ہو جانا نہ شہادت کے منافی ہے نہ ہی ولایت کے منافی ہے۔

اس لئے کسی شہید کے بدن سے خوشبو نہ آئے یا کسی شہید کا بدن تعفن زدہ ہو تو اس سے شبہ پیدا نہ ہونا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دین کی سمجھ دے، آمین یَـــــارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

☆☆☆

اعتراض (۴۷)

عام طور پر ایک بات یہ کی جاتی ہے کہ اسلحہ لگا کر مسجد میں نہ آنا چاہیے کیوں کہ اس سے لوگ خوف کریں گے تو مسجد میں نماز با جماعت ترک کر کے گناہ گار ہوں گے اور اگر مسجد میں اسلحہ لایا گیا تو ذہن اسلحہ کی طرف منتقل ہوگا جس سے نماز میں خشوع و خضوع ختم ہو جائے گا۔

جواب نمبرا:

اللہ اکبر، دین سے کس قدر دوری ہے اور اسلحہ سے کس قدر نفرت ہے۔ اصل میں تو یہ سوال اس لئے پیدا ہوا کہ امت نے اجتماعی طور پر اسلحہ کو زیب تن کرنا ترک کر دیا ورنہ یہ ذہن میں وسوسہ کبھی کھٹکتا بھی نہ۔ اس کا اصل حل تو یہ ہے کہ اسلحہ اس قدر عام کر دیا جائے کہ ہر نمازی کے کندھے کی زینت ہو جس طرح ہر نمازی کے سر پر ٹوپی یا عمامہ ہوتا ہے اس طرح ہر نمازی کے کندھے پر اسلحہ سجا ہوا ہو۔

کیونکہ اس طرح اسلحہ کے عام ہونے سے اسلحہ سے نفرت اور وحشت ختم ہو گی پھر کوئی بھی نمازی صرف اسلحہ کے ڈر سے نماز با جماعت چھوڑ کر گناہ گار نہ ہوگا اور نہ ہی اسلحہ کو دیکھ کر اسلحہ کی طرف ذہن منتقل ہونے سے نماز کے خشوع وخضوع میں کمی واقع

ہوگی۔ کیونکہ جب ایک چیز رواج پا جاتی ہے تو پھر اس سے ذہن کو خدشات بھی لاحق نہیں ہوتے اور طبیعت کو وحشت بھی نہیں ہوتی۔

مسجد و محراب و منبر ہو کوئی کہ خانقاہ
اسلحے کا خوف اب دل سے نکلنا چاہیے
اسلحہ تو مردِ مومن کے لئے زیور ہے دوست
اسلحے سے لیس ہو کر ہم کو چلنا چاہیے

آپ دیکھیں اس وقت بھی پاکستان میں ہی قبائل کے لوگوں کے پاس کس قدر اسلحہ ہے وہ نماز میں بھی اسلحہ ساتھ رکھتے ہیں اور نہ نمازی کم ہوتے ہیں اور نہ انکے خشوع وخضوع میں کمی آتی ہے۔

اسلئے ہم بجائے اسکے کہ اسلحہ چھوڑنے کی ترغیب دیں کہ اس سے وحشت ہوتی ہے، بلکہ اسلحہ رکھنے کی ترغیب دیں تاکہ اسلحہ سے وحشت ختم ہو جائے۔

مثال:

اسکی مثال تو ایسے ہے کہ ہمارے ملک میں اگر کسی گھر میں کوئی مجاہد یا مولانا صاحب تشریف لے آئیں تو چھوٹے بچے داڑھی دیکھ کر ڈر جاتے ہیں تو اسکا ایک حل تو یہ ہے (جو کسی طرح بھی جائز نہیں) کہ العیاذ باللہ داڑھی والے لوگ داڑھی منڈوانا شروع کریں کہ اس سے بچوں کو ڈر لگتا ہے اور دوسرا حل یہ ہے کہ مقامی حضرات داڑھی رکھنا شروع فرما دیں تاکہ بچے داڑھی سے اسقدر مانوس ہو جائیں کہ داڑھی منڈھوں سے انکو وحشت نہ ہو جیسے ایک واقعہ سنا ہے نامعلوم کہاں تک صحیح ہے کہ افغانستان میں جہاد کے دوران انگریز عیسائی وہاں گئے تو بچے جمع ہو گئے اور ان کا مذاق اڑانے لگے کہ یہ کون سی مخلوق آ گئی ہے ان گوروں نے لوگوں سے اس کی وجہ پوچھی تو بتایا گیا کہ

ان کے نزدیک بغیر داڑھی کے مرد کا تصور ہی نہیں ہے اس لئے وہ تم پر تعجب کر رہے ہیں کہ تم انکی نظر میں نہ مرد ہو نہ عورتیں۔

جواب نمبر۲:

اب اس بارے میں حضرت پاک ﷺ کا مبارک عمل دیکھیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل مبارک بھی، تو بات ذہن میں صاف ہو کر اتر جائے گی۔

حضرت پاک ﷺ نے مسجد میں اسلحہ کو لانے کا ادب یہ بیان فرمایا

عَنْ بُرْدَۃَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَنْ مَّرَّ فِیْ شَیْئٍ مِنْ مَسَاجِدِ نَا اَوْاَسْوَاقِنَابِنَبَلٍ فَلْیَاْخُذْ عَلٰی نِصَالِھَا لَا یَعْقُرُ بَکَفِّہٖ مُسْلِمَا

(صحیح بخاری، ج ۱)

کہ جو شخص تیر لگا کر مسجد میں آئے تو اس کو چاہئے کہ وہ اسکے پھل پر کوئی چیز باندھ لے تاکہ کوئی زخمی نہ ہو۔

جواب نمبر۳:

بلکہ حضرت پاک ﷺ کے زمانہ مبارکہ میں مسجد میں اسلحہ کی خیرات ہوئی تھی،

عَنْ رَسُوْلِ اللہِ ﷺ اَنَّہٗ اَمَرَ رَجُلًا کَانَ یَتَصَدَّقُ بِالنَّبْلِ فِی الْمَسْجِدِ اَنْ لَّایَمُرَّبِھَا اِلَّا وَھُوَاٰخِذٌ بِنَصُوْلِھَا (صحیح مسلم ج ۲).

ایک صحابی مسجد میں تیر صدقہ کر رہے تھے۔ حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان کے پھلوں کو پکڑ کر رکھو تاکہ کوئی زخمی نہ ہو۔

بلکہ حضرت پاک ﷺ نے عید الاضحیٰ کا خطبہ کمان پر ٹیک لگا کر دیا۔

(مصنف عبدالرزاق ج ۳)

جواب نمبر۴:

اس سے بڑھ کر یہ کہ حضرت پاک ﷺ کے مبارک دور میں صحابہ رضی اللہ عنہم تو مسجد میں اسلحہ کی تربیت اور مشق فرمایا کرتے تھے۔ حضرت ام المومنین میری امی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں،

لَقَدْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ یوماً عَلٰی بَابِ حُجْرَتِی وَالْحَبْشَۃُ یَلْعَبُوْنَ فِیْ الْمَسْجِدِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ یَلْعَبُوْنَ بِحَرَابِھِمْ (صحیح بخاری، ج ۱)

کہ ایک دن حبشہ کے لوگ مسجد میں نیزہ بازی کی مشق کر رہے تھے اور حضرت پاک ﷺ میرے حجرہ کے دروازہ پر کھڑے ان کو ملاحظہ فرما رہے تھے۔

جواب نمبر ۵:

فقہاء نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ جو علاقے جہاد سے فتح ہوئے وہاں خطیب اپنے ہاتھ میں تلوار لے کر خطبہ دے لوگوں کو یہ جتانے کے لئے کہ یہ علاقہ تلوار سے فتح کیا ہے اگر لوگ اسلام سے پھرتے ہیں تو یہ سوچ لیں کہ ابھی تک مسلمانوں کے ہاتھ میں یہ تلوار موجود ہے جو اسلام سے انحراف کرنے والوں کا دماغ درست کر دے گی۔ تفصیلات کے لئے دیکھئے (فتاوی هندیه ج ۱)

اب اگر علماء وصلحاء بجائے ہاتھ میں تلوار لے کر خطبہ دینے کے تلوار کو ہی علم کی توہین سمجھنے بلکہ بیان کرنے لگیں اور تلوار کو اخلاق اور زہد وتقویٰ کو ضد قرار دیں اور اسلام کے راستہ کی رکاوٹ سمجھنے لگیں تو پھر کفر نہیں پھیلے گا تو کیا پھیلے گا؟

اس لئے میرے محترم قارئین آئیں ہم کوشش بھی کریں اور دعا بھی کریں کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے دلوں میں دین کے لئے اسلحہ کی اتنی محبت ڈال دے جتنی زندہ رہنے کے لئے زندگی کی۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

اعتراض (۴۸)

اگر ہم اپنے بدن سے اسلحہ لگا کر پھریں گے تو اس سے اسلام کے بارے میں لوگوں کے ذہن میں غلط تصویر آئے گی اور لوگ اسلام سے وحشت اور نفرت کریں گے اور کافر لوگوں کو ایک بہانہ مل جائے گا یہ اعتراض کرنے کا کہ اسلام ایک غیر مہذب دین ہے؟

جواب نمبر ۱:

ہمارے لئے ہر ایک مسئلہ میں حضرت پاک ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل ہی حجت ہے۔ تو دیکھئے کہ حضرت پاک ﷺ باوجود کہ تمام لوگوں میں سب سے زیادہ بہادر ہیں مگر پھر بھی اسلحہ اپنے پاس رکھتے تھے۔

روایات میں ایک مرتبہ مدینہ والے رات کے وقت کسی آواز کی وجہ سے خوف زدہ ہو گئے اور سب اس آواز کی طرف نکلے تو حضرت پاک ﷺ سب سے آگے تھے اور لوگوں کو تسلی دے رہے تھے اس وقت آپ ﷺ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ننگی پشت پر سوار تھے اور آپ ﷺ کی گردن مبارک میں تلوار لٹک رہی تھی۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۴۰۷)

اور اس بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل کیا تھا۔ اسکے لئے دیکھیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اپنے قیدیوں کے مذاکرات کے سلسلہ میں شاہ روم کے پاس تشریف لے گئے جب آپ بادشاہ کی رہائش گاہ کے قریب پہنچے تو کفار کے لشکر کے سردار نے کہا کہ اب تم لوگ بادشاہ کی رہائش گاہ تک پہنچ گئے ہو لہذا اب گھوڑوں سے اتر جاو اور اپنی تلواریں یہیں رکھ دو۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جواب میں فرمایا، گھوڑوں سے تو اتر جائیں گے لیکن تلواریں ہم کبھی نہیں رکھیں گے کیونکہ تلوار ہماری عزت ہے کیا ہم اس عزت کو اتار دیں جس کے ساتھ ہمارے نبی ﷺ کی بعثت ہوئی (فتوح الشام)

فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ جب تلوار سمیت شاہی محل میں داخل ہونے لگے تو شاہی محافظوں نے آپ کے گلے سے تلوار لینے کی کوشش کی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں واپس چلا جاؤں گا مگر بغیر تلوار کے داخل نہ ہوں گا۔ تم جانتے نہیں کہ ہم وہ لوگ ہیں جنکو اللہ تعالی نے اسلام سے عزت بخشی ایمان کے ذریعہ نصرت عطا فرمائی اور تلوار کی برکت سے ہم کو مضبوط کیا اور یہی تو وہ تلواریں ہیں جن کے ذریعہ ہم نے اہل شرک اور سرکش لوگوں کے دماغ درست کئے ہیں۔ (فتوح مصر)

جواب نمبر۲:

اگر ہم اسلحہ کو چھوڑ دیں اور اسلحہ کے بغیر چلے پھریں تو یہ کفار کی دلی خواہش ہے، قرآن کریم چیخ چیخ کر کہہ رہا ہے۔

وَدَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِکُمْ وَاَمْتِعَتِکُمْ فَیَمِیْلُوْنَ عَلَیْکُمْ مَّیْلَةً وَّاحِدَةً

کافر چاہتے ہیں کسی طرح تم بے خبر ہو اپنے ہتھیاروں اور اسباب سے تاکہ تم پر

حملہ کریں یکبارگی (تفسیر عثمانی)۔ اس لئے مسلمانوں کو حکم ہے ''وَلْیَاْخُذُوْا حِذْرَھُمْ وَاَسْلِحَتَھُمْ'' کہ مسلمان احتیاط بھی کریں اور ہتھیار بھی پاس رکھیں۔ اب آپ فیصلہ فرمائیں کہ کیا ہم اسلحہ کے بغیر زندگی گزار کر اللہ تعالی کو خوش کر رہے ہیں یا کفار کی دلی تمنا پوری کر رہے ہیں۔

اور بدتر بات یہ ہے کہ کفار اس پر بھی راضی نہیں اور نہ ہی راضی ہوں گے کیونکہ قرآن کریم کہہ رہا ہے کہ کافر تو تب راضی ہوں گے جب تم اسلام اور ایمان چھوڑ کر کفر کی تاریک وادیوں میں داخل ہوجاو گے .

جواب نمبر۳:

میں کہتا ہوں کہ اصل بات یہ ہے کہ ہمارے اپنے اندر بزدلی کا مرض اس قدر سرایت کر چکا ہے کہ الامان والحفیظ چاہیے تو یہ تھا کہ ہم اپنی بزدلی کو دور کرتے اور وہ دور ہوتی ہے میدان جنگ میں کیونکہ شجاعت خیراتی پلیٹ میں کسی دربار پر تو تقسیم نہیں ہوتی۔ آؤ میرے دوستو بزرگو اس میدان کا رخ کرلیں جو ہمیں حضرت پاک ﷺ دکھا کر گئے تھے اے اللہ ہم سب کو میدان جہاد میں نکلنے کی توفیق دے اور ہمارے اندر سے بزدلی کو نکال دے، آمین، یارب العالمین۔

ارشادات

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے ''تمہیں پتہ نہیں کہ ہم وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے اسلام سے عزت دی ایمان کے ذریعہ نصرت عطاء فرمائی اور تلوار کی برکت سے ہم کو مضبوط کیا اور یہی وہ تلواریں ہیں جن کے ذریعہ سے اہلِ شرک اور سرکش لوگوں کے دماغ درست کرڈالے۔ (فتوح مصر)

سیف اللہ، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی

(تم جانتے نہیں) ہم وہ لوگ ہیں جو اپنی تلواریں غیروں کو نہیں دیا کرتے اور تم کو یہ بھی اچھی طرح معلوم ہونا چاہیے کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تلوار کے ساتھ ہوئی اور یہ تلوار ہم کو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہنا کر گئے ہیں پس جو شرف ہمیں ہمارے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا اسے ہم اپنے سے جدا ہرگز نہیں کر سکتے۔ (فتوح الشام)

تاریخ اسلام کے جرنیل اور فاتح القدس کمانڈر صلاح الدین ایوبی کا ارشاد

''میں نہیں جانتا کہ اسلام تلوار سے پھیلا یا اخلاق سے مگر میں اسلام کے تحفظ کے لئے تلوار ضروری سمجھتا ہوں''۔

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ کا ارشاد

''بنی نوع انسان کی طبائع یکساں نہیں، کسی کے لئے خدا نے کتاب اتاری اور کسی کے لئے لوہا اتارا'' (سیرت المصطفی)۔

سجتا اسی پھول سے اسلام کا گلشن
یعنی ہے جہاد اصل میں ایمان کی زینت
تلوار سے ملتا نہیں وحشت کا تصور
تلوار تو ہے مردِ مسلمان کی زینت

☆☆☆

قابل رشک نمازی

قابل رشک ہے ایسا نمازی جس نے مسواک کے ساتھ وضو کیا ہو کہ اس سے ستر گنا نماز کا اجر بڑھ جاتا ہے،

اور جسکے کاندھے پر تلوار لٹکی ہو یا پسٹل یا خنجر کمر سے باندھا ہو کیونکہ اسلحہ کے ساتھ نماز کا اجر ستر گنا بڑھ جاتا ہے اور

جسکے سر پر عمامہ ہو کیونکہ پگڑی باندھ کر نماز پڑھنے سے نماز کا اجر ستر گنا بڑھ جاتا ہے۔ (**ابن اسحاق ، دیلمی**) اور

جس نے جماعت کے ساتھ نماز ادا کی ہو کہ اس سے نماز کا ستائیس گنا اجر بڑھ جاتا ہے میری گزارش ہے کہ ذرا کیلکو لیٹر نکالیں اور ضربیں دینی شروع کیجئے۔

70×70×70×27×49,000000

ستر ضرب ستر ضرب ستائیس ضرب انچاس کروڑ

ذَالِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَشَاءُ۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہے عطا فرمائے۔

☆☆☆

اعتراض (۴۹)

ایک بات بڑی دیدہ دلیری بلکہ ہٹ دھرمی اور بے شرمی کے ساتھ یہ کہی جاتی ہے کہ اب تو الحمدللہ دنیا میں جہاد کے بغیر ہی دین پھیل رہا ہے اور کافر اسلام قبول کر رہے ہیں تو پھر جہاد کی کیا ضرورت ہے۔ بلکہ جہاد تو اب اسلام کے پھیلنے میں رکاوٹ ہے کیونکہ کفار کہتے ہیں کہ اسلام تو بہت اچھا مذہب ہے اسمیں بہت اچھے احکام ہیں، مگر یہ لڑائی بھڑائی تو مناسب نہیں اس سے ہمیں وحشت ہوتی ہے۔

جواب نمبر ۱:

چند لوگوں کے انفرادی طور پر اسلام قبول کرنے کا نام دین کا پھیلنا نہیں چہ جائیکہ اس کو اسلام کے غلبہ کا نام دے دیا جائے۔ اسلام کا پھیلنا تو وہ ہے جسکو قرآن نے یوں ذکر کیا۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِىْ دِيْنِ اللهِ اَفْوَاجًا۔ (سورة النصر)

کہ جب اللہ تعالی کی مدد آئی اور مکہ فتح ہوگیا تو لوگ اسلام میں فوج در فوج اور گروہ در گروہ داخل ہونے لگے۔

اور غلبہ اسلام کا مطلب صاف یہ ہے کہ کفر نہ رہے اگر رہے تو جزیہ دے کر زندگی کی بھیک مانگ کر ذلت کے ساتھ جیئے۔

حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَةَ عَنْ یَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ(سورة توبه).

یہ تو ایسے ہی ہے جیسے ذکری فرقہ نے کہا کہ نماز کا مقصد تو اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے کیونکہ قرآن کریم کا حکم ہے،

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ(سورة طه)

کہ نماز قائم کرو میرے ذکر کے لئے جب نماز کے بغیر ہی اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو سکتا ہے تو پھر وضو، رکوع، سجود، قیام، سجدے، امام کی کیا ضرورت ہے۔ یہ قوم کے پیسے اور وقت کا ضیاع ہے۔

مگر ہم ان لوگوں کو کافر کہتے ہیں کہ یہ جہاد کے منکر ہیں مگر جو لوگ جہاد کا انکار اور تاویلیں کریں وہ دین کے حب دار بلکہ دین کے ٹھیکیدار شمار ہوتے ہیں۔

پس جو جواب ان ذکریوں کا ہے وہی ان دینداروں کا ہوگا۔

جواب نمبر۲:

اصل بات اور قابل غور بات یہ ہے کہ ہم دیکھیں کہ جہاد کی مشروعیت کیوں ہے، جب یہ بات کھل کر سامنے آگئی کہ جہاد کس وجہ سے کفار سے کیا جاتا ہے تو پھر سارے اعتراضات ہی ختم ہو جائیں گے اسکے لئے دیکھیں حضرت مولانا فضل محمد صاحب کی کتاب ''فتنہ ارتداد اور جہاد فی سبیل اللہ'' جس میں مولانا تحریر فرماتے ہیں۔

کافروں سے ہم کیوں جہاد کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے انسان سب اللہ تعالیٰ جل شانہ کے بندے ہیں اور اللہ تعالیٰ سب انسانوں کا مالک ہے اب جو لوگ اللہ تعالیٰ

کو نہ مانتے ہوں اور نہ عبادت کرتے ہوں بلکہ کھل کر بغاوت کرتے ہوں اور کفر و شرک اور انکار خدا کے عقیدے اپناتے ہوں تو ایسے لوگ درجہ انسانیت سے گر جاتے ہیں، اور جانوروں کی صف میں شامل ہو جاتے ہیں۔

اُولٰئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ (سورۃ اعراف)

یعنی جانوروں سے بھی بدتر ہو جاتے ہیں اب اللہ تعالی کی طرف سے ان انسانوں کو حکم ہے جو اللہ کی عبادت کرتے ہیں وفادار بندے ہیں کہ ان باغیوں کو مارو ان کی جان حیوان کی طرح ہے جس کا ذبح کرنا جائز ہے اور اس حیوان کی خرید وفروخت بھی جائز، گھر کی خدمت میں لگانا بھی جائز ہے بالکل اسی طرح اللہ تعالی نے ان لوگوں کی جان و مال کی مسلمانوں کو اجازت دی ہے کیونکہ یہ لوگ اب اللہ تعالی کے باغی ہو چکے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان باغی انسانوں کے قتل کے علاوہ اللہ تعالی نے انکی خرید وفروخت کو جائز قرار دیا ہے انکو غلام اور لونڈی بنانے کو جائز قرار دیا ہے اور ان کے مال و جائیداد پر قبضہ کرنے کو جائز قرار دیا ہے بشرطیکہ جہاد کا اعلان ہو جائے اور اس مسئلہ کو اصول فقہ والوں نے رِقّ اور غلام بنانے کی وجوہات کے بیان میں صاف طور پر لکھا ہے۔

مثال:

اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک حکومت ہے اس میں بغاوت ہوئی اور فوج دو حصوں میں بٹ گئی ایک حصہ باغی فوجوں کا بن گیا اور ایک حصہ حکومت کی وفادار فوجوں کا ہو گیا۔ اب حکومت اپنی وفادار فوج کو حکم دیتی ہے کہ حکومت کے ان باغیوں کو قتل کرو، ہر طرح کی سزا دو۔ ان کے اموال کو ضبط کر لو اور ان کو ختم کر دو۔

وفادار فوج جان کی بازی لگاتی ہے اور باغی افواج کا قلع قمع کرتی ہے اور دنیا

والے اسکو ایک پسندیدہ کام قرار دیتے ہیں بالکل اسی طرح مسلمان اللہ تعالی کی وفادار فوج ہیں انکو حکم ہے کہ ان باغی افواج جو کفار ہیں انکو قتل کر دو انکی جان و مال اور بیوی بچے تمھارے لئے حلال ہیں انکو غلام بنادو کیونکہ یہ لوگ میرے غلام ہیں اب تمھارے غلام بنیں گے اب اگر باغی فوج وفادار فوجوں کو قتل یا قید کرتی ہے تو ان کو صدائے احتجاج بلند کرنے کا حق ہے کہ ہم وفاداروں کو کیوں مارا جارہا ہے لیکن اگر کافروں کو قتل کر دیں تو اصولاً ان کو چیخنے ، چلانے کا حق نہیں ہے کیونکہ وہ باغی ہیں جو صدائے احتجاج بلند کرنے سے محروم ہیں۔

امام المعقولات والمنقولات حضرت شیخ التفسیر مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ سیرۃ المصطفیٰ میں تحریر فرماتے ہیں۔

پند و نصیحت بے شک موثر ہے لیکن سلیم طبیعتوں کے لئے اور اگر آپ کتنے ہی اخلاص اور ہمدردی سے بہتر سے بہتر نصیحت فرمائیں لیکن ہٹ دھرم طبیعتیں کبھی اثر پذیر نہیں ہوسکتیں۔

بنی نوع انسان کی طبائع یکساں نہیں کسی کے لئے خدا نے کتاب اتاری اور کسی کے لئے لوہا اتارا۔

☆☆☆

اعتراض (۴۹)

اس دور میں بلکہ ہر دور میں جہاں پر اسلام کے خلاف دوسرے اعتراضات کئے جاتے ہیں وہاں پر ایک اعتراض یہ بھی کیا گیا ہے اور کیا جارہا ہے کہ جہاد کے نتیجہ میں انسان کی تذلیل کی جاتی ہے مردوں کو غلام بنا کو جانوروں کی طرح بر سر عام انکو فروخت کیا جاتا ہے ان سے خدمت لی جاتی ہے انکی شخصی زندگی ختم ہو جاتی ہے اور عورتوں کو باندیاں اور لونڈیاں بنایا جاتا ہے اور بغیر نکاح کے انکو حرم میں رکھنے اور استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے یہ سراسر انسانیت کی تذلیل ہے۔

جواب:

میں بہتر سمجھتا ہوں کہ بجائے خود اس کا جواب دینے کے شیخ المعقولات و المنقولات شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب سیرت المصطفٰی ج ۲ سے اس کا جواب لفظ بلفظ نقل کردوں۔

اسلام اور مسئلہ غلامی

حق تعالی شانہٗ نے جو عزت اور کرامت انسان کو دی وہ کسی مخلوق کو نہیں دی اپنی

خاص صفات کمالیہ، علم وقدرت، سمع وبصر، تکلم وارادہ کا مظہر اور تجلی گاہ بنایا اپنی خلافت سے سرفراز فرمایا، مسجود ملائک بنایا، تمام مخلوق پر اس کو فضیلت دی حتی کہ ابلیس لعین بھی بول اٹھا۔ ’’ھٰذَا الَّذِیْ کَرَّمْتَ عَلَیَّ‘‘ تمام کائنات کو اس کے لئے پیدا کیا اور اسکو اپنی عبادت اور عبودیت کے لئے بنایا، اسکو وہ حریت اور آزادی عطا فرمائی کہ تمام روئے زمین اسکی ملک اور تصرف میں دی کَمَا قَالَ تَعَالٰی ” خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا‘‘ لیکن جب اس نادان انسان نے اپنے خالق اور پروردگار کے واجب الاطاعت ہونے ہی سے انکار کر دیا اور خداوند ذوالجلال سے بغاوت (کفر) کی ٹھان لی اور انبیاء ومرسلین سے مقابلہ اور مقاتلہ کے لئے میدان میں نکل آیا تو ساری کرامتیں اور عزتیں خاک میں مل گئیں اور حریت اور آزادی جو اسکو عطا کی گئی تھی وہ یکمشت سلب کر لی گئی اور حق جلّ وعلیٰ نے اس باغی اور سرکش انسان کو اپنے ان عبادِ صالحین کا جنھوں نے اس کا بول بالا کرنیکے لئے جان بازی اور سرفروشی کی عبد ومملوک بنا دیا۔

اور انکو یہ اجازت دی کہ بہائم اور اموالِ مملوکہ کی طرح جس طرح چاہو اسکی خرید و فروخت کرو تم کو اسکی بیع وشراء میں اور رہن کا کلی اختیار ہے اور یہ تمھارے بغیر اجازت کے کوئی تصرف نہیں کر سکتا جرم کی سزا اسکی نوعیت کے لحاظ سے ہوتی ہے جس درجہ کا جرم ہوگا اسی درجہ کی سزا ہوگی چوری اور زنا کے مجرم چند روز سزا پانے کے بعد رہا کر دیئے جاتے ہیں کیونکہ یہ جرم رعیت کے مقابلہ میں ہے لیکن بغاوت کا جرم معاف نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ حکومت کے مقابلہ میں ہے اور حکومت سے انحراف اور سرتابی ہے۔ اس وجہ سے ارشاد ہے ’’اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ‘‘ تحقیق اللہ تعالی اس جرم کو معاف نہیں کریں گے کہ اسکے ساتھ

کسی کو شریک قرار دیا اور شرک سے کم درجہ کے جو گناہ ہیں وہ جس کو چاہیں گے معاف کر دیں گے۔

کیونکہ کافر و منکر اصولی طور پر اللہ تعالی کو واجب الاطاعت اور اس کے بھیجے ہوئے قانون کو واجبُ العمل نہیں سمجھتا اور نہ اپنے کو خداوند ذوالجلال کی مرضی کا پابند خیال کرتا ہے۔ اس لئے یہ شخص خدا کا باغی ہے اگر فطری یا عقلی یا اخلاقی طور پر اس سے ایسے ہی اعمال صادر ہوتے ہوں کہ جو شریعت کے مطابق ہوں کیونکہ یہ اطاعت اور متابعت نہیں بلکہ محض صورۃً توافق اور موافقت ہے اصولی طور پر تو مخالف اور باغی ہی ہے اور ظاہر ہے کہ اصولی مخالفت اور کلی نافرمانی اور اعتقادی انحراف کے ہوتے ہوئے جزوی اور ظاہری موافقت کیا معتبر ہوسکتی ہے اس لئے بغیر ایمان اور تسلیم کے مغفرت ناممکن ہے اور تمام اعمال صالحہ اور اخلاق بغیر ایمان کے ہیچ ہیں۔ بخلاف مومن فاسق کے کہ اسکی مخالفت جزوی ہے۔ وہ اصولی طور پر خدا اور اس کے رسول کو واجب الاطاعت سمجھتا ہے، جب کوئی گناہ کر بیٹھتا ہے تو بارگاہ ربوبیت میں رجوع ہو کر بصد عجز و نیاز اور بہزار خجالت وندامت عفو تقصیر کی درخواست کرتا ہے۔ اسی وجہ سے ارشاد ہے۔

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَلَوْ اَعْجَبَكُمْ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ(سورۃ بقرۃ، آیت نمبر ۲۲۱)

اور ایک غلام مسلمان آزاد کافر سے کہیں بہتر ہے۔ اگر چہ وہ تم کو پسند آئے کیونکہ یہ لوگ جہنم کی طرف بلاتے ہیں۔ جانثار اور وفادار کو باغی اور غدار کے برابر کر دینا عقل اور فطرت اور قوانین سلطنت میں صریح ظلم ہے وہ کونسی متمدن حکومت ہے جسکے قانون میں فرمانبردار اور مجرم تمام احکام میں مساوی ہوں، خداوند عالم کا ارشاد ہے **اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ** (سورۃ قلم، آیت نمبر ۳۵) کیا ہم اپنے فرمانبرداروں

کو مجرموں کے برابر کر دیں کہ دونوں کے احکام میں کوئی فرق نہ رہے۔

تمام متمدن حکومتوں میں باغیوں اور پولیٹیکل مجرموں کی سزا چوروں اور بدمعاشوں اور دھوکہ بازوں اور جعل سازوں سے کہیں زیادہ ہے۔ جس پر بغاوت اور سازش کا جرم ہو اسکی سزا بجز سزائے موت یا عمر بھر کی جلاوطنی اور کچھ نہیں ہوتی۔ اگرچہ مادہ تمرد و عصیان اور سرکشی کا دونوں مجرموں میں ہے مگر چوروں اور بدمعاشوں کا تمرد رعیت کے کسی ایک یا چند افراد کے مقابلہ میں ہوتا ہے۔ وہ یہ چاہتا ہے کہ یہ حکومت ہی مٹ جائے اور تمام متمدن حکومتوں کی نظر میں بغاوت سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں چوری اور بدکاری کا جرم بغاوت سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں۔ چوری اور بدکاری کا جرم بغاوت کے مقابلہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ حکومتوں کا مسلمہ قانون ہے کہ جو شخص بغاوت کرے تو اسکی تمام فطری آزادی یکلخت سلب ہو جاتی ہے اور مال و جائیداد سب ضبط ہو جاتی ہے۔

اور حقیر و ذلیل چوپایہ کا معاملہ اسکے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ پولیٹیکل مجرم کتنا ہی لائق اور عاقل اور فاضل کیوں نہ ہو اور عجب نہیں کہ یہ مجرم عقل اور فہم اور تعلیم میں صدر جمہوریہ بھی بڑھ کر ہو جبکہ خالی اور مجازی حکومتوں کو اپنے باغیوں کی آزادی سلب کرنے کا اختیار ہے تو اس خداوند ذوالجلال کو اختیار کیوں نہیں کہ ان باغیوں کافروں سے اپنی دی ہوئی آزادی سلب کر سکے۔

الحاصل

چونکہ غلامی خداوند ذالجلال سے بغاوت یعنی کفر کی سزا ہے اس لئے اس مسئلہ کا ذکر تورات اور انجیل میں بھی پایا جاتا ہے۔ بلکہ کوئی ملت اور مذہب ایسا نہیں کہ جسمیں

غلامی کا مسئلہ نہ ہو جس سے معلوم ہوتا ہے کہ استرقاق اور غلامی کا مسئلہ تمام ادیان اور ملل کا اجماعی اور اتفاقی مسئلہ ہے۔

استرقاق اگر قبیح لذاتہ ہوتا تو کسی شریعت میں جائز نہ ہوتا۔ تورات اور انجیل سے ثابت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لیکر حضرت عیسی علیہ السلام تک انبیاء و مرسلین اسکو جائز رکھتے آئے معاذ اللہ اگر استرقاق قبیح لذاتہ تھا یا کوئی وحشیانہ رسم تھی یا کوئی شرمناک فعل تھا، اور قانون فطرت کے خلاف تھا۔ ماریہ قبطیہ بطور کنیز آپکے فراش میں تھیں جن سے حضرت ابراھیم علیہ السلام پیدا ہوئے کیا نبی اکرم ﷺ اس قبیح ذاتی کے مرتکب رہے۔ اور معاذ اللہ قانون فطرت کے خلاف کرتے رہے اور اگر بالفرض حضرات انبیاء علیہم السلام سے اس بارہ میں کوئی اجتہادی غلطی ہوگئی تھی تو پھر سوال یہ ہے کہ اس علیم وقدیر نے بذریعہ وحی کے اس غلطی پر کیوں نہ متنبہ کیا؟

اسلام سے پیشتر کوئی قوم ایسی نہ تھی جس میں غلامی کا رواج نہ ہو۔ اسلام آیا اس نے فقط غلامی کو جائز رکھا لیکن اُن تمام حیا سوز اور خلاف انسانیت امور کو جو غلاموں کے ساتھ برتے جاتے تھے یکلخت بند کر دیا۔ ان کے آقاؤں کے حقوق متعین کیے۔ طرح طرح سے انکی آزاد کرنے کی راہیں بتلائیں جو کتب حدیث اور فقہ میں یہ تفصیلاً مذکور ہیں۔

ہاں اسلام نے غلامی کو بالکل ہی ختم نہیں کر دیا کیونکہ وہ خداوند ذوالجلال سے بغاوت یعنی کفر کی سزا ہے جب تک اس عالم میں کفر اور شرک باقی ہیں اس وقت تک استرقاق اور غلامی بھی باقی ہے، اور رہنی چاہیے۔ جب جرم موجود ہے تو سزا کیوں موجود نہ ہو شریعت نے اصل غلامی کو باقی رکھا اور اسکے مفاسد کی اصلاح کر دی اسمیں شک نہیں کہ غلامی بہت بڑی ذلت ہے لیکن کفر اور شرک کی ذلت اس سے کہیں زائد

ہے۔ ہر جرم کا قبح اور اسکی برائی محدود ہے مگر خداوند ذوالجلال سے بغاوت اور سرتابی کے قبح اور برائی کی کوئی حد اور نہایت نہیں یہی وجہ ہے کفر کی سزا دائمی عذاب اور ایمان کی جزاء دائمی ثواب مقرر ہوئی کیوں کہ اسلام کا مقصد ہی کفر کو ذلیل کرنا ہے۔ چوری اور بدکاری کا منشاء حرص اور شہوت ہے اور خداوند ذوالجلال سے بغاوت کا منشاء اباء اور استکبار یعنی تکبر اور نخوت ہے **کَمَا قَالَ تَعَالٰی ''اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ''** (سورة بقرة آیت نمبر ٣٤) اس لئے اوّل الذکر جرائم کی سزا ان کے مناسب تجویز کی گئی اور جس کا منشا تکبر اور نخوت تھا اسکی سزا ذلت یعنی غلامی تجویز کی گئی **''وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ بِمِثْلِهَا''** (سورة بقرة آیت نمبر ٤٠) اور جن لوگوں نے اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کو تسلیم کیا اور اسکی راہ میں جانبازی اور سرفروشی دکھلائی حق جل جلالہ نے انکی عزت افزائی فرمائی کہ ان کو متکبرین اور باغیوں کا مالک اور آقا بنا دیا۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ. (سورة المنافقون، آیت نمبر ٨)

اس لئے جو شخص اس عالم میں خیر و شر ایمان اور کفر نیک اور بد مومن اور کافر کی تقسیم کا قائل ہے اسکے لئے اس مسئلہ میں کوئی اشکال نہیں اور جو شخص سرے سے خیر اور شر نیک اور بد کی تقسیم ہی کا قائل نہیں اس سے ہمارا کوئی خطاب نہیں۔ وہ انسان نہیں بلکہ حیوان مطلق ہے۔ قرآن کریم میں **''مَا مَلَکَتْ اَيْمَانُکُم''** کا لفظ پندرہ جگہ آیا اور گناہوں کے کفارہ میں غلام کے آزاد کرنے کا حکم بھی قرآن کریم میں صراحۃً مذکور ہے۔ اور اس طرح غلاموں کو مکاتب بنانے کا حکم بھی قرآن میں صراحۃً مذکور ہے۔ اس قسم کی آیات سے غلامی کا ثبوت اس درجہ واضح ہے کہ کسی بینا اور شنوا کے لئے وہاں

انکار نہیں اور حدیث میں ہے کہ ’’اَلْمُکَاتِبُ عَبْدٌ مَّابَقِیَ عَلَیْہِ دِرْھَمٌ‘‘ مکاتب غلام ہے جب تک کہ اس پر ایک درہم بھی باقی ہے۔ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے جب بنی قریظہ کے بارہ میں حکم فرمایا تھا کہ ’’تُقْتَلُ مُقَاتِلُھُمْ وَتُسْبٰی ذُرِّیَّتُھُمْ‘‘ کہ ان کے لڑنے والے یعنی جوان قتل کئے جائیں اور انکی ذریت غلام بنا لی جائے تو آنحضرت ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ’’قَضَیْتَ بِحُکْمِ اللّٰہِ‘‘ اے سعد تو نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا اور غزوہ اوطاس کے استرقاق کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ (سورۃ النساء، آیت نمبر ٢٤)۔ غرض یہ کہ قرآن وحدیث سے غلامی کا ثبوت اظہر من الشمس ہے۔

آمد بہ سر مطلب

انسان کو صفتِ حریت اور وصفِ آزادی حاصل ہے وہ اسکی ذات اور ماہیت کا اقتضا نہیں کہ اس وصف کا انفکاک اس سے محال ہو بلکہ صفات ملکی کیساتھ متصف ہونے کا ثمرہ ہے۔ جب تک صفات ملکی کے ساتھ متصف رہا اس وقت اسکو آزادی حاصل رہی اور جب صفات بہیمیہ کیساتھ متصف ہوا تو وہ حریت اور آزادی سب ختم ہو گئی۔

نصوص قرآنی سے یہ امر صراحۃً ثابت ہے کہ انسان کفر اور شرک کرنے سے بہائم اور حیوانات کے حکم میں ہو جاتا ہے۔ کما قال تعالیٰ،

اِنْ ھُمْ اِلَّا کَالْاَنْعَامِ بَلْ ھُمْ اَضَلُّ سَبِیْلًا (سورۃ الفرقان، آیت نمبر ٤٤)

نہیں ہیں کافر مگر مثل چوپایوں کہ بلکہ ان سے کہیں زیادہ گم کردہ راہ ہیں

اِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِنْدَ اللهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (سورة الانفال ، آيت نمبر ٥٥)

تحقیق بدترین حیوانات اللہ کے نزدیک وہ ہیں جو اللہ کے منکر ہوئے

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ

(سورة محمد، آيت نمبر ١٢)

اور کافر دنیا میں خوب عیش کرتے ہیں اور چوپاؤں کیطرح اندھا دھن اور کھڑے کھڑے اور چلتے چلتے کھاتے ہیں۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ ذٰلِكَ۔ جیسا کہ آجکل اس حیوانی تہذیب اور بہیمی تمدن کا چرچا ہے، حق تعالی نے جو خبر دی تھی کہ آجکل کی متمدن مجالس میں اسکی تصدیق بلکہ مشاہدہ ہو رہا ہے کیا دنیا کے عقلاء اخلاقی مجرموں کو حیوانات اور بہائم سے بدتر نہیں سمجھتے تو پھر اگر اسلام خدا کے باغیوں کو حیوانات اور بہائم سے بدتر بتلاتا ہے۔ تو کیا غلط کہتا ہے۔

یعنی جس طرح حیوانات پکڑنے اور شکار کرنے سے مملوک ہو جاتے ہیں اسی طرح خداوند ذوالجلال کے باغی اسیر اور گرفتار کرنے سے مملوک بن جاتے ہیں اور جس طرح حیوانات میں قید اور صید ملک کا سبب ہے اس طرح کفار پر غلبہ اور استیلاء ان کے تملک اور استرقاق کا سبب تام ہے۔ انسان اور حیوان میں جو فرق ہے وہ محض عقل اور ادراک کے بناء پر ہے اور اسی وجہ سے تمام عقلا کے نزدیک غیر ذوی العقول ہونیکی وجہ سے حیوانات کی بیع وشراء فقط جائز ہی نہیں بلکہ اسکی بیع وشراء کو ضروری قرار دیتی ہے۔ اور بسا اوقات عدالت جبراً سکے اموال واملاک کو فروخت کر کے لوگوں کے حق دلاتی ہے۔ کیا یہ حریت اور آزادی کا سبب نہیں۔

ایک شبہ اور اسکا ازالہ

جاننا چاہئے انسان کو جو فطرتاً آزاد رکھا جاتا ہے اس کا مطلب ہرگز نہیں کہ حریت

اور آزادی انسان کی نفس ماہیت کے لوازم اور مقتضیات سے ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر انسان فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے اس لئے یہ فطرتا آزاد ہے اور جب اسلام زائل ہو گیا تو آزادی بھی زائل ہو گئی، اور یہ غلامی اس جرم کی سزا ہے جو خلافِ فطرت ہے اور تھوڑی دیر کے لئے یہ تسلیم کر لیا جائے کہ آزادی انسان کا فطرتی حق ہے تو ہمارا سوال ہے کہ یہ حق کس کا دیا ہوا ہے اور کیا یہ اس کا ایسا حق ہے کہ کوئی جرم کرو، کفر و شرک کرو، خداوندِ ذوالجلال سے بغاوت کرو، اسکے اتارے قرآن یعنی قانون کے اجراء اور تنفید میں مزاحمت کرو، اسکے بھیجے ہوئے پیغمبروں کو جھٹلاو، انکا تمسخر کرو، انکا مقابلہ کرو۔ اسکے پرستاروں کو ستاؤ غرض یہ کہ جو جرم چاہو کرو مگر تمھارا یہ حق آزادی کسی طرح زائل نہیں ہوسکتا۔

سمجھ لو اور خوب سمجھ لو کہ تمام ادیان سماویہ اور ملل الہیہ اس پر متفق ہیں کہ کفر و شرک کے بعد حیات اور وجود کا حق بھی باقی نہیں رہتا۔ صفتِ حریت اور صفت آزادی کا تو ذکر ہی کیا ہے اور ایسی آزادی تو کسی بڑی سے بڑی متمدن اور جمہوری حکومت میں بھی نہیں کہ حکومت کو بھی نہ مانو، وزراء اور احکام سلطنت کو بھی نہ مانو۔ قانون حکومت کو بھی نہ مانو اور اسکے خلاف تقریریں کرو اور اسکے اجراء و تنفید میں مزاحمت کرو اور پھر بھی تم آزاد ہو اور نہ کوئی گرفتاری عمل میں آئے اور نہ کوئی مقدمہ چلایا جائے اور نہ تمھاری زمین اور جائیداد پر حکومت قبضہ کرے۔ تمھاری دولت کا سرمایہ جو بینک میں جمع ہے وہ بھی ضبط نہ ہو، کیوں نہیں؟ جب تم حکومت سے بغاوت کرو گے تو حکومت بھی سب کچھ کرے گی جسکے تم مستحق ہو۔ اعضاء جسمانی کا قطع اور حیاتِ انسانی کا ازالہ اور اعدام واجب ہو جاتا ہے ارتکاب جرم سے فطری حقوق ختم ہو جاتے ہیں اور کفر سے بڑھ کر کوئی جرم نہیں۔

سیاسی غلامی

فرنگی قومیں اسلامی غلامی کا ذکر کرتی ہیں مگر تورات اور بائبل میں جو غلامی کا مسئلہ مذکور ہے۔ اس کا نام نہیں لیتیں اور سیاسی غلامی کو اپنے لئے واجب اور ضروری سمجھتے ہیں۔ موجودہ سیاست نے پوری قوم اور پورے ملک کی غلامی بنانے کے طریقے ایجاد کر دیے ہیں اس لئے انفرادی غلامی کی ضرورت نہیں رہی اور آج بھی اس دور جمہوریت اور مساوات میں سفید فام کو سیاہ فام پر ترجیح دیتے ہیں چنانچہ امریکہ کی ولایاتِ متحدہ میں سرخ فام باشندوں کے لئے سیاہ فام باشندوں سے الگ قانون بنا رکھا ہے۔

☆☆☆

اعتراض (۵۰)

بعض بد بخت اعتراض کرتے ہیں اور بعض نیک بخت سادگی سے تعجب کرتے ہوئے پوچھتے ہیں کہ باندیوں اور لونڈیوں کے ساتھ بغیر نکاح کے ہمبستری کرنا کیسے درست ہے ہمبستری تو تب جائز ہوتی ہے جب نکاح ہو۔

جواب نمبر۱:

الحمد اللہ تعالی ہم مسلمان ہیں اس لئے ہمارے لئے قرآن کریم کی آیات اور حضرت پاک ﷺ کی آیات اور حضرت پاک ﷺ کی احادیث مبارکہ، عمل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین، ہی حجت ہے۔

قرآن کریم نے تو کئی ایک جگہ پر اس مسئلہ کو ذکر فرمایا ہے مثال کے طور پر دیکھئے

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ(سورة المومنون، آیت نمبر٦٨)

کامیاب مومنین کی صفتیں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ وہ لوگ اپنی بیویوں اور باندیوں کے علاوہ اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرتے ہیں۔

اس آیت میں بیویوں اور باندیوں کو الگ الگ ذکر فرمایا جو کہ دلیل ہے اس بات کی کہ باندی الگ شے ہے بیوی سے، کیونکہ اگر باندی سے نکاح ہو جائے تو پھر تو وہ

بھی بیوی ہی شمار ہو۔

اسی طرح حضرت پاک ﷺ کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کو جنگ میں باندیاں تقسیم کرنا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا بغیر نکاح کے انکو گھر رکھنا دلیل ہے کہ ان سے بغیر نکاح کے ہمبستر ہونا ایسے ہی درست ہے جیسے بیوی کے ساتھ نکاح کے ذریعہ ہمبستر ہونا درست ہے۔

جواب نمبر۲:

اسمیں بھی اصل بات یہ ہے کہ اللہ تعالی خالق ہیں اور مخلوق کے حالات کو سب سے بہتر جانتے ہیں تو اللہ تعالی اپنی مخلوق کے لئے جو فیصلہ فرمائیں اسکو بلا چون و چرا قبول کرنا ہی عبدیت ہے اور احکام الہیہ میں کیڑے نکالنا ایمان اور اسلام کے مخالف ہے اس لئے اسکو بھی اللہ تعالی کی نعمت سمجھ کر قبول فرمالیں۔ راقم الحروف کی خواہش ہے کہ وہ دن دوبارہ آئیں کہ ہم باندیوں کو استعمال کریں اور خوب کریں۔ آمین یـــــارَبَّ الْعٰلَمِیْن.

☆☆☆

بحثِ ارتداد

مرتد کی تعریف

قَطْعُ الْاِسْلَامِ بِقَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ اَوْنِیَّۃٍ

یعنی قول، فعل یا نیت کے ساتھ اسلام کو چھوڑ دینا ارتداد ہے۔

(رحمۃالامۃ فی اختلاف الائمہ ص ٢٦٩)

ارتداد کی صورتیں

ارتداد کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) مسلمان ہونے کے بعد مکمل اسلام سے پھر جانا اور کسی اور مذہب مثلا یہودیت، عیسائیت وغیرہ کو اختیار کر لینا۔

(۲) اسلام کے کسی اہم حکم اور رکن مثلا نماز، روزہ، زکوۃ، حج اور جہاد وغیرہ کا انکار کر دینا۔

(۳) اسلام کے کسی فرض، واجب یا سنت مثلا نماز، داڑھی اور مسواک وغیرہ کی توہین کرنا اور استہزاء اڑانا۔

مرتد کی سزا

مرتد کو سمجھانے اور سمجھنے کے لئے تین دن کی مہلت دی جائے گی اگر وہ انکار کر

دے تو باتفاقِ فقہاء اسکو قتل کر دیا جائے البتہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ مرتدہ عورت کو قتل کرنے کی بجائے قید کرنے کا حکم دیتے ہیں۔

دلائل:

دلیل نمبر ۱: وَاِذْقَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اِنَّکُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ بِاتِّخَاذِکُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْا اِلٰی بَارِئِکُمْ فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ (سورۃ بقرہ، آیت نمبر ۵۴)

حضرت موسی علیہ السلام نے اپنی قوم کو فرمایا کہ تم نے بچھڑے کو معبود بنا کر اپنی جانوں پر ظلم کیا پس تم اپنے رب سے معافی مانگو اور اپنے آپ کو قتل کرو۔ تو ثابت ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں یہ حکم تھا کہ مرتد کو قتل کر دیا جائے۔

دلیل نمبر ۲: حضرت پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا مَنْ بَدَّلَ دِیْنَہٗ فَاقْتُلُوْہُ (صحیح بخاری)

کہ جو شخص اپنے دین (اسلام) سے پھر جائے اسکو قتل کر دو۔

دلیل نمبر ۳: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا حکم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کا عمل مبارک ہے کہ مانعینِ زکوۃ اور مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، طلیحہ اور ان کے پیروکاروں کو قتل کر دیا گیا۔

دلیل نمبر ۴: یہ حکم صرف اس شریعت کا ہی نہیں بلکہ پہلی شریعتوں کے اندر بھی یہ حکم موجود تھا بلکہ ابھی تک تحریف شدہ بائبل کے عہد نامہ قدیم کی کتاب ''استثناء'' باب ۱۳، آیت ۶ تا ۱۶ کے مطابق حضرت موسی علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو یہ ہدایت فرمائی تھی کہ اگر تیرا بھائی یا تیری ماں کا بیٹا یا تیری بیٹی یا تیرا بیٹا یا قیدی یا ہم آغوش بیوی یا تیرا دوست جسکو تو اپنی جان کے برابر عزیز رکھتا ہے تجھکو چپکے چپکے پھسلا کر کہے کہ چلو

ہم اور دیوتاوں کی پوجا کریں جن سے تو اور تیرا باپ دادا واقف بھی نہیں یعنی ان لوگوں کے دیوتا جو تمھارے گرداگرد نزدیک رہتے ہیں یا تجھ سے دور زمین کے اس سرے سے اس سرے تک بسے ہوئے ہیں تو تو اس پر اس کے ساتھ رضامند نہ ہونا اور نہ اسکی بات سننا، تو اس پر ترس بھی نہ کھانا اور نہ اسکی رعایت کرنا اور نہ اسے چھپانا بلکہ تو اسے ضرور قتل کرنا اور اس کو قتل کرتے وقت تیرا ہاتھ اس پر پڑے اس کے بعد سب قوم کا ہاتھ اور تو اسے سنگسار کرنا تا کہ وہ مر جائے کیونکہ اس نے تجھ کو خداوند تیرے خدا سے جو تجھ کو ملکِ مصر یعنی غلامی کے گھر سے نکال لایا، برگشتہ کرنا چاہا تب سب اسرائیل ڈریں گے اور تیرے درمیان پھر ایسی شرارت نہ کریں گے۔

ارتداد کی وجوہات

اسلام سے مرتد ہونے کی عام طور پر ان وجہوں میں سے کوئی ایک ہوسکتی ہے۔

(۱) یہ کہ مرتد شخص یا تو دل سے مسلمان ہی نہیں ہوتا بلکہ کسی ظاہری منفعت اور لالچ میں آکر ظاہری طور پر اسلام قبول کرتا ہے اور جب وہ مفاد یا مقصد پورا ہو جاتا ہے تو دوبارہ کفر کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

(۲) بعض لوگ مال وزر اور دولت کے حصول کی خاطر اپنے مذہب اسلام کو چھوڑ دیتے ہیں۔

(۳) بعض نوجوان کسی خوبصورت کافرہ عورت کے عشق میں مبتلا ہو کر یا کسی عورت کے حصول کے لالچ میں آکر اسلام سے کنارہ کشی اختیار کر لیتے ہیں۔

(۴) بعض دفعہ کمزور مسلمان کفار کے غلبہ اور ظلم وستم سے تنگ آکر بھی دین سے پھر جاتے ہیں۔

(۵) اور بعض بد بخت صرف سستی شہرت اور دنیا کی ظاہری عزت اور منصب کے حصول کی خاطر بھی اپنے مذہب سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائے۔ آمین یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْن

☆☆☆

اعتراض (۵۱)

مرتد کی اس شرعی سزا پر ایک اعتراض یہ کیا جا رہا ہے کہ یہ تو آزادی رائے کے منافی ہے اور یہ جبر ہے، جب کہ قرآن کریم نے "لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ" کا اعلان کر کے آزادی رائے اور ضمیر کی آواز کی اجازت دی ہے اور دین میں کسی قسم کے جبر اور اکراہ کی نفی کر دی ہے۔

جواب نمبر ا:

کسی بھی شخص کو اسلام میں داخل کرنے کے لئے واقعۃً کوئی جبر نہیں ہے بلکہ تاریخ اسلام اس بات کی شاہد ہے کہ جس نے بھی اسلام قبول کیا دل کی رضا اور رغبت اور خوشی سے کیا ہے۔

جبر و اکراہ کرتا نہیں دینِ حق کبھی
ہوئے ہیں لوگ خود ہی مسلماں خوشی کے ساتھ
قانونِ دنیوی میں بھی اس کی سزا ہے موت
کرتا ہے جان کر جو بغاوت کسی کے ساتھ

اسکے لئے دیکھئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی مثال سب سے زیادہ واضح ہے کہ انہوں نے اسوقت اسلام قبول کیا جب اسلام قبول کرنا اور ایک اللہ کا نام لینا

ہاتھوں پر انگارے رکھنے کے مترادف سمجھا جاتا تھا بلکہ سچ مچ اور حقیقت میں انگاروں پر لیٹنا پڑتا تھا۔ کس قدر مصائب برداشت کئے، مشکلات جھیلیں مگر اسلام کا دامن نہیں چھوڑا جبکہ کفر اختیار کرنے کے لئے جبر کیا جارہا تھا۔

جواب نمبر٢:

جبر کے ساتھ قبول کیا ہوا اسلام تو معتبر ہی نہیں ہے کیونکہ اسلام اور ایمان وہ معتبر ہے جو کہ دل کی رضا، خوشی کے ساتھ قبول کیا جائے۔ اگر دل سے اسلام قبول نہ کیا جائے تو وہ اسلام ہی نہیں بلکہ نفاق ہے۔

جواب نمبر٣:

جبر و اکراہ کے ساتھ کسی کی زبان سے تو اسلام کا اعتراف کرایا جا سکتا ہے مگر دل میں حقانیت اسلام کو داخل نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے اسلام نے کسی بھی شخص کو اسلام کے قبول کرنے پر جبر کیا ہے نہ اکراہ بلکہ کھل کر اجازت دی ہے کہ جو چاہے اسلام کو قبول کرے اور جو چاہے نہ کرے۔

حقیقتِ حال

اس لئے عرض ہے کہ اگر کوئی غیر مسلم اسلامی ملک میں معاہدہ کے تحت اپنے مذہب پر رہنا چاہے تو اسکو اپنے مذہب پر قائم رہنے، عبادت کرنے، اپنی رسومات کے لئے عبادت خانہ قائم کرنے اور ایک حد تک اپنی مذہبی تعلیم اور سرگرمیاں جاری رکھنے کی بھی اجازت ہے اور اس حد تک اجازت ہے کہ ایک دفعہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک گورنر کو محض اس وجہ سے معزول کر دیا تھا کہ وہ ایک عیسائی خاندان

کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کر رہا تھا۔

لیکن مذہب اسلام قبول کر لینے کے بعد کسی بھی شخص کو مذہب اسلام سے پھر جانے کی اجازت بھی نہیں دی گئی اور اسکی مثال ایسے ہی ہے جیسے کہ کوئی شخص کسی ملک کا شہری نہیں ہے۔ تو وہ زندگی بھر اس کا شہری نہ بنے کوئی اسکو مجبور نہیں کر سکتا لیکن اگر اس نے کسی ملک کی شہریت اور نیشنلیٹی کی درخواست دے کر شہریت اختیار کر لی تو اب اسکے لئے اس ملک کے قوانین کا احترام کرنا اور اس پر عمل کرنا لازم ہے۔ کسی بھی قانون کی خلاف ورزی پر اسکو سزا دی جاسکتی ہے اور اسکو اعتراض کا کوئی حق نہ ہوگا۔

اور اگر وہ اس ملک کے دستور سے بغاوت کرے اور اس قانون اور دستور کے متبادل اپنا دستور بنا کر اسکو چلانا چاہے تو پھر سوائے پھانسی کے پھندے کے ایسے شخص کے لئے دوسری کوئی جگہ نہیں ہے۔

اور دنیا کا کوئی فلسفہ، ضابطہ اور قانون آزادی رائے کا نام پر اسے اپنے ملک کے دستور سے بغاوت کی اجازت نہ دے گا۔

فرق صرف یہ ہے کہ دنیا میں اس نظام کو صرف دستور اور قانونِ ریاستی کے ساتھ مخصوص کر دیا گیا ہے۔ اور مذہب کو دستور اور اتھارٹی کی حیثیت نہیں دی گئی جبکہ ایک اسلامی ملک میں مذہب کو صرف رسمی مذہب کی حیثیت حاصل نہیں ہوتی بلکہ وہ ریاستی دستور اور اتھارٹی کی حیثیت رکھتا ہے اور ریاست کے پورے نظام کا مدار اسی پر ہوتا ہے۔

لہٰذا جس طرح کسی بھی دوسرے ملک میں ریاستی قانون دستور اور اتھارٹی کی بغاوت کی سزا سزائے موت ہے اسی طرح اسلامی ملک میں بھی ریاستی قانون، دستور اور اتھارٹی کی بغاوت کی سزا سزائے موت ہے اور اسلامی ملک میں مذہب اتھارٹی کی حیثیت رکھتا ہے۔

کوئی کر دے اگر انکار قانون ریاست کا
نہ آئے کس طرح الزام پھر اس پر بغاوت کا
جو پھر جائے خدا کے دین سے اس کی سزا ہے قتل
مگر یہ کام ہے اے دوست اسلامی امارت کا

☆☆☆

اعتراض (۵۲)

اس پر ایک اعتراض مسلمانوں ہی کی طرف سے کیا جاتا ہے کہ اگر ہم اپنے اسلامی ملک میں لوگوں کو عیسائیت کی تبلیغ کی اجازت نہیں دیں گے اور عیسائی یہودی و ہندو ہونے والے کو قتل کر دیں گے تو پھر کفار اپنے ملک میں ہمیں بھی اجازت نہیں دیں گے کہ وہاں کے کفار کو دعوت اسلام قبول کرنے پر آمادہ کر سکیں۔

جواب نمبر ۱:

اس اعتراض کی اصل وجہ موجودہ ماحول ہے۔ چونکہ ہماری بدقسمتی کہ جہاد اور خلافت نہ ہونے کی وجہ سے مسلمان تنزلی اور پستی کی آخری حد تک پہنچ چکے ہیں اور وہ دور نہیں رہا جب مسلمان ملکوں کے محفوظ ہو جانے کے بعد مجاہدین اسلام کفار کے ملکوں کو خلافت کے زیر لانے کے لئے کوشاں تھے، اللہ تعالی ایسا وقت دوبارہ لائے اور جلدی لائے۔ آمین۔ پھر ایسے پھس پھسے اعتراضات کی ضرورت ہی نہ رہے گی اور کسی کافر کو جرات نہ ہوگی وہ ہمیں دعوت اسلام دینے سے روکے۔

جواب نمبر ۲ :

دوسری اور اصل بات یہ ہے کہ جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ اسلامی

ملک میں مذھب کو ریاستی دستور اور قانون کی حیثیت حاصل ہے اسلئے کسی بھی مسلمان کو اسلام سے پھرنے کی اجازت کو ریاستی دستور کی بغاوت کے مترادف قرار دیا گیا ہے جبکہ کفریہ حکومتوں میں مذہب کی حیثیت محض رسمی اور ذات کی حد تک ہے اور وہاں مذہب کو دستور اور قانون کی چونکہ حیثیت حاصل نہیں ہے اسلئے وہاں پر تبدیلی مذہب جرم بھی نہیں ہے۔ اس لئے وہ ہمیں اپنے قانون اور دستور کے مطابق دعوتِ اسلام دینے سے روک بھی نہیں سکتے۔

ہاں اگر کفار کی حکومت بھی مذہب کو ریاستی دستور اور قانون کی حیثیت دے دے اور تبدیلی مذہب کو ریاستی دستور و قانون کی بغاوت قرار دیا جائے تو پھر صورتحال مختلف ہوگی اور ہمیں انکے قانون کی پاسداری کرتے ہوئے وہاں دعوتِ اسلام کی بھی اجازت نہ ہوگی اور اگر ان کے ملک کا سفر کرنا پڑے تو اس کی پابندی بھی کرنا پڑے گی جیسے دوسرے قوانین کی پابندی کرتے ہیں۔

لمحہ فکریہ

محترم قارئین اس وقت مسلمانوں کی ایک جماعت اللہ تعالی کے فضل وکرم سے کفار کے مقابلہ میں ہر وقت مصروف جہاد ہے، مگر اکثر مسلمان جہاد سے دور رہ کر دنیا کمانے میں مصروف عمل ہیں مگر اس دنیا کے کمانے کے دھندے کے ساتھ وہ مجاھدین سے محبت کرتے ہیں، دعائیں دیتے ہیں اور حسبِ توفیق تعاون بھی کرتے ہیں۔

مگر مسلمانوں ہی میں سے ایک بڑی تعداد ایسی بھی موجود ہے جو نہ صرف یہ کہ جہاد فی سبیل اللہ سے غافل ہے، بلکہ تارکِ جہاد ہونے کے ساتھ ساتھ جہاد کے عمل کو بھی اچھا نہیں جانتے اور مجاہدین کے راستہ میں رکاوٹیں کھڑی کرتے ہیں، جہاد کے معنی میں تحریفیں اور بلا وجہ تاویلیں کرتے ہیں اور جہاد فی سبیل اللہ پر اعتراضات کرتے ہوئے عام مسلمانوں اور خود مجاہدین کے دلوں میں شبہات پیدا کرنے کی ناپاک کوشش کرتے ہیں۔ یہ بظاہر مسلمان ہیں مگر دل کی حالت اللہ تعالی ہی جانتا ہے۔

اس لئے میں توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ یہ احباب غور فرمائیں کہ یہ دین اسلام کی کونسی خدمت سرانجام دے رہیں ہیں اور یہ کس صف میں شامل ہیں اور روز محشر کن کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

مسلمان مجاہدین کے ساتھ
یا
مسلمان معاونین جہاد کے ساتھ
یا
فساق تارکین جہاد کے ساتھ
یا
محرّفین جہاد منافقین کے ساتھ

کیونکہ حضرت پاک ﷺ کا ارشاد ہے،

مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (ابو داؤد)۔

جس نے کسی قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کی وہ انہی میں شمار ہوگا۔

مَنْ كَثَّرَ سَوَادَ قَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ (مسند ابی یعلیٰ)

جس نے کسی قوم کی جمعیت کو بڑھایا وہ انہیں میں شمار ہوگا۔

اے اللہ کریم ہمارا حشر مجاہدین کے ساتھ فرمانا۔ آمین **يَارَبَّ الْعٰلَمِيْن**۔

☆☆☆

حدیث کی تشریح ذوق جہاد سے

اَلْغِنَاءُ یُنْبِتُ النِّفَاقَ فِی الْقَلْبِ کَمَا یُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ (البیھقی)

گانا دل میں ایسے نفاق پیدا کرتا ہے جیسے پانی زمین میں کھیتی کو اگاتا ہے۔

جب گانے کی وجہ سے دل میں نفاق پیدا ہو جاتا ہے تو جہاد سے دوری فطری اور طبعی بات ہے کیونکہ جہاد اور نفاق تو کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔ منافق تو حضرت پاک ﷺ کے ساتھ ملکر کفر کے خلاف جہاد نہیں کرتا تھا تو امتی کے ساتھ مل کر کیسے جہاد کرے گا؟

مگر کسی کے ذہن میں یہ اشکال پیدا نہ ہو کہ عہدِ رسالت کے دور کا منافق تو کافر اور عقیدہ کا منافق تھا۔

جبکہ گانا سننے سے جو نفاق پیدا ہوتا ہے اسکا اثر تو عمل تک ہوتا ہے اور دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے عہد نبوت کے زمانہ کا منافق چونکہ کافر تھا تو وہ دل سے جہاد کا منکر اور عمل سے باغی تھا، مگر آج کا منافق جو گانا سننے کی وجہ سے نفاق میں جاتا ہے وہ چونکہ مسلمان ہے اس لئے دل سے جہاد کا قائل ہے مگر عملی منافق تو عملاً جہاد سے بھی دور ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ عہدِ رسالت کا منافق دل و عمل سے جہاد کا باغی تھا کیونکہ وہ عقیدہ کا منافق تھا اور آج کا منافق صرف عمل سے جہاد کا باغی ہے اور دل سے قائل ہے کیونکہ یہ صرف عملی منافق ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ گانا اور ساز دل میں زنا کی خواہش پیدا کرتا ہے اور جو شخص خود ٹی وی، وی سی آر اور ڈش اور کیبل و سینما کے ذریعہ روزانہ عزت فروشی اور عصمت کی نیلامی دیکھتا ہو بلکہ خود عزتوں کا ڈاکو ہو تو ایسا شخص عزتوں کا محافظ کیسے ہوسکتا ہے؟

یہی وجہ ہے کہ حجاج اگر چہ ظالم تھا مگر ایک مسلمان بہن کی فریاد نے اسکو تڑپا دیا تھا مگر آج کا سماں عبرت سے خالی ہے، گھر گھر غیرت کا جنازہ نکالا جا رہا ہے تو پھر کافر جب مسلمان بچیوں کی عزتیں لوٹتا ہے تو اس مسلم نوجوان پر کیسے اثر ہوگا۔ جو کام کشمیر میں ہندو کر رہے ہیں وہی کام یہ پاکستان میں کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائے اور ہمیں غیرت دے۔ آمین یَارَبَّ الْعٰلَمِیْن۔

جہاد، علماء اور ختم نبوت

اَنَاخَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ

میں سب سے آخری بنی ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

اَلْجِهَادُ مَاضٍ مُذْ بَعَثَنِیَ اللّٰهُ اِلٰی اَنْ یُّقَاتِلَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الدَّجَّالَ .

(مشکوٰۃ شریف)

جہاد اس وقت سے جاری ہے جب سے اللہ نے مجھے نبی بنا کر بھیجا (اور جہاد کا حکم دیا) اور اس امت کے آخری فرد کے دجال کو قتل کرنے تک جہاد باقی رہے گا۔

اَقْرَبُ النَّاسِ مِنْ دَرَجَةِ النُّبُوَّةِ اَهْلُ الْجِهَادِ وَاَهْلُ الْعِلْمِ لِاَنَّ اَهْلَ

الْجِهَادِ يُجَاهِدُوْنَ عَلٰى مَا جَآءَ تْ بِهٖ الرُّسُلُ وَاَمَّااَهْلُ الْعِلْمِ فَدَلُّوا النَّاسَ عَلٰى مَا جَآءَ تْ بِهٖ الْاَنْبِيَآءُ۔

لوگوں میں سے نبوت کے قریب مجاھدین اور علما ہیں اسلئے کہ مجاھدین رسولوں کے لائے ہوئے دین پر جان و مال دے کر جہاد کرتے ہیں اور علماء اپنے علم سے انبیا کے بتائے ہوئے طریقے پر راہنمائی کرتے ہیں۔

ان تین احادیث سے یہ معلوم ہوا کہ سلسلہ نبوت کے منقطع ہو جانے کے بعد حضرت پاک ﷺ نے اپنی امت کو لاوارث نہیں چھوڑا بلکہ قیامت تک کے لئے دینِ اسلام کی اشاعت، اسلام اور مسلمانوں کے تحفظ اور دین کے غلبہ کو علماء اور مجاہدین کے حوالہ کر دیا اور قیامت تک کے لئے جو کام نبی نے کرنے تھے وہ علم اور جہاد کے ذریعے سے ہوں گے۔

آہ، کس قدر خوش قسمت ہیں وہ حضرات جن کو حق تعالی نے علم اور جہاد کی دونوں نعمتوں سے نوازا ہے۔

ملحوظہ :

اَلْجِهَادُ مَاضٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

یہ الفاظ اگر چہ کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں مگر اس کا مضمون بالکل درست ہے لہٰذا باعتبار مفہوم کے اس روایت کو انہی الفاظ کے ساتھ بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں مگر پھر بھی بہتر یہ ہے کہ اوپر ''جہاد، علماء اور ختم نبوت'' کے عنوان کے تحت بیان کی جانے والی پہلی روایت ہی کے الفاظ کو نقل کیا جائے۔

تنبیہ۔

جس طرح ختم نبوت کے مسئلہ میں ظلی اور بروزی کی تقسیم باطل ہے اسی طرح جہاد میں بھی تاویل اور تحریف باطل ہے۔ عام طور پر بہت سے مجاہدین کو میں نے خود دیکھا اور سنا ہے کہ وہ اس حدیث کا مطلب یہ سمجھتے اور بیان کرتے ہیں کہ قیامت تک جہاد جاری رہے گا یعنی درمیان میں ایسا کوئی وقت نہیں آئے گا کہ دینا کے کسی کونے میں بھی کوئی جماعت جہاد نہ کررہی ہو۔ مگر یہ مطلب درست نہیں ہے۔ صحیح مطلب یہ ہے کہ جہاد کا حکم قیامت تک لئے۔

اور اب درمیان میں کوئی وقت ایسا بھی آیا ہو کہ امت نے اس پر عمل چھوڑ دیا ہو تو وہ اس حدیث کے منافی نہیں ہے۔

اہم نکتہ

اس امت کا فرعون اور دورِ نبوت کا سب سے بڑ فتنہ ابوجہل کا فتنہ جہاد کے ذریعے ختم ہوا اور عہدِ نبوت کے بعد اس امت کا سب سے پہلا فتنہ انکارِ زکوۃ اور بڑا فتنہ ارتداد اور مسیلمہ کذاب کا جہاد کے ذریعے ختم ہوا اور انشااللہ اس امت کا سب سے بڑا اور آخری فتنہ دجال کا فتنہ بھی جہاد کے ذریعے ہی ختم ہوگا۔

سب سے بڑی نیکی

فقہ کا مسئلہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا مال نیکی کے کاموں میں سب سے اعلی درجہ کے کام کے لئے وقف کردے یا مرتے وقت وصیت کرے کہ اس کا مال سب سے بڑی فضیلت والی نیکی کے کام پر خرچ کیا جائے تو اسکے مال کو جہاد پر خرچ کیا جائے گا۔

نصبِ خلیفہ کی شرعی حیثیت

خلیفہ کا تقرر فرض ہے۔ خلیفۃ المسلمین اور شرعی حکومت کا قیام تمام مسلمانوں پر فرض ہے جس سے کوئی مسلمان بھی لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ اس لئے بہت سے احکام ایسے ہیں جن کا تعلق حکومتِ اسلامیہ اور خلیفہ المسلمین کے ساتھ ہے۔ مثلاً، حدود قائم کرنا، سرحدات اسلامیہ کی حفاظت کرنا، لشکر اسلام کو جہاد کے لئے روانہ کرنا، زکوۃ وصدقات کا اکٹھا کرنا، باغیوں، چوروں، ڈاکوؤں کا خاتمہ کرنا، عیدین اور جمعات کے اجتماع کو قائم رکھنا۔ لوگوں کے جھگڑوں کو رفع دفع کرانا اور اسمیں فیصلے کرنا۔ حقوق العباد پر قائم شہادتوں کا قبول کر کے اس پر عمل کرانا، لاوارث بچوں، بچیوں کے نکاح کا بندوبست کرنا اور جہاد سے حاصل شدہ اموال غنیمت کو تقسیم کرنا۔ (شرح العقائد، ص ۱۰۶)

حضرت عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

قَالَ مَنْ مَاتَ وَلاَ طَاعَةَ عَلَيْهِ مَاتَ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً وَمَنْ خَلَعَهَا بَعْدَ عَقْدِهٖ اِيَّاهَا لَقِيَ اللّٰهَ وَلاَ حُجَّةَ لَهٗ (اخرجه احمد، ج ۳، ص ۴۴۶)

ترجمہ: جو شخص اس حال میں مرا کہ اس کے ذمہ کسی امیر کی اطاعت نہیں تو وہ جاہلیت کی موت مرا اور جس نے بیعت کے بعد اطاعت کو اتار پھینکا تو وہ (قیامت کے دن) اللہ تعالی سے بغیر کسی سہارا کے ملے گا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے خلیفہ کے تقرر کو اسکی اہمیت کے پیش نظر حضرت پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین پر مقدم کیا۔

اس بات پر تمام ائمہ کا اجماع اور اتفاق ہے کہ خلیفہ المسلمین کا تقرر واجب ہے۔

(شرح العقائد)

فائدہ جلیلہ:

اصل ضابطہ تو یہی ہے کہ پوری دنیا میں مسلمانوں کا صرف ایک خلیفہ ہو اور سب

مسلمان ان کے ماتحت ہوں، اگر یہ سلسلہ منقطع ہو یا متعذّر (مشکل) ہو جائے تو پھر درجہ مجبوری میں اس ملک کی اسلامی شوری یعنی ارباب حل وعقد حضرات ایک امیر کا انتخاب کریں اور اگر یہ بھی معتذر ہو تو پھر جس قدر مسلمانوں سے ہو سکے وہ اپنا امیر منتخب کرلیں۔ اسکی اطاعت میں زندگی گزارنے کی ترتیب بنائیں۔

خلیفۃ المسلمین کی اہلیت کے لئے شرائط :

(۱) مسلمان ہونا۔

(۲) عاقل، بالغ ہونا اور مرد ہونا۔

(۳) آزاد ہونا۔

(۴) علوم دینیہ کا ماہر ہونا۔

(۵) متقی و دین دار ہونا۔

(۶) سیاست نبویہ پرنظر ہونا۔

(۷) بہادر ہونا۔

(۸) صاحبِ رائے، مدّبر ہونا۔

(۹) اسمیں ایسے جسمانی نقص کا نہ ہونا جو امور خلافت میں رکاوٹ پیدا کریں۔

(۱۰) (بعض فقہا کے ہاں) قریشی ہونا۔

خلافت اسلامیہ نعمت الٰہیہ

خلافت اسلامیہ اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہے اختصار کے ساتھ دیکھیے۔

حضرت اشموئیل علیہ السلام سے جب قوم نے بادشاہ کا مطالبہ کیا تو اللہ تعالی نے فرمایا۔ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ بَعَثَ لَکُمْ طَالُوْتَ مَلِکًا (بقرۃ، آیت نمبر ۲٤۷)

اسکول، کالج، یونیورسٹی کے طلباء وطالبات اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے عقائد کی اصلاح اور تربیت کے لئے

سات نمبر

اصلاح عقیدہ
فرائض وواجبات
نفلی عبادات
حقوق العباد
حصول علم
تصحیح نیت
جہاد فی سبیل اللہ

پر مشتمل مختصر اور جامع کتابچہ

تالیف: مولانا محمد الیاس گھمن دامت برکاتہم

خلیفہ مجاز عارف باللہ حضرت اقدس حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

زیر اہتمام: مرکز اہلسنت والجماعت، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا۔ 048-3881487

ہر ذی شعور کے لئے

رئیس المناظرین مولانا منیر احمد صاحب دامت برکاتہم

کے تحقیقی وعلمی قلم سے

غیر مقلدوں کے لئے سنہری موقع

12 مسائل، 20 لاکھ انعام

تالیف: استاذ العلماء رئیس المناظرین مولانا منیر احمد دامت برکاتہم

زیر اہتمام: مرکز اہلسنت والجماعت، 87 جنوبی، لاہور روڈ، سرگودھا۔ 048-3881487

بے شک اللہ تعالیٰ نے تمھارے لئے مقرر فرما دیا طالوت کو بادشاہ۔

(۲) حضرت داود علیہ السلام پر احسان کا ذکر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا

وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتَاهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ (سورة بقرة، آيت نمبر ۲۵۱)

اور مار ڈالا داؤد نے جالوت کو اور دی داؤد کو اللہ نے سلطنت اور حکمت۔

(۳) آل ابراھیم پر اپنے انعام کا ذکر یوں فرمایا۔

وَاٰتَيْنَاهُمْ مُلْكًا عَظِيْمًا (سورة النساء، آيت نمبر ۵٤)

اور ہم نے انکو دی ہے بڑی سلطنت۔

(۴) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے سامنے نعمت کا تذکرہ یوں فرمایا

وَاِذْقَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا . (سورة مائدة، آيت نمبر ۲۱)

اور جب کہا موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کو، اے میری قوم یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب پیدا کئے تم میں نبی اور بنا دیا تم کو بادشاہ۔

(۵) حضرت یوسف علیہ السلام نے اس نعمت کا ذکر یوں کیا۔

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ (سورة يوسف، آيت نمبر ۱۰۱)

اے رب تو نے دی مجھ کو کچھ حکومت۔

(۶) آیتِ استخلاف میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو خلافت اور حکومت عطا کرنے کو احسان قرار دیتے ہوئے فرمایا۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (سورة نور، آيت نمبر ۵۵)

اور اللہ تعالیٰ نے وعدہ کر لیا ان لوگوں سے جو تم میں ایمان لائے ہیں اور کئے ہیں

انہوں نے نیک کام کہ ان کو حاکم بنائے گا زمین میں جیسے حاکم بنایا پہلے لوگوں کو۔

(۷) حضرت سلیمان علیہ السلام نے اللہ تعالی سے اس نعمت کے حصول کی دعا یوں مانگی،

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْبَغِی لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِیْ (سورة صٓ، آیت نمبر ۳۵)

اے رب معاف کر مجھ کو اور بخش مجھ کو وہ بادشاہی کہ مناسب نہ ہو کسی کو میرے پیچھے۔

نظام خلافت

وہ نظام ہے۔ جسمیں وقت کے حکمران کو بھی عدالت کے کٹہرے میں کھڑا کیا جا سکتا ہے۔

وہ نظام ہے۔ جسمیں ہر مظلوم کی ہر وقت اشک شوئی ہوتی ہے۔

وہ نظام ہے۔ جسمیں راعی (حکمران) اور رعایا کے لئے ایک قانون ہوتا ہے۔

وہ نظام ہے۔ جسمیں گورنر کے صاحبزادے کو بر سر عام کوڑے لگتے ہیں۔

وہ نظام ہے۔ جسمیں صرف خدائے واحد کا حکم چلتا ہے۔

وہ نظام ہے۔ جو معاشرے کو جنت بنا دیتا ہے۔

وہ نظام ہے۔ جسمیں بہنوں و بیٹیوں کی ردائے عصمت کا تحفظ کیا جاتا ہے۔

(ندائے ممبر ومحراب ج ۲)۔

☆☆☆

پانچ باتیں

امام عبدالرحمٰن اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ پانچ باتیں تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین میں مشترک تھیں۔

(۱) اجتماعیت (۲) اتباعِ سنت (۳) تعمیرِ مسجد (۴) تلاوتِ قرآن کریم
(۵) جہاد فی سبیل اللہ

(البدایہ ج، ۱۰، ص ۱۱۷، از عشاق قرآن کے واقعات ص ۹۴)

☆☆☆

مصنف کا تعارف

نام: مولانا محمد الیاس گھمن

ولادت: 12-04-1969

مقام ولادت: 87 جنوبی، سرگودھا۔

تعلیم: حفظ قرآن: جامع مسجد بوہڑ والی، گکھڑ منڈی، گوجرانوالہ۔

ترجمہ وتفسیر قرآن: امام اہل السنّت والجماعت مولانا محمد سرفراز خان صفدر دامت برکاتہم مدرسہ نصرت العلوم، گوجرانوالہ۔

درس نظامی: (آغاز) جامعہ بنوریہ کراچی، (اختتام) جامعہ اسلامیہ امدادیہ، فیصل آباد۔

تدریس: (سابقًا) معہد الشیخ زکریا، چپاٹا، زمبیا، افریقہ۔

مرکز اصلاح النساء، سرگودھا

سالانہ چالیس روزہ صراطِ مستقیم کورس، سرگودھا

عملی جہاد: خوست، گردیز، جلال آباد، کابل، بامیان کے محاذوں پر دادِ شجاعت دے چکے ہیں۔

اسارت: 5 اگست 1996ء تا 5 اگست 1998ء، سرگودھا، فیصل آباد اور میانوالی کی مختلف جیلوں میں۔ 29 اگست 1999ء تا 29 ستمبر 1999ء (چوہنگ جیل)، 30 ستمبر 1999ء تا 7 اکتوبر 2002ء، جہلم، بہاولپور اور راولپنڈی کی مختلف جیلوں میں۔ 17 اکتوبر 2003ء تا 18 نومبر 2003ء ایک ماہ نظر بندی ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا۔ 3 فروری 2005 تا 29 اپریل نظر بندی ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا۔

مناصب: (سابقًا) امیر حرکت الانصار صوبہ پنجاب،

(سابقًا) ڈپٹی جنرل سیکرٹری، حرکت المجاہدین، پاکستان۔

تبلیغی اسفار: آزاد کشمیر، ساؤتھ افریقہ، ملاوی، زمبیا، کینیا، سنگاپور، سعودی عرب۔

ذمہ داریاں : سرپرست اعلیٰ مرکز اہل السنّت والجماعت، سرگودھا۔

سرپرست اعلیٰ مرکز اصلاح النساء، سرگودھا۔

تصانیف : جہاد فی سبیل اللہ اور اعتراضات کا علمی جائزہ،

زبدۃ الشمائل (شرح شمائل ترمذی)،

قیدی کے ترانے

سات نمبر

بیعت و خلافت: عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

اصلاح وارشاد: خانقاہ اشرفیہ اختریہ، 87 جنوبی، سرگودھا۔